ISSN 2221-1659

سہ ماہی سماجی و دینی تحقیقی مجلّہ

نورِ معرفت

جلد:11 شمارہ:2 مسلسل شمارہ:48 اپریل تا جون 2020ء

- مکالمہ بین المذاہب کے اصول
- خدمت خلق، فلاح ونجات کا وسیلہ
- مغربی تہذیب کے رجحانات واثرات
- مکلی کا قبرستان، ایک اہم ثقافتی، ادبی ورثہ
- انسدادِ غربت وافلاس: سیرت طیبہ ﷺ کی روشنی میں
- عصر حاضر کی اسلامی تحریکیں، مسلم امہ اور عالمی منظر نامہ
- نبی اکرم ﷺ اور خلفائے راشدینؓ کے سیاسی وثیقہ جات پر کتب
- *US HEGEMONIC INTERESTS AND THE STRATEGIC DILEMMA IN IRAQ*
- *THE PRINCIPLE OF MASLAHA & THE FOREIGN POLICY OF A MUSLIM STATE*

نور الہدیٰ ٹرسٹ، اسلام آباد
www.nmt.org.pk

Quarterly social & religious research journal

NOOR-E-MAREFAT

Indexed by:

https://www.australianislamiclibrary.org/noor-e--marfat.html

https://www.iri.aiou.edu.pk/indexing/?page_id=37857

https://www.archive.org/details/@noor-e-marfat

Applied for Indexing in

https://orcid.org
http://tehqeeqat.org
https://www.brill.com
https://www.ebsco.com
https://www.noormag.ir
https://www.almanhal.com
https://www.scienceopen.com
https://www.aiou.academia.edu/NooreMarfat
https://www.scholar.google.com/citations?user=ZAJjGSMAAAAJ&hl=en

ISSN 2221-1659 Declaration No: 7334

سہ ماہی سماجی و دینی تحقیقی مجلّہ

نورِ معرفت

جلد:11 شمارہ:2 مسلسل شمارہ:48

اپریل تا جون2020ء بمطابق شعبان تا شوال 1441ھ

Recognized in "Y" Category by

Higher Education Commission, Pakistan.

مدیر

ڈاکٹر شیخ محمد حسنین نادر

نور الہدیٰ ٹرسٹ (رجسٹرڈ)، اسلام آباد

E-mail: editor.nm@nmt.org.pk; noor.marfat@gmail.com

رجسٹریشن فیس پاکستان، انڈیا: 800روپے; مڈل ایسٹ: 70ڈالرز؛ یورپ، امریکہ، کنیڈا: 150 ڈالرز۔

مقالہ نگاروں کےلئے چند ضروری ہدایات

جیسا کہ مجلہ نور معرفت کے نام سے واضح ہے، اس کا Scope سماجی، دینی علوم وموضوعات پر تحقیقی مقالات فراہم کرنا ہے۔ یہ مجلہ قومی اور بین الاقوامی سطح پر معاشرتی رواداری اور ادیان ومذاہب کے درمیان تعمیری مکالمے کی فضا کو فروغ دینے کے ساتھ ساتھ عدل وانصاف پر مبنی عالمی اسلامی معاشرے کے قیام کےلئے فکری بنیادیں فراہم کرتا اور ٹھوس منطقی اور عقلی دلائل کی روشنی میں اسلامی تصوّرِ کائنات کا دفاع، اس کی ترویج اور عصر حاضر کے انسان کے عقیدتی اور فکری مسائل کا حل اسلامی تعلیمات کی روشنی میں پیش کرتا ہے۔ اس کے علاوہ، یہ مجلہ یونیورسٹیز اور دینی علمی مراکز کے اساتذہ اور طلاب کے درمیان تحقیقی ذوق پیدا کرتا اور ان کےریسرچ ورک کو شائع کرتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ اسلامی جمہوریہ پاکستان کی یکجہتی، سالمیت، مذہبی روا داری اور باہمی محبت کے فروغ کو ہمیشہ پہلی ترجیح دی جاتی ہے۔ مجلہ میں ایسے مقالات کی اشاعت ترجیح پر ہوتی ہے جو علمی، تحقیقی ہونے کے ساتھ عصر حاضر کے انسان کی عملی مشکلات کا راہ حل پیش کرتے ہوں۔

تفسیر وعلوم قرآن، حدیث ورجال، فقہ واصول، فلسفہ وکلام، سیرت وتاریخ، تقابل ادیان، تعلیم وتربیت، ادبیات، عمرانیات، سیاسیات، اقبالیات، تہذیب وتمدن اور قانون وغیرہ مجلہ نور معرفت کے مستقل موضوعات ہیں۔ بطور کلی، تمام انسانی علوم پر اسلامی نکتہ نگاہ سے لکھے گئے مقالات کی مجلہ ہٰذا میں اشاعت بلا مانع ہےلہٰذا یہ مجلہ علماء اور دانشور طبقہ کو دعوت دیتا ہے کہ وہ دینی، سماجی موضوعات پر اپنے قیمتی مقالات سے اس مجلہ کے صفحات کو مزیّن فرمائیں۔ تاہم ضروری ہے کہ مقالات کی تدوین میں درج ذیل ہدایات کی مکمل پابندی کی جائے:

1. مقالہ غیر مطبوعہ اور ترجیحی بنیادوں پر کمپوز شدہ ہو۔ ترجیحی بنیادوں پر ایسے موضوع پر ہوجو ادارہ تجویز کرے۔
2. مقالہ کی ضخامت 5500 الفاظ سے کم اور 9000 الفاظ سے زائد نہ ہو۔ مقالہ کلیدی کلمات پر مشتمل ہو۔ نیز 140120- الفاظ پر مشتمل اردو، انگریزی خلاصہ(Abstract) بھی بھیجا جائے۔ مقالہ کی تیاری میں اصلی مآخذ اختیار کریں۔
3. اگر مقالہ کی Plagiarism Report 18% سے زائد ہوئی تو قابل اشاعت نہ ہو گا۔
4. مجلہ کا مقالہ نگار کی تمام آراء سے متفق ہونا ضروری نہیں‌لہٰذا مجلہ مقالات کی تہذیب کا حق رکھتا ہے۔
5. مقالات Peer Review کے بعد ماہرین کی منظوری سے شائع کیے جائیں گے۔
6. **References** میں منابع (Sources) کا نام *Italicized* شکل میں لکھا جائے۔ نیز حوالہ جات اور کتابیات مقالہ کے آخر میں CMOS کے مطابق لکھی جائیں‌کتاب سےحوالہ Endnotes کی صورت میں درج ذیل طریقہ سے تحریر فرمائیں:

Number. First name, Last name, *Title of Book* (City: Publisher, year), page[s] cited [or chapter number, if no page numbers], URL [incorporating DOI when possible]. For Example:

1. Peter W. Rose, *Class in Archaic Greece* (Cambridge: Cambridge University Press, 2012, 95).

1- المتقی الہندی، علاء الدین علی، *کنز العمال فی سنن الاقوال والافعال* ، ج12 (بیروت، دار الکتب العلمیۃ، 1424ھ)، 294-

7. علمی تحقیقی مجلات سےحوالہ جات میں Endnote کےلئے درج ذیل طریقہ اپنائیں:

Number. First name Last name, “Title of Article”, Journal volume, no. issue (year): page[s] cited, URL [when online version is consulted].

مثال کے طور پر:

1. Rex Buck Jr. and Wilson Wewa, “We Are Created from This Land”, Oregon Hist orical Quarterly 115, no. 3 (2014): 303. https://doi-org.uml.idm.oclc.org/10.5403/oregonhistq.115.3.02

1- سید رمیز الحسن، موسوی، "عبقات الانوار فی امامۃ الائمۃ الاطہار"، سہ ماہی سماجی، دینی تحقیقی مجلہ نور معرفت، جلد 7، شمارہ 4 (2017): 170-

https://iri.aiou.edu.pk/indexing/wp-content/uploads/2018/04/10-Abqat-ul-Anwar-fi-Imamat-il-Aemmatil-Athar”, *Quarterly “Noor-e-Marefat* 7, no.4 (2017): 170.

8.کتب کی **Bibliography** کےلئے درج ذیل طریقہ اپنائیں:

Last name, First name. *Title of Book*, City: Publisher; year. URL [incorporating DOI when possible]. For example:

Rose, Peter W. *Class in Archaic Greece*. Cambridge: Cambridge University Press, 201.

مثال کے طور پر: الزبیدی، سید مرتضی، تاج العروس، بیروت، دار الفکر للطباعۃ والنشر والتوزیع، 1994ء۔

9. علمی تحقیقی مجلات کی **Bibliography** کےلئے درج ذیل طریقہ اپنائیں:

Last name, First name. “Title of Article”, *Journal* volume, no. issue (year): page span. URL [when online version is consulted]. For example:

Buck, Rex, Jr. “We Are Created from This Land”,*Oregon Historical Quarterly* 115, n o. 3 (2014): 298-323.

مثال کے طور پر: موسوی، سید رمیز الحسن، ‘‘عبقات الانوار فی امامۃ الائمۃ الاطہار" *سہ ماہی سماجی، دینی تحقیقی مجلہ نور معرفت*، جلد 7، شمارہ 4 (2017): 184-165-

https://iri.aiou.edu.pk/indexing/?cat=5128

10. اگر کسی کتاب کا مولف معلوم نہ ہو تو Endnote میں خود کتاب کا عنوان سب سے پہلے درج ہو گا۔ نیز اگر Endnote میں مطلوبہ بعض معلومات جیسے طباعت کا سال یا ناشر کا نام وغیرہ میسر نہ ہوں تو ان کی جگہ "ندارد" لکھا جائے۔ مثال کے طور پر: ناصر مکارم، شیرازی، *تفسیر نمونہ*، ج1، ترجمہ: سید صفدر حسین نجفی(لاہور، مصباح القرآن ٹرسٹ، سن ندارد)، 58-

11. معروف شہروں کے نام کے ساتھ ملک یا صوبہ کا لکھنا ضروری نہیں ہے۔ لیکن غیر مشہور شہروں کے نام کے ساتھ ملک، صوبہ کا نام لکھنا بہتر ہے۔ نیز صفحہ نمبر درج کرنے سے پہلے ص یا صص نہ لکھنا بہتر ہے۔ محض نمبر لکھنے پر اکتفاء کریں۔

12. کسی بھی منبع (Source) سے پہلی بار حوالہ میں منبع کی مکمل تفصیلات درج کریں ۔ لیکن سابقہ منبع سے بلا فاصلہ حوالہ میں ایضا (Ibid) لکھیں اور اگر جلد یا صفحہ کی تبدیلی ہے تو درج کریں۔ مثال کے طور پر: ایضا، ج 2، 109۔ لیکن اگر درمیان میں کسی دوسرے منبع کا حوالہ حائل ہوا ہے تو پچھلے منبع کے مصنف کا دوسرا نام، کتاب کا نام، جلد اور صفحہ نمبر درج کریں۔ مثال کے طور پر: شیرازی، *تفسیر نمونہ*، ج1، 121-

13. کسی ایک مطلب کے بارے میں ایک سے زیادہ حوالہ جات دینے کی صورت میں ہو حوالے کو سابقہ حوالے سے (؛) کے ذریعے جدا کریں۔ مثال کے طور پر:

1- خورشید احمد ، *سو شلزم یا اسلام* (دہلی، مرکزی مکتبہ اسلامی، 1982ء) ،61؛ حقی، شان الحق، *فرہنگ تلفظ* (اسلام آباد، مقتدرہ قومی زبان، 2008)، 51 -

ضروری نوٹ: مزید معلومات کے لئے آن لائن Chicago Manual of Style Reference ملاحظہ فرمائیں۔

مجلس نظامت

مدیر اعلیٰ و ناشر — **سید حسنین عباس گردیزی**
محقق، مترجم وچیئرمین نور الہدیٰ ٹرسٹ، اسلام آباد۔

سرپرست اعلیٰ — **پروفیسر سید امتیاز علی رضوی**
ڈائریکٹر دی ایمز سکول اینڈ کالج، اسلام آباد۔

سرپرست — **سید علی مرتضیٰ زیدی**
چیئرمین فاونڈیشن برائے جامع سماجی ترقی، کراچی۔

معاون تحقیقی امور — **سید رمیز الحسن موسوی**
محقق، مترجم وڈائریکٹر نور الہدیٰ مرکز تحقیقات، اسلام آباد۔

مجلس ادارت

ڈاکٹر شیخ محمد حسنین نادر
مدیرسہ ماہی مجلہ نور معرفت، اسلام آباد۔

ڈاکٹرحافظ محمد سجاد
چیئرمین شعبہ بین المذاہب مطالعات، AIOU، اسلام آباد۔

ڈاکٹر سید نثار حسین ہمدانی
اے۔ جے۔ کے یونیورسٹی، آزاد کشمیر۔

ڈاکٹر روشن علی
اسٹنٹ پروفیسر اسلام آباد ماڈل کالج فار بوائز، اسلام آباد۔

ڈاکٹر قیصر عباس جعفری
معاون مدیر مجلہ نور معرفت، اسسٹنٹ پروفیسرNDU، اسلام آباد۔

ڈاکٹر عبدالباسط مجاہد
شعبۂ تاریخ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد۔

ڈاکٹر ساجد علی سبحانی
جامعۃ الرضا، اسلام آباد۔

ڈاکٹرکرم حسین ودھو
ممبر ریجنل ڈائریکٹوریٹ آف کالجز، لاڑکانہ۔

بین الاقومی مجلس مشاورت

ڈاکٹر سید تلمیذ حسنین رضوی
نیوجرسی، امریکا

ڈاکٹر غلام حسین عدیل
لندن، برطانیہ

ڈاکٹر سید راشد عباس نقوی
تہران، ایران

ڈاکٹر سکینہ حسین
آسٹریلیا

ڈاکٹر عابد حسین حیدری
یو-پی، انڈیا

ڈاکٹر غلام حسین میر
قم، ایران

قومی مجلس مشاورت

ڈاکٹرسید قندیل عباس
ایس-پی-آئی- آر-قائداعظم یونیورسٹی، اسلام آباد-

ڈاکٹر عافیہ مہدی
لیکچرر نمل یونیورسٹی، اسلام آباد-

ڈاکٹر محمد ریاض
بلتستان یونیورسٹی، اسکردو-

ثاقب اکبر
چیئرمین البصیرہ ٹرسٹ، اسلام آباد-

ڈاکٹر ندیم احمد بلوچ
المصطفی انٹرنیشنل یونی ورسٹی، اسلام آباد-

رازق حسین
پی-ایچ- ڈی اسکالر بین الاقوامی تعلقات، QAU، اسلام آباد-

معاون دفتری امور: **طاہر عباس طاہری**

کمپوزنگ و ڈیزائننگ: **بابر عباس**

مقالہ نگاروں کا تعارف

ڈاکٹر حافظ محمد ثانی۔ ڈائریکٹر سیرت چیئر ، چیئرمین شعبہ قرآن اور سنت ، فیڈرل اردو یونیورسٹی ، کراچی۔

بخت شید۔ پی۔ایچ۔ ڈی اسکالر (حدیث)، انٹرنیشنل اسلامی یونیورسٹی، اسلام آباد۔

محمد اکرم حریری۔ پی ایچ ڈی ALU، اسلام؛ سابق ریسرچ ایسوسی ایٹ، اکیڈمی آف اسلامک اسٹڈیز یونیورسٹی ملایا، ملائیشا۔

شازیہ رشید عباسی۔ اسلامک اسٹڈیز ڈیپارٹمنٹ آف لیکچر، فیڈرل اردو یونیورسٹی، اسلام آباد۔

محمد اکرم۔ پی ایچ ڈی سکالر، یونیورسٹی آف گجرات ،گجرات۔

ڈاکٹر محمد حسیب۔ اسٹنٹ پروفیسر ،شعبہ علوم اسلامیہ یونیورسٹی آف گجرات ،گجرات۔

تہمینہ فاضل۔ پی ایچ ڈی ڈی اسکالر، شعبہ اسلامی علوم بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی، ملتان۔

ڈاکٹر منزہ حیات۔ اسسٹنٹ پروفیسر شعبہ اسلامی علوم بہاؤالدین ذکریا یونیورسٹی، ملتان۔

طالب علی اعوان۔ پی ایچ ڈی اسکالر، یونیورسٹی آف گجرات، گجرات۔

سید اسد علی کاظمی۔پی ایچ ڈی اسکالر، شعبہ ادبیات فارسی، تہران یونیورسٹی۔

محمد انصر جاوید۔ پی ایچ ڈی اسکالر ،گفٹ یونورسٹی گوجرانوالہ۔

پروفیسر ڈاکٹر حافظ محمود اختر۔ ہیڈ آف ڈیپارٹمنٹ، اسلامک اسٹڈیز ،گفٹ یونیورسٹی گوجرانوالہ۔

ڈاکٹرسید قندیل عباس۔ اسکول آف پولیٹکس اینڈ انٹرنیشنل ریلیشنز، QAU، اسلام آباد۔

سید فراز حسین نقوی۔ ریسرچ اسکالر ریجنل اسٹڈیز۔

رازق حسین ۔ پی۔ایچ۔ ڈی اسکالر بین الاقوامی تعلقات، QAU، اسلام آباد۔

فہرست

نمبر شمار	موضوع	مقالہ نگار	صفحہ
۱	اداریہ	مدیر	8
۲	نبی اکرمﷺ اور خلفائے راشدینؓ کے سیاسی وثیقہ جات پر کتب- ایک تحقیقی جائزہ	ڈاکٹر حافظ محمد ثانی	11
۳	مغربی تہذیب کے رجحانات واثرات	محمد اکرم	32
۴	(برصغیر کے ماثور تفسیری ادب کے تناظر میں)مکالمہ بین المذاہب کے اصول	محمد انصر جاوید	54
۵	عصر حاضر کی اسلامی تحریکیں،مسلم امہ اور عالمی منظر نامہ	طالب علی اعوان	78
٦	خدمت خلق، فلاح و نجات کا وسیلہ(اسلامی نقطہ نظرسے ایک تجزیاتی مطالعہ)	محمد اکرم حریری	102
۷	انسداد غربت و افلاس: سیرت طیبہﷺ کی روشنی میں	تہمینہ فاضل	117
۸	مکلی کا قبرستان، ایک اہم ثقافتی، ادبی ورثہ	سید اسد علی کاظمی	131
	ENGLISH ARTICLES		
۹	***US HEGEMONIC INTERESTS AND THE STRATEGIC DILEMMA IN IRAQ***	***Syed Qandil Abbas***	1-19
۱۰	***HOW THE PRINCIPLE OF MASLAHA CAN GUIDE THE FOREIGN POLICY OF A MUSLIM STATE***	***Raziq Hussain***	20-37

اداریہ

سماجی علوم میں سیاسی انتظامات یا POLITICAL ARRANGMENTS کی اہمیت کا کوئی انکار نہیں۔ ایک مسلم سماج ہونے کے ناطے اسلامی جمہوریہ پاکستان کا سیاسی نظام ہماری زندگیوں پر براہ راست اثرانداز ہوتا ہے۔ بیرونی دنیا کے ساتھ ہمارے تعلقات کی نوعیت بھی ہماری تہذیبی روایات کی تقویت یا تخریب کا موجب بنتی ہے۔ جب تک مسلم ممالک، منجملہ مملکت خدادا پاکستان کی خارجہ پالیسی کے بنیادی خدّوخال،دین اسلام کے دیےگئے قالب کے اندر وضع نہیں کیے جاتے، ہمیشہ عالمی روابط کے دروازے سے عالمِ اسلام پر تہذیبی یلغار ہوتی رہے گی۔ بنابریں، تحقیقی معیارات پر یہ طے کرنا بہت ضروری ہے کہ ایک اسلامی مملکت کی خارجہ پالیسی کے بنیادی اصول کیا ہیں؟ اس حوالے سے خاتم النبیین حضرت محمد مصطفی ﷺ کے وہ وثیقہ جات جو آپ نے دنیا کے مختلف حکمرانوں کو لکھوائے، ایک انتہائی اہم SOURCE ہیں۔ اسی طرح آپ کے بعد آپ کے خلفاء رضی اللہ عنہم نے بیرونی دنیا کے ساتھ اپنے تعاملات کی بنیاد جس منہج پر قائم کی اس کا مطالعہ اور اسے مسلمان ممالک کی خارجہ پالیسی کی تدوین کا منبع قرار دینا انتہائی ضروری ہے۔ اس حوالے سے مجلہ نور معرفت کے زیرنظر شمارے میں ایک تحقیقی مقالہ "نبی اکرمﷺ اور خلفائے راشدینؓ کےسیاسی وثیقہ جات پر کتب۔ایک تحقیقی جائزہ" کے عنوان سے شامل ہے۔ یقینا یہ مقالہ ریاست مدینہ کی خارجہ پالیسی کے استخراج میں بہترین معاون ثابت ہو سکتا ہے۔

اس شمارے کا ایک انگریزی مقالہ بھی HOW THE PRINCIPLE OF MASLAHA CAN GUIDE THE FOREIGN POLICY OF A MUSLIM STATE کے عنوان سے عالم اسلام اور بالخصوص مملکت خداداد پاکستان کی خارجہ پالیسی کے تدوین کے بنیادی اصولوں کی بحث پر مشتمل ہے۔ دراصل، آج کے نازک دور میں بین الاقوامی روابط نے جہاں انسانی سماج کی پیشرفت اور ترقی کی راہیں کھولی ہیں اور بیرونی دنیا سے کٹ کر صنعت، ٹیکنالوجی اور سماجیات و سیاسیات کے میدانوں میں پیشرفت ناممکن ہے، وہاں یہ روابط عالمِ اسلام میں تہذیبوں کے تعامل کی بجائے تہذیبی یلغار کو بطور ارمغان لائے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ مغربی تہذیب نے انتہائی غیر محسوس انداز میں اسلامی ممالک کو اپنی لپیٹ میں لے لیا ہے۔ اس سے بڑا المیہ یہ ہے کہ ہمارے ذہنوں سے اس غارت پر احساسِ زیاں بھی جاتا رہا ہے۔ اس پس منظر میں مغربی تہذیب کے رجحانات اور اسلامی معاشروں پر اس کے اثرات کا تحقیقی جائزہ لینا بہت ضروری ہے۔ مجلہ نور معرفت کے تازہ ترین شمارے میں " مغربی تہذیب کے

رجحانات واثرات" کے عنوان سے ایک اردو مقالہ اور US HEGEMONIC INTERESTS AND THE STRATEGIC DILEMMA IN IRAQ کے عنوان سے ایک انگریزی مقالہ شامل ہیں۔ ان مقالات کا مطالعہ چشم گشا ہے۔ یہ مقالات عالم اسلام کے خلاف استعمار کی ریشہ دوانیوں اور غلبے کی منحوس توقعات سے پردہ کشائی کرتے ہیں۔ ہمیں امید ہے کہ ان مقالات کی اشاعت ہمارے قارئین کو مسلم ممالک اور اسلامی تہذیب کی حفاظت کا بھرپور احساس دلائے گی۔

ہمارا عقیدہ ہے کہ دَور حاضر کی تہذیبوں کی جنگ میں عالم اسلام کو DEFENSIVE کی بجائے OFFENSIVE پوزیشن اپنانے کی ضرورت ہے جس کا ہتھیار تیروتبر نہیں، ادیان ومذاہب کے درمیان تعمیری مکالمے کا فروغ ہے۔ مجلہ نور معرفت کی ایک عمدہ پالیسی یہی ہے۔ دراصل، اسلام تلوار کی جھنکار سےنہیں، اپنی عالیشان تہذیبی روایات، تعلیمات کی مضبوطی، استدلال کی منطق اور مکالمے کی بنیاد پر پھیلا ہے۔ تعمیری مکالمہ سے حق کی قبولیت کا امکان بہت بڑھ جاتا ہے جبکہ جنگ و جدال، بحث و تمحیص اور مناظروں میں مدّمقابل کو شکست تو دی جائے سکتی ہے لیکن اس سے عقول کو قانع اور قلوب کو رام نہیں کیا جا سکتا۔ لہذا بین الادیان و المذاہب مکالمے کا فروغ، انسانی وحدت اور مسالمت کی طرف تنہا راستہ ہے جو اس بات کا تقاضا کرتا ہے کہ اس مکالمہ کے بنیادی اصول مرتب کیے جائیں جن کی پیروی ضروری ہو۔ مجلہ نور معرفت کے زیرنظر شمارے کا تیسرا مقالہ "برصغیر کے ماثور تفسیری ادب کے تناظر میں مکالمہ بین المذاہب کے اصول" کے عنوان سے ہماری مکالماتی ادبیات کو بہتر سے بہتر اور شگفتہ سے شگفتہ تر بنانے میں معاون ثابت ہو گا۔

اسلام کے عالمی پیغام کو پوری انسانیت تک پہنچانا اور عالمی اسلامی حکومت کے قیام کےلئے تگ و دَو کرنا، ایک ایسا اسلامی فریضہ ہے جس کے اثبات میں دلائل پیش کرنے کی ضرورت نہیں ہے۔ تاہم اس امر کا جائزہ لینا بھی ضروری ہے کہ آیا اس مقدس فرض کی تکمیل کی غرض سے اٹھنے والی تحریکیں صراطِ مستقیم پر رہیں یا اپنی جہت سے منحرف ہوئیں؟ کامیاب ہوئیں یا ناکام؟ صرف اسی تحلیلی تجزیہ کی روشنی میں مستقبل میں بہتر پالیسی اپنائی جا سکے گی۔اس شمارے کا چوتھا مقالہ یہی جائزہ پیش کرتا ہے۔ " عصر حاضر کی اسلامی تحریکیں،مسلم امہ اور عالمی منظر نامہ" کے عنوان سے یہ مقالہ اسلامی دعوت اور ہدایت وارشاد کے بنیادی اسلامی اصول کی روشنی میں عالم اسلام میں اٹھنے والی مختلف اسلامی تحریکوں کا تعارف پیش کرنے کے ساتھ ساتھ، ان کے نکات قوّت وضعف سے پردہ کشائی کرتا ہے۔

اس شمارے کے اگلے دو مقالات کا تعلق سماجی فلاح وبہبود سے ہے۔ یہ مقالات درحقیقت، انسانی معاشروں کو درپیش اقتصادی چیلنجز سے نمٹنے کی

عملی راہیں دکھاتے ہیں۔ پانچویں مقالے میں اسلامی نقطہ نظر سے " خدمت خلق، فلاح و نجات کا وسیلہ" کے عنوان سے اقتصادی استحصال کے جبر میں پسی انسانیت کے دکھوں کے مداوا کی عملی رہنمائی اور اخروی نجات اور فلاح کے حصول کی راہیں دکھائی گئی ہیں۔ اسی طرح چھٹے مقالہ میں "سیرت طیبہﷺ کی روشنی میں انسداد غربت و افلاس" کے عنوان سے فقروفاقے کا مقابلہ کرنے کی عملی تجاویز پیش کی گئی ہیں۔درحقیقت، ہمیں ہر میدان میں اسلامی تعلیمات کی بنیاد پر ایسے ضوابط اور پالیسیاں وضع کرنے کی ضرورت ہے جو انسانیت کو دنیاوی رنج و الم سے حتی الامکان نجات دلا سکیں۔ اس غرض سے ہمیں اقتصادی میدان میں ترقی اور پیشرفت کےاسلامی اصولوں کو اپنانے کی ضرورت ہے۔ امید ہے مجلہ نور معرفت میں چھپنے والے یہ مقالات ہمارے پالیسی ساز اداروں کےلئے رہنمائی کا سامان فراہم کریں گے۔

"مکلی کا قبرستان، ایک اہم ثقافتی، ادبی ورثہ" کے عنوان سے مجلہ نور معرفت کے اس شمارے کا آخری مقالہ بھی اپنی اہمیت و افادیت کے لحاظ سے دیگر مقالات سے کم نہیں۔ یہ مقالہ اپنی ثقافتی اور ادبی میراث کی اہمیت کا احساس دلانے کے ساتھ، اپنی حفاظت کرنے کی دُہائی دیتا ہے۔ ہر ملک و قوم کی ثقافتی اور ادبی میراث، اس کے تابناک ماضی اور شاندار استقبال کی علامت شمار ہوتی ہے۔ جو قومیں اپنی ثقافتی و ادبی میراث کی حفاظت نہ کر سکیں، وہ ماضی کے آئینے میں اپنا مستقبل سنوارنے میں ناکام رہ جاتی ہیں۔ لہذا ارباب بست وگشاد کو یہ تلقین کہ وہ اپنی جغرافیائی، تاریخی، ثقافتی اور ادبی میراث کی حفاظت کریں، وہ نہیب ہے جو نور معرفت جیسے مجلات کی طرف سے مسلسل بلند ہوتی رہے تو بہت خوب ہے۔

یقینا ان مقالات کے تمام مندرجات سے نہ خود ہمارا 100% اتفاق ضروری ہے اور نہ ہم اپنے قارئین سے کوئی ایسی توقع رکھتے ہیں۔ تاہم ان مقالات کی مجلہ نور معرفت کے دامن میں جمع آوری اور اشاعت، ہمارا اعزاز ہے۔ ہم اپنی ہر اشاعت پر تنقیدی تبصروں کا پوری فراخدلی سے استقبال کرتے ہیں اور اگر یہ تبصرے تحقیقی اور معیاری ہوں تو انہیں مجلہ نور معرفت کے دامن میں ضرور جگہ بھی دیتے ہیں۔ بہرصورت، ہمیں امید ہے کہ ہمارا یہ شمارہ، ہماری ملکی سالمیت اور تہذیبی ارتقاء کی راہیں ہموار کرنے میں معاون و مددگار ثابت ہو گا۔ان شاء اللہ!

*****

نبی اکرمؐ اور خلفائے راشدینرضی اللہ عنہم کے سیاسی وثیقہ جات پر کتب-ایک تحقیقی جائزہ

THE BOOKS ABOUT THE POLITICAL WRITE-UPS OF HOLY PROPHET(PBUH)& RIGHTEOUS CALIPHS(R.A) - A RESEACRH STUDY

Dr. Hafiz Muhammad Sani
Bakht Shaid

ABSTRACT

The importance of the letters and political contracts of the age of the Prophet and the righteous caliphs is evident for everyone in the academic world. When the Prophet laid down the foundations of the Islamic government in Medina, he established diplomatic relations with foreign countries, and wrote letters to different rulers to spread the Islamic call. Researchers have gathered these letters in their books, and have written many books on this issue. Dr. Hamidullah Khan has collected such letters in his book Majma' al-Wathai'q al-Siyasiyah fi al-Ahd al-Nabawi wa al-Khilafat al-Rashida. This article presents a brief overview of the books that were written during the period of the companions of the Prophets, along with a detailed introduction and a critical review of Dr. Hamidullah's book.

Key Words: *Epistle, Prophethood, Political Contracts, Righteous Caliphs.*

خلاصہ

علمی دنیا میں پیغمبر اسلام ﷺ اور خلفائے راشدینؓ کے زمانہ کے مکتوبات اور سیاسی وثیقہ جات کی اہمیت سب پر عیاں ہے۔ آپﷺ نے مدینہ طیبہ میں جب اسلامی ریاست کی بنیاد رکھی تو مختلف ممالک تک اسلامی دعوت کا پیغام پہنچانے کے لئے آپﷺ نے دنیا کے مختلف فرمانرواوں کو خط لکھے۔ محققین نے رسول اکرمﷺ کے ان فرامین کو اپنی کتابوں میں محفوظ کیا اور اس موضوع پر بھی بہت سی کتابیں لکھیں۔ ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم نے بھی "مجموعۃ الوثائق السیاسیۃ فی العھد النبوی والخلافۃ الراشدۃؓ" کے نام سے مکاتیب کا ایک بیش بہا مجموعہ مرتب کیا ہے۔ اس آرٹیکل میں رسول اکرمﷺ کے مکاتیب پر عہدِ صحابہ سے جو کتابیں لکھی گئی ہیں ان کا اجمالی تعارف پیش کرنے کے ساتھ ساتھ ڈاکٹر حمید اللہ کی کتاب کا تفصیلی تعارف اور تنقیدی جائزہ لیا گیا ہے۔

کلیدی کلمات: مکاتیب نبوی، سیاسی وثیقہ جات، خلفائے راشدینؓ۔

رسولِ اکرمﷺ کے مکاتیب اور سیاسی وثیقہ جات کی دینی و سیاسی اہمیت

رسول اکرم ﷺنے نہ صرف مسلمانوں کے تحفظ کے لئے، بلکہ عالم گیر اور ہمہ گیر امن کی خاطر ایسے معاہدات کیے جن میں ہر شخص کو رائے اور ضمیر کی مکمل آزادی کے ساتھ ساتھ فیصلہ کرنے کا موقعہ دیا گیا۔ اس طرح سیرتِ مقدسہ کا یہ پہلو جو بین الاقوامی حیثیت رکھتا ہے، نمایاں ہوکر ہمارے سامنے ہے۔ "مکتوباتِ نبویﷺ" میں تمام ایسے سیاسی اور معاشرتی معاہدے شامل ہیں جن کے ذریعے مدینہ منورہ ایک ایسے متحد مرکز میں تبدیل ہوگیا، جو چند سال کی مختصر ترین مدت میں نہ صرف دینی و روحانی بلکہ سیاسی اور معاشرتی حیثیت سے بھی دنیا کا سب سے بڑا صدر مقام بن گیا۔ رسول اکرمﷺ کے مکاتیب اور سیاسی وثیقہ جات میں "میثاق مدینہ" کو بنیادی اہمیت حاصل ہے۔ اس حوالے سے ڈاکٹر حمیداللہ اپنی کتاب "رسول اکرم ﷺکی سیاسی زندگی" میں رقمطراز ہیں کہ: "مکتوباتِ نبویﷺ کو جمع کرنے کا شوق عہدِ صحابہ ہی سے نظر آتا ہے، کسی دور کی سیاست کو سمجھنے کے لئے مورخوں کے عام تذکروں سے زیادہ اس دور کی سرکاری دستاویزوں پر اعتماد کرنا صحیح ہوتا ہے، اگرچہ عہدِ نبویﷺ کی بہت سی دستاویزیں زمانے کی دست بُرد سے اب ناپید ہوگئی ہیں، تاہم پھر بھی کسی اور قدیم نبی یا حکمراں کے برخلاف رسولِ عربیﷺ کے سلسلے میں اس حوالے سے جتنا مواد محفوظ ہے، وہ بے نظیر ہے۔"[1]

ڈاکٹر محمد حمیداللہ نے اپنی کتاب " The First Written Constitution in the World" میں تحقیق اور دلائل سے ثابت کیا ہے کہ "میثاقِ مدینہ" جس کے لئے مکاتیبِ نبویﷺ اور عہدِ نبویﷺ کے "سیاسی وثائق" میں کتاب اور "صحیفہ" کے الفاظ استعمال ہوئے ہیں، یہ دنیا کا سب سے پہلا تحریری دستور ہے۔[2]

ڈاکٹرمحمد حمیداللہ لکھتے ہیں: یہ معاہدہ اس عہد کی قانونی عبارت اور دستاویز نویسی کا ایک مکمل نمونہ ہے، اس کی اہمیت مسلم مورخوں سے کہیں زیادہ مغربی مفکرین نے محسوس کی۔ ولہاوزن، ولیم میور، گریملے، اسپرنگر، وینسنگ، کائتانی، پول وغیرہ کے علاوہ ایک جرمن محقق رانکے (Ranke) نے مختصر تاریخ عالم لکھتے ہوئے بھی عہدِ نبویﷺ کی اس دستاویزکا ذکر کرنا ضروری خیال کیا ہے۔"[3] اس تحریری معاہدے کی بدولت بقول ولیم میور "آپﷺ نے ایک عظیم مدبّر حکومت اور سیاست دان کی طرح مختلف الخیال، مختلف العقیدہ اور باہم منتشر لوگوں کو متحد کرنے کا کام بڑی مہارت سے انجام دیا۔ آپﷺ ایک ایسی ریاست اور ایسے معاشرے کا آغاز کرنے میں کامیاب ہوگئے جو بین الاقوامیت کے اصول پر مبنی تھا۔"[4]

آپﷺ کے یہ مکاتیب، سیاسی وثیقہ جات اور معاہدات امن وسلامتی اور مذہبی رواداری کا واضح اعلان ہیں۔ یہ غیر مسلم شہریوں کے حقوق کا بنیادی ماخذ اور سیاسی اصول کی حیثیت رکھتے ہیں۔ بعد میں خلفائے اسلام نے غیر مسلم شہریوں کے لیے جو قانون بنائے، ان کی اصل بنیاد یہی معاہدات ہیں۔ عہدِ رسالتﷺکا یہ ریکارڈ آنحضرت ﷺ کی سیرت، حضوراکرمﷺکے اخلاق و عادات، اسلامی عقائد، عبادات و تعزیرات کے بے شمار مسائل، اسلامی تہذیب و تمدن کی خصوصیات، حکومتِ اسلامی کے سیاسی نظریات اور اسلامی تاریخ کے اہم ابواب کے لئے یہ خطوط بنیادی ماخذ کی حیثیت رکھتے ہیں۔[5] اس تناظر میں مکاتیب رسول اکرمﷺ اور آپ کے سیاسی وثیقہ جات کی اہمیت بہت واضح ہے کہ یہ دستاویزات درحقیقت، عالم اسلام کے اندر ملکی و بین الاقوامی سیاسی روابط اور قوانین کی تشکیل کا بنیادی منبع ہیں۔ لہذا ضروری ہے کہ مکاتیب الرسولﷺ اور عصر نبوی اور خلفائے راشدین کے عصر کے سیاسی وثیقہ جات کے منابع کی حتی الامکان تنقیح کی جائے تاکہ ان منابع سے استفادہ کرتے ہوئے ممالک اسلامیہ کے ارباب سیاست قانون سازی کر سکیں۔ عہد نبویﷺ اور خلفائے راشدین کے عصر کے مکاتیب اور سیاسی وثیقہ جات پر عالم اسلام کے معروف محقق ، سیرت نگار اور مذہبی اسکالر ڈاکٹر محمد حمیداللہ کی تصنیف "الوثائق السياسية" ایک قابل ذکر اثر اور خاص اہمیت کی حامل کتاب ہے۔ اس بین الاقوامی شہرت یافتہ کتاب میں عہدِ نبویﷺ اور دورِ خلافتِ راشدہ کی تین سو سے زیادہ تحریری دستاویزات اور مکتوبات کو انتہائی محنت اور تحقیق و جستجو کے بعد جمع کیا گیا ہے۔ زیرنظر مقالہ میں اس کتاب کا ایک عملی، تحقیقی جائزہ لیا گیا ہے۔

رسول اکرم ﷺ کے مکاتیب اور سیاسی وثیقہ جات کی تدوین کا مختصر جائزہ

اسلامی تاریخ کے مختلف ادوار میں رسول اکرم ﷺ کے مکاتیب اور سیاسی وثیقہ جات کی تدوین کے شواہد ملتے ہیں۔ عرب قبائل رسول اکرمﷺ کے دعوتی خطوط ورسائل اور آپﷺ کے مکتوباتِ گرامی کو قدرو منزلت، عزت وعظمت اور احترام کی نگاہ سے دیکھتے اور آپﷺکے مکتوبات کی ناقدر شناسی کو باعث وبال تصور کرتے تھے۔ اس امر کے بھی شواہد ملتے ہیں کہ قبیلہ کے افراد باقاعدہ جمع ہوکر ان کو پڑھتے اور سنتے اور اس امر کا بطور خاص اہتمام کرتے تھے۔ قاضی اطہر مبارکپوری اس حوالے سے لکھتے ہیں:"رسول اللہ ﷺنے سمعان بن عمرو بن قریط عرنی کے پاس دعوتی مکتوب روانہ فرمایا، جو چمڑے کے ایک ٹکڑے پر تحریرتھا۔ سمعان بن عمرو نے نامۂ مبارک سے اپنے ڈول کی پیوند کاری کردی۔ اس پر ان کی بیٹی نے ان سے کہا:ماأراك إلّا سيُصيبك

قارعة اتاك كتاب سيّدالعربﷺ فرقعتَ به دلوَك[6] یعنی: "میں دیکھ رہی ہوں کہ تم پر بہت جلد کوئی مصیبت آنے والی ہے، سیّدالعربﷺکا خط آپ کے نام آیا اور آپ نے اس سے ڈول کی پیوند کاری کردی۔" ابوعمارہ عبد خیرہمدانی کا بیان ہے کہ: " میں بچپن میں اپنے وطن یمن میں تھا، اسی زمانے میں ہمارے قبیلے کے پاس رسول اللہ ﷺ کا دعوتی مکتوب آیا۔ اس کے پڑھنے اور سننے کے لئے باقاعدہ اہتمام کیا گیا۔ منادیٰ ہوئی، لوگ ایک میدان میں جمع ہوئے، میرے والدبھی گئے اور دوپہر تک وہاں سے واپس لوٹے۔ انہوں نے میری والدہ سے کہا: اے امِّ فلاں! ہم مسلمان ہوگئے ہیں، تم بھی اسلام قبول کرلو۔ ہم نے دین(کفر وشرک پر مبنی اپنا سابقہ مذہب) بدل دیا ہے، تم بھی دین بدل ڈالو۔"[7]

"مغازی" کے مشہور عالم مجالد بن سعید بن عمیر ہمدانی کوفی متوفی 144ھ کے دادا عمیر ذومران ہمدانی کے نام رسول اللہ ﷺ نے دعوت نامہ روانہ فرمایا تھا، جو قبیلہ بنو ہمدان میں محفوظ تھا اور مجالد بن سعید نے اس کی زیارت کی تھی، ان کا بیان ہے: كتاب رسول الله ﷺ الىٰ جدّي عندنا[8] یعنی: "رسول اللہ ﷺ نے میرے داد کے نام جو خط لکھا تھا وہ ہمارے پاس موجود ہے۔" قاضی اطہر مبارکپوری نے رسول اکرمﷺ کے بعض مکتوباتِ گرامی اور سیاسی وثیقہ جات کے حوالے سے اس قسم کی متعدد روایتیں اور نظائر پیش کیے ہیں۔[9] اس سلسلے میں ایک روایت یہ بھی بیان کی گئی ہے کہ ہلال بن حارث مزنی کو رسول اللہﷺ نے ایک قطعۂ زمین کی جاگیرعنایت فرما کر تحریرلکھوا دی۔ بعد میں ان کی اولاد نے وہ زمین حضرت عمر بن عبدالعزیز کے ہاتھ فروخت کردی۔ اس سلسلے میں راوی کا بیان ہے: وجاؤا بكتاب القطعة التي قطعها رسول الله لأبيهم في جريدة قال: فجعل عمر يمسحها علىٰ عينيه[10] یعنی: "ہلال بن حارث کی اولاد رسول اللہ ﷺکا مکتوب لائی، جوان کے والد کے نام ایک شاخ پر تحریرتھا، حضرت عمر بن عبدالعزیز بار بار اسے اپنی آنکھوں سے لگاتے تھے۔"

نجران کے عیسائی وفد کو رسول اللہ ﷺنے جو "صلح نامہ" عنایت فرمایا تھا، وہ مدتوں ان کے پاس محفوظ رہا، اس سلسلے میں بلاذری نے لکھا ہے:یحیٰ بن آدم قال: أخذتُ نُسخة كتاب رسول اللهﷺ لأهل نجران من كتاب رجل عن الحسن بن صالح و هي بسم الله الرّحمٰن الرّحيم هذا ماكتب النّبيّ رسول الله محمد للنّجران[11]ابن سعد نے ستّر سے زائد وفود کا تذکرہ کیا ہے، جو اپنے قبائل کے نمائندے اور ترجمان کی حیثیت سے خدمتِ نبویﷺ میں حاضر ہوئے۔ ان کے ارکان کی تعداد بعض دفعہ چارسو یا اس سے زائد ہوتی تھی۔ قبائل اپنے وفود کی روانگی کے لیے بڑا اہتمام کرتے تھے، شیوخ و سردار، اعیان و اشراف، شعراء و خطباء اور صاحبِ حیثیت افراد کا انتخاب ہوتا تھا، ان سب کے نام لکھے جاتے تھے، ارکان وفد اپنے قبائلی اور روایتی لباس وہیئت میں سج دھج کے ساتھ مدینہ منورہ حاضر ہوتے تھے، واپسی پر ارکانِ وفد کو

گراں قدرعطیات سے نوازا جاتا تھا اور بنیادی امور کے لیے تحریریں دی جاتی تھیں۔ یہ تحریریں رسول اکرم ﷺکے مکاتیب، وثیقہ جات کی حیثیت رکھتی تھیں، جنہیں یہ قبائل بڑے اہتمام سے محفوظ رکھتے تھے۔[12]

مکاتیبِ نبویﷺکی خصوصیات وامتیازات

رحمۃ لّلعالمین ﷺکے خطوط اور مکتوبات میں طوالتِ بیان، عبارت آرائی، تکلّف و تصنّع اور لفظ و بیان کی نمائش کے بجائے سادگی، حقیقت پسندی، بے تکلفی اور اختصار کا طرز نمایاں ہے۔ ان میں پیغمبرانہ امانت و صداقت کے انتہائی عزم و یقین کے ساتھ حق کی دعوت ہے۔ اصول دین کی تبلیغ ہے۔ سیاسی اور معاشرتی معاہدوں میں جن سے عہد نبویﷺ کی سیاسی تاریخ واضح ہوتی ہے۔ مقبوضہ املاک کی بحالی کا وعدہ ہے۔ اسلام کے احکام و مصالح اور تشریعی مسائل وغیرہ امور کا ذکر ہے۔ آپﷺکے وثیقہ جات اور مکتوبات کے ایک ایک لفظ سے مخاطب کے لیے درد مندی اور خیر اندیشی کے دلی جذبات مترشح ہوتے ہیں۔ ان کا اندازِ بیان "از دل خیزد ، بردل ریزد" کی اپنی مثال آپ ہے اور سب سے بڑھ کر یہ کہ زمانے کے انقلابات اور لیل و نہار کی ہزاروں گردشوں کے باوجود ان میں آج بھی وہی نورِ ہدایت اپنی پوری تابنا کی اور رعنائی کے ساتھ جلوہ آرا ہے، جس نے چودہ سو سال پہلے دنیا میں ایک عظیم انقلاب برپا کیا۔[13] عہدِ نبویﷺ کے وثیقہ جات اور مکتوباتِ نبویﷺ میں جن لوگوں سے خطاب کیا گیا ہے وہ چار مشہور مختلف مذاہب سے تعلق رکھنے والے تھے۔ مشرکینِ عرب، عیسائی، یہودی اور زرتشتی (مجوسی)، بعض روایات سے معلوم ہوتا ہے کہ آنحضرتﷺ نے ایک مکتوبِ گرامی اہل سندھ کی جانب بھی ارسال فرمایا تھا، جو نتیجہ خیز ثابت ہوا اور سندھ کے کچھ لوگ مشرف بہ اسلام ہوکر بارگاہِ نبویﷺمیں حاضر ہوئے۔ہرقل (Herclius) اور مقوقس (Muqawqis) کے نام جو خطوط لکھے گئے، ان میں آپﷺکے اسم گرامی کے ساتھ عبداللہ (خدا کا بندہ) خصوصیت کے ساتھ لکھا گیا ہے۔ اس میں مکتوب الیہم کے عقیدے کی نہایت لطیف پیرائے میں تردید کی گئی ہے۔ اس سے مراد یہ ہے کہ اللہ کا رسول، اللہ کی مخلوق ہے، نہ کہ "اس کا بیٹا" جیسا کہ عیسائیوں میں حضرت مسیح علیہ السلام اوریہودیوں میں حضرت عزیرعلیہ السلام کے متعلق عقیدہ پایا جاتا ہے۔[14]

شہنشاہِ فارس خسرو پرویز وغیرہ کے نام خط میں اللہ کی توحید پر خاص زور دیا گیا ہے، کیوں کہ فارس کے زرتشتیوں کے یہاں یزداں واہرمن، یعنی خیر و شر کے دو خداوں کا عقیدہ موجود تھا۔ اس لیے انہیں یہ بتانے کی ضرورت تھی کہ اللہ ایک ہے اور صرف وہی عبادت کے لائق ہے۔ پھر صاف لفظوں میں اسلام کے عالم گیر مذہب ہونے اور اقوام عالم کی جانب اپنے مبعوث ہونے کا اعلان کیا

گیا ہے، تاکہ زرتشتیوں کو جو نبوت کے مفہوم سے نا آشنا تھے، یہ خیال نہ ہو کہ آپﷺ صرف عربوں کی اصلاح کے لیے مامور ہوئے ہیں، اس کی تردید کرکے بتایا گیا ہے کہ آپﷺ تمام اقوام کے لیے اللہ کے بھیجے ہوئے رسول ہیں۔ بت پرست مشرکینِ عرب کے نام خطوط میں بھی اللہ کی توحید پر خاص زور دیا گیا ہے اورغیر اللہ کی عبادت سے روکا گیا ہے ،جو اس زمانے کا عام رواج ہوچکا تھا۔ یہود کے نام نامۂ مبارک میں تورات کے حوالے سے اپنی نبوت پر استدلال کیا گیا ہے۔تمام مکتوباتِ گرامی میں جو چیز قدرِ مشترک ہے، وہ توحیدِ ربّانی، اسلام کی دعوت اور دینی احکام و مسائل ہیں۔[15]آپﷺ کے وثائق اور مکاتیبِ گرامی عموماً حسب ذیل اجزائے ترکیبی پر مشتمل ہیں:

(الف) شروع میں بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم۔

(ب) بحیثیت مرسل رسول اللہ ﷺکا اسمِ گرامی مع ضروری صفات اور کوئی ایسا لفظ جن سے من جانب کا مفہوم ادا ہوتا ہو۔

(ج) مکتوب الیہ کا نام مع لقب۔

(د) امن و سلامتی کا مفہوم ادا کرنے والا فقرہ۔

(ہ) نامۂ مبارک کا مضمون مختصر، پرزور اور شستہ الفاظ میں۔

(و) آخر میں مہرِ نبویﷺ۔[16]

وثائق اور مکتوباتِ نبویﷺکی جامعیت اور اثر انگیزی

مکتوباتِ نبویﷺ میں لطافت ہے۔ انشا پردازی ہے، ایجاز و اختصار ہے۔ اُنس و محبت کی فضا ہے۔ ان میں عام انسانی جذبے کو متاثر کرنے کے جملہ عناصر موجود ہیں، جملے عموماً چھوٹے چھوٹے ہوتے ہیں اورا یسا معلوم ہوتا ہے کہ گویا دریا کو کوزے میں بند کردیا گیا ہے۔ خطوط کے الفاظ نہایت معنیٰ خیز ہیں۔ یہ اس عظیم اور انقلاب آفریں شخصیت کی تحریریں ہیں، جس نے پوری دنیا کے فکر و تصور کے زاویے بدل دیے ، جس نے دورجاہلیت کی عرب جیسی پسماندہ قوم کو سارے جہاں کی قیادت بخش دی۔ اس نے ایک دین عطا کیا۔ ایک طرزِ حیات سکھایا، ایک نئی سیاست اور تہذیب دی۔ نیا نظام عدالت بخشا، ایک صحت مند حکمت اور سرگرم عمل دانش عنایت کی۔ ایسے ضوابط دیے جو پوری دنیا میں انسانوں کے ایک عظیم گروہ کا چودہ سو برس سے ہر مشکل اور تاریخ کے ہر نئے موڑ پر ساتھ دیتے رہے ہیں۔ ان خطوط میں تبلیغی جذبے کی آبیاری کا سامان بھی ہے اور تزکیۂ باطن اور اصلاح نفس کے لیے رہنمائی بھی موجود ہے۔ اس طرح یہ خطوط انفرادی اور اجتماعی دونوں لحاظ سے اپنے اندر بڑی اہمیت اور ہمہ گیر افادیت رکھتے ہیں اور نسل انسانی کے ہر فرد بشر کے لیے مشعلِ راہ اور شمع ہدایت ہیں۔[17]

عہدِ نبویﷺ کے وثیقہ جات اورآپﷺ کے مکتوباتِ گرامی کی علمی و ادبی اہمیت

عہدِ نبویﷺ کے وثیقہ جات اور آپﷺ کے مکتوبات بڑی علمی اور ادبی اہمیت کے حامل ہیں۔ علی بن حسین علی الاحمدی نے اپنی کتاب"مکاتیب الرسولﷺ" میں رسولِ اکرمﷺ کے مکتوباتِ گرامی کی علمی وا دبی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے لکھا:"ان کی علمی وادبی اہمیت مسلّم ہے، اثرانگیزی نمایاں ہے،ان میں مطلوبہ مقاصد کی ترجمانی ، جامعیت و ہمہ گیریت، علمی و ادبی اسلوب ، اختصار و معنویت ، کلام کی سادگی ، پر تکلف جملوں سے گریز ، غیر ضروری طوالت اور فلسفیانہ موشگافیوں سے دامن بچاتے ہوئے پیغام کی اثر انگیزی اور مقاصد و اہداف کے حصول کو بنیادی اہمیت دی گئی ہے۔"[18]مولانا سیّد محبوب احمد رضوی عہدِ نبویﷺ کے سیاسی وثیقہ جات اور مکاتیبِ نبویﷺکی علمی و ادبی اہمیت کے متعلق لکھتے ہیں:

"حضوراکرمﷺ کے مکاتیب عام طور پر بہت مختصر ہوتے ہیں۔ ان میں لفظ و بیان کی نمائش کے بجائے سادگی اورحقیقت پسندی کا طرزنمایاں ہے۔ ان میں فلسفیانہ موشگافیوں اور منطقی نکتہ آفرینیوں کے بجائے پیغامِ نبویﷺ کی سادگی، دل نشینی اور خلوص کا نقش دل پر اثرکرتا جاتا ہے۔ آپﷺساده اور عام فہم اندازمیں اپنی دعوت کو زیادہ سے زیادہ لوگوں تک پہنچانا چاہتے تھے۔ دوسرے رہنمائوں کی طرح یہ جذبہ کار فرما نہ تھاکہ خطوط کے ذریعے اپنی سیادت و قیادت کے لیے زمین ہموار کی جائے اور اس طرح اپنی پرزور نگارش اور سحر بیانی کا مظاہرہ کرکے مرعوب بنایا جائے۔ یہی وجہ ہے کہ مکاتیبِ نبویﷺ میں حشووزوائد کا کہیں دور دور تک گزر نہیں ہے، یہ مقدس تحریریں روح پرور بھی ہیں اور ایمان افروز بھی۔ یہ جہاں اپنی فصاحت و بلاغت کے اعتبار سے اپنی مثال آپ ہیں۔وہیں دوسری جانب ان میں وہ گہرائی اور کشش بھی ہے، جو لکھنے والے کی صداقت پر دلالت کرتی ہے۔ یہ وثائق اور مکاتیب صدق و راستی کی ایک دنیا اپنے اندر سموئے ہوئے ہیں۔ ان کے چند لفظوں میں جوکشش ہے، وہ ایک پورے دفتر میں نہیں مل سکتی۔ ان خطوط کے مطالعے سے اندازہ ہوسکتا ہے کہ ساتویں صدی عیسوی کا اندازِ فکر کیا تھا؟ روح کی تشنگی اور دلوں کی بیداری کا کیا عالم تھا؟ کفر کی سیاہی اور شرک کی ظلمت کی کیا کیفیت تھی؟ اسلام جو اس وقت کا ایک بڑا انقلاب تھا، کیا پیغام لے کر آیا؟ اور اس پیغام کے جو اثرات و نتائج مرتب ہوئے، ان کی نوعیت کیا تھی؟ عہدِ نبویﷺکے انقلاب کو سمجھنے میں یہ مکتوباتِ گرامی بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ مکتوب الیہم جن میں عیسائی، یہودی، مجوسی اور مشرک، ہر طرح کے افراد شامل تھے۔ آپﷺ نے انہیں کس طرح مخاطب فرمایا۔ ان سے کس حسنِ

سلوک کے ساتھ پیش آئے؟ اور یہ کہ خود ان لوگوں پر کیا اثرات مرتّب ہوئے؟ انہوں نے اسلام کا خیر مقدم کیا، یا اسے رد کردیا؟ یہ سب باتیں مکاتیبِ نبویﷺسے معلوم ہوتی ہیں۔"[19]

عہدِ رسالتﷺ میں سیاسی وثیقہ جات اور مکاتیبِ نبویﷺتحریرکرنے والے حضرات صحابہ کرام

عہدِ نبویﷺکے سیاسی وثیقہ جات اوررسول اکرم ﷺکے مکتوباتِ گرامی کے حوالے سے یہ بات بھی اہم ہے کہ عہدِ نبویﷺ کے انتظامی کار پردازوں میں کاتبینِ نبویﷺکو بڑی اہمیت حاصل تھی کہ وہ وحیٔ الٰہی جو قانونِ اسلامی کا اولین و اہم ترین سرچشمہ ہے، کے علاوہ معاہدات و خطوط و فرامین کے لکھنے والے اور نبویﷺ انتظامیہ کے سیکریٹری تھے۔ متعدد مورخین اور مصنفین کے یہاں ان کی تعداد مختلف ہے، تحقیق کے مطابق ان کی کم ازکم تعداد پینتالیس تھی، امکان یہ ہے کہ ان کی تعداد اس سے کہیں زیادہ رہی ہوگی۔ اس کا ایک بڑا سبب یہ ہے کہ رسولِ اکرم ﷺ کو جب ضرورت ہوتی تو آپﷺ موجود لوگوں میں سے کسی سے بھی یہ خدمت لے لیتے، البتہ مخصوص اور اہم خدمات کے لیے مخصوص حضرات ہی متعین تھے، جیسا کہ حضرت معاویہ بن ابی سفیان اموی اور حضرت زبیر بن عوام اسدی وغیرہ کی مثالوں سے معلوم ہوتا ہے۔[20]

محمود شیت خطاب نے اپنی کتاب "سفراء النبیﷺ"میں رسول اکرم ﷺ کے مکاتیب گرامی اور سیاسی وثیقہ جات تحریر کرنے والے صحابہ کرام کاتفصیلی تذکرہ کرتے ہوئے نام بنام ہر ایک کا مختصر تعارف کرایا ہے۔[21] سیاسی وثائق، خطوط و فرامین اور آپﷺکے مکتوبات لکھنے والوں میں سرفہرست حضرات میں حضرت علی مرتضیٰ ہاشمی، ابی ابن کعب خزرجی، معاویہ اموی، خالد اموی، مغیرہ ثقفی، علاء بن عقبہ، ارقم مخزومی، ثابت خزرجی، عثمان اموی، شرحبیل کندی، جہیم بن صلت مطلبی، علاء بن حضرمی، عبداللہ بن زید انصاری، عبداللہ بن ابی بکرتیمی، محمد بن مسلمہ اوسی، زبیر بن عوام اسدی، قضاعی بن عمرو، ابان اموی، یزید بن ابی سفیان اموی، ابوسفیان بن حرب اموی، عامر بن فہیرہ تیمی، طلحہ بن عبیداللہ تیمی، عبداللہ بن رواحہ خزرجی، خالد بن ولید مخزومی، حاطب وحویطب (فرزندان عمرو) عامری، حذیفہ بن یمان غطفانی اوسی، حصین بن نمیر، ابو ایوب انصاری، معیقب بن ابی فاطمہ دوسی، عمرو بن عاص سہمی، بریدہ بن حصیب اسلمی، ابو سلمہ مخزومی، عبدربہ، عبداللہ بن عبداللہ بن ابی بن سلول خزرجی کے اسمائے گرامی مذکورہ بالا کاتبین وحی کے علاوہ بتائے جاتے ہیں۔ یہاں بھی اس امکان سے صرفِ نظر نہیں کیا جاسکتا کہ ان کے علاوہ متعدد دوسرے صحابۂ کرام بھی اس طبقے میں شامل تھے۔[22]

جبکہ مخصوص معاملات کے کاتبوں میں حضرت حصین بن نمیر اور مغیرہ بن شعبہ شامل تھے، جو خفیہ امور سے متعلق دستاویزات تحریر کرتے تھے۔ جبکہ حضرت زبیر بن عوام اور جہیم بن صلت صدقات و محاصل کے کاتب تھے۔ حضرت حذیفہ بن یمان اراضی کی پیداوار کے اور حضرت شرحبیل بن حسنہ بادشاہوں اور حکمرانوں کے نام فرامین رسالت کے کاتب تھے۔ حضرت معاویہ اموی کا بعض مواقع پر خاص طور سے انتظار کیا گیا تھا۔ حضرت معیقب بن ابی فاطمہ دوسی نہ صرف کاتبِ نبویﷺ تھے، بلکہ صاحبِ خاتم نبویﷺ بھی تھے۔ ایک روایت کے مطابق یہی خدمت حضرت حنظلہ بن ربیع اسدی بھی انجام دیتے تھے۔[23] ان کاتبوں کا تعلق سابقین، متوسطین اور متاخرین اسلام تینوں طبقات سے تھا۔ سترہ کے لگ بھگ سابقین اولین میں بقیہ میں سے اکثر متاخرین میں شامل تھے۔ اکثر و بیشتر جوان طبقہ کے تھے، تقریباً اکتیس حضرات کا تعلق وسطی قبائل قریش و انصار سے تھا، جب کہ بقیہ میں سے اکثر ان کے حلیفوں میں شامل تھے۔ ایک دو کے سوا جن کا تعلق مشرقی و مغربی قبائل ثقیف و اسلم سے تھا، سب کے سب مکہ کے مہاجر یا مدینہ کے انصار اور باشندے تھے۔ ظاہر ہے کہ ان سب کی تقرری ان کے کاتب ہونے کی صلاحیت کے علاوہ ان کی دیانت و امانت اور اعلیٰ کردار کے سبب ہوئی تھی۔[24] کاتبینِ نبویﷺ کی مجموعی تعداد چھپن (56) تک پہنچتی ہے، ان کاتبین نبویﷺکو پانچ قسموں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

1) وہ حضرات صحابہ جن سے رسول اکرمﷺ قرآنی آیات اور خطوط لکھواتے تھے، ایسے حضرات چونتیس (34) ہیں۔ جنہیں کاتبین نبیﷺ کے نام سے تعبیرکیا جاتا ہے۔
2) کاتبین جامعین۔ یعنی وہ حضرات صحابہ جو بطورِ خود قرآن کریم کو کتابت و تحریر کے ذریعے ضبط اور جمع فرماتے تھے، ان کی تعداد چھ ہے۔
3) کاتبینِ مصاحف۔ یعنی وہ حضرات جو مصاحفِ عثمانی کی کتابت میں شریک رہے ہیں۔ یہ تین ہیں۔
4) کاتبینِ حدیث۔ یعنی وہ حضرات جو وحی خفی اور احادیثِ نبویﷺکی کتابت کا خاص طورپر اہتمام فرماتے تھے۔ یہ سات ہیں۔
5) کاتبینِ محض۔ یعنی وہ حضرات جو طرزِ کتابت اور اسلوبِ تحریر سے بخوبی واقف تھے، ایسے حضرات چھ ہیں۔ اس طرح پانچوں اقسام پر مشتمل حضراتِ کاتبینِ صحابہ کی کل تعداد چھپن (56) ہوجاتی ہے۔[25]

رسولِ اکرمﷺکے سیاسی وثیقہ جات اور مکتوباتِ گرامی پر لکھی گئی کتب، عہد بعہد کتابیاتی جائزہ

عہدِ نبویﷺ دورِ خلافتِ راشدہ، اموی اور عباسی عہد کے اوائل تک رسول اکرمﷺ کے مکاتیب، سیاسی وثیقہ جات اور عہدِ خلافتِ راشدہ کی سیاسی، دعوتی معاہداتی اور دیگر تحریروں کو شخصی اور ذاتی طور پر محفوظ کیا جاتا رہا۔ متعدد صحابہ کرام نے ان کی حفاظت کا تحریری اہتمام کیا اور یوں یہ سرمایہ عہد بعہد محفوظ ہوتا رہا۔ تاوقتیکہ اس کی باقاعدہ تدوین عمل میں آئی۔ رسول اکرم ﷺاپنے عہد نامے، صلح نامے، قطائع نامے، دعوت نامے اور اس قسم کی دیگر تحریریں اور رسائل ان کاتبوں سے املاء کراتے تھے، پھر ان کو سن کر توثیق و تصدیق فرماتے تھے، اس لیے یہ تحریریں وحی الٰہی کے بعد بڑی اہمیت رکھتی ہیں۔ ان کے مستند اور معتبر ہونے میں کسی شک و شبہے کی گنجائش نہیں۔[26]
رسول اللہ ﷺ کے ان مکاتیبِ گرامی اور وثائق پر مشتمل تحریروں کی اہمیت کا اندازہ مشہور تابعی امام محمد بن سیرین متوفی 110ھ کے اس قول سے ہوتا ہے جس میں انہوں نے فرمایا: لوکُنتُ متخذًا کتاباً لاتخذتُ رسائل النّبي ﷺ[27] یعنی: "اگر میں احادیثِ نبویﷺکو کتاب میں لکھتا تو رسول اللہ ﷺکے خطوط، مکاتیب اور رسائل کو ضرور لکھتا۔"
ان مکاتیب کی ابتدا ہی سے اہمیت تسلیم کی گئی اور حتیٰ المقدور تمام امکانی کوششوں کو بروئے کار لاتے ہوئے رسول اکرم ﷺ کے مکاتیب گرامی اور وثائق کو محفوظ کیا جاتا رہا۔ اس سلسلے میں مکاتیبِ نبویﷺکی باقاعدہ تدوین اور انہیں کتابی شکل میں جمع کرنے کا سہرا علامہ ابوالحسن علی بن محمد المدائنی المتوفی 215ھ کے سر ہے، جنہوں نے عہدِ نبویﷺ کے وثائق اور مکتوباتِ گرامی کو باقاعدہ تحریری شکل میں مدوّن کیا۔ ابن ندیم نے "مکاتیب" کے موضوع پر ان کی مندرجہ ذیل تصانیف کا ذکر کیا ہے:
(1) کتاب عہود النّبی ﷺ (2) کتاب رسائل النّبیﷺ (3) کتاب صلح النّبی ﷺ (4) کتاب کتب النبی ﷺ (5) کتاب من کتب النّبی ﷺ (6) کتاب الخاتم والرسل[28]
علامہ ابوالحسن علی بن المدائنی کی مذکورہ بالا تصانیف کے بعد وادی مہران، باب الاسلام سندھ کے نامور محدث، ابوجعفرمحمد بن ابراہیم الدیبلی المتوفی 322ھ کو یہ شرف اور امتیاز حاصل ہے کہ "مکاتیب" کے موضوع پر دستیاب باقاعدہ کتابوں میں موصوف کی کتاب "مکاتیب النبیﷺ" کو اولین کتاب کی حیثیت حاصل ہے۔ محدث ابوجعفر الدیبلی نے اس جزء میں رسول اکرم ﷺ کے پچیس (25) مکتوبات گرامی جمع کیے ہیں۔ تمام کے تمام مکاتیب حضرت عمرو بن حزم سے مروی ہیں۔ یہ مکاتیب مختلف موضوعات سے متعلق ہیں۔ بعض ان میں جاگیر کے وثیقے ہیں۔ بعض امان نامے ہیں اور بعض دیگر احکام ہیں۔ ان میں ایک تفصیلی ہدایت نامہ بھی ہے جو آنحضرت ﷺ نے حضرت عمرو بن حزم کے لیے اس وقت تحریر کروایا تھا جب انہیں یمن کا حاکم مقرر کرکے بھیجا جارہا تھا۔[29]

بعد ازاں779 ھجری میں محمد بن علی بن احمد بن حدیدۃ الانصاری نے ‘‘المصباح المُضئ في كتاب النّبي الأمّي ورسله إلىٰ ملوك الأرض من عربي وعجمي’’ کے عنوان سے کتاب تصنیف کی۔[30] یہ کتاب دائرۃ المعارف العثمانیہ حیدرآباد دکن سے 1397ھ میں شائع ہوچکی ہے۔ اس کتاب کو انہوں نے دو حصوں میں تقسیم کیا ہے، پہلے حصے میں آنحضرت ﷺکے کاتبین اور سفراء کا تذکرہ ہے اور دوسرا حصہ مکاتیب پر مشتمل ہے، اس میں بیشتر مکاتیب وہ ہیں جو رسول اکرم ﷺنے مختلف فرماں روایان مملکت کو ارسال فرمائے تھے۔[31]

اس کے بعد محمد بن طولون الصالحی الدمشقی المتوفی 953ھ کی کتاب "اعلام السائلین عن کتب سیدالمُرسلینﷺ" کا پتا چلتا ہے۔ صلاح الدین المنجد کے مطابق یہ کتاب1348ھ میں مطبعۃ القدسی دمشق سے شائع ہوچکی ہے۔[32] حافظ شمس الدین محمد بن عبدالرحمن سخاوی المتوفی 902ھ نے متعلقہ موضوع پر عماره بن زید کی ایک کتاب کا ذکر کیا ہے جس کا عنوان ‘‘مكاتبات النبی ﷺللأشراف والملوك’’ ہے۔[33]بارہویں صدی ہجری میں محمد احمد الحمدی الفحصی نے ‘‘تحفة الظرفاء في الجمع مافي الكلاعي من الرسائل النبوية والصحابة والخلفاء’’ کے نام سے اس موضوع پر کتاب مدون کی۔ علاوہ ازیں، ابوالحجاح حافظ کی ‘‘من رسائل النبیﷺ’’ قاہرہ سے، علی حسین علی احمد ی کی کتاب ‘‘مکاتیب الرسولﷺ’’ قم ایران سے 1379ھ اور بعد ازاں دارالمہاجر بیروت سے شائع ہوئی۔[34] عبدالرضا علی کی ‘‘مجموعة رسائل النبی ﷺ’’ نجف عراق سے 1964ء میں عون الشریف قاسمی کی ‘‘دبلوماسية محمدﷺ’’ خرطوم سوڈان سے بغیر سن اور تاریخ کے ذکر کے طباعت سے آراستہ ہوئی۔[35]مذکورہ موضوع پر خالد سیّد علی کی کتاب ‘‘رسائل النّبیﷺ الىٰ الملوك والأ مراء و القبائل’’ مكتبة التراث كويت سے1407ھ میں شائع ہوئی۔ جب کہ عرب مصنف علی بن حافظ بن سالم الوداعی کی کتاب "فقه الدّعوة في رسائل الرّسولﷺالىٰ الملوك والأمراء" وزارة التعليم العالی جامعہ طیبہ المملكة العربية السعودية ’’ سے شائع ہوئی،جس میں رسول اکرم ﷺکے مکتوباتِ گرامی اور سیاسی وثیقہ جات کی روشنی میں دعوت و تبلیغ کے اسالیب کو بیان کرنے کے ساتھ ساتھ مکتوباتِ نبویﷺکو بھی پورے اہتمام سے جگہ دی گئی ہے۔ اسی طرح احمد زکی صفوت نے ‘‘جمهرة رسائل العرب في عصور العربية الزّاهرة’’ مطبوعہ المكتبة العلميہ،بیروت میں بھی رسول اکرمﷺ کے مکاتیب اور سیاسی وثیقہ جات کو مرتّب و مدوّن کیا گیا ہے۔

متعلقہ موضوع پر ابو بہلول غلام الرسول عائلی نقشبندی سندھی کی کتاب "جامع مکاتیب الرّسولﷺ" کے نام سے دو جلدوں میں کاتب پبلشرز،لاڑکانہ (سندھ) سے 1432ھ/2011ء میں شائع ہوئی۔"جامع مکاتیب الرسولﷺ" میں جو کہ بارہ 12 ابواب پر مشتمل ہے، امام الانبیاء،سیّد المرسلین،ہادیِ اعظم حضرت محمدﷺ کے

434مکتوباتِ گرامی کو متعلقہ موضوع پر بنیادی مصادر و مراجع کی روشنی میں بھرپور استفادے کے بعد مرتّب و مدوّن کیا گیا ہے۔ہر مکتوبِ گرامی کا مکمل عربی متن،مآخذ و مراجع کا مکمل حوالہ اور سلیس و عام فہم اردو ترجمہ تحریر کیا گیا ہے۔بلاشبہ یہ اپنے موضوع پر ایک جامع تحقیقی کام اور گراں قدر علمی کاوش ہے۔"جامع مکاتیب الرسول ﷺ" میں عربی،اردو، انگریزی کی 350سے زائد کتب کی طویل فہرست مؤلفِ کتاب کی اس سلسلے میں بھرپور سعی و کوشش اور تحقیق کا پتہ دیتی ہے۔[36]

صاحبزادہ عبدالمنعم خان کی ضخیم کتاب "رسالتِ نبویہﷺ" عربی اور اردو ترجمے کے ساتھ 1936ء میں دہلی سے شائع ہوئی۔ جبکہ اردو زبان میں اس موضوع پر مولانا حفظ الرحمن سیوہاروی کی کتاب "مکتوباتِ سید المرسلینﷺ" ابتدا میں دہلی سے، بعد ازاں مختلف اشاعتی اداروں اور حال ہی میں لاہور کے اشاعتی ادارے مشتاق بک کارنر سے2004ء میں دو سو تینتالیس(243) صفحات پر شائع ہوئی ہے، مذکورہ کتاب کا دیباچہ مولانا سعیداحمد اکبر آبادی نے تحریر کیا ہے۔ یہ کتاب تین حصوں میں منقسم ہے، پہلا حصہ اصول تبلیغ پر مشتمل ہے، دوسرا حصہ فرامین سیدالمرسلینﷺ کے عنوان سے معنون ہے، جب کہ تیسرا حصہ نتائج و عبر کے نام سے موسوم ہے۔ اردو ہی میں متعلقہ موضوع پر مولانا سید محبوب رضوی کی کتاب"مکتوباتِ نبویﷺ" پاک و ہند کے مختلف اشاعتی اداروں سے بارہا شائع ہوچکی ہے، کتاب مذکور کا تازہ ترین ایڈیشن گوہر پبلی کیشنز لاہور سے شائع ہوا ہے۔ اس کتاب میں رسولِ اکرمﷺ کے تبلیغی خطوط، بین الاقوامی سیاسی معاہدات، تشریعی قوانین اور آبادکاری کے احکام وغیرہ سے متعلق مکتوباتِ نبویﷺکو جمع کرنے کی سعی کی گئی ہے۔ اردو ہی میں حیدرآباد دکن سے محمد عبدالجلیل کی کتاب فرمانِ نبوتﷺکے عنوان سے عرصہ ہوا شائع ہوچکی ہے۔

مکتوباتِ نبویﷺ پر عزیز ملک کی کتاب "مکاتیبِ رسول اللہﷺ"مطبوعاتِ حرمت راول پنڈی سے 1981ء میں اور مولانا محمد عاشق الٰہی بلند شہری کی کتاب "مکتوباتِ سلف"دارالاشاعت کراچی سے2001ء میں شائع ہوئی۔ جب کہ سید محمد نقوی (صدر الافاضل)کی کتاب "عہدِ نبویﷺ کے بعض مکتوبات" اظہار سنز لاہور سے2011ء میں شائع ہوئی۔تین سو صفحات پر مشتمل یہ کتاب معلّم انسانیت،سرورِ کونین حضرت محمدﷺکے بعض دعوتی و سیاسی مکتوبات پر مشتمل ہے۔کتاب کے مؤلف سید محمد نقوی نے جہاں مکتوباتِ نبویﷺکو مرتّب و مدوّن کرنے کا اہتمام کیا ،وہیں عہدِ نبویﷺ میں کتابتِ حدیث اور بعض صحابۂ کرام کے مجموعہ ہائے حدیث پر بھی بحث کی ہے۔[37] مذکورہ کتاب میں مجموعی طور پر رسولِ اکرمﷺ کے ستائیس (27)مکتوباتِ گرامی کو جمع کیا

گیا ہے۔مکتوباتِ نبویﷺ کی تخریج و تحقیق اور اس سلسلے میں متعلقہ مصادرو مراجع،حوالہ جات کا بھرپور اہتمام نظر آتا ہے،جب کہ کتاب کے آخر میں بعض مکتوبات نبویﷺکا عکس پورے اہتمام سے شائع کیا گیا ہے۔

لیکن علی بن حسین بن علی الاحمدی نے اپنی کتاب مکاتیب الرسول میں316مکتوبات گرامی کا تذکرہ کیا ہے۔ چنانچہ موصوف نے رسول اکرم ﷺ کے بعض مکتوباتِ گرامی کی موضوعاتی ترتیب پر ایک فہرست درج کی ہے جس میں مکتوب گرامی کا موضوع، مکتو ب الیہم کے اسمائے گرامی، اور ان کے مصادر و مراجع کا مختصر تذکرہ کیا ہے، چنانچہ انہوں نے دعوت اسلام کے لئے لکھے گئے مکتوبات گرامی 33، یہود مدینہ کے لئے "مختلف معاہدات و امان ناموں پر مبنی مکاتیب 44، اراضی کے حوالے سے لکھے گئے مکاتیب نبویﷺ 19 جبکہ دیگر مختلف موضوعات پر41 مکتوبات گرامی کا تذکر ہ کیا ہے۔[38]

مجموعة الوثائق السّياسية في العهد النّبويﷺوالخلافة الرّاشدة

یہ ماضی قریب کے مشہور محقق اور سیرت نگار ڈاکٹر محمد حمید اللہ کی گراں قدر، معروف اور متداول علمی و تحقیقی کاوش ہے، جو پہلے پہل لجنة التاليف والترجمة والنشر قاہرہ مصر سے1941ء میں شائع ہوئی۔ علمی حلقوں میں ڈاکٹر محمد حمیداللہ کی اس کتاب کو بے پناہ پذیرائی حاصل ہوئی اور بلاشبہ متعلقہ موضوع پر اسے ایک اہم اور بنیادی ماخذ کی حیثیت حاصل ہے۔ یہ کتاب ڈاکٹر صاحب کی تصانیف میں سب سے اہم اور علمی و تحقیقی شاہکار ہے، عالمِ عرب میں انتہائی مقبول ہے۔ اس کے متعدد ایڈیشن مصر اور بیروت سے شائع ہوچکے ہیں۔ ‘‘الوثائق السياسية’’ دنیا بھر کے علمی حلقوں میں حوالہ (Reference) کی کتاب مانی جاتی ہے، اگرچہ اس موضوع پر ہندوستان اور عالمِ عرب میں متعدد اہلِ علم نے قلم اٹھایا ہے، مگر ڈاکٹرمحمدحمیداللہ کی یہ کتاب اپنی جامعیت، حسن ترتیب اور تحقیقی معیار کے حوالے سے سب پر فائق اور ایک عظیم علمی دستاویز اور قیمتی اثاثہ ہے۔

ڈاکٹرمحمدحمیداللہ "مجموعة الوثائق السياسية فی العہد النبویﷺو الخلافة الراشدہ" کی تالیف و تدوین کے متعلق لکھتے ہیں:"اپنے مطالعاتِ سیرتﷺ کے سلسلے میں اس کی بھی کچھ خدمت کی سعادت حاصل ہوئی۔ 1360ھ میں "مجموعة الوثائق السياسية فی العہد النبویﷺ والخلافة الراشدہ" کے نام سے یہ کتاب مصر میں شائع ہوئی۔ اس میں عہد نبویﷺ کے کوئی پونے تین سو مکتوباتِ گرامی یک جا ہوئے۔ پھر خلافتِ راشدہ کا کچھ ذخیرہ ہے، اس کتاب کی اشاعت کے بعد کوئی ڈیڑھ دو درجن مزید مکتوباتِ نبویﷺ کا پتہ چلا ہے۔"[39] جبکہ اس عبارت سے متعلق حاشیے میں ڈاکٹر صاحب "الوثائق السياسية" کے طبع دوم، طبع سوم

اور پھر ترجمے کے متعلق وضاحتی نوٹ میں لکھتے ہیں:"اس کتاب کی طباعتِ ثانی 1376ھ میں مصر میں ہوئی، جب کہ1387ھ میں طبع ثالث ہوئی۔"[40]ڈاکٹر صاحب مزید رقمطراز ہیں:" کئی درجن اور خطوط کا بھی پتہ چلا ہے۔"[41]جب کہ "الوثائق السیاسیة "کے اردو ترجمے کے متعلق ڈاکٹر صاحب کی رائے یہ ہے: "اس کتاب کا اردو ترجمہ لاہور سے "سیاسی وثیقہ جات" کے نام سے مجھے مسودہ دکھائے بغیر طباعتِ اول کی اساس پر شائع کیا گیا ہے،بدقسمتی سے اس کی تمام خصوصیتیں (مآخذ، اشاریہ وغیرہ) حذف کردی گئی ہیں۔ ترجمے کی صحت کا بھی میں ذمہ دار نہیں ہوں۔"[42]

"الوثائق السیاية" میں ڈاکٹرمحمد حمیداللہ کے خاص اسلوب کی طرف اشارہ کرتے ہوئے ڈاکٹر محمود احمد غازی لکھتے ہیں:"ڈاکٹر محمد حمیداللہ کا ایک خاص انداز یہ تھا کہ وہ مسلسل اپنی تحقیق میں اضافہ کرتے رہتے تھے اور اگر کہیں ایک لفظ کے بھی اضافے کی گنجائش انہیں معلوم ہوتی، تو اپنے خاص نسخے میں اضافہ کرلیتے تھے۔ چنانچہ میری معلومات کے مطابق ڈاکٹر صاحب کی زندگی میں "الوثائق السیاية فی العہد النبویﷺ والخلافة الراشدہ" کی آٹھ اشاعتیں سامنے آئیں اور ہر ایڈیشن میں پہلے کے مقابلے میں اضافے اور مزید تفصیلات انہوں نے بیان کی ہیں۔"[43]تاحال اس کے متعدد ایڈیشن شائع ہوچکے ہیں۔ اس کتاب کا ایک فرانسیسی ایڈیشن 1935ء میں شائع ہوا تھا۔ ہمارے پیش نظر لجنة التالیف والترجمة والنشر، مصر کا 1941ء کا شائع کردہ ایڈیشن ہے۔ (جو ہماری معلومات کی حد تک اس کتاب کا پہلا ایڈیشن ہے) بعد ازاں اسی ادارے سے 1956ء میں دوسرا اور1969ء میں تیسرا ایڈیشن بیروت سے شائع ہوا۔ بعد ازاں بیروت ہی سے1985ء میں نظرثانی شدہ ایڈیشن شائع ہوا۔

یہ کتاب اپنے موضوع پر ایک علمی اور تاریخی دستاویز ہے، جو بڑی عرق ریزی سے مدوّن کی گئی ہے۔ اس کے حصۂ اول میں رسول اللہﷺ کے مکتوباتِ گرامی، فرامین، معاہدات، دعوتِ اسلامی، عمال کی تقرری، اراضی وغیرہ کے عطیات، امان نامے، وصیت نامے، مکتوبات کے حاصل شدہ جوابات وغیرہ کی دستاویزیں جمع کی گئی ہیں، اور حصۂ دوم میں عہد خلافتِ راشدہ کی دستاویزوں کو جمع کیا گیا ہے، ڈاکٹر محمد حمیداللہ کی اس کتاب نے سیرتِ نبویﷺ اور اسلامی تاریخ میں معتبر ماخذ کا مقام حاصل کرلیا ہے۔ ڈاکٹر محمد حمیداللہ لکھتے ہیں: "ہجرتِ نبویﷺ سے پہلے کا دور تمہید اور تجربے کا تھا... اس دور کی سیاستِ خارجہ میں عقبہ کی دو بیعتیں ہی اہم حیثیت کی حامل ہیں، ان بیعتوں سے مسلمانوں کے اہل یثرب سے تعلقات کا پتہ چلتا ہے، جن کے نتیجے میں مسلمانوں نے مکے سے مدینے ہجرت کی اور وہاں ایک ریاست کی بنیاد رکھی۔ اس ریاست کے دستور کو "میثاق مدینہ" کا نام دیا گیا، جو کہ وثائق و دستاویزات

کی فہرست میں سب سے پہلے درج کیا گیا ہے۔ "میثاق مدینہ" کے تحت آپﷺ نے ایک وفاقی "Federation" حکومت قائم کی جس میں یہود مدینہ کو بھی شامل کیاگیا، چنانچہ یہود سے متعلقہ دستاویزات وجود میں آئیں، جنہیں اس مجموعے ''الوثائق السیاسیۃ'' میں شامل کیا گیا ہے۔ جب کہ مدینے کی طرف ہجرت اور وہاں ایک مستقل ریاست کی تشکیل کی بناء پر مسلمانوں کے قریش مکہ سے تعلقات میں پہلے سے موجود کشیدگی کی شدت میں اضافہ ہوگیا، جس کے نتیجے کے طور پر مسلمانوں اور قریش مکہ کے درمیان اُحد، خندق، حدیبیہ اور فتح مکہ کی جنگیں ہوئیں، ان جنگوں سے متعلق وثائق کو ایک خاص فصل میں جمع کردیا گیا، جب کہ صلح حدیبیہ کے بعد رسول اللہﷺ نے مختلف ممالک کے سربراہوں کے نام دعوتی اور تبلیغی خطوط و مکاتیب ارسال فرمائے، ان خطوط کے متعلق وثائق کو دو علیحدہ فصلوں میں جمع کردیا گیا، علاوہ ازیں رسول اللہﷺ نے متعدد قبائل عرب کو قریش کے مقابلے میں اپنا حلیف بنایا تھا، ان قبائل سے متعلقہ دستاویزات کو ایک علیحدہ فصل میں مدوّن کردیا گیا ہے۔[44]

"الوثائق السیاسیۃ" کی تالیف و تدوین کا پس منظر کچھ یوں ہے کہ ڈاکٹر محمد حمیداللہ نے قانون بین الاقوام سے دلچسپی کے باعث ڈاکٹریٹ کی ڈگری کے حصول کے لیے اسلامی قانون کے بین الاقوامی پہلو پر تحقیق کا آغاز کیا اور 1933ء میں جرمنی کی بون یونیورسٹی میں اپنا تحقیقی مقالہ پیش کرکے "پی ایچ ڈی" کی ڈگری حاصل کی۔ بعد ازاں یہ تحقیقی مقالہ جرمنی میں 1935ء میں شائع ہوا۔ اس کے بعد انہوں نے پی ایچ ڈی کی دوسری ڈگری کے حصول کے لیے فرانس کی سوبورن یونیورسٹی میں داخلہ لیا اور 1934ء میں اپنا دوسرا تحقیقی مقالہ پیش کیا،جو دو حصوں پر مشتمل ہے۔ پہلا حصہ نظری مباحث پر مشتمل ہے، جب کہ دوسرا حصہ ان دستاویزات پر مشتمل ہے، جو عہدِ نبویﷺ اور خلافتِ راشدہ سے متعلق ہیں۔ مقالے کا عنوان تھا:

"Diplomatie Musulman A 'P' Epoch an Prophete De 'l'slam et se Caliphes Othodoxes"

بعد ازاں ڈاکٹر صاحب نے ان دستاویزات پرجو ان کے فرانسیسی مقالے کی دوسری جلد کا حصہ تھیں، مزیدکام کیا اور 1941ء میں پہلی مرتبہ ان کا متن شائع کیا۔ یہ عہد نبویﷺ کی سیاسی دستاویزات کا جامع اور مقبول ترین مجموعہ ہے۔[45] پروفیسر ڈاکٹر خالدعلوی لکھتے ہیں:"الوثائق السیاسیۃ" کی تدوین سے جہاں ا س عہد کی سیاسی و معاشرتی سرگرمیوں کا پتہ چلتا ہے، وہاں ان مستند نصوص کی موجودگی سے مسلمانوں کی علمی روایت کی صداقت اور ثقاہت بھی ثابت ہوتی ہے۔ ڈاکٹر حمیداللہ نے کتابت کی روایت پر بھی بحث کی ہے، جو تقریباً مولانا مناظراحسن گیلانی کے استدلال کا خاصہ ہے، اس سے انہوں نے

ثابت کیا ہے کہ کتابت حضوراکرمﷺ کی علمی سیاست کا اہم جزو تھا، لہٰذا یہ کہنا کہ کتابتِ حدیث بعد کے لوگوں کی اختراع ہے۔ ایک علمی بہتان ہے۔"[46]

"الوثائق السياسية"میں ڈاکٹر محمد حمیداللہ مرحوم نے رسول اکرم ﷺاور خلفائے راشدین کے ان مکاتیب اور سیاسی وثیقہ جات کو جمع کیا ہے، جوسربراہانِ مملکت، سرداران قبائل، سربراہانِ اقوام کے نام مختلف اوقات اور حالات میں ارسال کیے گئے۔ ان مکتوبات میں کچھ تبلیغی، کچھ تادیبی نوعیت کے ہیں اور بعض میں غیر مسلم حلیفوں کے ساتھ معاہدوں اور بعض میں عطایا کا ذکر ہے۔ بعض میں ان جاگیروں کے لیے شرائط آبادکاری بھی ہیں اور ایک حصہ ان فرامین کا ہے، جن میں مطیع و فرماں بردار گروہوں کی پہلی جائیداد بھی بحال رہنے دی گئی اور ان کے پہلے مناصب میں بھی کسی قسم کا کوئی تصرف نہیں کیا گیا۔

عہدِ نبویﷺاور دورِ خلافتِ راشدہ کے ان وثائق اور مکاتیب کے فرامین و مکاتیب کو بھی دو حصوں میں منقسم کیا گیا ہے۔ ایک حصے میں ان وثائق کا تذکرہ ہے جن کا تعلق روم سے ہے، جب کہ دوسرا حصہ فارس سے متعلق وثیقہ جات پر مشتمل ہے، جب کہ اخیرمیں ایک ضمیمہ ہے جس میں رسول اللہﷺ کی طرف منسوب وہ فرامین درج ہیں جو یہود و نصاریٰ اور مجوس کے لیے تھے، جبکہ کتاب کا اختتام مصادر و مراجع، اشاریہ اور استدراک پر مشتمل ہے۔[47]

ڈاکٹر محمد حمیداللہ نے ان مکاتیب و فرامین کی جمع و تدوین میں دنیا کے مختلف علمی مراکز، کتب خانوں، قدیم و جدید مصادر و مراجع اور علمی اداروں سے بھرپور استفادہ کیا۔ اس کے لیے اسلامی دنیا اور مغرب کے مختلف ممالک کے دورے کیے۔ عہدِ نبویﷺ اور خلافتِ راشدہ کے وثائق اور مکاتیب کو مرتب اور مدوّن کرنے میں تمام ممکنہ وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے متعلقہ موضوع پر ایک علمی اور گراں قدر دستاویز پیش کی، جو اہلِ علم و دانش کے لیے ہمیشہ ایک علمی اور اساسی مصدر کے طور پر بنیادی کام دیتی رہے گی۔

"الوثائق السياسية" کے مقدمے میں ڈاکٹر محمد حمیداللہ دورِ نبویﷺ کے سیاسی وثیقہ جات اور مکاتیب کی تدوین کی اہمیت پر روشنی ڈالتے ہوئے رقم طراز ہیں:"وبعد فلا شكّ أنّ العهد النّبوي علي صاحبه الصّلاة والسّلام كان عهداً ذا نتائج هامّة فب تاريخ العالم السياسي والدّينى والإقتصادي و غير ذٰلك ولما كان غير ممكن أن نفهم الحالة السياسية في عصر من العصور إلّا بمراجعة الوثائق الرسمية التي تتعلق بذٰلك العصر و هي من أجلّ المآخذ للحقائق التاريخية كان من الضروري أن نّجمع الوثائق المتعلقة بالعصر النبوي حتّى يتسني لنا أن نفهمه فهماً صحيحاً"[48]

بلاشبہ دنیا کی تاریخ میں عہدِ نبویﷺسیاسی، دینی اور اقتصادی لحاظ سے ممتاز ہے، لیکن اس عہد کی تاریخ قلم بند کرنے کے لیے رسول اللہ ﷺ کے فرامین کی

تدوین کے بغیر چارہ نہیں، اس سے متعلق بنیادی اور اہم مآخذ وہی ہیں، لہٰذا ہم نے اس بنیادی ضرورت کے تحت عہدِ نبویﷺکے فرامین و معاہدات اور وثیقہ جات کو جمع کرنا ضروری سمجھا۔ جیسا کہ ہم بیان کرچکے ہیں،ان وثیقہ جات کو ڈاکٹر محمد حمیداللہ نے دو حصوں میں تقسیم کیا ہے:

(1) دورِ نبویﷺ کے معاہدات و مکتوبات۔

(2) دورِ خلافتِ راشدہ کے معاہدات و وثیقہ جات۔

دورِ نبویﷺ کے فرامین و وثیقہ جات کو بھی ایک زمانی ترتیب کے ساتھ تحریر کیا گیا ہے، جب کہ خلفائے راشدین کے فرامین کو دو حصونمیں تقسیم کیا گیا ہے، ایک حصے میں ان دستاویزات اور وثائق کا تذکرہ ہے جن کا تعلق روم سے ہے، دوسرا حصہ اہلِ فارس سے متعلق فرامین و وثائق پر مشتمل ہے۔[49]ڈاکٹر محمد حمیداللہ نے جن مکاتیب اور دستاویزات کو "الوثائق السیاسیة"میں جمع کیا ہے، ان میں زیادہ تر سیاسی اور سرکاری حیثیت کی حامل ہیں۔ "الوثائق السیاسیة"میں جمع کردہ دستاویزات کو درج ذیل حصوں میں تقسیم کیا جاسکتا ہے:

1. سرکاری معاہدات۔
2. دعوتِ اسلام کے لیے خطوط و مراسلات، خصوصاً سربراہانِ مملکت کی طرف لکھے گئے خطوط۔
3. سرکاری عہدے داروں کی تقرری اور اختیارات سے متعلق حکم نامے۔
4. اراضی کی الاٹمنٹ کی دستاویزات۔
5. امان اور وصیت ناموں سے متعلق مکاتیب اور تحریریں۔
6. ایسی دستاویزات اور تحریریں جن میں بعض افراد کو خصوصی اختیارات اور حقوق دیے گئے۔
7. متفرق مراسلات جو کہ رسول اکرمﷺ کے مراسلات کے جواب میں موصول ہوئے۔[50]

"الوثائق السیاسیة"میں مدون کردہ عہدِنبویﷺکی دستاویزات کی تعداد حسب ذیل ہے:

1. معاہدات: 70
2. تبلیغی اور دعوتی نوعیت کے خطوط اوراس سے متعلق مکاتیب : 42
3. مختلف سرکاری حکم نامے: 56
4. اراضی کی الاٹمنٹ کے احکام: 36
5. امان نامے: 14
6. خصوصی استثناءات: 2
7. متفرق مکاتیب : 33۔ [51]

جبکہ عہدِ خلافتِ راشدہ کے سرکاری خطوط، مکاتیب اور دستاویزات اس کے علاوہ ہیں۔کتاب کے آخر میں ایک ضمیمہ ہے، جس میں رسول اللہﷺ کی طرف منسوب وہ فرامین درج ہیں، جو یہودو نصاریٰ اور مجوس کے لئے تھے، آخر میں مصادر و مراجع اوراشاریہ ہے۔

خلاصہ و نتائج بحث

1) رسول اللہ ﷺ کے مکتوبات اور وثائق میں سادگی، عام فہمی، بے تکلفی اور اختصار کے پہلو نمایاں ہیں، جبکہ تکلفات، تصنعات، عبارت آرائی اور بے مقصد طوالت سے خالی ہیں۔ اور ان میں بنیادی طور پر چار مختلف مذاہب والوں (مشرکینِ عرب، عیسائی، یہودی اور زرتشتی) سے خطاب کیا گیا ہے۔
2) مکاتیبِ نبویﷺکی باقاعدہ تدوین کا سہرا علامہ ابوالحسن علی بن محمد المدائنی المتوفی 215ھ کے سر ہے جنہوں نے مکاتیب کے موضوع پر چھ مختلف کتابیں لکھی ہیں۔
3) ڈاکٹر محمد حمید اللہ مرحوم نے سیرت نگاری کے حوالے سے بڑی قابلِ قدر خدمات انجام دی ہیں، جن میں ان کی مایہ ناز کتاب ""الوثائق السیاية فی العہد النبویﷺ والخلافة الراشدہ" کو بڑی اہمیت حاصل ہے جس میں انہوں نے تین سو زیادہ مکتوبات و تحریری دستاویزات کو جمع کیا ہے۔ "الوثائق السیاسیۃ" میں عہدِ نبویﷺ کی 153 دستاویزات جمع کی گئی ہیں جبکہ عہدِ خلافتِ راشدہ کے وثائق اور دستاویزات اس کے علاوہ ہیں۔
4) رسول اللہ ﷺ کے مکاتیب اور وثائق علمی، عملی، سیاسی اور بین الاقوامی مسائل کے حوالے سے بیش قیمت مفید معلومات پر مشتمل ہیں، جن سے زندگی کے مختلف مراحل کے بارے میں راہنمائی ملتی ہے۔

*****

حوالہ جات

1۔ ڈاکٹر، محمد حمیداللہ، *رسول اکرمﷺ کی سیاسی زندگی* (کراچی، دارالاشاعت، اشاعتِ ہفتم،1987ء) ،311-

2. Dr. Muhammad Hamidullah, *The First Written Constitution in the World* (Lahore, 1975) ,41.

نیز مزید دیکھیے:

* ڈاکٹر، حمد حمیداللہ، *عہد نبویﷺمیں نظامِ حکمرانی* (کراچی، اردو اکیڈمی،1987ء)، 76-

* حمیداللہ، *ر سول اکرمﷺ کی سیاسی زندگی* ،255-

* ڈاکٹر، محمد حمیداللہ، *خطباتِ بہاولپور* (اسلام آباد، ادارہ تحقیقات اسلامی،1992ء) ،236-

3۔ حمیداللہ، *عہدِ نبویﷺ میں نظام حکمرانی*،77-

4 -Ameer Ali, *The Sprit of Islam* (Karachi, 1969) ,58.

5۔ مولانا سید محمد محبوب احمد، رضوی، *مکتوباتِ نبویﷺ* (لاہور، گوہر پبلی کیشنز، 1991ء) ، 29-

6۔ قاضی اطہر، مبارکپوری، *تدوینِ سیرو مغازی*(لاہور، بیت الحکمت،2005ء) ،115-

7۔ ابو سعد، السمعانی، *کتاب الانساب*، ج10 (حیدرآباد دکن، دارالکتاب، 1995ء)، 265 ؛ مبارکپوری، *تدوین سیرو مغازی*، 115-

8۔عبداللہ بن مسلم الدّینوری، ابن قتیبہ، *المعارف*(مصر، الھیئۃ المصریۃ العامۃ للکتاب، 1992ء) ،234 ؛ مبارکپوری، *تدوین سیرو مغازی*، 116-

9۔ مبارکپوری، *تدوینِ سیرو مغازی*، 116-120-

10۔ ابو عبید، قاسم بن سلام، *کتاب الاموال*(بیروت، دارالفکر، 2002ء)، 338-

11۔ ابوالحسن، احمد بن یحییٰ بن جابر،بلاذری، *فتوح البلدان*(قاہرہ، مطبعۃ لجنۃ البیان العربي، 1988ء) ، 76، بحوالہ: قاضی اطہر مبارکپوری، *تدوینِ سیرو مغازی*،123-

12۔ مبارکپوری، *تدوین سیرومغازی*،129-

13۔ ایضا، 31-

14۔ ابو جعفر محمد بن جریربن یزید، طبری، *تاریخ الرسل والملوک*، ج2 (قاہرہ ، دارالمعارف ،1997ء)، 654۔ نیز دیکھئے:

* محمد بن عبدالباقی،زرقانی ، *شرح مواہب اللدنیہ*، ج3 (مصر، المطبعۃالازھریۃ، 1996ء) ،24-

*محمدحمیداللہ ، *الوثائق السیاسیۃ*،(مصر،لجنۃ التالیف والترجمۃ،1941ء) ،26، 45،49 -

*محمود شیت خطاب، *سفراء النبیﷺ*،ج1(جدہ، دارالاندلس،1417ھ /1996ء) ،73، 119-

15۔ رضوی، *مکتوبات نبویﷺ*،32-

16۔ایضا، 32، 33-

17۔ایضا، 35-

18۔ علی بن حسین علی، الاحمدی، *مکاتیب الرسولﷺ* (بیروت، دارالمہاجر، 1998ء) 11، 12-

19۔ رضوی، *مکاتیبِ نبویﷺ*،36-

20۔ پروفیسریاسین مظہر، صدیقی، *عہدِ نبویﷺکا نظامِ حکومت* (لاہور، الفیصل ناشران،1994ء) ،21؛ ابوعبداللہ محمد، ابن سعد، *الطبقات الکبریٰ*، جلد اول(بیروت، دار بیروت ،للطباعۃ والنشر،1398ھ) محمد عبدالحی بن عبدالکبیر الادریسی، الکتانی، *نظام الحکومۃ النبویۃ المسمیٰ بالتراتیب الاداریۃ*(بیروت، دارالکتب العلمیۃ،1422ھ)

21۔ خطاب، *سفراء النبیﷺ*، ج1، 249-268 -

22۔ صدیقی، *عہد نبویﷺکا نظامِ حکومت*، 22-

23-ایضا، 22-
24-ایضا، 23-
25- ابوالحسن اعظمی، *کاتبینِ وحی* (کراچی، زمزم پبلشرز، 2003ء) ،17-
26- مبارکپوری، *تدوینِ سیر ومغازی*، 111-
27- ابنِ سعد، ابوعبداللہ محمد بن سعد، *الطبقات الکبریٰ*، ج7(بیروت، دارالکتب العلمیۃ، 1991ء) ،94؛ مبارکپوری، *تدوین سیرو مغازی*، 111-
28- ابن ندیم، *الفہرست*، (بیروت، دارالمعرفۃ، 1997ء)،175-
29-ڈاکٹر محمد عبدالشہید، نعمانی، *فرامینِ نبویﷺ*، ترجمہ و شرح مکاتیب النبی ﷺ، تالیف امام ابو جعفر دبیلی (کراچی، الرحیم اکیڈمی، 1986ء) ، 15-
30-صلاح الدین المنجد، معجم *ما الّف عن رسول اللہ* ﷺ(بیروت، دارالکتب الجدید،1402ھ) ،164-
31- نعمانی، *فرامینِ نبوی* ﷺ، 21-
32- صلاح الدین المنجد، معجم *ما الف عن رسول اللہ*ﷺ ،164-
33- محمد بن عبدالرحمن، السخاوی، *الاعلان بالتوبیخ لمن ذم التاریخ* (قاہرہ، مطبعۃ القدسی 1353ھ) ،538-
34- صلاح الدین المنجد، معجم *ما الف عن رسول اللہ*ﷺ، 164-
35- صلاح الدین المنجد نے "معجم *ما الف عن حیاۃ الرسول*ﷺ" میں اور ڈاکٹر محمد عبدالشہید نعمانی نے امام ابو جعفر دیبلی کی تصنیف "*مکاتیب النبی*ﷺ" کے ترجمہ و تحقیق میں عہدِ نبویﷺ کے فرامین اوروثائق پر لکھی گئی مختلف کتابوں کا تفصیلی تعارف کرایا ہے-
36- ابوبہلول غلام الرسول عائلی، نقشبندی، *جامع مکاتیب الرسول* ﷺ، ج1 (لاڑکانہ، کاتب پبلشرز، 2011ء) ، 74-76-
37-سید محمد، نقوی، *عہدِ نبویﷺ کے بعض مکتوبات* (لاہور، اظہار سنز،2011ء) ، 96-98-311-
38 - الاحمدی، مکاتیب الرسولﷺ،35-59-
39- حمیداللہ، *رسولِ اکرمﷺ کی سیاسی زندگی*، 311-
40- ایضا، 311-
41-ایضا، 311-
42- ایضا، 311-
43-ڈاکٹر، محموداحمد غازی، ڈاکٹر محمد حمیداللہ، بیسویں صدی کے ممتاز ترین محقق (مطبوعہ مضمون، ڈاکٹر محمد حمیداللہ نمبر) *ماہنامہ دعوہ اسلام آباد*، مارچ،(2003ء): 29-30-
44-ڈاکٹر، محمد حمیداللہ، *الوثائق السیاسیہ* (مصر، لجنۃ التالیف و الترجمہ،1941ء) ، 64-
45-ڈاکٹر، محمد ضیاء الحق، الوثائق السیاسیہ میں ڈاکٹر محمد حمیداللہ کا تحقیقی منہج (مطبوعہ مقالہ) *مجلہ معارف اسلامی*، کلیہ عربی وعلوم اسلامیہ، علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد، جلد3، شمارہ10، (جولائی 2003ء): 297-
46- ڈاکٹر، خالد علوی، ڈاکٹر محمد حمیداللہ کی خدمت حدیث، *مطبوعہ ماہنامہ دعوہ اسلام آباد*، مارچ، (2003ء): 43-
47- محمد عبداللہ، ڈاکٹر، ڈاکٹر محمد حمیداللہ علمی روایات کے امین (*مطبوعہ مقالہ ماہنامہ دعوہ اسلام آباد*، مارچ، (2003ء): 66-
48- ڈاکٹر، محمد حمیداللہ، *الوثائق والسیاسیہ*،75-
49- ایضا،135-
50- ڈاکٹر، محمد ضیاء الحق، *الوثائق السیاسیہ میں ڈاکٹر محمد حمیداللہ کا تحقیقی منہج*، 298-
51-ایضا ،299-

Bibliography

1) A'azmi, Abu al-Hasan, Katibīn-e Wahi, Karachi: Zumzum Publishers, 2003.
2) Al-Ahmadi, Ali b. Husyn Ali, Makatīb al-Rasool, Beirut: Dar al-Muhajir, 1998.
3) Al-Katani, Muhammad Abd al-Hayi b. Abd al-Kabīr al-Idrisi, Nizam Hukumah al-Nabawiyyah al-Musammā bi al-Tarātīb al-Idaryyah, Beirut: Dar al-Kutub al-Ilmiyyah, 1442h
4) Al-Sakhawi, Muhammad b. Abd al-Rahman, al-Aa'lān bi al-Tobīkh li man Zamm al-Tarikh, Cairo: Matba'ah al-Qudsi, 1353h/
5) Al-Sama'ni, Abu Saad, Kitab al-Ansāb, Deccan: Dar al-Kutub, 1995.
6) Ameer Ali, *The Sprit of Islam*, Karachi, 1969.
7) Bilazari, Abu al-Hasan, Ahmad b. Yahya b. Jabir, Futūh al-Buldān, Cairo: Matba'ah lijannah al-Bayan al-Arabi, 1988.
8) Ibn Nadīm, al-Fehrist, Beirut: Dar al-Ma'rifah, 1997.
9) Ibn Qutayba, Abdullah b. Muslim al-Dinawari, al-Ma'ārif, Egypt: al-Hay'a al-Misriyyah, 1992.
10) Ibn Sād, Abu Abdillah Muhammad, al-Tabāqāt al-Kubrā, Beirut: Dar li al-Tabā'ah wa al-Nashr, 1398/
11) Khalid Alawi, Dr, Dr. Muhammad Hameedullah ki Khidmat-e Hadith, Monthly Da'wah Islamabad (March 2003).
12) Mahmūd Ahmad Ghazi, Dr, Dr. Muhammad Hameedullah: Bīswein Sadi ki Mumtaz Tareen Muhaqqiq, Monthly Da'wa Islamabad (March 2003).
13) Mahmūd Shīt Khattab, Sufra al-Nabi, Jeddah: Dar al-Undulus, 1417/1996.
14) Mubarakpori, Qadhi Athar, Tadween-e Sair wa Maghazi, Lahore: Bayt al-Hikmah, 2005.
15) Muhammad Abdullah, Dr, Dr. Muhammad Hameedullah: Ilmi Khidmāt k Amīn, Monthly Da'wa Islamabad (March 2003)
16) Muhammad b. Abd al-Baqi, Zarqani, Shar Mawahib al-Diniyyah, Egypt: al-Matba'ah al-Azhariyyah, 1996
17) Muhammad Hameedullah, Dr, Ahd-eNabawi may Nizam-e Hukmarani, Karachi: Urdu Academy, 1941.
18) Muhammad Hameedullah, Dr, Al-Wathā'iq al-Siyasiyyah, Egypt: al-Jannah al-Tālīf wa al-Tarjamah, 1987.
19) Muhammad Hameedullah, Dr, Khutbāt-e Bahawalpur, Islamabad: Idara Tahqiqāt-e Islami, 1992.
20) Muhammad Hameedullah, Dr, Rasoolallah ki Siyasi Zindagi, Karachi: Dar al-Isha'ah 1987
21) Muhammad Hamidullah, Dr. *The First Written Constitution in the World* ,Lahore, 1975.
22) Muhammad Zia al-Haq, Dr, al-Wathā'iq al-Siyasiyyah may Dr. Hameedullah ka Tahqiqi Manhaj, Journal Maā'rif-e Islami AIOU, vol. 3, no. 10 (July 2003)

23) Naqshbandi, Abu Bahlūl Ghulam al-Rasool A'ali, Jame' Makatīb al-Rasool, Ladkana: Katib Publishers, 2011.
24) Naqvi, Syyed Muhammad, Ahd-e Rasool kay Baa'z Maktubāt, Lahore: Azhar Sons, 2011.
25) Nua'mani, Dr. Muhammad Abd al-Shahīd, Faramīn-e Nabawi, Karachi, al-Rahīm Academy, 1986.
26) Qasim b. Salām, Abu Ubayd, Kitab al-Amwāl, Beirut: Dar al-Fikr, 2002.
27) Rizvi, Maolana Syyed Mahboob Ahmad, Maktubāt-e Nabawi, Lahore: Gohar Publications, 1991.
28) Salah al-Din al-Munjid, Mu'jam ma Allafa un Rasoolillah, Beirut: Dar al-Kutub al-Jadīd, 1402h/
29) Siddiqui, Prof. Yasīn Mazhar, Ahd-e Nabawi ka Nizam-e Hokumat, Lahore: al-Faisal Nāshirān, 1994.
30) Tabari, Abu Ja'far Muhammad b. Jarīr b. Yazid, Tarikh al-Rusul wa al-Mamlūk, Cairo: Dar al-Ma'ārif, 1997.

مغربی تہذیب کے رجحانات واثرات

TRENDS & INFLUENCES OF THE WESTERN CULTURE

Muhammad Akram
Dr. Muhammad Haseeb

Abstract:

Western civilization is a term which refers to those specific social norms, ethical values, customs and traditions, ideological and political systems, and technology that have a special bond with Europe. Modern European civilization contends that mankind is only a material reality, nothing more. This trend has left serious effects on Islamic societies. This article provides an assessment of the ideological, religious, and political impacts of western civilization on Islamic societies.

Keywords: *Westernization, Civilization, Europe, Trends, Impacts.*

خلاصہ

"مغربی تہذیب" کی اصطلاح، اُن خاص سماجی رویوں، اخلاقی اقدار، رسوم ورواج، فکری اور سیاسی نظاموں اور ٹیکنالوجی کی طرف اشارہ کرتی ہے جن کا یورپ کے ساتھ ایک خاص پیوند ہے۔جدید یورپی تہذیب کا إصرار ہے کہ انسان محض ایک مادی حقیقت کا نام ہے اور بس۔ اس تہذیب کے اسلامی معاشروں پر گہرے اثرات چھوڑے ہیں۔ اس مقالہ میں مغربی تہذیب کے اسلامی معاشروں پر فکری، مذہبی اور سیاسی اثرات کا جائزہ لیا گیا ہے۔

کلیدی الفاظ: مغربیت، تہذیب، یورپ، رجحانات، اثرات۔

تعارف

مَغرِب کا لفظی معنی، سورج کے چھپنے کی جگہ، غرب، پچھم ہے۔ اس معنی میں مغارب اس کی جمع ہے۔[1] ''مغربیت دراصل، ایک سیاسی، اجتماعی، ثقافتی وفنی مقاصد کی حامل تحریک کا نام ہے۔ جس کا ہدف دیگر اقوام کے طرزِ زندگی کو عام طور پر اور مسلمانوں کے طرزِ حیات کو خاص طور پر مغربی رنگ ڈھنگ میں رنگنا ہے تا کہ ان کی مستقل شخصیت ومنفرد خصائص کو ناکارہ بنا کر انہیں مغربی تہذیب میں مقید کر کے اپنا تابع بنایا جا سکے۔''[2]

مغربیت کے فکری رجحانات

جب مسلمانوں کا دور عروج تھا، مغرب بحر ظلمات میں ڈوبا ہوا تھا، نہ تعلیم تھی، نہ شائستگی، یورپ گندگی کا ڈھیر بنا ہوا تھا، انہیں غسل تک کرنے کی

عادت نہ تھی، مسلمانوں سے شکست کھانے کے بعد ان کے دلوں میں مسلمانوں کے خلاف نفرت، انتقام اور غصے کے جذبات ابھرے۔ اس حریفانہ جذبے نے اہل یورپ میں بیداری کی ایک لہر پیدا کر دی اور مغرب میں احیائے علوم کی تحریک چلی۔ نیز روشن خیالی، وسعت نظری، سائنسی فکر اور بحیثیت مجموعی تعمیری تبدیلی کی راہ میں حائل رکاوٹوں کو دور کیا گیا۔ مغرب میں اٹھنے والی تحریکوں نے مغرب میں مذہب کی بساط لپیٹ کر رکھ دی اور مذہب کو فرد کا ذاتی اور نجی معاملہ قرار دے دیا۔ فرد کو مکمل طور پر مادر پدر آزادی اور خود مختاری دے کر اسے خدا کے مقابلے میں مختار مطلق بنا دیا۔ دنیا کی کامیابی کو اصل مقصد قرار دے کر آخرت کے تصور کو بے دخل کر دیا۔ وحی کی برتری کا انکار کرتے ہوئے عقل، حس اور مشاہدہ وتجربہ کو معیار حق وباطل قرار دے دیا۔ ڈاکٹر محمد امین کے بقول: '' آزادی کے دلفریب نعرے کی آڑ میں عورت کو مکمل آزادی دے کر جنسی اباحت، عریانی، فحاشی اور زنا کاری کو رواج دیا۔ خاندانی نظام کو برباد کیا، عورت کو متاع بازار بنایا اور معاشرت کا ستیاناس کر دیا گیا۔ مغربی فرد کو جنس زدہ حیوان بنا دیا گیا اور اشرف المخلوقات ہونے کے تصور کو دریا برد کر دیا۔ مغربی ممالک کی اسمبلیاں شراب، زنا، جوئے اور ہم جنس شادی وغیرہ کو حلال قرار دے چکی ہیں۔ سرمایہ میں اضافہ کے لیے سود، سٹہ اور ہر قسم کے جائز وناجائز ذرائع اختیار کرنے کی اجازت دے دی گئی۔''[3] تہذیب مغرب کے چند نمایاں پہلو مندرجہ ذیل ہیں:

1. یہ کہ انسان نے مادی علوم کو عقلی وتجربی بنیاد فراہم کر کے وسائل حیات کو کنٹرول کیا۔ سائنس اور ٹیکنالوجی میں تحقیق کے ذریعے ایجادات واختراعات میں نقطہ عروج کو پہنچ گیا۔
2. غیر ترقی یافتہ اقوام کا اقتصادی لحاظ سے استحصال مغرب کی مہذب قوموں کا اصول بن گیا ہے۔
3. اخلاقی لحاظ سے شہوات اور مادی منفعت ہی معیار خیر قرار پائی ہے۔
4. ما بعد الطبیعاتی وعقلی اقدار مادیت پرستی کی بنیادوں کو مستحکم کرنے پر لگی ہوئی ہیں۔
5. نفسیاتی حوالے سے حسیّت کا دور دورہ ہے، آرٹ اور ثقافت کے مختلف مظاہر میں کار فرما فلسفہ حسیّت ہے۔
6. معاشرہ کے اخلاقی وسماجی رویوں، منفی روابط اور خاندانی اکائیوں کی تاسیس اقتصادی خوش حالی اور بہبود آبادی سے متعلق منصوبہ بندی مجموعی طور پر کارل مارکس، ڈارون اور فرائڈ کے فلسفیانہ افکار کے زیر اثر ہوئی۔ ول ڈیورینٹ (Wil durant) اپنی تصنیف نیرنگئ فلسفہ میں لکھتا ہے کہ:'' ہماری موجودہ ثقافت سطحی اور ہماری معرفت خطرناک

ہے، ہمارے پاس مشینوں کی کثرت اور مقاصد کا فقدان ہے۔ مذہبی جذبہ جو عقلی توان پیدا کرتا تھا وہ بھی ختم ہوا اور سائنس نے اخلاق کی بنیادیں ہلا دیں۔ اب ساری دنیا ایک مضطرب انفرادیت میں ڈوبی ہوئی ہے جو دراصل اخلاقی زندگی کی عکاس ہے۔'' [4]

7. انسان کا معاشی مسئلہ ہر دور میں اہم رہا۔ تہذیب مغرب میں عقلی اور انسانی تحریکوں نے مذہب کی اجارہ داری کو ختم کیا، جاگیر داری نظام کو مسترد کیا، مزدوروں کو معاشی وسائل میں حصہ دار بنایا اور اس طرح دولت کی پیدائش اور تقسیم دولت کے ضمن میں سرمایہ داریت اور اشتراکیت جیسے اقتصادی نظام رائج کیے۔
8. مادی اور سیکولر اندازِ فکر سے ریاست وحکومت اور معاشرہ کی تشکیل نو کی، فلاحی ریاست اور جمہوریت کا تصور پیش کیا۔ بنیادی انسانی حقوق اور بالخصوص حقوق نسواں کا تحفظ، آزادئ فکر، عدل اور رواداری بنیادی مقاصد قرار پائے۔
9. عالم اسلام کو مغربی تہذیب وتمدن میں رنگ جانے کی دعوت دینا۔
10. ترقی یافتہ اسلامی فکر ایجاد کرنے کی حوصلہ افزائی کرنا۔
11. مغربی اقتصادی نظام کو خوش اسلوبی کے ساتھ پیش کرنا اور اسلام کے نظام تعدد ازواج، تحدید طلاق اور جنسی اختلاط کے موضوعات پر مسلسل گفتگو کرنا۔
12. دینی وعصری اختلافات کو ختم کر کے سب لوگوں کو ایک پلیٹ فارم پر جمع کرنا۔
13. عالم اسلام کے بدنام فرقوں جیسے بہائیت، قادیانیت، شعوبیت اور فرعونیت کی امداد واشاعت کا اہتمام کرنا۔
14. سرسید احمد خان، نامق کمال، سید امیر علی، عبد الحق حامد، توفیق مکرت وغیرہ جیسے خطرناک لوگوں کو بڑھا چڑھا کر پیش کرنا ۔
15. ڈارونزم، مارکسزم، سیکولرازم، حریت، نظریہ قومیت ووطنیت اور علاقیت اور دین اور معاشرے کو الگ الگ تصور کرنے جیسے تباہ کن نظریات کا پھیلاؤ۔ نبوت، وحی اور اسلامی تاریخ پرتنقید کرنے کا نظریہ۔ اسلام کی بنیادوں میں شکوک وشبہات پیدا کرنے کا نظریہ، مسلمانوں کو جہاد سے غافل کرنے کے لیے موت اور فقر سے ڈرانے کا نظریہ اور یہ نظریہ کہ عربوں اور مسلمانوں کی پسماندگی کا سبب اسلام ہے۔ عالم مشرق پر مغربی تہذیب کو حاکم کرنے کےلئے استعماری طاقتوں نے جو حربے اپنائے ہیں ذیل میں ان کا مختصر جائزہ لیا جا رہا ہے۔

1) عالمگیریت

عالمگیریت یا گلوبلائزیشن مغربی ممالک کا غریب کمزور اور پسماندہ ممالک کے مفاد ومصالح کو نظر انداز اور پس پشت ڈال کر تسلط اور کنٹرول کا نیا اسلوب ہے۔ یہ ایک ایسا نظام ہے جو قوم وطن اور اسٹیٹ کی نفی کرتا ہے اور تمام انسانوں کے لیے صرف ایک عالم قرار رکھنا چاہتاہے ۔ ڈاکٹر انیس احمد کے بقول: '' آج عالمگیریت کے زیر عنوان سینکڑوں ہزاروں میل دور بیٹھ کر امریکی سامراجی قوت، دھونس اور دھمکی کے بل پر کسی بھی ملک پر سیاسی طور پر قبضہ کرنے اور اس کی معیشت، سیاست ومعاشرت اور ثقافت کو اپنے رنگ میں رنگنے کو نہ صرف جائز بلکہ انسانیت کی خدمت قرار دینےمیں شرم محسوس نہیں کرتی۔''[5]

جہاں تک عالمگیریت کے عالم اسلام پر اثرات کا تعلق ہے تو اس حوالے سے یہ کہنا بجا ہے کہ عالمگیریت کے نظام کا سب سے زیادہ شکار مسلم ممالک ہیں۔ کیونکہ ان کے پاس سائنس اور ٹیکنالوجی یورپ کی نسبت کم ہے اور یہ خو د جغرافیائی حد بندیوں میں جکڑے ہوئے ہیں اور مرکزی طاقت نہ ہونے کی وجہ سے پسماندگی اور محرومی کا شکار ہیں، کیونکہ ساری دنیا کی اسلام دشمن قوتیں اسلام اور مسلمانوں کے خلاف ایک عالمی اتحاد بنا کر میدان میں اتر آئی ہیں۔ عالمگیریت کا اہم ستون اقوام متحدہ، وولڈ بنک آئی ایم ایف ہیں، یہ ادارے مسلمانوں کا استحصال کرنے میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں۔ بظاہر یہ ادارے دنیا میں امن وآتشی، معاشی اور معاشرتی ترقی، عدل وانصاف کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، لیکن حقیقت اس کے بالکل برعکس ہے۔ یہ تمام ادارے مسلم ممالک کے خلاف اپنے استعماری حربے استعمال کرتے ہیں، اقوام متحدہ کا ادارہ مسلم ممالک کے مسائل حل کرنے کی بجائے انہیں مزید الجھانے میں مصروف ہے۔ کشمیر، فلسطین، بوسنیا، چیچنیا، برما کے مسلمانوں کی حالت زار سب کے سامنے ہے۔ اگر کسی غیر مسلم ملک کا مسئلہ ہو تو یہ ادارے فوراً کود پڑتےہیں، جب کہ مسلمان خود ہی ظلم کی چکی میں پس کر آخر خود ہی جہادی وعسکری کارروائیوں میں اتر آتے ہیں۔

مسلم ممالک عالمی مالیاتی اداروں کے شکنجوں میں بری طرح پھنسے ہوئے ہیں، پہلے تو اہل مغرب مسلم ممالک میں معاشی بحران پیدا کرتے ہیں، پھر انہیں امداد اور قرضے جاری کرتے ہیں جو سود در سود کے گرداب میں پھنسا کر ملکی معیشت کو تباہ وبرباد کر دیتے ہیں: '' جدید دور میں استعمار کے تمام حربوں کے لیے جو بنیادی عنصر پاور پلانٹ کا کام کر رہا ہے وہ یہی عالمگیریت کا عنصر ہے۔ میڈیا اور بین الاقوامی ادارے اور ایجنسیاں استعمار کے دیگر تمام حربوں کو روبہ عمل لانے اور کامیاب بنانے میں نہایت فعال کردار ادا کرتی ہیں۔''[6] ایک دور تھا جب ہمارے وطن عزیز پاکستان میں گلی

گلی سوڈا واٹر بنانے کی مشینیں لگی ہوئی تھیں، کسی کے پاس تھوڑا بہت سرمایہ ہوتا تو وہ سوڈا واٹر کی بوتلیں بنا کر بیچتا تھا۔ اب ہم صرف ڈسٹری بیوٹرز بن کر رہ گئے ہیں، ہم سیون اَپ، کوکا کولا، فانٹا، سپرائٹ کے ڈسٹری بیوٹرز ہو سکتے ہیں، خود تیار نہیں کر سکتے، پہلے ایک غریب آدمی گھر میں چولہا جلا کر چنے کباب بنا کر بیچتا تھا اور اپنی روزی کا سامان پیدا کرتا تھا، اب وہ سب کچھ ختم ہو رہا ہے، اب فائیو سٹارز ہوٹل بن گئے ہیں، جہاں ایک رات کا کرایہ ہزاروں روپے ہے، اب پوری دنیا میں ملٹی نیشنلز کا قبضہ ہے۔ شیرٹن اور ہالی ڈے اِن کی چین ہیں۔ یہ تو یہودیوں کا ایک پروگرام ہے کہ پوری دنیا کا استحصال کرنا ہے، یہودیوں کا اصول ہے کہ تم مزدوری کرو تمہیں مزدوری ملے گی، لیکن اس کی ملائی ہم کھینچ لیں گے، یہ یہودیوں کا پروگرام ہے جسے گلوبلائزیشن کا نام دیا جا رہا ہے۔

مولانا عاصم عمر لکھتے ہیں: ’’ اہل یورپ کی حالت یہ ہے کہ ان کا بچہ بچہ ملٹی نیشنلز کے سود خوروں کا مقروض ہے۔ زمینیں ان کی ملکیت سے نکل چکی ہیں۔ غزائی مواد پر عیسائیت کے دشمنوں کا قبضہ ہے، یہاں تک کہ پینے کے پانی پر بھی ملٹی نیشنلز کی اجارہ داری ہے۔ خود امریکی عوام کو اس نظام کے ذریعے انہی قوتوں نے اس کتے کی طرح بنا کر رکھا ہے جس کی زندگی کا مقصد اس کے سوا کچھ نہیں ہوتا کہ وہ اپنے مالک (ملٹی نیشنلز) کے مفادات کی نگرانی کرتا رہے۔‘‘[7] عالم اسلام کے خلاف مغربیت کی سازشوں سے انکار ممکن نہیں، جب کوئی مسلمان ملک تھوڑی بہت ترقی کرتا ہے تو اس ملک کے خلاف اقتصادی پابندیاں لگا کر کمزور کر دیا جاتا ہے، جیسا کہ ملائشیا کے خلاف مالی بحران کھڑا کر دیا گیا، تا کہ اس کی معیشت کو تباہ کر دیا جائے۔ اسی طرح جب کوئی مسلمان دفاعی لحاظ سے ترقی کرتا ہے تو اس ملک پر بھی حملہ کر دیا جاتا ہے۔ خود امریکہ کے پاس ہزاروں کی تعداد میں جوہری ہتھیار ہیں، لیکن مسلمان ممالک کی ترقی اسے ایک آنکھ نہیں بھاتی۔ پاکستان ایٹمی صلاحیت حاصل کرنے کے جرم میں ذوالفقار علی بھٹو کو پھانسی پر لٹکا دیا گیا۔ جنرل ضیاء الحق کو فضائی حادثے میں اڑا دیا گیا۔ اسلامی دنیا کے ہیرو ڈاکٹر عبدالقدیر خان کو گلی گلی رسوا کر دیا گیا۔

2) جمہوریت

عالم مشرق پر مغربی تہذیب کو حاکم کرنے کےلئے استعماری طاقتوں نے جو حربے اپنائے ان میں ایک حربہ جمہوریت ہے۔ جمہوری نظام کی نظریاتی اور فکری بنیادیں فرانس سے تعلق رکھنے والے تین مفکرین نے کھڑی کی ہیں:

1. وولٹائر نے اس نظریے کو فروغ دیا کہ ریاستی معاملات میں مذہب اور خدا کا کوئی کردار نہیں اور یہ کہ مذہب انسان کی ذاتی تسکین کا ذریعہ ہے، لہٰذا کوئی مذہب حق یا باطل نہیں۔ یہ انسان کا ذاتی معاملہ ہے۔

2. جمہوری نظام کی صورت گری کرنے والا دوسرا اہم مفکر مونتیسکو ہے، جو یہ نظریہ پیش کرتا ہے کہ تمام اختیارات ایک حکمران کے ہاتھ میں ہونے سے ہی ساری خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔
3. تیسرا مفکر روسو تھا۔ جس نے فرد کی آزادی اور اس حق پر زور دیا کہ وہ جب چاہیں کوئی حکومت بنائیں اور جب چاہیں ختم کر دیں۔

جمہوری طرزِ سیاست کے معرضِ وجود میں آنے کے پیچھے کچھ فکری بنیادیں اور تاریخی عوامل کار فرما ہیں۔ تاریخی عوامل میں سب سے پہلا عنصر تو یہ تھا کہ جب مغربی عوام میں کلیسا اور مذہب کے خلاف بغاوت کے جذبات پیدا ہوئے تو ساتھ ہی اس خیال نے بھی جڑ پکڑ لی کہ انسان اپنی زندگی سے متعلق فیصلوں میں کسی مذہبی یا شاہی قانون کے پابند نہیں بلکہ اپنی قسمت اور مستقبل کا فیصلہ خود کرنے کا اختیار رکھتے ہیں۔مغربیت کا جمہوری تصور تین اصولوں پر مبنی ہے:

1. حکومت اور معاشرے کے اجتماعی شعبوں میں مذہب کا کوئی عمل دخل نہیں۔ مذہب ہر فرد کا ذاتی معاملہ ہے۔
2. دستور وقانون کی تشکیل خالصتاً عوام کا حق ہے اور ان کے منتخب نمائندے جو بھی طے کر لیں وہی دستور اور قانون ہے۔ وہ اپنے فیصلوں یا قانون سازی میں آسمانی تعلیمات کے پابند نہیں ہیں۔
3. حکومت کی تشکیل اور اس کی بقا عوام کی رائے اور مرضی پر موقوف ہے اور عوام کی مرضی یا قبولیت کے بغیر قائم ہونے والی حکومت جائز نہیں ہے۔

اگر جمہوری نظام کی فکری بنیادوں اور فلسفوں کا اسلامی تعلیمات کی روشنی میں جائزہ لیا جائے تو یہ بات واضح ہو جاتی ہے کہ یہ نظام کسی صورت میں اسلامی نظام سیاست وحکومت سے میل نہیں کھاتا:'' جمہوری نظام سیاست کے مقاصد میں کبھی بھی یہ مقصد بیان نہیں ہوا کہ خیر کو پھیلایا جائے گا اور شر کو روکا جائے گا، کیونکہ جمہوری نظام حکومت میں مذہب کا کوئی عمل دخل نہیں، اگر قبیح ترین عمل بھی معاشرے میں قبولیت کا درجہ حاصل کر لے تو اسے قانونی طور پر جائز قرار دیا جاتا ہے، امریکہ میں حکومت نے شراب کی خرید وفروخت اور شراب نوشی کے عمل کو غیر قانونی قرار دیا، مگر صرف چودہ سال بعد ۱۹۳۳ء میں قانون تحریم خمر کو تنسیخ کر دیا گیا، کیونکہ امریکی عوام کی اکثریت اسے چھوڑنے کے لیے تیار نہیں تھی۔''[8]

جہاں تک جمہوریت کے عالم اسلام پر تہذیبی اثرات کا تعلق ہے تو اس حوالے سے یہ اعتراف کرنا پڑے گا کہ مغرب اپنے نظام جمہوریت کو اسلامی معاشروں پر مسلط کر چکا ہے۔ اسلامی معاشروں میں قوانین وحی کی بجائے اکثریتی رائے کی روشنی میں تشکیل پانے لگے، یہ نظام اس لیے بھی اس امت

کےلیے تباہ کن ہے کہ اکثریت کی رائے کو اپنی مرضی کی شکل دینا اب مشکل نہیں رہا۔ جمہوریت کے موجودہ نظام کے بارے میں مفتی تقی عثمانی یوں رقم طراز ہیں:'' ہمارے دور میں جمہوریت کو ہی سب سے بہتر نظام سیاست قرار دیا گیا ہے اور جمہوریت پر ایمان لانا آج کی سیاست کا کلمہ طیبہ بن چکا ہے، کوئی شخص جمہوریت پر اعتراض کی زبان کھولے تو وہ سیاست کی اصطلاح میں کافر سے کم نہیں۔''[9] عالم اسلام میں جمہوریت کا پنپنا امریکی اور مغربی استعماری عزائم کا اندازہ اس اسے لگایا جا سکتا ہے کہ اسلامی معاشروں میں اسلام پسند کا زور توڑنے کے لیے اور Moderate طبقوں کو معاشرے میں اثر ورسوخ دلانے کے لیے یہاں جمہوری نظام کا فروغ بے حد ضروری ہے۔ مغربی استعمار اسلامی معاشروں میں جمہوری نظام حکومت اور سیاست کے رواج پانے سے بے شمار فوائد حاصل کرتا ہے۔ اس حوالے سے سعدیہ روف کا یہ کہنا بالکل بجا ہے کہ: '' جمہوری نظام میں عقیدہ قومیت خود بخود مضبوط ہوتا ہے، اس نظام کے لیے راہنما اصول مغربی نظریات اور فلسفوں سےلیے جاتے ہیں۔ انتخابات کا عمل ایک مہنگا اور پیچیدہ عمل ہے۔ انتخابی مہمات کے دوران جہالت زدہ اور پسماندہ طبقات کو جھوٹے خواب دکھا کر اور امیدیں دلا کر ان کا استحصال کیا جاتا ہے۔ میڈیا کے ذریعے عوام کو بے وقوف بنایا جاتا ہے۔ مرد وعورت، جاہل اور عاقل، مسلم وغیر مسلم، نیک وبد سب کو ایک ہی قطار میں رکھا جاتا ہے اور سب کی رائے کو برابر حیثیت حاصل ہوتی ہے۔''[10] جمہوری طرزِ حکومت کے بارے میں علامہ محمدا قبال کو ملاحظہ فرمائیں ؎

جمہوریت ایک طرزِ حکومت ہے کہ جس میں بندوں کو گِنا کرتے ہیں
تولا نہیں کرتے[11]

جمہوریت کے بنیادی عناصر اسلام کے عقیدہ وشریعت کے ساتھ ہر قدم پر متصادم ہیں۔ اس نظام کے اسلامی معاشروں میں رائج ہونے سے مسلمانوں کو نہیں بلکہ اسلام دشمن قوتوں کو فائدہ حاصل ہوتا ہے۔ یہ جمہوری نظام کا ثمر ہی ہے کہ جس نے علماء کو معاشرے کا کم تر فرد بنا کے رکھ دیا ہے، جب کہ فساد وفجار کو مہذب ومحترم اور ممتاز قرار دیا ہے، جو اللہ کے قانون سے نابلد ہے، اسے جج بنا دیا جاتا ہے اور اللہ کے قانون سے معرفت رکھنے والے کو فیصلے کا اختیار ہی نہیں۔ آزادی کے نام پر معاشرے کو بے حیائی، فحاشی وعریانی کے جوہڑ میں پھینک دیا گیا ہے۔ اخلاقی قدروں سے محروم کر کے باعزت گھرانوں کی عورتوں کو گھر سے باہر نکلنے پر مجبور کر دیا گیا ہے۔ مغرب میں جمہوریت کا مطلب ہر چیز پر جمہور کی بالادستی ہے، یہاں تک کہ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسولﷺ پر بھی جمہور کی بالا دستی ہے۔ مغربی جمہوریت میں بغیر کسی رکاوٹ کے شراب، جوا، سود اور زنا کو حلال قرار

دیا گیا ہے۔ ہم جنسی پرستی اور بغیر نکاح کے مرد وعورت کو اکیلے رہنے کی اجازت ہے۔ یہ صرف مغربی جمہوریت کی ایک سرسری سی جھلک ہے۔ حقیقت یہ ہے کہ اس کےتمام پہلو سو فیصد غیر اسلامی ہیں۔ مغربی فلسفہ یہ ہے کہ انسان آزاد ہے اور جو چاہے کر سکتا ہے اور اپنی مرضی سے زندگی گزار سکتا ہے۔

3) مغرب نواز سیاسی قیادت کی تربیت

عالم مشرق پر مغربی تہذیب کو حاکم کرنے کےلئے استعماری طاقتوں نے جو حربے اپنائے ان میں ایک اور حربہ ایسے مقامی افراد کی تعلیم وتربیت اور ذہن سازی ہے جو استعمار کے قائم مقام کی حیثیت سے استعماری فرائض سر انجام دیتے رہیں اور ملک وملت کے وسائل خود اپنے ہاتھوں سے اپنے آقاؤں کو پیش کرتے رہیں۔ کسی بھی معاشرے میں طاقت، اقتدار، اور اختیارات تین طبقات میں ہوتے ہیں یعنی فوج، بیورو کریسی، سیاسی راہنما۔ ان تینوں طبقات کی ذہنی تربیت تو استعمار جانے سے پہلے ہی کر چکا تھا۔ یہ اسی تعلیم وتربیت کا اثر تھا کہ جب طاقت کا توازن یورپ کی بجائے امریکہ کے ہاتھ میں آیا تو ہمارے حکمرانوں کا قبلہ بھی امریکہ قرار پایا۔ اس صورت حال کو خرم مراد یوں بیان کرتے ہیں:'' برطانوی دور استعمار کے دوران یہاں ہمارے اہل حل وعقد نے انگریز سے یاری، اس سے مکمل وفاداری، اس کی فوجوں کے لیے اپنے جوانوں کی فراہمی اور اس کے دربار میں کرسی ہی سے انہوں نے اپنی قسمت کے ستارے کو چمکتے دیکھا تھا، چنانچہ ان کے دیرینہ تجربے اور نفسیات نے بھی انہیں یہی سمجھایا، اب جب کہ پاکستان کی صورت میں ایک بڑی جاگیر ان کے ہاتھ میں آ گئی ہے تو اس کی قسمت چمکانے کا نتیجہ بھی یہی ہے، اس میں اس کی سلامتی اور دفاع۔ اس کے قومی اہداف کے حصول اور اس کی ترقی کا راز پوشیدہ ہے، چنانچہ وہ بلا جھجک امریکہ کی سرپرستی حاصل کرنے اور اس کا یار وفا دار بننے کے لیے کوشاں ہو گئے۔''[12]

مغربی تہذیب کی عالم اسلام کے خلاف سیاسی ریشہ دوانیوں کا ایک دلخراش نتیجہ جو سامنے آیا وہ خلافت عثمانیہ کا خاتمہ تھا۔ جب ۱۹۲۴ء میں خلافت کا خاتمہ کر دیا گیا تو اسے مغربی استعماری قوتیں اسےا پنے لیے بہت بڑی کامیابی قرار دیا۔ لیکن سوچنا یہ ہے کہ آخر وہ کون سی وجوہات تھیں جن کی بدولت اہل مغرب کو اس بے اختیار ادارےکا وجود بھی برداشت نہیں تھا۔ خلافت کی حقیقت میں ڈاکٹر اسرار احمد ایک واقعہ نقل کرتے ہیں: '' شیخ الہند مولانا محمود الحسن جب مالٹا میں اسیری کے دن کاٹ رہے تھے، اس دوران ایک بار انہوں نے وہاں موجود انگریز کمانڈنٹ سے پوچھا کہ ہماری خلافت تو ایک مُردہ خلافت ہے، آپ لوگ اس کے پیچھے کیوں پڑ گئے ہیں اور اس سے آپ

کو کیا تکلیف ہے؟ اس پر انگریز کمانڈنٹ نے جواب دیا: مولانا آپ اتنے سادہ نہ بنیں آپ بھی جانتےہیں اور ہمیں بھی معلوم ہے کہ یہ گئی گزری خلافت بھی اتنی طاقتور ہے کہ اگر کہیں دار الخلافہ سے جہاد کا اعلان ہو جائے تو مشرق سے مغرب تک لاکھوں مسلمان سر پرکفن باندھ کر میدان میں نکل آئیں گے۔''[13]

جہاں تک امت مسلمہ کا تعلق ہے تو خلافت سے محروم ہونے کے بعد یہ امت اس جدید نظام میں یتیمی کی زندگی گزار رہی ہے جہاں اس کا کوئی پرسان حال نہیں۔ جو آتا ہے دلاسے دیتا ہے، پچکارتا ہے اور لوٹ جاتا ہے۔ پھر جمہوریت کے بازار حسن میں کوئی نیا چہرہ نمودار ہوتاہے، عوام کے لطیف جذبات کو چھیڑتا ہے، جوش دلاتا ہے اور پھر ڈنگ مار کر چلتا بنتا ہے۔ عالم اسلام پر ایسے غلیظ طبقے کومسلط کر دیا گیا ہے جو ہماری زبان سے زیادہ اپنے گورے آقاؤں کی زبان اور تہذیب وثقافت کا دِلدادہ ہے۔جس امت کو خلافت عثمانیہ کے جھنڈے تلے جمع ہونا فرض تھا، آج وہ امت اقوام متحدہ کی کفریہ حکومت کے زیر تسلط زندگی گزارنے پرمجبور ہے۔ انٹر نیشنل سودی مالیاتی اداروں کے تحت اس کا کاروبار ہوتا ہے۔ اللہ تعالیٰ کو چھوڑ کر غیر اللہ کو نظام زندگی بنانے کا حق دیا گیا ہے۔ اس نظام نے عالم اسلام کو ذلت ورسوائی کے علاوہ اور کچھ نہیں دیا۔ اسلامی شان وشوکت کی جگہ امریکہ اور اس کے حواریوں کی غلامی، صنعت وٹیکنالوجی پر بالادستی کی بجائے معاشی واقتصادی زبوں حالی۔ عالمگیر حکمرانی تو کجا خود ان کے ممالک میں ان کے انگریز آقا حکومت کرتے ہیں۔ انگریز کا پیدا کردہ وہ طبقہ جس میں سے کئی ایک کا تو شجرہ نسب بھی محفوظ نہیں، یہ لوگ ملک وقم کو لوٹ کر اور ملی غیرت کو عالمی منڈی میں نیلام کرنے کے بعد باعزت طریقے سے نکل جاتے ہیں۔

خلافت امت مسلمہ کی وحدت کی علامت ہے، یہ مسلمانوں کے لیے ایک مذہبی، جذباتی، نفسیاتی اور تاریخی مرکز ہے، لیکن مغرب کی کوشش ہے کہ دنیا کے سامنے خلافت کو ایک ایسے نظام کے طور پر پیش کرنا ہے جو ظلم وناانصافی اورکمزوریوں کے استحصال پر مبنی ہے اور خود کو ایک نجات دہندہ کے طور پر پیش کرے، جو عام طور پر دنیا کو اور خاص طور پر مسلمانوں کو مٹھی بھر انتہا پسندوں سے بچانے کے لیے ہر حد تک جانے کو تیار ہے جو آزاد دنیا کو خلافت کی زنجیروں میں قید کرنا چاہتے ہیں: ''مغرب کے نزدیک ۱۹۲۴ء میں عثمانی خلافت کے خاتمے کے بعد بھی یہ خطرہ ابھی ٹلا نہیں ہے،کیونکہ مراکش سے انڈونیشیا تک پھیلی ہوئی اسلامی دنیا میں جہاں کہیں کوئی احیائی عمل بیدار ہوتا ہے وہاں نظام شریعت کے نفاذ اور خلافت کی برکات کے حق میں کچھ صدائیں ضرور بلند ہوتی ہیں۔ خلافت کا خیال ابھی مسلمانوں کے دِلوں سے

محو نہیں ہوا۔ خلافت ایک ایسا ادارہ ہے جو محض مسلمانوں کی خواہش کے زور پر عمل میں نہیں آیا، بلکہ ایمان، عمل صالح اور جہاد کی خاص شرائط کی تکمیل کے بعد قائم ہوا ہے، لہٰذا خلافت کے قیام کا امکان ختم کر دینے کا واحد طریقہ یہی ہے کہ اس امت کے اندر سے ایمان، عقیدہ، عمل اور جہد مسلسل کے سب سوتے خشک کر دئیے جائیں، لہٰذا اسی مقصد کے حصول کے لیے باطل قوتیں مصروف عمل ہیں۔''[14]

عالم اسلام میں خلافت کے خاتمے کے حوالے سے ڈاکٹر محمد امین یوں رقمطراز ہیں: '' اہل یورپ نے مسلمانوں کے خلاف سازشوں کا جال پھیلایا۔ عربوں کو ترکی کی مرکزی حکومت کے خلاف بھڑکایا۔ ان کا نظام خلافت ختم کروایا۔ مسلمانوں کی مختلف ریاستوں کو ایک دوسرے سےلڑایا۔ شروع شروع میں ان سے تجارتی مراعات لیں اور آہستہ آہستہ پر پھیلا کر انڈسٹریل اسٹیٹس بنائیں، ان کے لیے حفاظتی گارڈز رکھنے کے نام پر پرائیویٹ فوج بنائی، رشوت اور پیسے دے کر جرنیلوں کو خریدا اور باغیرت مسلمان حکمرانوں کے خلاف لڑائیاں لڑیں۔ مسلمان حکومتوں کو کمزور کیا، انہیں شکست دی، ان ممالک پر قبضہ کرکے ان کا اتحاد ختم کر دیا، انہیں چھوٹی چھوٹی ریاستوں میں بانٹ دیا تا کہ نہ کبھی وہ متحد ہوں اور نہ کبھی ان کے لیے خطرہ بن سکیں۔''[15]

موجودہ دور میں مغربی تہذیب کی عالم اسلام پر اپنی پسند کی سیاسی قیادت کی حکمرانی قائم کرنے کے کیا اثرات مرتب ہو رہے ہیں اور امت مسلمہ کے مسائل اور تکالیف پر ان حکمرانوں کا رویہ اور احساسات کیا ہیں، اس کی چھوٹی سی جھلک پرویز مشرف کے اس بیان سے نظر آتی ہے جو انہوں نے ۱۲ جنوری ۲۰۰۱ء کو دیا۔ پرویز مشرف نے واضح طور پر یہ کہہ دیا کہ :'' ہم کوئی اسلام کے ٹھیکیدار تو نہیں۔'' اسی طرح عرب ممالک کے قلب میں یہودیوں کا اپنی پوری قوت وبازو سے اپنی ریاست بنانا، عراق کا ایران پر حملہ اور پھر کویت پر یلغار، ارض مقدس میں امریکی فوجیوں کا اترنا، استعماری حملوں کا شکار ہونے والے مہاجرین کےلیے مسلم ممالک کا اپنی سرحدوں کو بند کرنا، یہ سب مسلم حکمرانوں کی بے حسی اور ظلم واستبداد کے علاوہ اس بات کا بین ثبوت ہے کہ یہ حکمران استعماری آقاؤں کے ہاتھوں محض کٹھ پتلیاں ہیں، عالم اسلام نے اپنے جن مسائل کے حل کے لیے امریکہ سے امید لگائی ناکام ہوئے، پرویز مشرف نے تو اس حد تک بیان دیا تھا کہ وہ نماز نہیں پڑھتا۔

عربوں کی صورت حال بھی کچھ اس طرح ہے: ''کئی عرب ممالک کے حکمرانوں میں خدا پرستی کی بجائے قوم پرستی کا یہ عالم رہا کہ مصر کے جمال الدین ناصر نے اپنے ریاستی دستور سے اسلام کو کھلم کھلا خارج کر

کے عرب سوشلزم کو سرکاری مذہب کے طور پر اختیار کیا''۔[16] حد تو یہ ہے کہ ہمارے حکمرانوں نے مغربی آقاؤں کو خوش کرنے کے لیے قوم کی بیٹیوں تک کو کفار کے حوالے کر دیا۔ مغرب نواز حکمرانوں کے بارے میں مریم خنساء کے جذبات ملاحظہ فرمائیں:'' مسلمان حکمرانوں کو کبھی یہ جرأت نہ ہو سکی کہ مظلوم مسلمان خطوں مثلاً کشمیر، فلسطین، بوسنیا، برما، وغیرہ کے حق میں مضبوط اور دلیرانہ مؤقف اپنا سکیں۔ اس کے برعکس ہم اس دور کا جائزہ لیتے ہیں، جب خلافت موجود تھی تو ہم دیکھتے ہیں کہ مختلف مسلمان امراء، گورنروں اور خلفاء نے اپنی ذاتی کمزوریوں اور خامیوں کے باوجود کبھی دینی غیرت پر سمجھوتہ نہیں کیا تھا۔''[17] عصر حاضر میں میڈیا کی بھر پور قوت کے ساتھ سیٹلائٹس کے ذریعے ریڈیو، ٹی وی، انٹر نیٹ، اخبارات، جرائد یعنی الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کی ساری قوت اس بات پر لگا دی گئی ہے کہ مسلمان مسلمان نہ رہیں: ''مسلمان ممالک پر مغرب کے ایجنٹ آمر حکمران مسلط کیے جائیں خواہ وہ فوجی ہوں، خواہ بادشاہ یا سیاست دان ہوں۔ بس شرط یہ ہے کہ وہ مسلمان عوام کی نہ مانیں، مغرب بہادر کے حکم پر چلیں ورنہ چھٹی۔ مشرق بعید سے لے کر مشرق قریب تک وسط ایشیاء، مشرق اوسط، افریقہ، غرض جہاں جہاں مسلمان ممالک ہیں اس اسکیم پر بہر صورت عمل کرایا جا رہا ہے۔''[18]

لہٰذا وطن عزیز پر ایسے حکمران مسلط کر دیے جاتے ہیں جو مغرب کے ناجائز دباؤ کو برداشت کر سکیں۔ ایسے حکمران اپنے اقتدار کے تحفظ اور طول دینے کے لیے مغرب کے ناجائز دباؤ کو قبول کر لیتے ہیں اور جمہوریت کے مؤقف سے صرف نظر کر لیتے ہیں، بلکہ مغرب کے ساتھ مل کر کمزور مسلم ممالک کو کچلنے میں مغربی طاقتوں کا ساتھ دینا قبول کر لیتے ہیں۔ ایسے حکمران نہ عوام کی مرضی سے برسر اقتدار آتےہیں نہ عوام کی مرضی سے اقتدار پر رہ سکتے ہیں۔ ایسے حکمرانوں کو مغرب کی پشت پناہی حاصل ہوتی ہے، ایسے حکمران مغربی سامراج کے ایجنٹ بن کر دہشت گردی کے پر فریب نعرے سے عوام میں انتشار پھیلانے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں۔

4) مغربیت نواز دینی دانشوروں کی تربیت

مغربیت کی تحریک عالم مشرق کو اپنی لپیٹ میں لینے کےلئے جو حربے اپنائَ ہیں، ان میں ایک اہم حربہ ایسے افراد کی تربیت ہے جو مسلم دنیا کو مغربی تہذیب اپنانے کی ترغیب دلا سکیں۔ عالمِ اسلام میں جن لوگوں کی اس خاص ہدف کے تحت تربیت کی گئی ان میں ایک شخصیت محمد علی والئ مصر کی ہے جنہوں نے ۱۸۰۵ میں یورپی نظام کے مطابق ایک لشکر تیار کر کے یورپ روانہ کیا۔ احمد پاشا بانی اوّل نے تونس میں ایک لشکر تیار کیا اور حربی علوم کا مدرسہ کھولا۔ وہاں پڑھانے والے اساتذہ فرانس، اٹلی اور انگلینڈ

کے تھے۔ عثمانی بادشاہ عبدالحمید نے ۱۸۳۹ء میں ایک منشور جاری کیا جس میں غیر مسلموں کے لیے فوجی خدمات پیش کرنے کی اجازت دی۔ سلطان سلیم ثالث نے جنگی وبحری سکول قائم کرنے کے لیے سویڈن، فرانس، ہنگری اور برطانیہ سے انجینئروں کو اپنے ملک بلوایا۔ قاجار خاندان جس نے ایران پر حکومت کی تھی، اس نے ۱۸۵۲ء میں مغربی طرز پر علوم وفنون کا ایک کالج کھولا۔ رفاعۃ الطہطماوی پیرس گئے، وہاں انہوں نے ۱۸۲۶ء سے ۱۸۳۱ء تک پانچ سال قیام کیا، اسی طرح خیر الدین تونسی نے ۱۸۵۲ء سے ۱۸۵۶ء تک پیرس میں قیام کیا۔ یہ دونوں حضرات پیرس سے اپنے افکار لے کر واپس لوٹے جو عقلی بنیاد پر معاشرے کو لا دینیت پر استوار کرنے کی دعوت دیتے تھے۔

۱۸۳۰ء سے یورپی ممالک سے تعلیم حاصل کر کے واپس آنے والوں نے فولٹر، روسو اور مونتسکیوکی کتب کا ترجمہ شروع کر دیا تھا جس کا مقصد یہ تھا کہ مغربی افکار کو فروغ دیا جائے۔ کرومو نے اسکندریہ میں حکمران لیڈروں کی نئی نسل کی تربیت کے لیے مغربیت کی طرز تعمیر میں وکٹوریہ کالج بنایا تا کہ نئی نسل مغربی افکار سے آشکار ہو سکے۔ ۱۸۶۰ء سے مغربیت کی تحریک نے لبنان میں انتداب کے ذریعے اپنا اثر ورسوخ شروع کر دیا اور پھر وہاں سے خدیوی اسماعیل کی سرپرستی میں یہ تحریک مصر میں پھیل گئی۔ جس کا مقصد مصر کو مغرب کا حصہ بنانا تھا۔ ابراہیم البازجی کے امریکی انجیلی وفود کے ساتھ بڑے گہرے تعلقات تھے۔ پطرس السبتانی نے ۱۸۶۳ء میں عربی زبان اور جدید تعلیم کے لیے ایک مدرسہ بنایا۔ وہ پہلے مسیحی تھے جو عربیت اور وطنیت کی دعوت دیتے تھے۔ ان کے نزدیک وطن کی محبت ایمان کی جز ہے۔ جرجی زیدان نے ۱۸۹۲ء میں مصر سے الھلال نامی رسالہ شائع کیا۔ ان کے امریکی نمائندوں کے ساتھ گہرے مراسم تھے۔ نیز اسلام ومسلمانوں پر افترا کرنے کے لیے تاریخی قصوں کے ایک بہت بڑے سلسلے کو جمع کر رکھا تھا۔ سلیم تقلا نے مصر میں الاھرام نامی اخبار شائع کیا۔ اس سے پہلے مدرسہ عتبیہ میں تعلیم حاصل کی، اس مدرسے کے بانی ایک امریکی مبلغ فانديک تھے۔

سلطان محمود ثانی نے ۱۸۲۶ء میں انکشاریہ عثمانیہ کا خاتمہ کر کے مغربی لباس اپنانے کا حکم دیا جسے فوج اور شہریوں پر لازمی قرار دے دیا۔ جمال الدین افغانی نے عالم اسلام اور مشرق ومغرب کے افکار کا مطالعہ کیا۔ دورِ جدید میں خفیہ جماعتوں کا نظام مصر میں داخل کیا۔یہ ماسونی کلبوں میں شریک ہوتے تھے اور نظریہ وحدۃ الوجود کے قائل تھے۔ نشاہ وترقی کے متعلق جمال الدین افغانی کی باتیں ڈارون کی باتوں سے مشابہت رکھتی ہیں۔ فالم امین نے تحریک آزادئ نسواں اور عورتوں کےلیے سرکاری وغیر سرکاری

سطح پر کام کرنے کے مواقع فراہم کرنے کی تحریک شروع کی۔ اس سلسلے میں ان کی دو کتب تحریر المرأة ۱۸۹۹ء، المرأة الجدیدة ۱۹۰۰ء میں چھپیں۔طٰہٰ حسین عالم اسلام میں مغربیت کی دعوت دینےو الے اہم افرا د میں سے ایک ہیں۔ محمود عزمی مصر میں فرعونیت کے سب سے بڑے داعی تھے، انہوں نے مستشرق ڈورکایم سے تعلیم حاصل کی۔ جس کا کہنا تھا کہ اقتصاد کا تذکرہ کرو تو شریعت کا تذکرہ نہ کرو اور اگر شریعت کا تذکرہ کرو تو اقتصاد کا تذکرہ نہ کرو۔ محمد حسین ھیکل کا شمار اہم مغربی افکار کے حامل افراد میں ہوتا ہے۔اخبار السیاسہ کے چیف ایڈیٹر رہ چکے ہیں۔ شبلی شمیل نے دعوت لا دینیت اور تحریک تنقید ادیان واخلاق کی قیادت کی۔

عالم اسلام میں مغرب نواز دانش ور طبقہ کے خطرات ایک لحاظ سے مغرب نواز سیاسی قیادت سے بھی زیادہ خطرناک ہیں۔ یہ مغرب کی خوش قسمتی ہے کہ مسلم ممالک میں دانشوروں کا ایک ایسا طبقہ بھی ہے جو مسلمانوں سے زیادہ مغرب اور امریکہ کا خیر خواہ ہے۔ یہ وہ طبقہ ہے جو قرآن وسنت کی تعلیمات سے مبرا ہو کر اور یہود ونصاریٰ کا اصلی چہرہ دیکھے بغیر ہی مغربی مادی ترقی اور ظاہری چمک دمک دیکھ کر مغرب کا دِلدادہ ہو گیا ہے۔ یہ دانشور اپنی تقریروں، تحریروں، بیانات اور طرزِ فکر سے مغرب کے مقاصد کو پورا کرنے میں کوئی کسر اٹھا نہیں رکھتے۔ یہ دانشور اپنی چرب زبانی سے قوم کو یہ باور کرواتےہیں کہ مذہب کو دین سمجھنے کا زمانہ بیت گیا، اب ہمیں ترقی وخوشحالی کےلیے آسمان کی طرف نہیں بلکہ مغرب کی طرف دیکھنا ضروری ہے۔ حضورﷺ کا ارشادِ مبارکہ ہے: '' قیامت کی نشانیوں میں سے ایک نشانی یہ ہے کہ جھوٹ کو سچ اور سچ کو جھوٹ بتایا جائے گا اور ''رویبضہ'' بات کریں گے۔ آپﷺ سے پوچھا گیا کہ رویبضہ کون ہیں؟ تو آپﷺ نے فرمایا: گھٹیا لوگ جو لوگوں کے اہم معاملات میں بولا کریں گے''۔[19]

ایسے دانشور ہمیں زندگی کے ہر شعبے میں نظر آئیں گے جو کبھی نظام خلافت کے مقابلے میں جمہوریت کو ترجیح دیں گے، مذہبی ہم آہنگی اور رواداری کا پرچار کرتےہیں۔ مغربی سامراج کے خلاف آواز اٹھانے والوں کو ناعاقبت اندیش قرار دے کر مغرب کی ہاں میں ہاں ملاتے ہیں، ان باکردار، غیور حریت پسندوں پر انتہا پسندی اور دہشت گردی کا لیبل لگا دیتےہیں: '' اس دور میں امت مسلمہ کی علمی وفکری قیادت برصغیر اور مصرکے اہل علم کے ہاتھ آ چکی تھی۔ بعض مسلمان مفکرین نے اسلام کو جدید الحادی نظریات سےمنطبق کرنے کی کوشش کی۔ انہوں نے اس مقصد کےلیے اسلام کے بعض بنیادی عقائد واعمال کا بھی انکار کر دیا، اس نقطۂ نظر کو ماننے اور پھیلانے والوں میں ہندوستان کے سرسید احمدخان، مصر کے طٰہٰ حسین اور سعید زغلول

شامل ہیں۔ اسی فکر کو بیسویں صدی میں غلام احمد پرویز اور ان کے شاگرد ڈاکٹر عبد الودود نے پیش کیا۔ روایتی اور جدید نقطۂ نظر کے حامل علماء کرام کے اثر ورسوخ کےپیش نظر اس فکر کو مسلم معاشروں میں عام مقبولیت حاصل نہ ہو سکی۔''[20] ان کے بعد جدید طرزِ فکر رکھنے والے علماء کرام نے مغرب کے الحادی افکار پر کڑی تنقید کی۔انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ اللہ تعالیٰ کی نازل کردہ شریعت تو ناقابل تغیر ہے۔ اس نقطہ نظر کے حاملین میں برصغیر پاک وہند کے اہل علم ڈاکٹر علامہ محمد اقبال، ابو الکلام آزاد، علامہ شبلی نعمانی، سید سلیمان ندوی، حمید الدین فراہی اور سید ابو الاعلیٰ مودودی اور مصر کے علماء میں رشید رضا، حسن البنا اور سید قطب شامل ہیں۔ ایران میں امام خمینی اور استاد مرتضی مطہری جیسے علماء نے مغرب نواز دانشوروں کے نظریات کو ردّ کیا۔ ان علماء نے عالم اسلام میں بڑی بڑی تحریکیں برپا کیں جن کے نتیجے میں جدید طبقہ اسلام کی حقیقی روح سےمتعارف ہوا۔

5) اسلامی قوانین اور معاشرتی اقدار پر حملہ

مغربیت نے اسلامی قوانین اور اسلامی ومعاشرتی اقدار کو مسلسل اپنے حملوں کا نشانہ بنا رکھا ہے۔ اس کی اہم وجہ یہ ہے کہ یہ قوانین واقدار مغرب کے استعماری ایجنڈے کی راہ میں سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔ مغرب کی تمام تر سعی کے باوجود وہ اسلامی معاشروں کو مکمل طور پر اپنی خداد بیزار اور مادر پدر تہذیب کے رنگ میں نہیں رنگ سکا۔ مسلم معاشروں کے لاشعور ہی میں کچھ ایسے اعمال وافعال کی کراہت بیٹھ چکی ہے کہ مغرب کی انتھک کوشش کے باوجود ہماری روشن خیالی کچھ بنیادی حدودکو عبور کرنے کےلیے تیار نہیں جس کی وجہ یہ ہے کہ عالم اسلام میں وقتاً فوقتاً کچھ ایسی سوچیں یا تحریکیں سر اٹھاتی رہتی ہیں جن کا مقد یہی ہے کہ مسلم ممالک میں شرعی نظام کا نفاذ کیا جائے۔ اگر ان کی کوشش رنگ لاتی ہے تو نہ صرف مسلمان بلکہ اہل مغرب بھی اسلامی قوانین اور شرعی نظام کی برکات سے اپنے مسائل حل کر لیں گے۔ ڈاکٹر حافظ محمد زبیر لکھتے ہیں کہ: '' بلاشبہ مغرب میں موجودہ قانون کی جمیع اقسام اور صورتوں کا مصدر رومی قانون ہے، جب کہ مشرق میں اسلامی قانون کو ایک بنیادی ماخذ کی حیثیت حاصل رہی ہے، جس کی وجہ سے مغرب اسلامی قانون کو اپنا حریف خیال کرتا ہے، پس مستشرقین کی ایک جماعت نے اسلامی قانون کو خاص طورپر اپنی تحقیقات کا موضوع بنایا، تا کہ اس کے بارےمیں تشکیک وشبہات وارد کر کے اس کی اہمیت کم کر سکیں۔''[21]

مغرب نے یہ لائحہ عمل اپنایا ہے کہ ایک طرف اسلامی وشرعی قوانین کے مصادر قرآن وسنت پر حملہ کیا جائے، قرآنِ مجید کو الہامی کتاب کی بجائے

نعوذ باللہ محمدﷺ کی اپنی تصنیف ثابت کیا جائے اور ذخیرہ حدیث کی صحت سے متعلق عام مسلمانوں کو شکوک وشبہات میں مبتلا کر دیا جائے۔ مغرب کے نزدیک اسلامی قوانین اور معاشرتی اقدار، ظالمانہ وحشیانہ اور پسماندہ ہیں، اس غرض سے انہوں نے استشراق کا ایک گروہ تیار کر رکھا ہے جو میڈیا کا سہارا لے کر اسلامی قوانین کے خلاف پراپیگنڈہ کی مہم چلائی جا رہی ہے، مستشرقین یہ واویلا کرتےہیں کہ قرآنِ مجید کلام الٰہی نہیں بلکہ انسانی ذہن کی اختراع ہے اور احادیث مبارکہ کے بارے میں بھی ان کا نظریہ یہ ہے کہ حدیث ایک مشکوک اور ناقص ذریعہ قانون سازی ہے۔ قانون حد کو بھی نشانہ بنایا گیا ہے اور اسے غیر مہذب سزا قرار دے کر شرعی قوانین کا مذاق اڑایا گیا ہے۔

حجاب کے بارےمیں ان کا خیال ہے کہ حجاب کا حکم عام مسلمان عورتوں کےلیے قرآن سے ثابت نہیں اور یہ حکم صرف حضورﷺ کی ازواج کےلیے مختص ہے، اسی طرح اگر ایک مرد کو چار شادیوں کی اجازت ہے تو ایک عورت چار شادیاں کیوں نہیں کر سکتی۔ مغرب کامقصد اور بنیادی ایجنڈہ یہی ہے کہ شرم وحیا، عفت وعصمت اور خاندانی نظام کے تصورات کو ختم کیا جائے۔ ان تمام کوششوں اور اقدامات کامقصد یہی ہے کہ اسلامی قوانین واقدار کو غیر مہذب ثابت کیا جائے۔ آج جدید دور کا انسان اتنا باعلم اور بااختیار ہو چکا ہے کہ اسے کسی آسمانی راہنمائی کی ضرورت نہیں، لیکن یہ امت مسلمہ پر اللہ کا خاص کرم وعنایت ہے کہ ہمارے اندر ایسے علمائے دین پیدا فرمائے جنہوں نے مستشرقین کی فکر کا منہ توڑ جواب دیا ہے اور استشراقی فکر کو دیوار کے ساتھ پٹخ کر دے مارا ہے۔

6) مسلمان آبادی کی تباہی

استعماری قوتوں نے نسل انسانی کی ہلاکت وبربادی کے لیے بڑے بڑے منصوبوں کے جال بنے ہیں۔ مغرب کی اپنی آبادی تو کم ہوتی جا رہی ہے، لیکن امت مسلمہ کی آبادی کو کم کرنے کے لیے خاندانی منصوبہ بندی اور خوش حال ترقی کے منصوبے شروع کیے ہیں اور ہماری نسل کو تباہ کیا جا رہا ہے اس سلسلہ میں مریم خنساء کا تبصرہ کچھ اس طرح ہے: ’’ مسلمانوں کی بڑھتی ہوئی تعداد روسی امپریلزم سے بھی بڑا خطرہ ہے، لہٰذا اس کا خاتمہ ضروری ہے اس معرکے میں حصہ لینے والے ہر شخص کو حکومت کی طرف سے مالی امداد کی جائے۔ مسلمانوں کی صفوں میں گھس کر ان کی آبادی کو کم کرنے کے لیے کام کیا جائے حتی کہ ان کی آبادی کی شرح کم ہو کر صفر کی سطح تک پہنچ جائے۔‘‘[22] آج امریکہ، ایشیا اور افریقہ کی آبادی کو کنٹرول کرنے کے لیے دل کھول کر سرمایہ خرچ کر رہا ہے۔ اس مقصد کے لیے بے شمار ہتھکنڈے استعمال کیے گئے ہیں۔ اردن میں خاندانی منصوبہ بندی کے لیے استعمال ہونے والے لٹریچر میں اسلامی اصطلاحات کا استعمال بکثرت کیا گیا

ہے۔ فلسطین کے تعلیمی نصاب میں منع حمل کی تعلیمات کےلیے اقوام متحدہ نے ۷۵۴ ملین ڈالر مختص کیے تھے۔
لبنان میں ۳۰۱ ملین ڈالر مختص کیے گئے۔ انڈونیشیا کے علماء کو اس بات پر آمادہ کیا گیا کہ وہ ضبط ولادت اور منع حمل کےلیے اسلامی جواز پیدا کریں۔ انڈونیشیا کی مسلمان فوجی خواتین کی بندوق کی نوک پر کیمپوں میں لے جا کر نسل بندی کی جاتی ہے۔ تعلیمی اداروں میں نوجوان بچیوں کو ٹیکے لگائے جاتے ہیں تا کہ شرح آبادی میں کمی ہو۔ مصر، بنگلا دیش اور دیگر مسلم ممالک میں بھی شرح پیدائش میں کمی کے لیے اقدامات اٹھائے جاتے ہیں۔ پاکستان میں فیملی پلاننگ کی آڑ میں بہت سی سرکاری وغیر سرکاری تنظیمیں سر گرم ہیں۔
مسلم آبادی کو کم کرنے کے لیے صرف ایک طریقہ ہی نہیں اپنایا گیا بلکہ ذرائع ابلاغ سے بھی بھر پور مدد لی گئی ہے۔ بلکہ مسلم ممالک پر حملوں کے ذریعے بھی قتل عام کیا گیا۔ بوسنیا، چیچنیا، فلسطین، عراق، کشمیر، برما، افغانستان میں عورتوں اور بچوں کو بے دریغ قتل کیا گیا۔ نئی نسل کی تباہی کا ایک اور طریقہ بھی اپنایا جا رہا ہے معاشرہ میں فحاشی، عریانی اور شہوت پرستی کو فروغ دیا جا رہا ہے، اس مقصد کے حصول کے لیے شیطانی کارندے پوری محنت اور جانفشانی سے کارِ بد میں مصروف ہیں۔ کمپیوٹر، ٹی وی، موبائل انٹرنیٹ کے ذریعے مسلم معاشروں کو تباہی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے، ثقافت آرٹ روشن خیالی کے نام پر مخلوط ماحول اور عورتوں کو دفاتر اور بازاروں میں لا کر ہماری نسلوں کو تباہی کے دہانے پر پہنچا دیا گیا ہے۔

7) جدید نظامِ تعلیم

یورپ نے برصغیر پاک وہند میں اپنے مقاصد کی تکمیل کے لیے جو ہتھکنڈے استعمال کیے ان میں سب سے زیادہ کامیاب اور دور رس نتائج کا حامل ان کا نظام تعلیم تھا۔ اوریا مقبول کے مطابق: '' لارڈ میکالے نے ۱۸۳۵ء میں برطانوی پارلیمنٹ میں تقریر کے دوران اعتراف کیا تھا کہ ہندوستان کے سفر کے دوران اسے کوئی بھکاری یا چور نظر نہیں آیا۔ ملک کی اخلاقی حالت بہت بلند ہے اور اقدار کا معیار بہت اعلیٰ ہے۔ ہم اس ملک کو اس وقت تک فتح نہیں کر سکتے جب تک ہم اس کی ریڑھ کی ہڈی نہ توڑ دیں۔ یہ ریڑھ کی ہڈی اس کی روحانی اور معاشرتی میراث ہے اور یہ میراث ان کا غیر رسمی نظام تعلیم منتقل کر رہا ہے۔''[23] مسلمان ممالک کے نظامِ تعلیم میں مغرب اس حدتک دلچسپی لیتا ہے کہ ہمارے نصاب کو اپنی مرضی کےمطابق ڈھالنے کے لیے کروڑوں ڈالر خرچ کرتا ہے، حالانکہ ان کو ہمارے نظام تعلیم پر نظر رکھنے کی ضرورت ہی کیا ہے؟ ہمارا اور ان کا نظریہ جدا جدا ہے۔ وہ چاہتے ہیں کہ ہمارے نصاب تعلیم

سے اسلاف کے کارناموں کو نکال دیا جائے۔ اس کے علاوہ انصاف، اخلاق، شرم وحیا، عدل، حاکمیت اعلیٰ کی جگہ حقوق نسواں، انسانی حقوق، مذہبی جبر کے خلاف تحریک کو شامل کرنا اور لبرل ازم کا نعرہ دینا ضروری ہے۔ اس پالیسی کے نفاذ کے لیے امریکہ نے پاکستان کو سوملین ڈالر دینے کا اعلان کیا تھا، تا کہ تعلیمی نظام میں اصلاحات کی جائیں۔یہی وہ حقیقت ہے جس کا ادراک مولانا مودودی نے اپنی ایک تقریر میں کیا تھا: '' یہ تعلیمی ادارے نہیں بلکہ قتل گاہیں ہیں۔ موجودہ نظام تعلیم میں ملت اسلامیہ کے نونہالوں کو تعلیم وتربیت کےلیے جو انتظام کیا جاتا ہے وہ دراصل ان کو ملت کی پیشوائی کے لیے نہیں بلکہ اس کی غارت گری کے لیے تیار کیاجاتا ہے۔''[24]

مغربی تہذیب کی فکری بنیادوں پر استوار جدید تعلیمی نظاموں نے ہمارے مروجہ قدیمی تعلیمی نظام کو تباہ وبرباد کر دیا ہے۔ ہمارے تعلیمی نظام سے نظریے اور دینی فلسفے کی روح پرواز کر چکی ہے۔ اس کی جگہ مغربی نظریات نے لے لی ہے۔ مغربی نظام تعلیم نے آج سب سے بڑی خرابی پیدا کی ہے کہ دین اور دنیا کو الگ الگ خانوں میں بانٹ دیا ہے۔ صدیوں سے اسلامی نظام تعلیم کے مراکز مساجد اور مدارس ہوا کرتے تھے، ان مدارس میں قرآن، حدیث، فقہ، تفسیر، اصول تفسیر کے ساتھ ساتھ علم طب، جغرافیہ اور جدید علوم کی تعلیم دی جاتی تھی، تعلیم کا مقصد صرف کائنات کے چھپے رازوں تک رسائی نہ تھی، بلکہ معرفت خداوندی بھی اہم مقصد تھا۔ جب کہ آج استعمار کے زیر اثر دینی اور دنیاوی تعلیم کے لیے علیحدہ علیحدہ مدارس قائم کر دیے گئے ہیں۔ آج مسلم معاشرے کی صورت حال یہ ہے کہ دینی مدارس میں تعلیم حاصل کرنے والے لوگوں کو وہ مقام اور مرتبہ نہیں ملتا جو دوسرے تعلیمی اداروں میں تعلیم حاصل کرنے والوں کو ملتا ہے۔ یہ یورپ کا نظریہ ہے کہ تعلیم کا مقصد صرف اعلیٰ معیار قائم کرنا اور نوکری حاصل کرنا ہے۔ آج یہی مقاصد مسلم معاشرے میں بھی نظر آتےہیں۔ تعلیم کا مقصد اچھے مسلمان نہیں بلکہ قابل ڈاکٹر، انجینئر اور سائنس دان بننا ہے۔ اسلامی ممالک کے نظام تعلیم کا ایک اور سنگین مسئلہ ذریعہ تعلیم بھی ہے۔ جو ملک جس استعماری طاقت کے زیر تسلط رہا، اسی کی زبان اسی ملک میں عزت وسربلندی کی علامت سمجھی جانے لگی، لہٰذا جب ہم نے انگریزوں کے زیر تسلط رہ کر ان کا نظام تعلیم اپنایا تو ان کی اقدار اور رسم ورواج بھی اپنانے پڑے اور مقامی زبان کو ثانوی حیثیت حاصل ہو گئی۔ لہٰذا ہمارے ملک میں نظامِ تعلیم تین طبقات میں بٹ کر رہ گیا ہے:

1. انگریزی سکول جن کا معیار انٹرنیشنل لیول کا ہے، ان سکولوں کی فیس بھی عام آدمی برداشت نہیں کر سکتا، لہٰذا امیر طبقہ انگریزی سکول وکالج کی طرف مائل ہو گیا۔

2. دینی مدارس جو عام طبقہ کےلیے ہیں، غربت وافلاس کے مارے لوگ ان مدارس کی طرف رجحان رکھتے ہیں۔
3. تیسرا درجہ عام سکول اور کالج کا ہے، جس کا کوئی پرسان حال نہیں۔

ہماری نوجوان نسل کے اندر پاکستان کی نظریاتی اساس کے شعور کو ترک کرنے کا اہم ذریعہ نظام تعلیم ونصاب تعلیم ہے۔ اس مقصد کے لیے کی جانے والی استعماری کوششوں کے متعلق سلیم منصور خالد لکھتے ہیں:'' پاکستان کے قومی نظام تعلیم کے جسد ملی میں روح محمدﷺ کی بچی کھچی رمق کو نچوڑ کر رکھ دینا امریکی سامراج کا ہدف ہے۔ اس کے لیے انہوں نے پاکستان کی وزارت تعلیم کو بے دست وپا بنا کر ٹکڑوں میں بانٹ دیا ہے ۔ اور ہر ٹکڑے پر چار چار عالمی این جی اوز کو بٹھا دیا ہے جن کی وفاداریوں کا مرکز پاکستان میں نہیں بلکہ سات سمندر پار ہے۔ ان این جی اوز کی حکمرانی وزارت ہائے تعلیم اور ادارہ ہائے نصابیات سے لے کر اساتذہ کی تربیت اور انہیں دفتری اور انتظامی گر سکھانے تک پھیلی ہوئی ہے۔'' [25] لہٰذا ان این جی اوز کی بدولت ہمارے تعلیمی اداروں میں مخلوط ماحول، محافل موسیقی، ناچ گانا، صحت مند غیر نصابی سرگرمیاں عروج پا گئیں، ہماری نوجوان نسل کے اذہان میں جاہلی تہذیب کی محبت کا بیج بویا گیا۔ تعلیمی اداروں کو کاروباری مراکز بنا دیا گیا ہے، انگریزی زبان کی آڑ میں انگریزی تہذیب وثقافت کو پروان چڑھایا گیا ہے، ہمارے دینی مدارس بھی استعمار کے خصوصی اہداف ہیں۔

8) اسلام دشمنی

مغربی تہذیب کی ایک نمایاں خصوصیت، اسلام دشمنی ہے۔ قرآنِ مجید کو جلانے اور بے ادبی کرنے کا کام اسی یورپ کا نام نہاد دانشور کرتا ہے اور کبھی احتجاج کیا جائے تو مسلمانوں کو بنیاد پرست اور دہشت گرد ہونے کا طعنہ دیا جاتا ہے۔ مغربی تہذیب کے دعویداروں نے آزادئ رائے کے نام پر گستاخی رسول اکرم کا جواز تراشا ہے۔ بھارتی ملعون سلمان رشدی جو آج کل برطانوی شہریت حاصل کر چکا ہے Satanic verses (شیطانی آیات) ناول کے انداز میں لکھی جانے والی کتاب ہے۔ جس میں اس ملعون نے حضورﷺ، آپ کی ازواج مطہرات اور صحابہ کرام کو بہت توہین آمیز الفاظ میں پیش کیا ہے۔ اس نے تمسخرانہ انداز میں اس دور کی اکابر شخصیات کا اپنی کتاب میں ذکر کیا ہے۔ اس کتاب پر پوری دنیا میں غم وغصے کی لہر دوڑ گئی اور امام خمینی جیسے بعض مسلمانوں نے سلمان رشدی کو گستاخِ رسول قرار دیتے ہوئے اس کے واجب القتل ہونے کا فتویٰ صادر کیا۔ لیکن حکومت برطانیہ نے اسے اپنی پناہ میں لے لیا اور کئی سالوں سے حکومت برطانیہ اس کی حفاظت کر رہی ہے اور اس پر لاکھوں پاؤنڈ خرچ کر رہی ہے۔ حکومت برطانیہ کہتی

ہے کہ ہم ایک شخص کی حفاظت نہیں کر رہے، بلکہ ہم آزادئ رائے کے حق کی حفاظت کر رہے ہیں۔

ابو عمار زاہد لکھتے ہیں: '' اسی سلسلے کی ایک اور کڑی تسلیمہ نسرین بھی ہے۔ اس نے بھی اسی طرح کی خرافات پر مشتمل چند کتب لکھی ہیں۔ بنگلا دیش کے علماء نے اس کے خلاف مقدمہ دائر کر کے اسے گرفتار کروا دیا۔ یورپی یونین نے باقاعدہ سرکاری سطح پر اس کو رہا کرانے کا بندوبست کیا اور ان کا نمائندہ باقاعدہ ڈھاکہ آیا اور اسے چھڑا کر ساتھ لے گیا۔وہاں اسے مال بھی دیا گیا اور پناہ بھی دی گئی۔''[26] اسی طرح کی جسارت قاہرہ یونیورسٹی کے پروفیسر ڈاکٹر نصر ابو زید نے بھی کی ہے۔ اس نے '' وحی اور عقل کا تقابل''نامی کتاب لکھ کر اہل اسلام میں تہلکہ مچا دیا ہے۔ نصر ابو زید کہتا ہے کہ دیکھیں آج ایک شخص جو ہوائی جہاز میں سفر کرتا ہے، انٹر نیٹ استعما ل کرتا ہے، آ ج کی جدید ٹیکنالوجی پر عبور رکھتا ہے، اس شخص کو اس شخص کی پیروی کرنے کے لیے کہا جاتا ہے جو خیموں میں رہتا تھا، خچر پر سواری کرتا تھا۔ نصر مزید کہتا ہے کہ جب تک ان اساطیر اور خرافات سے آج کی نسل نجات حاصل نہیں کرے گی ترقی نہیں کر پائے گی۔ جن اساطیر اور خرافات سے قرآنِ مجید بھرا پڑا ہے۔

مغرب میں حضورﷺ کی شان میں گستاخیوں کاایک سلسلہ جاری ہے اور مسلمانوں کے دلوں سے حضورﷺ کی محبت کو کم کرنے کے لیے فرانس، سویڈن، ڈنمارک اور دیگر یورپی ممالک میں توہین آمیز خاکوں اور پراپیگنڈہ فلموں کا تسلسل جاری ہے۔ سعدیہ روف کے بقول: ''مغرب کا ایک مقصد یہ ہے کہ جس رفتار سے خود مغرب میں اسلام مقبول ہوتا جا رہا ہے اور آئے روز اسلام قبول کرنے والوں کی تعداد میں اضافہ ہوتا جا رہا ہے، اس سے نپٹنے کے لیے اپنی عوام کے دِل ودماغ میں پیغمبرﷺ کے خلاف (نعوذ باللہ) حقارت اور غیر سنجیدگی کے جذبات کو فروغ دیا جائے۔۔یہ ایک نفسیاتی حقیقت ہے کہ کسی بھی برائی کو بار بار دہرایا جائے تو آہستہ آہستہ اس کے برا ہونے یا قابل اعتراض ہونے کا تصور معدوم ہو جاتا ہے، ان گستاخانہ جسارتوں کو وقتاً فوقتاً دہرانے میں ایک مقصد یہ بھی پوشیدہ ہے اور پھر سب سے اہم مقصد تو وہی قدیم مقصد ہے کہ آپﷺ کی سچائی اور دعویٰ نبوت کے برحق ہونے کو ہی مشکوک ٹھہرا دیا جائے تا کہ آپﷺ کی سنت کی اتباع کا جذبہ مسلمانوں میں ماند پڑ جائے۔''[27]

اس حوالے سے سعید احمد کا کہنا ہے کہ: '' استعماری قوتیں جانتی ہیں کہ اسلام دنیا میں تیزی سے پھیل رہا ہے، اس کے آگے بند باندھنے اور مسلمانوں کو عیسائی بنانے کےلیے ضروری ہے کہ مسلمانوں کے دین کی بنیادوں کو ہلا کر رکھ دیا جائے اور اسلام کے تین بنیادی عقائد کے پرخچے اڑا دئیے جائیں

اور دنیا کو باور کرایا جائے کہ اللہ انجیل کا خدا نہیں ہے۔ محمدﷺ خدا کے رسول نہیں ہیں۔ قرآن کلام الٰہی نہیں ہے۔''[28] اسی طرح اسرار الحق لکھتے ہیں: '' اگر اس قسم کے توہین رسالت کے خاکوں کو آزادئ اظہار کا جواز بنایا جا سکتا ہے تو پھر روئے زمین پر مغرب خاص طور پر امریکہ اور اسرائیل اس بات پر کیوں سیخ پا ہوئے جب یہودیوں کے نازیوں کے ہاتھوں قتل عام پر بحث چھڑی کہ واقعی یہ قتل عام ہوا تھا۔ مغرب کے بہت سے مصنفین اس بات پر اپنے شبہے کا اظہار کرتے ہیں کہ واقعی ایسا کوئی قتل عام ہوا تھا۔''[29]

9) فرقہ واریت

فرقہ واریت کا ہتھیار آج بھی اہل مغرب مسلمانوں کے خلاف استعمال کر رہے ہیں، مختلف گروہوں میں تفرقہ پیدا کرنا اور پہلے سے موجود فرقہ وارانہ اختلافات کو ہوا دینا ان کا کامیاب ہتھکنڈہ ثابت ہو رہا ہے۔ بقول میر باہر مشتاق: '' کئی صدیوں سے مسلمان مختلف فرقوں اور مسالک میں منقسم ہیں، لیکن ان اختلافات کی بنیاد پر جتنی نفرت اور خون ریزی عصر حاضر کے مسلمانوں میں نظر آتی ہے وہ ماضی میں نہیں تھی اور اس کی ایک وجہ یہی ہے کہ استعمار کے خفیہ ہاتھ ان تفرقات کی آگ کو ہوا دیتے ہیں۔ ان کے اعلیٰ دماغ بڑی محنت کے ساتھ مسلمانوں میں موجود مختلف فرقوں، مسالک اور مختلف نقطہ ہائے نظر رکھنے والے طبقات سے متعلق تحقیقات کرتے ہیں، پھر مسلمانوں کی صفوں میں گھس کر ان کے مابین اختلافی امور کو ہوا دیتے ہیں اور نفرتوں اور عداوتوں کے بیج بوتے ہیں۔''[30] عالم اسلام ایک طویل عرصہ سے فرقہ واریت کی لپیٹ میں ہے جس نے مسلمانوں کو بے حد نقصان پہنچایا ہے۔ اس وقت مسلمانوں کو جوڑنے والی قوتیں بہت کمزور اور توڑنے والی قوتیں بہت طاقتور ہیں۔ طاقتور قوتوں کے پیچھے عالمی قوتیں کھڑی ہیں اس فرقہ پرستی کا شاخسانہ یہ نکلا ہے کہ اب مساجد بھی جن کو امن وسلامتی کا مرکز کہا جاتا ہے محفوظ نہیں۔ فرقہ واریت کی جڑیں ہمارے معاشرے میں اس قدر گہری ہیں کہ موجودہ حالات میں اس کا توڑ کرنا نا ممکن دکھائی دے رہا ہے اور اوپر سے سوشل میڈیا کے ذریعے بعض انتہا پسند مذہبی عناصر اپنے اپنے مسالک کے حق میں سادہ لوح پاکستانیوں کو عجیب وغریب مذہبی کنفیوژن میں مبتلا کیے رکھتے ہیں۔فرقہ واریت کے حوالے سے ڈاکٹر طاہر القادری کی تحریر ملاحظہ فرمائیں: '' یہ حقیقت ہے کہ وحدت ملی کے تصور کو فرقہ پرستی کے ہاتھوں ناقابل تلافی نقصان پہنچا ہے اور پہنچ رہا ہے۔ یہ لعنت ہماری زندگی کے لیے زہر ہلاہل کا درجہ رکھتی ہے، لیکن اس سے بڑھ کر ظلم یہ ہے کہ ہم نے اپنے علمی اختلافات ونزاعات کا موضوع بھی ذات مصطفیٰﷺ کو بنا لیا ہے۔''[31]

ہمارے ملک میں سب سے زیادہ تعداد میں دو مسالک کے افراد آباد ہیں، یعنی شیعہ اور سنی۔ دونوں مسالک کے اختلافات کو خون ریزی کی حد تک پہنچا دینا بھی مغربی قوتوں کا شاخسانہ ہے، انہی قوتوں کے ہاتھ عراق میں بھی شیعہ سنی فسادات کے پیچھے تھے۔ مغرب نے سعودی عرب کو اس خوف میں مبتلا کر رکھا ہے کہ اگر سعودی عرب کے تیل پیدا کرنے والے مشرقی حصے میں کوئی شیعہ انقلاب آ گیا تو سعودی عرب کے استحکام خصوصاً اس کے تیل کے ذخائر کو خطرہ لاحق ہو جائے گا، اسی طرح کا خوف مغربی میڈیا نے ایک پالیسی کے تحت پیدا کر رکھا ہے جو کہ سالہا سال سے اس شیعہ سنی عنصر کے ذریعے رخنہ پیدا کرنے کے لیے کوشاں ہے، چنانچہ اس نے عراق میں اسے بڑے برے انداز میں استعمال کیا، جس کے نتیجے میں ہزاروں کی تعداد میں اندوہناک اموات ہوئیں، حتی کہ مقدس بارگاہوں پر حملوں کے واقعات رونما ہوئے۔

نتیجہ گیری

آج مسلم اقوام تاریخ کے نازک ترین دور سے گزر رہی ہیں، مغربی تہذیب کے اثرات نے مسلم معاشروں میں ایک سنگین بحران پیدا کر دیا ہے۔ مغربی طاغوتی اور استعماری طاقتوں نے تین سو سال تک مسلمانوں پر حکمرانی کی، اس عرصہ کے دوران ان کی روحانی، اخلاقی ومعاشرتی اقدار کو کچلنے میں کوئی کسر نہ چھوڑی۔ انہیں ذہنی غلام بنانے کے لیے استعمار نے اپنے زیر تسلط علاقوں میں مخصوص تعلیمی پالیسی کا اجراء کیا، تا کہ ان علاقوں میں ان کے مفادات کا تحفظ ہو سکے۔ طاغوتی اور فرعونی استعمار کی اس تباہ کن حکمت عملی سے مسلمان ممالک بالخصوص افریقہ، مصر، عرب، برصغیر پاک وہند، ملائشیا اور انڈونیشیا وغیرہ تک مغربی تہذیب مسلط کرنے کی منظم کوشش کی گئی۔ اس حقیقت سے انکار نہیں کیا جا سکتا کہ بیسویں صدی کے نصف اوّل میں ہی بیشتر اسلامی ممالک آزاد ہوئے، لیکن ذہنی غلامی کا طوق جوں کا توں رہا۔ بقول محمد شریف سیالوی: '' مغربی تہذیب کی ظاہری چمک دمک سے متاثر ہو کر ہماری نوجوان نسل نے اس کی طرف سرپٹ دوڑنا شروع کر دیا ہے۔ قومی سطح پر ہم اپنے تہذیبی وتمدنی ورثہ کو محفوظ رکھنے میں مجرمانہ غفلت کے مرتکب ہو رہے ہیں۔ تہذیب مغرب کے بے پناہ مضر اثرات کے باعث خودمغربی اقوام بھی چلا اٹھی ہیں اور ان کا باشعور اہل فکر ونظر طبقہ اس تہذیب کے ہاتھوں تباہی کی پیشگوئیاں کر رہا ہے۔ تہذیب مغرب کے ارتقاء میں مسلمان حکماء اور سائنس دانوں کا بہت بڑا حصہ ہے۔ اکثر مغربی مؤرخین یونان، رومن سلطنت اور عیسائی مذہب کے بعد جست لگا کر نشاۃ ثانیہ اور صنعتی انقلاب کو زیر بحث لاتے ہیں اور دیدہ دانستہ مسلمانوں کے کارناموں اور علمی کردار کو نظر انداز کر دیتے ہیں۔''[32] اس

تناظر میں مغربی تہذیب کے رجحانات اور اثرات کو پہچاننا اور ان کا سدّباب بہت ضروری ہے۔ اگر ہم ایسا کرنے میں ناکام رہے تو پھر بقول شاعرع "تمہاری داستاں تک بھی نہ ہو گی داستانوں میں۔"

*****

حوالہ جات

1۔مولوی نور الحسن، نیئر، *نور اللغات* ، ج4(اسلام آباد، نیشنل بک فاؤنڈیشن، 1959ء) ، 702۔
2۔مولانا ابو طاہر، محمد صدیق، *مذاہب عالم کا جامع انسائیکلو پیڈیا*(کراچی، ادارۃ القرآن والعلوم الاسلامیہ ،2006ء) ،121۔
3۔ڈاکٹر محمد، امین، *اسلام اور تہذیب مغرب کی کشمکش*(لاہور، کتاب محل، 2018ء) ،19۔
4۔سید قطب، شہید، *اسلام اور مغرب کے تہذیبی مسائل* "اردو مترجم ساجد الرحمان صدیقی"(لاہور، مکتبہ تعمیر انسانیت، 1986ء) ،144۔
5۔ پروفیسر ڈاکٹر انیس، احمد،امریکی سامراجیت اور مسلمان، *مجلہ مغرب اور اسلام*، رسالہ30 (دسمبر2006ء) : 3۔
6۔سعدیہ، رؤف، *مغربی استعمار اور عالم اسلام*، (لاہور، کتاب محل داتا دربار مارکیٹ ، 2018ء) ، 214۔
7۔مولانا عاصم، عمر، ادیان کی جنگ، *دین اسلام یا دین جمہوریت*(ش ن ، ادارہ حطین، 1434ھ) ،159۔
8۔سید ابو الاعلیٰ، مودودی، *تنقیحات*(لاہور، اسلامک پبلی کیشنز،2004ء) ، 38۔
9۔مفتی محمد تقی، عثمانی، *اسلام اور سیاسی نظریات*(کراچی، مکتبہ معارف القرآن، 2010ء) ،80۔
10۔ رؤف، *مغربی استعمار اور عالم اسلام*، 191۔
11۔ڈاکٹر علامہ محمد، اقبال، *ضرب کلیم*، کلیات اقبال(لاہور، رابعہ بک ہاؤس،2012ء) ،530۔
12۔خرم، مراد، *مغرب اور عالم اسلام*(لاہور، منشورات، 2006ء) ،192۔
13۔ڈاکٹراسرار، احمد، *خلافت کی حقیقت اور عصر حاضر میں اسلام کا نظام*(لاہور، مکتبہ خدام القرآن،1996ء) ،65۔
14۔ رؤف، *مغربی استعمار اور عالم اسلام*، 180۔
15۔ امین، *اسلام اور تہذیب مغرب کی کشمکش*، 40۔
16۔مراد، *مغرب اور عالم اسلام*،88۔
17۔مریم، خنساء، *مسلمانوں کا فکری اغواء*(لاہور، دارا لکتب السلفیہ ، 1426ھ) ،143۔
18۔ امین، *اسلام اور تہذیب مغرب کی کشمکش*،44۔
19۔ ابن ماجہ محمد بن یزید القزوینی، ابو عبداللہ، *سنن ابن ماجہ*، ج3 (لاہور، مکتبہ العلم، 2015ء) ،311، رقم الحدیث24۔
20۔محمد مبشر، نذیر، *الحاد جدید کے مغربی اور مسلم معاشروں پر اثرات*(کراچی، دارالتحقیق جامعہ کراچی، 2014ء) ،25۔
www.mubashirnazir.org
21۔ ڈاکٹر حافظ محمد، زبیر، مضمون فقہ اسلامی اور مستشرقین، *سہ ماہی حکمت قرآن*، لاہور، جلد33، شمارہ 3(2014ء): 67۔
22۔ خنساء، *مسلمانوں کا فکری اغواء*، 299۔
23۔اوریا مقبول، جان، *ریڑھ کی ہڈی*، حرف راز، ج2 (لاہور، سنگ میل پبلی کیشنز، 2010ء) ،29۔

24۔مودودی، *تنقیحات*،37۔
25۔سلیم منصور، خالد، *روشن خیال تعلیم*(منصورہ لاہور، ترجمان القرآن، 2005ء) ،84۔
26۔ابو عمار زاہد، الراشدی، *اسلام اور انسانی حقوق اقوام متحدہ کے عالمی منشور کے تناظر میں*(لاہور، کتاب سرائے، 2011ء) ، 99۔
27۔ رؤف، *مغربی استعمار اور عالم اسلام*،218۔
28۔ ملک ڈاکٹر، سعید احمد، *خون مسلم ارزاں ہے*(لاہور، جاوید پبلشرز، 2003ء) ،225۔
29۔اسرار، الحق، *اسلام اور مغرب کا تصادم*(لاہور، کتاب سرائے، 2016ء) ،17۔
30۔میر بابر، مشتاق، *امریکی دہشت گردی تاریخ اور اثرات*(کراچی، عثمانی پبلی کیشنز، 2012ء)، 271۔
31۔ ڈاکٹر محمد طاہر، القادری، *فرقہ پرستی کا خاتمہ کیونکر ممکن*(لاہور، منہاج القرآن پبلیکیشنز، 2001ء) ، 25۔
32۔ ڈاکٹرمحمد شریف، سیالوی،اسلام اور تہذیب مغرب ایک تجزیہ،*مجلہ تحقیق*،جلد22، شمارد 66(2000ء-2001ء)،: 63۔

Bibliography

1) Abu Abdillah, Ibn Majah, Muhammad b. Yazid, al-Qazwini, Sunan Ibn Majah, Lahore: Maktaba al-Ilm, 2015.
2) Ahmad, Dr. Asrar, Khilafat ki Haqiqat aur Asr-e Hazir may Islam ka Nizām, Lahore: Maktaba Khuddām al-Quran, 1996.
3) Ahmad, Prof. Dr. Anees, Americi Samarajiyat aur Musalmān, Journal Maghrib aur Islam, issue 30 (Dec. 2006)
4) Al-Haq, Asrar, Islam aur Maghrib ka Tasadum, Lahore: Kitab Saraye, 2016.
5) Al-Qadri, Dr. Muhammad Tahir, Firqah Parsti ka Khatima Kiyunkr Mumkin, Lahore: Mihaj al-Quran Publications, 2001.
6) Al-Rashidi, Abu Ammar Zahid, Islam aur Insani Hoqūq: Aqwām-e Mottahida key Alami Manshoor key Tanazur may, Lahore: Kitab Saraye, 2011.
7) Ameen, Dr. Muhammad, Tahzeeb-e Maghrib ki Kashmakash, Lahore: Kitab Mahal, 2018.
8) Iqbal, Dr. Allama Muhammad, Dharb-e Kaleem, Lahore: Rabia' Bokk House, 2012.
9) Jan, Oriya Maqbool, Ridh ki Haddi: Harf-e Rāz, Lahore: Sang-e Meel Publications, 2010.
10) Khalid, Salim Mansur, Roshan Khayal Taleem, Lahore: Tarjumān al-Quran, 2005
11) Khansā, Maryam, Musalmanon ka Fikri Aghwā, Lahore: Dar al-Kutub al-Salfiyah, 1426/
12) Maududi, Sayyed Abu al-Ala, Tanqihāt, Lahore: Islamic Publications, 2004.
13) Muhammad Siddique, Maolana Abu Tahir, Mazahib-e Alam ka Jame' Encyclopedia, Karachi: Idara al-Quran wa al-Ulūm al-Islamiyyah, 2006.
14) Murād, Khurram, Maghrib aur Alam-e Islam, Lahore: Manshorāt, 2006
15) Mushtaq, Mīr Babar, Americi Dehshatgardi: Tarikh wa Athrāt, Karachi: Uthmani Publications, 2012.
16) Nayyar, Maolawi Noor al-Hasan, Noor al-Lughāt, Islamabad: National Book Foundation, 1959.

17) Nazir, Muhammad Mubashshir, Ilhād-e Jadīd key Maghribi aur Muslim Mua'shiron pr Asrāt, Karachi: Idara al-Tahqīq Jamia' Karachi, 2014
18) Omar, Maolana Asim, Adyan ki Jhang: Dīn-e Islam ya Dīn-e Jamhoriyyat, Idara Hateen, 1434/
19) Rauf, Sadia, Maghribi Iste'mār aur Alam-e Islam, Lahore: Kitab Mahal, 2018
20) Saei'd Ahmad, Malik Dr., Khoon-e Muslim Arzān hy, Lahore: Javed Publishers, 2003.
21) Sayyalawi, Dr. Muhammad Sharif, Islam aur Tahzeeb-e Maghrib: Aik Tajziya, Journal Tahqīq 22, no. 66 (2000-2001).
22) Shahīd, Sayyed Qutub, Islam aur Maghrib key Tahzibi Masae'il, Trans. Sajiddur Rahman Siddiqui, Lahore: Maktaba Tameer-e Insaniyyat, 1986.
23) Uthmani, Mufti Muhammad Taqi, Islam aur Siyasi Nazriyat, Karachi: Maktaba Maā'rif al-Quran, 2010.
24) Zubair, Dr. Hafiz Muhammad, Mazmoon Fiqh-e Islami aur Mushtashriqīn, Quarterly Hikmat-e Quran 33, no. 3 (2014).

(برصغیر کے ماثور تفسیری ادب کے تناظر میں)

مکالمہ بین المذاہب کے اصول

PRINCIPLES OF INTERFAITH DIALOGUE

(In the Context of TAFSEER-MASOOR Literature of the Subcontinent)

Muhammad Ansar Javed
Prof. Dr. Hafiz Mahmood Akhtar

ABSTRACT

Dialogue is a type of discussion which involves the speaker and the listener. In such a discussion, realities and truth are directly and clearly revealed. In this article, the importance of the dialogue among religions has been highlighted. This article attempts to solve the issue of the dialogue among religions by bringing in the following ponts found in the sub-continental literature of Tafsir-e-Mathur; respect, respect for humanity and religious dignitaries; preservation of the places of worship; avoidance of comparision between religious leader; respect for sacred books, fulfillment of accords; justice and equality; mutual cooperation; religious tolerance; non-aggression, and so forth.

Key Words: *Dialogue, principles, religions, tafsir, Mathur.*

خلاصہ

مکالمہ، گفتگو کا ایسا سلیقہ ہے جس میں متکلم اور مخاطب کے درمیان براہِ راست گفتگو ہوتی ہے۔ حقائق سے پردہ اٹھتا ہے اور سچائی نکھر کر سامنے آجاتی ہے۔ اس مقالہ میں بین المذاہب مکالمہ کی اہمیت کو اجاگر کرتے ہوئے اس کے بنیادی اصولوں کو بیان کیا گیا ہے۔ احترامِ انسانیت ، مذہبی شخصیات کا احترام، عبادت گاہوں کا تحفظ، مذہبی راہنمایاں میں تقابل سے اجتناب کرنا، کتبِ مقدسہ کا احترام، معاہدات کی پاسداری، عدل و انصاف، مساواتِ انسانی، دعوتِ حق، باہمی تعاون، مذہبی رواداری، عدمِ تشدد، دعوتی اسلوب وغیرہ کو برصغیر کے ماثور تفسیری ادب کی روشنی میں مکالمہ بین المذاہب کے بنیادی اصول کے طور پر بیان کیا گیا ہے۔

کلیدی کلمات: مکالمہ، اصول، مذاہب، تفسیر، ماثور۔

تفسیر بالماثور کا اصطلاحی مفہوم

۱۔ تفسیر کا سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ قرآنی آیات کی تفسیر خود قرآنی

آیات سے کی جائے، جیسا کہ علامہ ابن تیمیہ اپنی تحریر میں فرماتے ہیں کہ تفسیر کے لیے بہترین طریقہ یہ ہے کہ قرآن کی تفسیر خود قرآن سے کی جائے، کیونکہ قرآن میں اگر ایک جگہ اجمال سے کام لیا گیا ہے تو دوسری جگہ اس کی تفصیل کر دی گئی ہے اور اگر کہیں ابہام ہے تو دوسری جگہ اس کی تشریح و توضیح مل جاتی ہے۔[1]

۲۔ اگر کسی آیت کی تفسیر قرآن میں نہ مل سکے تو تفسیر کا سب سے عمدہ طریقہ یہ ہے کہ اس کو رسول اللہ کی سنت میں تلاش کیا جائے، جیسا کہ ابن تیمیہ اپنی تفسیر میں لکھتے ہیں کہ کہ اگر اس میں کامیابی نہ ہو تو ہر سنت کی طرف رجوع کرو، کیونکہ وہ قرآن کی شرح اور اس کی وضاحت کرتی ہے، بلکہ امام شافعی یہاں تک فرماتے ہیں کہ رسول ا □ کا دیا ہوا ہر حکم قرآنی حکم ہی کے زمرہ میں شامل ہے۔[2]

۳۔ تفسیر القرآن باقوال الصحابہ والتابعین امام ابن تیمیہ فرماتے ہیں:''جب تفسیر نہ قرآن میں ملے اور نہ سنت میں تو پھر ہمیں اقوالِ صحابہ کی طرف رجوع کرنا ہے، کیونکہ وہی قرآن کی زندہ تفسیر رسول اللہﷺ کی زندگی کے عینی شاہد تھے اور ان احوال و ظروف اور اسباب سے بخوبی واقف تھے، جس میں قرآن کا نزول ہوا ہے۔''[3]

مکالمہ کا لفظی معنی

کَالَم یکالم مُکَالَمَۃ، گفتگو کرنا۔ ◌َمکَالَمَ الرَّجُلَانِ، جدائی کے بعد گفتگوں کرنا، کہا جاتا ہے: ''کانا مُتَصَارِمَیْنِ فَأَصْبَحَا یَتَکَالَمَانِ '' دونوں ایک دوسرے کو چھوڑے ہوئے تھے، پھر گفتگو کرنے لگے، اس موقعہ پر ''یَتَکَالمَانِ'' ہی کہا جائے گا۔ ''یَتَکَلمَانِ'' نہیں۔[4] اصطلاح میں مکالمہ گفتگو کا ایسا سلیقہ و طریقہ ہے جس میں متکلم اور سامع و مخاطب کے درمیان براہِ راست گفتگو ہوتی ہے اور حقائق سے پوری طرح پردہ اٹھتا ہے اور سچائی پوری طرح نکھر کر سامنے آتی ہے، اب یا تو مخاطب مد مقابل کے موقف کو قبول کر لیتا ہے یا پھر دلائل کی بنیاد پر رد کر دیتا ہے۔ یہ مکالمہ افراد کے مابین ہوسکتا ہے اور مختلف مذاہب و مسالک کے درمیان بھی۔

برصغیر کا ماثور تفسیری ادب اور مکالمہ بین المذاہب کی ضرورت و اہمیت

برصغیر کا خطہ ہر اعتبار سے زرخیز علاقہ ہے۔ اسی طرح مذہبی اعتبار سے بھی یہ زرخیز علاقہ ہے جس میں مذاہب عالم کے بڑے بڑے مذاہب نے اپنے اپنے مراکز قائم کیے۔ مثلاً اسلام، ہندو مت، سکھ مت، عیسائی وغیرہ وغیرہ۔

برصغیر چونکہ ایک مذہبی رنگ سے مزین علاقہ ہے، لہٰذا برصغیر کے باشندوں کو مکالمے کے ذریعے قریب لانے کا اور ایک دوسرے کے موقف کو

دلائل سے سننے کا موقع ملتا ہے۔ برصغیر کا ماثور تفسیری ادب بیسویں صدی سے قبل بھی تھا، لیکن خصوصاً خانوادہ شاہ ولی اللہ نے اردو ماثور تفسیری ادب میں نمایاں کردار ادا کیا ہے۔ تفسیر موضح القرآن از شاہ عبدالقادر ، حمائل التفسیر از ڈاکٹر عبدالحکیم، ترجمان القرآن از نواب صدیق حسن خان، تفسیر حقانی از مولانا عبدالحق حقانی، تفسیر مواہب الرحمن از سید امیر علی ملیح آبادی، بیان القرآن از مولانا اشرف علی تھانوی وغیرہم نے ماثور تفسیری ادب کے ذریعہ مکالمہ بین المذاہب کے اصول و ضوابط متعین کیے ہیں اور اس کی اہمیت کو اجاگر کیا ہے۔

عربی زبان میں مکالمے کے لیے ''حوار'' کا لفظ منقول ہے، یعنی گفتگو اور جوابِ گفتگو ، جیسا کہ قرآنِ کریم میں مذکور ہے:قَدْ سَمِعَ اللّٰهُ قَوْلَ الَّتِيْ تُجَادِلُكَ فِيْ زَوْجِهَا وَ تَشْتَكِيْۤ اِلَى اللّٰهِ ۖۗ وَ اللّٰهُ يَسْمَعُ تَحَاوُرَكُمَا ۚ اِنَّ اللّٰهَ سَمِيْعٌۢ بَصِيْرٌ (1:58) ترجمہ: ''بے شک اللہ نے اس عورت کی بات جو اپنے شوہر کے معاملے میں تم سے تکرار کر رہی ہے اور اللہ سے فریاد کیے جاتی ہے، اللہ دونوں کی گفتگو سن رہا ہے، وہ سب کچھ سننے اور دیکھنے والا ہے۔''قرآن کریم میں آیا ہے: قَالَ لَهُ صَاحِبُهُ وَهُوَ يُحَاوِرُهُ (37:18) ترجمہ:''ایک دن جبکہ وہ اپنے دوست سے باتیں کر رہا تھا۔''

یہ بات روزِ روشن کی طرح عیاں ہے کہ گلوبلائزیشن (Globelizetion) کے اس دور میں بین المذاہب مکالمہ (Dialogue Inter- Feith) کی ضرورت و اہمیت پہلے کی نسبت کہیں زیادہ بڑھ چکی ہے۔ باہمی مکالمہ ہی وہ واحد آپشن ہے جس سے کسی بھی مذہب کا داعی مخاطب کو اپنی دعوت کی طرف متوجہ کر سکتا ہے۔ مکالمہ بین المذاہب دعوت کا ایسا اسلوب ہے جس کے ذریعے مخاطب کو زیادہ گہرائی اور سنجیدگی کے ساتھ سوچنے پر مجبور کیا جا سکتاہے۔اس موضوع نے مختلف انداز اختیار کیے ہیں، لیکن جدید دور میں اسے جس قدر شہرت ملی ہے اور جس اہتمام کے ساتھ اس سلسلے میں کام ہو رہا ہے۔ شاید قدیم دور میں اس قدر منظم انداز سے بین الاقوامی سطح پر کام نہ ہوا ہو۔ مشرق و مغرب میں لا تعداد تنظیمیں اس سلسلے میں سرگرم عمل ہیں اور عالمِ اسلام میں بھی ایک امن پسند اور وسیع القلبی کی کافی سرگرمی اور جدو جہد دیکھی جا رہی ہے۔ رسائل و جرائد کے علاوہ مستقل کتابیں لکھی جا رہی ہیں۔

کبھی کبھی مختلف افراد کے افکار کے مابین پائے جانے والے اختلافات و تضادات ابھر کر سامنے آجاتے ہیں تو ایسی صورت میں انسان کی ذات میں موجود فکری انتشار ختم کرنے اور انسانی گروہوں کو ایک دوسرے کے قریب لانے کے لیے مکالمہ اپنا مؤثر کردار ادا کرتا ہے، یہی نہیں بلکہ مکالمہ ایک دوسرے کو سمجھنے اور ایک دوسرے کی بات جاننے میں ممد و معاون ثابت ہوتا ہے۔ اور جہاں تک ہر احسن انداز سے زندگی گزارنے کی بات کی ہے تو

قرآن تو واضح طور پر اعلان کرتا ہے، جیسا کہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:وَإِن جَنَحُواْ لِلسَّلْمِ فَاجْنَحْ لَهَا وَتَوَكَّلْ عَلَى اللّهِ (61:8) ترجمہ: ''اگر دشمن صلح و سلامتی کی طرف مائل ہو تو تم بھی اس کے لیے آمادہ ہو جاؤ اور اللہ پر بھروسہ کرو۔'' اور اسی طرح مشترکات پر عمل کر کے امن کی فضا کو پیدا کیا جا سکتا ہے۔ مذہبی رواداروں کو فروغ حاصل ہوتا ہے۔ دعوتِ اسلام کو عالمگیر دعوت بنایا جا سکتا ہے۔ عصرِ حاضر میں مذاہب عالم میں عملی طور پر صرف عیسائیت روم میں اور تبلیغی مذاہب میں دیگر تمام مذاہب کا دائرہ کار کسی خاص علاقے یا نسل تک محدود ہے جس کے ساتھ عیسایت کی عالمگیر دعوت اور اشاعت بھی حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تعلیم کے منافی ہے، حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا بیان ہے، اور میں بنی اسرائیل کے گھرانے کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے سوا اور کسی کے پاس نہیں بھیجا گیا۔[5]

اسی طرح حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے جب بارہ نقیب مقرر فرمائے اور ان کو مختلف علاقوں کی طرف دعوت و تبلیغ کے لیے روانہ فرمایا تو بطور خاص ان کو تلقین فرمائی:..... قوموں کی طرف نہ جانا اور سامریوں کے کسی شہر میں داخل نہ ہونا بلکہ اسرائیل کے حکمران کی کھوئی ہوئی بھیڑوں کے پاس جانا۔[6] جبکہ اسلام ایک عالمگیر مذہب ہے تو اس کی دعوت کو عالمگیر بنانے کے لیے مکالمہ بین المذاہب کا ہونا نہایت ضروری ہے اور اس کے علاوہ اسلام کے متعلق مغرب کے تحفظات کو مکالمہ بین المذاہب کے ذریعے دور کیا جا سکتا ہے اور دیگر مذاہب کے بے شمار خدشات کو بھی نمٹایا جا سکتا ہے اور مزید اقلیتوں کے حقوق کا تحفظ ممکن ہو سکتا ہے اور مسلمانوں پر جھوٹے پراپیگنڈہ اور دہشت گردی جیسے الزامات کو مکالمہ بین المذاہب کے ذریعے دور کیا جا سکتا ہے۔

یہ ایک تاریخی حقیقت ہے کہ تمام انبیاء کی تعلیمات آج اپنی اصل زبانی و شکل میں موجود نہیں ہیں سوائے خاتم المرسلین کی تعلیمات اور خاص طور پر قرآنِ مجید کے جو ایک طویل عرصہ گزر جانے کے باوجود اپنی اصل شکل میں موجود و محفوظ ہے۔ شاہ ولی اللہ نے اپنی مشہور کتاب ''الفوز الکبیر'' میں قرآن مجید کے مضامین و مطالب کو پانچ علوم میں تقسیم کیا ہے: (۱) علم الاحکام (۲) علم التذکیر بالراء (۳) علم التذکیر بایام اللہ (۴) علم التذکیر بالموت وما بعد الموت (۵) علم مخاصمہ۔[7]

علم مخاصمہ وہ ہے جس میں اللہ تعالیٰ نے کفار، مشرکین، منافقین، یہود اور نصاریٰ سے پرزور مکالمہ کیا۔ مکالمہ بین المذاہب کی اہمیت کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ خود خالق کائنات کی سنت ہے کہ اس نے اپنی کتاب کے آغاز کا ایک بہت بڑا حصہ دوسرے مذاہب کے ساتھ مکالمے میں صرف کیا ہے۔

تجزیہ

چنانچہ سورۃ بقرہ کے اکثر مضامین اسی موضوع سے تعلق رکھتے ہیں۔ اہلِ کتاب اور منافقین کے ساتھ مکالمہ سورۃ آل عمران سمیت مدنی سورتوں میں اکثر موجود ہے۔ جبکہ مکی سورتوں میں مشرکین اور کفار کے ساتھ مکالموں پر محیط ہیں۔ قرآنِ مجید کا مکالمہ بین المذاہب کا آغاز لفظ قل سے ہوتا ہے جس میں اللہ تعالیٰ اپنے نبی کو حکم دیتا ہے کہ ان سے کہیے، مثلاً جب کفار مکہ نے نبی اکرمﷺ کو پیشکش کی، ایک سال تم ہمارے معبودوں کی پوجا کر لو اور ایک سال ہم تمہارے خدا کی پوجا کر لیں گے تو سورۃ کافرون تمام کی تمام ہی دراصل مکالمہ ہی ہے، اس میں فرما دیا گیا ہے کہ قطعاً ایسا ممکن نہیں، میں تمہارے خداؤں کی پوجا ہرگز نہ کروں گا اور تم میرے خدا کی پوجا کرنے والے نہیں، سو پس تمہارے لیے تمہارا دین اور میرے لیے میرا دین۔ اس کے علاوہ اللہ تعالیٰ کی ذات کے متعلق جب اہلِ مکہ نے استفسار کیا تو اللہ تعالیٰ نے سورۃ اخلاص میں اپنا تعارف کرایا۔ اسی طرح توحید کے متعلق بہت سے خلجانات جو اہلِ مکہ کے ذہن میں تھے، ان کو مکالمہ بین المذاہب کے ذریعے قرآنِ کریم نے بیان کیا (اور فرمایا یہ نطفہ جو)

مکالمہ بین المذاہب کے مقاصد

ایک عرب سکالر کے بقول:''فضیلہ اخلاقیہ وحاجۃ طبیبیۃ و ضرورۃ إنسانیۃ.''[8]''جو ایک اخلاقی فضیلت، طبعی حاجت اور انسانی ضرورت ہے۔'' اس کے کچھ مقاصد ہیں، جو درج ذیل ہیں:

۱۔ متوسط راہ عمل اپنانا جو طرفین کے لیے قابلِ عمل ہو۔

۲۔ طرفین/ اطراف کے وجیہات نظر کا تعارف حاصل کرنا۔

۳۔ مختلف موجود حاصل شدہ (Eveilitle) آراء اور تصورات کا مکمل استیصاء اور استقرار، تاکہ اس سے افضل اور ممکن نتائج تک رسائی حاصل ہو جائے جو طرفین یا مشارکین کے ہاں مسلم ہوں اور مشکلات کے حل میں اساس کا کام دے سکیں اور محبت و انس کا ذریعہ بنیں۔

۴۔ مکالمہ کے اہداف و مقاصد میں سے ایک حق کا وضاحت اور اس پر برہان و دلیل قائم کرنا ہے، کہ اس سلسلے میں کوئی ابہام باقی نہ رہے اور یہ حکمِ الٰہی بھی ہے: "هَاتُوْا بُرْهَانَكُمْ اِنْ كُنْتُمْ صَادِقِيْنَ" (111:2) ترجمہ: ''کہ دلیل پیش کرو اگر تم سچے ہو۔''

۵۔ حق کے اظہار اور قبول کرنے میں جو حائل شبہات ہیں ان کو علمی انداز سے زائل کرنا، جیسے اللہ تعالیٰ نے حکمت و دانائی سے تعمیر فرمایا ہے: ''اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت و دانائی اور موعظت و نصیحت کے ساتھ بلائے۔'' (125:27)

٦۔ فساد و افتراق اور بد امنی کے اصل اسباب کی تلاش۔
۷۔ امن و سلامتی کے حصول کے لئے۔

الغرض: مندرجہ بالا اہداف و مقاصد کے حصول کے لیے مکالمہ بین المذاہب ..... ضروری ہے، جو تمام مذاہب کے پیروکاروں کی یکساں ضرورت ہے۔ اس گلوبل ویلج میں سیاسی، اقتصادی، فکری و اخلاقی اور مذہبی و سماجی ہر طرح ظلم و تعدی اور عدمِ اطمینان کے علاج کے لیے مکالمہ بین المذاہب کو بطور ڈھال (Tool) استعمال کرنا چاہیے۔

مکالمہ بین المذاہب کے اہم اصول اور ماثور تفسیری ادب

مکالمہ بین المذاہب کے اصول درج ذیل ہیں:

مکالمہ بین المذاہب کے متفقات

قطع نظر اس کے ہر مذہب کے پیروکار اپنی روزہ مرہ زندگی میں کسی طرح اس پر عمل پیرا ہوتے ہیں۔ مذہب بالعموم، پیار، محبت، باہمی احترام، رواداری، عفو و درگزر، خدا ترسی، انسانی حقوق کی پاسداری، امن آشتی یا بھائی چارے، آرزوؤں جیسا اقدار کو اولیت دیتا ہے، ان میں اکثر اقدار کو حضرت موسیٰ علیہ السلام ، حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور محمدﷺ کے پیغام میں نمایاں یکسانیت حاصل ہے اور اس کے ساتھ ساتھ بدھا، زرتشت، لاؤزو، کنفیوشش اور ہندوؤں مذہب کے پیغامات میں بھی ہے۔

مکالمہ بین المذاہب برائے امن

اگرچہ اسلام ایک امن پسند اور وسیع القلبی کا درس دینے والا دین ہے۔ دوسروں کے ساتھ امن و امان کے ساتھ رہنے کا داعی ہے۔ نبی آخر الزمان پیغمبر کے فرمان کے مطابق جیسا کہ آپ نے ارشاد فرمایا:''اَلْمُؤْمنُ مَنْ اَمِنَهُ النَّاسَ'' [9] یعنی: '' مومن وہ ہے جس سے دوسرے لوگوں کو امن ملے۔''

معذرت خواہانہ رویہ سے اجتناب

اصول رواداری قرآنِ مجید اس سلسلے میں بڑا حساس ہے کہ دیگر مذاہب سے پر امن فضا قائم کرنے کی خاطر اسلام، مسلمانوں اور امت اسلامیہ کے وقار اور عظمت و عزت پر آنچ نہ آنے پائے دوسروں سے رواداری اور وسعتِ قلب کا رویہ اختیار کیا جائے، لیکن اس کا یہ مطلب ہر گز نہیں کہ مسلمان ایسا طرز عمل اختیار کر لیں جو اسلام یا مسلمانوں کی بے توقیری کا باعث بن جائے۔ اسلام کی عظمت اور وقار ملحوظ رکھتے ہوئے مکالمہ بین المذاہب کرنا چاہیے۔ معذرت خواہانہ رویے سے احتراز کرنا چاہیے اور اگر مسلمان اسلام کی معذرت خواہانہ تعبیر کر کے اس کی عظمت و وقار کو گرانے کا سبب بنیں گے تو مسلمان ایک ایسے جرم کے مرتکب ہوں گے جس پر وہ بڑی سخت دنیوی و اخروی سزا کے حق دار ٹھہریں گے۔

گویا مکالمہ بین المذاہب ضرور کیا جائے لیکن دوسروں کی خوشی کی خاطر اپنے دین سے دُور از کار تاویلات نہ کی جائیں۔ یہ بات مشاہدے میں آرہی ہے کہ دوسرے مذاہب والوں سے دوستی پیدا کرنے کے لیے اسلام اور دیگر مذاہب کے ایسے مشترک پہلو اور مشترکہ انداز کھینچ تان کر تلاش کیے جا رہے ہیں جو بالکل خود ساختہ ہیں، ان تاویلات کے پس منظر میں دوسروں سے مرعوبیت کی مثال تو واضح طور پر محسوس ہو رہی ہے۔ قرآنِ مجید اس سلسلے میں بڑا حساس ہے کہ مکالمہ بین المذاہب کے عمل سے اللہ کے دین کی عظمت پر آنچ نہ آنے پائے، ان کے لیے یہ قطعاً روا نہیں کہ اپنی زندگی کو آسان اور محفوظ بنانے کے لیے اپنی عزتِ نفس کو ملحوظ رکھے بغیر ان لوگوں سے دوستی کرنے لگ جائیں اور مرعوبیت کا شکار ہو جائیں۔ جن کے بارے میں قرآن نے واضح طور پر کہا ہے کہ وہ تمہارے دوست نہیں ہو سکتے اور تم ان سے دوستی نہ کرو، جیسا کہ قرآن مجید میں ارشادِ ربانی ہے:يَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُواْ لاَ تَتَّخِذُواْ الْيَهُودَ وَالنَّصَارَى أَوْلِيَاءَ بَعْضُهُمْ أَوْلِيَاءُ بَعْضٍ وَمَن يَتَوَلَّهُم مِّنكُمْ فَإِنَّهُ مِنْهُمْ إِنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الظَّالِمِينَ (51:5) ترجمہ: ''اے ایمان والو! یہود و نصاریٰ کو دوست نہ بناؤ وہ آپس میں ایک دوسرے کے دوست ہیں اور جو کوئی شخص تم میں ان سے دوستی کرے، بلاشبہ وہ ان میں سے ہی ہے ، بے شک اللہ ظالم قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔''

مذکورہ آیت کی تفسیر میں تفسیر انوار البیان میں تفسیر بالماثور کو اپناتے ہوئے مصنف نے یہود و نصاریٰ سے دوستی کرنے کی ممانعت کے عنوان کے تحت تفسیر معالم السنۃ ، ج: 2،ص: 44، اور تفسیر ابن کثیر، ج: 2، ص: 68 حوالہ سے لکھا ہے کہ''حضرت عبادہ بن صامہ جو انصار کے قبیلہ خزرج میں سے تھے، انھوں نے عرض کی کہ یا رسول اللہ! یہودیوں میں میرے بہت سے دوست ہیں جن کی تعداد کثیر ہے۔ میں ان کی دوستی سے بیزاری کا اعلان کرتا ہوں..... الخ۔''[10]

یعنی ان سے دوستی نہ لگاؤ، بلکہ اپنے موقف کو عزت و وقار کے ساتھ بیان کرو، ایسا کہ یہود و نصاریٰ کے ساتھ مکالمہ بین المذاہب کے حوالہ سے اپنے موقف کو واضح طور پر اختیار رکھنے کا حکم دیا گیا ہے، بلکہ قرآنِ مجید میں ان کو ایمان نہ لانے کی بنا پر جزیہ دے کر ذلیل ہو کر اپنے ساتھ رکھنے کا حکم دیا گیا ہے۔ اور ان سے جہاد کرنے کا حکم ہے:قَاتِلُواْ الَّذِينَ لاَ يُؤْمِنُونَ بِاللّهِ وَلاَ بِالْيَوْمِ الآخِرِ وَلاَ يُحَرِّمُونَ مَا حَرَّمَ اللّهُ وَرَسُولُهُ وَلاَ يَدِينُونَ دِينَ الْحَقِّ مِنَ الَّذِينَ أُوتُواْ الْكِتَابَ حَتَّى يُعْطُواْ الْجِزْيَةَ عَن يَدٍ وَهُمْ صَاغِرُونَ (29:9) مذکورہ آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے مولانا عبدالحمید سواتی صاحب نے اپنی تفسیر معالم العرفان میں تفسیر بالماثور کے منہج کو اختیار کرتے ہوئے حضرت معاذ بن جبل کو یمن کا گورنر بنا کر روانہ کرنے کا ذکر کرتے ہوئے انہیں آپ نے ارشاد فرمایا: یا معاذ!

اہلِ کتاب یہود و نصاریٰ دعوت دین دینا اگر قبول کر لیں تو ٹھیک ہے ورنہ ان سے جزیہ وصول کرنا اگر جزیہ نہ دیں تو جنگ کرنا، جب تک وہ جزیہ دینا قبول نہ کر لیں۔ " وَهُمْ صَاغِرُونَ" اور جب تک وہ ذلیل اور محکوم نہ ہو جائیں..... الخ ملخص منہ۔[11]

تجزیہ

مذکورہ تفسیر میں اہلِ کتاب سے مکالمہ کرنے کا حکم ضرور دیا گیا ہے کا ذکر موجود ہے، لیکن اسلام کی عظمت اور وقار کو بھی ملحوظ خاطر رکھا گیا ہے اور ان کو ایمان نہ لانے کی صورت میں ذلیل اور محکوم رکھنے کا رویہ اختیار کرنے کا حکم دیا گیا ہے۔ گویا مکالمہ بین المذاہب ضرور کیا جائے، لیکن اسلام اور اہلِ ایمان کی عظمت کو برقرار رکھا جائے اور اسلام کے دلائل کو مضبوطی سے بیان کیا جائے اور ان سے مرعوب نہ ہوا جائے۔ ان کے شر اور ضرر سے بچنے کے لیے جن کی طرف اشارہ اس آیت میں کیا گیا ہے:" إِلاَّ أَن تَتَّقُواْ مِنْهُمْ تُقَاةً"(28:3) ترجمہ:''مگر اس (صورت) کے کہ تم ان سے بچاؤ کرنا چاہو۔''

اصولِ مدارت و اکرام

مولانا مودودی نے تفہیم القرآن میں مذکورہ آیت کی تفسیر بیان کرتے ہوئے سورۃ التوبۃ کے رکوع 9، سورۃ ممتحنہ کی آیت نمبر 8 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا ہے کہ غیر مسلموں کے ساتھ مکالمہ بین المذاہب کا ایک اصول مدارت بھی ہے کہ جس کے معنی ہیں: ظاہری خوش خلقی اور دوستانہ برتاؤ کے، یہ بھی تمام غیر مسلموں کے ساتھ جائز ہے، جبکہ اس سے مقصود ان کو دینی نفع پہنچانا ہو یا وہ اپنے مہمان ہوں یا ان کے شر اور ضرر رسانی سے اپنے آپ کو بچانا مقصود ہو، سورۃ آل عمران کی آیت مذکورہ میں " إِلاَّ أَن تَتَّقُواْ مِنْهُمْ تُقَاةً" سے یہی درجہ مدارت کا مراد ہے، یعنی کافروں سے موالات جائز نہیں، مگر ایسی حالت میں جب کہ تم ان سے اپنا بچاؤ کرنا چاہو اور چونکہ مدارت میں بھی صورت موالات کی ہوتی ہے، اس لیے اس کو موالات سے مستثنیٰ قرار دے دیا گیا۔[12]

تفسیر ہذا سے مکالمہ بین المذاہب کا اصولِ مدارت حاصل ہوتا ہے تو اس کے تحت غیر مسلموں سے مکالمہ بین المذاہب ہونا چاہیے، تاکہ یہود و نصاریٰ اور غیر مسلموں سے نقصانات سے محفوظ رہا جا سکے، جیسا کہ عصر حاضر میں دہشت گردی کے الزامات میں مسلمانوں کو نقصان پہنچایا جا رہا ہے تو ان حالات میں مکالمہ بین المذاہب ضروری ہے۔ مذکورہ آیت کی تفسیر میں بھی اسی مفہوم کو بیان کیا گیا ہے۔

۲۔ ان کے اسلام قبول کرنے کی امید پر، یعنی اگر وہ اپنی قوم کا سربراہ ہو

اور مسلمانوں کے پاس مہمان کی حیثیت سے آیا ہو تو ان تمام صورتوں میں غیر مسلموں کے ساتھ مدارت یا اکرام کا معاملہ کیا جا سکتاہے۔ البتہ محض اپنے ذاتی مفاد کے لیے مدارت جائز نہیں ہے جس کی دلیل اللہ تعالیٰ کا قول ہے:أَيَبْتَغُونَ عِندَهُمُ الْعِزَّةَ (139:4)ترجمہ: '' کیا یہ لوگ ان کافروں کے پاس عزت کے خواہاں ہیں۔''

معارف القرآن کے مصنف نے تفسیر کرتے ہوئے رسول اللہﷺ کا عملی نمونہ پیش کیا ہےکہ آپ فرماتے ہیں کہ جو رسول کریمﷺ جو رحمۃ للعالمین ہو کر اس دنیا میں تشریف لائے، آپ نے غیر مسلموں کے ساتھ جو احسان و ہمدردی اور خوش خلقی کے معاملات کیے ہیں، اس کی نظیر دنیا میں ملنا مشکل ہے، مکہ میں قحط پڑا تو جن دشمنوں نے آپ کو اپنے وطن سے نکالا تھا، ان کی خود امداد فرمائی، پھر مکہ مکرمہ فتح ہوکر یہ سب دشمن آ کے قبیلے میں آگئے تو سب کو یہ کہہ کر آزاد کر دیا کہ "لَا تَثْریب علیکم الیوم" یعنی آج تمہیں صرف معافی نہیں دی جاتی، بلکہ تمہارے پچھلے مظالم اور تکالیف پر ہم کوئی ملامت بھی نہیں کرتے۔ غیر مسلم جنگی قیدی ہاتھ آئے تو ان کے ساتھ وہ سلوک کیا جو اپنی اولاد کے ساتھ بھی ہر شخص نہیں کرتا، کفار نے آپ کو طرح طرح کی ایذائیں پہنچائیں، کبھی اپ کا ہاتھ انتقام کے لیے نہیں اٹھا، زبان مبارک سے بد دعا بھی نہیں فرمائی۔ بنو ثقیف جو ابھی مسلمان نہیں ہوئے تھے، ان کا ایک وفد آپ کی خدمت میں حاضر ہوا، تو ان کو مسجد نبو میں ٹھہرایا گیا جو مسلمانوں کے لئے سب سے زیادہ عزت کا مقام تھا۔[13]

ہمدردی... تالیف قلب

۳۔ اسلام۔ مؤاسات یا ہمدردی اور خیر خواہی کا نام ہے۔ یہ حربی یا برسرپیکار کافروں کے ساتھ جائز نہیں، لیکن اہلِ ذمہ اور ان کافروں کے ساتھ ہمدردی و غمخواری جائز ہے جو مسلمانوں کے درپے آزادانہ ہوں۔ چنانچہ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے: لَا يَنْهَاكُمُ اللَّهُ عَنِ الَّذِينَ لَمْ يُقَاتِلُوكُمْ فِي الدِّينِ وَلَمْ يُخْرِجُوكُم مِّن دِيَارِكُمْ أَن تَبَرُّوهُمْ وَتُقْسِطُوا إِلَيْهِمْ إِنَّ اللَّهَ يُحِبُّ الْمُقْسِطِينَ (8:60) ترجمہ: ''یعنی اللہ تعالیٰ تم کو منع نہیں کرتا ان سے جو لڑتے نہیں تم سے دین پر اور نکالا نہیں تم کو تمہارے گھروں سے کہ ان کے ساتھ احسان اور انصاف کا سلوک کرو۔''

مولانا مفتی محمد شفیع نے آیت ہذا کی تفسیر بیان فرمائی ہے کہ:''تیسرا درجہ مدارت کا ہے جس کے معنی ہیں: ظاہری خوش خلقی اور دوستانہ برتاؤ کے، یہ بھی تمام غیر مسلموں کے ساتھ جائز ہے جب کہ اس سے مقصود ان کو دینی نفع پہنچانا ہو یا وہ اپنے مہمان ہوں۔''[14]

تجزیہ

مکالمہ بین المذاہب کے لحاظ سے کافروں سے مدد لینے کا مسئلہ بھی علی الاطلاق حرام و ناجائز ہے۔ لیکن حنین کے موقع پر رسول اللہﷺ نے صفوان بن امیہ سے مدد لی، جب کہ وہ مشرک تھے۔ بنی قینقاع کے یہودیوں سے مدد لی اور مالِ غنیمت میں ان کا حصہ بھی رکھا۔ بنی خزاعہ کے ایک شخص کو قریش کے خلاف جاسوسی کے لئے متعین کیا۔ سفرِ ہجرت کے دوران عبداللہ بن اریقط سے مدد لی، پھر مدینہ پہنچنے کے بعد وہاں کے غیر مسلموں کے ساتھ ایک معاہدہ فرمایا جس میں بقائے باہمی کے اصول طے کیے۔ حلف الفضول کی تعریف کی اور اس طرح کے کسی معاہدہ میں دوبارہ شرکت کے عزم کا اظہار فرمایا۔ طائف سے جبیر بن مطعم کی پناہ اور جوار کو اختیار فرمایا۔ اس سے ضرورت کے موقع پر کافروں کے ساتھ معاہدے کرنے اور پارلیمانی کو نسلوں میں کفار کی نمائندگی کا جواز بھی معلوم ہوتا ہے۔ دراصل شرعی اعتبار سے مکالمہ کی تین صورتیں بنتی ہیں:

1- مکالمہ دعوت إلی الاسلام
2- مکالمہ تعامل باہمی
3- مکالمہ وحدت ادیان

پہلی قسم تو مسلمانوں کا فریضہ ہے، دوسری قسم دنیا میں تعامل باہمی کی ضرورت ہے اور اپنی شرائط کے ساتھ جائز ہے۔ تیسری قسم جائز نہیں۔

مکالمہ بین المذاہب اور مذہبی راہنماؤں کا احترام

مذہبی شخصیات کا احترام کرنے کا درس دیا ہے ۔ اسلام نے اپنے پیروکاروں کو اس امر کا پابند کیا ہے کہ وہ دوسروں کی مذہبی شخصیات کا احترام کریں۔ قرآنِ مجید میں اس بارے میں ارشاد ہے:وَلاَ تَسُبُّواْ الَّذِينَ يَدْعُونَ مِن دُونِ اللّهِ فَيَسُبُّواْ اللّهَ عَدْوًا بِغَيْرِ عِلْمٍ (108:6) ترجمہ: ''اور تم لوگ برا نہ کہو ان کو جن کی یہ پرستش کرتے ہیں (اللہ کے سوا)، پس وہ برا کہنے لگیں گے اللہ کو بے ادبی سے بغیر سمجھے۔'' اس کی تفسیر میں مولانا شبیر احمد عثمانی صاحب تفسیر عثمانی میں فرماتے ہیں کہ:''کسی مذہب کے اصول و فروع کی معقول طریقے سے غلطیاں ظاہر کرنا ان کی کمزوریوں پر تحقیقی و الزامی طریقے سے متنبہ کرنا جداگانہ چیز ہے، لیکن قوم کے پیشواؤں اور معبودوں کی نسبت بغرض تحقیر و توہین اور دلخراش الفاظ نکالنا قرآن نے کسی وقت بھی جائز نہیں رکھا۔''[15] یعنی اسلام کا اصل منشا یہی ہے کہ مزاہمت کی بجائے مفاہمانہ مکالمے کا ماحول پیدا کیا جائے۔

تفسیر ضیاء القرآن میں پیر کرم شاہ نے اس کی بڑی پر حکمت توضیح کی ہے کہ: ''دو آیت سے مبلغینِ اسلام کی تربیت مقصود ہے، تاکہ وہ اسلام کی دعوت کو پوری شائستگی اور متانت سے پہنچانے کے لیے تیار ہو جائیں، انہیں حکم

دیا کہ مشرکین کے باطل خداؤں کو برا نہ کہو، کہیں ایسا نہ ہو کہ وہ مشتعل ہو کر تمہارے معبود برحق کی جناب میں گستاخی کرنے لگیں۔''[16] یعنی ایسا ماحول اور حالات پیدا نہ کیے جائیں کہ جس میں گالم گلوچ اور عدمِ برداشت کے رویے نمایاں ہوں، بلکہ احترام باہمی کو بنیاد بنا کر مفاہمانہ گفتگو کی جائے، اسی طرح قرآن ادیان کے علماء کے احترام کی ہدایت کرتا ہے۔ جیسا کہ ارشادِ ربانی ہے: درج ذیل آیت کی تفسیر میں تفسیر تبیان القرآن میں ابن زید کی روایت کو اس طرح بیان فرمایا ہے کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا ہے کہ بے شک بنی اسرئیل میں ایک گروہ نیک لوگوں کا تھا، وہ نیکی کا حکم دیتے تھے اور برائی سے روکتے تھے، ان کی قوم نے ان کو پکڑ کر آڑوں سے چیر دیا اور ان کو سولی پر لٹکا دیا۔ الخ ملخص منہ[17] ذَلِكَ بِأَنَّ مِنْهُمْ قِسِّيسِينَ وَرُهْبَانًا وَأَنَّهُمْ لاَ يَسْتَكْبِرُونَ (82:5) ترجمہ: ''یہ اس لیے کہ ان میں عالم بھی اور مشائخ بھی ہیں اور وہ تکبر نہیں کرتے۔''

عبادت خانوں کا تحفظ

تمام مذاہب عالم کی عبادت گاہوں کے متعلق یہ ہے کہ ان کا احترام کیا جائے کہ اسلام غیر مذاہب کی عبادت گاہوں کو تحفظ فراہم کرتا ہے اور ان کے مذہبی شعار کی بے ادبی سے روکتا ہے، تاکہ دیگر مذاہب کے ساتھ مفاہمت کا دروازہ کھلا رہے۔ اللہ تعالیٰ نے ایسی عبادت گاہوں کے متعلق ارشاد فرمایا ہے کہ ان میں اللہ کا ذکر کثرت سے ہوتا ہے۔ فرمانِ الٰہی ہے:وَلَوْلَا دَفْعُ اللَّهِ النَّاسَ بَعْضَهُم بِبَعْضٍ لَّهُدِّمَتْ صَوَامِعُ وَبِيَعٌ وَصَلَوَاتٌ وَمَسَاجِدُ يُذْكَرُ فِيهَا اسْمُ اللَّهِ كَثِيرًا (40:22) ترجمہ:''اوراگر لوگوں میں سے بعض کو بعض کے ذریعے سے دفع نہ کرتا تو بلا شعبہ چھوٹے گرجےیعنی عبادت خانے اور بڑے گرجے اور یہودیوں کے عبادت خانے اور مسجدیں ڈھا دیں جاتیں جن میں اللہ کا نام کثرت سے لیا جاتاہے۔'' مفتی محمد شفیع معارف القرآن میں تحریر کرتے ہیں کہ مذکورہ آیت کا مطلب یہ ہے کہ اگر کفار سے قتال و جہاد کے احکام نہ آتے تو کسی زمانے میں، کسی مذہب و ملت کے لیے امن کی جگہ نہ ہوتی۔ موسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں صلوات اور عیسیٰ علیہ السلام کے زمانے میں صوامع اور بیع اور خاتم الانبیاء کے زمانے میں مسجدیں ڈھا دی جاتیں۔ (قرطبي)[18] یعنی ہر مذہب کی عبادت گاہوں کا تحفظ اللہ کی خاص حکمت کا مظہر ہے، اس لیے یہ عبادت گاہیں جب تک فساد فی الارض کا باعث نہیں بنتیں، تب تک ان کا تحفظ مسلمانوں کی ذمہ داری ہے، اس سے دیگر مذاہب کو مفاہمت کا پیغام ملتا ہے اور مکالمہ بین المذاہب کے لیے راستہ ہموار ہوتا ہے۔

مذہبی مصلحین میں تقابل سے اجتناب

مکالمہ بین المذاہب میں جو مذاہب کے درمیان قربت کی بجائے دوری کا سبب بنتا ہے، وہ مذاہب کے پیروکاروں کا اپنے انبیاء و مصلحین کی دوسروں سے

برتری ثابت کرنے کی کوشش ہے۔قرآن اس تصور کو ختم کرتا ہے۔ قرآن ایک ایسی کتاب ہے جو مختلف انبیاء کی انفرادی خصوصیات کو بھی تسلیم کرتا ہے کہ: تِلْكَ اٰيٰتُ اللّٰهِ نَتْلُوْهَا عَلَيْكَ بِالْحَقِّ ؕ وَاِنَّكَ لَمِنَ الْمُرْسَلِيْنَ (252:2) ترجمہ: ''یہ رسول ہیں کہ ہم نے بعض کو بعض پر فضیلت دی ہے۔'' میاں جمیل نے تفسیر فہم القرآن میں تفسیر القرآن بالحدیث بیان کرتے ہوئے لکھا ہے کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا:''لا تفضّلوا بين أنبياء الله'' رواه البخاري: احاديث الأنبياء، باب قول الله تعالىٰ: ''وإن يونس لمن المرسلين'' يعنى: ''انبیاء کو آپس میں ایک دوسرے پر فضیلت نہ دو۔''[19]

مفسر قرآن مولانا عبدالستار محدث دہلوی تفسیر حدیث التفسیر میں لکھتے ہیں کہ: ''اللہ تعالیٰ نے آیت ہذا میں خبر دی ہے کہ ہم نے بعض انبیاء و رسل کو بعض پر فوقیت دی ہے، جیسا کہ دوسری جگہ ''وَلَقَدْ فَضَّلْنَا بَعْضَ النَّبِيّٖنَ عَلٰى بَعْضٍ''میں بھی ہے اور صحیحین (بخاری و مسلم) کی روایت میں ہے کہ مجھ کو اور پیغمبروں پر فضیلت نہ دو اور نہ باقی پیغمبروں کو ایک دوسرے پر (نام زد کر کے) فضیلت دو۔ قرآن و حدیث میں کوئی مخالفت نہیں۔ مقصد یہ ہے کہ امتیوں کو حکم ہے کہ مقابلتاً کسی نبی کو نامزد کر کے کسی نبی پر فضیلت و بزرگی نہ دو۔ پیغمبروں کی شان اور مرتبت میں بڑا ہے۔ اللہ نے سب نبیوں کو علیحدہ علیحدہ مرتبے دیے ہیں۔ ہاں مجمل طور پر ہمارے نبی ﷺ کو تمام انبیاء و رسل پر فضیلت ہے۔ آپ سید الرسل ہیں۔''[20] چنانچہ تفسیر بالماثور میں اسی موقف کو اصولی طور پر تفصیل سے بیان کیا ہے کہ وہ منصب کے لحاظ سے برابر ہیں اور سب واجب الاحترام ہیں، کسی ایک کا انکار سب کے انکار کے مترادف ہے۔

مذہبی کتب کا احترام

مکالمہ بین المذاہب میں کتبِ مقدسہ کا احترام بہت ضروری ہے، جس طرح مسلمانوں کو اپنی الہامی کتاب عزیز ہے اور اس کا احترام کیا جاتا ہے۔ بعینہ اسی طرح ہر ایک مذہب کی مقدس اور الہامی کتاب ہے، خواہ اس میں تحریفات ہی کیوں نہ ہوں، انھیں بھی قرآن کی طرح کتاب عزیز اور قابلِ احترام سمجھنا چاہیے، اس لیے کہ اخلاقی تعلیمات کے بارے میں قرآن کہتا ہے کہ یہی قرآن ہے کہ اس کی تعلیمات دوسری کتب میں بھی ہیں۔ قرآن میں ارشاد ہے:وَاِنَّهٗ لَفِيْ زُبُرِ الْاَوَّلِيْنَ (196:26) ترجمہ: ''یہ قرآن پہلوؤں کی لکھی ہوئی کتب میں موجود ہے۔'' مولانا سید احمد حسن محدث دہلوی نے اپنی تفسیر احسن التفاسیر میں اس کے متعلق لکھا ہے کہ: ''جو اوصاف دینِ محمدی کے قرآن میں ہیں، وہی اوصاف پہلی کتابوں میں تفصیل سے تھے، اس لیے اہلِ کتاب نبی آخر الزمان کو اس طرح پہچانتے تھے جس طرح اپنی اولادوں کو پہچانتے تھے۔''[21] لہٰذا تمام کتبِ مقدسہ کا احترام کرنا چاہیے۔

ایفائے عہد کی پاسداری

قرآنِ حکیم میں اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ "یٰٓاَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا اَوْفُوْا بِالْعُقُوْدِ" ترجمہ: ''اے لوگو جو ایمان لائے ہو، عہد پورے کرو۔ یعنی عقود و عہود کا پاس و لحاظ رکھو۔مختلف طبقات میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لیے ان کے درمیان باہمی معاہدات ہوئے، جن کی پاسداری لازمی ہوتی ہے، سیف اللہ خالدنے تفسیر دعوۃ القران میں تفسیر القرآن بالقرآن کرتے ہوئے سورۃ بنی اسرائیل کی آیت '' وَاَوْفُوْا بِالْعَهْدِ ۚ اِنَّ الْعَهْدَ كَانَ مَسْـُٔوْلًا'' (34:17) ترجمہ: ''اور عہد کو پورا کرو، بے شک عہد کا سوال ہوگا۔''[22]سے تفسیر فرمائی ہے۔ لہٰذا مکالمہ بین المذاہب میں اس کی بہت بڑی اہمیت ہے۔ جیسا کہ رسول اللہﷺ نے بھی صلح حدیبیہ میں عملی کردار ادا کیا کہ آپ معاہدہ کے مطابق مقامِ حدیبیہ سے واپس چلے گئے اور ابو جندل کو بھی واپس کر دیا۔

عدل و انصاف کی بالا دستی

مکالمہ بین المذاہب میں ہم آہنگی پیدا کرنے کے لئے حق و انصاف کی بالا دستی کا اصول اپنانا چاہیے، یہ اصول قرآنی الفاظ میں اس طرح بیان ہوا ہے اور تفسیر بالماثور میں اس کو بڑی اہمیت حاصل ہے، جیسا کہ قرآنِ عزیز میں فرمایا ہے کہ:وَلاَ یَجْرِمَنَّكُمْ شَنَآنُ قَوْمٍ عَلَى أَلاَّ تَعْدِلُواْ اعْدِلُواْ هُوَ أَقْرَبُ لِلتَّقْوَى (8:5) ترجمہ: ''تمہیں کسی قوم کی دشمنی اس بات پر آمادہ نہ کرے کہ تم عدل کرنا چھوڑ دو، تم عدل سے کام لو، یہ تقویٰ کے زیادہ قریب ہے۔'' میاں محمد جمیل نے فہم القرآن میں مذکورہ آیت کی تفسیر بالقران کرتے ہوئے درج ذیل آیات سے تفسیر فرمائی ہے:

۱۔ اے ایمان والو! تمھیں ہر حال میں اپنے رب کی رضا کے لئے عدل و انصاف پر قائم رہنا چاہیے۔ (4: 135)
۲۔ اور جب فیصلہ کرو تو عدل و انصاف کا فیصلہ کرو۔ (4: 58)
۳۔ مجھے حکم دیا گیا ہے کہ میں تمھارے درمیان عدل و انصاف کا فیصلہ کروں۔ (42: 15)
۴۔ اگر آپ ان کے درمیان فیصلہ کریں تو انصاف کا فیصلہ کریں، اللہ انصاف کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ (5: 42)
۵۔ کہہ دیجیے: مجھے میرے رب نے انصاف کرنے کا حکم دیا ہے۔ (7: 29)[23]

اندازِ گفتگو کا اصول

مکالمہ بین المذاہب میں اندازِ گفتگو احسن اختیار کرنا چاہیے جیسا کہ قرآنِ کریم مکالمہ بین المذاہب مباحثوں کے لیے جو اصول پیش کرتا ہے، وہ شایستگی پر مبنی ہے، وہ دلیل کے زور پر بات کرنے کی دعوت دیتا ہے، جیسا کہ قرآن میں ہے:وَلَا تُجَادِلُوا أَهْلَ الْكِتَابِ إِلَّا بِالَّتِي هِيَ أَحْسَنُ (46:29) ترجمہ: ''اور تم اہلِ

کتاب کے ساتھ مباحثہ نہ کرو مگر عمدہ طریقے کے ساتھ'' مزید مندرجہ بالا آیات کی تفسیر بالماثور سے تائید درج ذیل ہے: مفسر قرآن عبدالحق حقانی فرماتے ہیں کہ اہلِ کتاب سے مجادلہ نہ کرو مگر عمدہ طور سے تو مضائقہ نہیں جس میں نرم کلامی اور اظہارِ حق مد نظر ہو۔[24]

انسانی مساوات کا اصول

اسلام مساواتِ انسانی کا درس دیتا ہے اور تمام انسانیت کو ایک ماں باپ کی اولاد قرار دیتا ہے:يَا أَيُّهَا النَّاسُ إِنَّا خَلَقْنَاكُم مِّن ذَكَرٍ وَأُنثَى وَجَعَلْنَاكُمْ شُعُوبًا وَقَبَائِلَ لِتَعَارَفُوا (13:49) ترجمہ: ''اے لوگو! ہم نے تم سب کو ایک ہی مرد و عورت سے پیدا کیا ہے اور اس لیے کہ تم آپس میں ایک دوسرے کو پہچانو، کنبے اور قبیلے بنا دیے۔'' مذکورہ آیت کی تفسیر میں ڈاکٹر اسرار احمد فرماتے ہیں کہ یہاں دراصل اس اہم نکتے کی طرف توجہ دلانا مقصود ہے کہ انسانوں کے درمیان رنگ و نسل کا فرق اور اقوام و قبائل میں ان کی تقسیم، اعلیٰ و ادنیٰ کی تمیز و تفریق کے لیے نہیں، بلکہ ان کی باہمی جان پہچان اور تعارف کے لئے ہے، اس کی تائید کے لئے رسول اللہﷺ کے فرمان کو لاتے ہیں جو آپ نے خطبہ حجۃ الوداع میں اس مضمون کی وضاحت ان الفاظ میں فرمائی:یاأیها الناس! اَلَا إِنَّ رَبَّكُمْ وَاحِدٌ وَإِنَّ أَبَاكُمْ وَاحِد... الخ[25] ترجمہ: ''اے لوگو! خبردار! بے شک تمہارا رب ایک ہے اور بے شک تمہارا باپ ایک ہے۔'' چنانچہ بین المذاہب مکالمے کے لیے ہمیں ہر قسم کے رنگ، نسل و زبان، عقیدہ یا ثقافت کے بارے میں احترام کا رویہ اپنانا ہوگا اور ہر نوع کی تحقیر کے رویوں کو عملاً ختم کرنا ہوگا۔

احترازِ مداہنت کا اصول

اسلام کی حقانیت کے دلائل پیش کرنا مکالمہ بین المذاہب کا بنیادی اصول ہے کہ اگر مسئلہ حق و باطل کا ہو تو اس صورت میں مداہنت اختیار کرنے اور لچک دار رویہ اپنانے کی گنجائش نہیں۔ یا اس میں کوئی ترمیم و اضافہ روا نہیں ہے۔ مکالمہ بین المذاہب کا اصولِ مذکورہ، تفسیر بالماثور کی روشنی میں حسبِ ذیل ہے۔ چنانچہ ارشادِ باری تعالیٰ ہے:يَا أَيُّهَا الرَّسُولُ بَلِّغْ مَا أُنزِلَ إِلَيْكَ مِن رَّبِّكَ وَإِن لَّمْ تَفْعَلْ فَمَا بَلَّغْتَ رِسَالَتَهُ وَاللّهُ يَعْصِمُكَ مِنَ النَّاسِ إِنَّ اللّهَ لاَ يَهْدِي الْقَوْمَ الْكَافِرِينَ (67:5) ترجمہ: ''اے رسول! جو کچھ آپ کی طرف نازل ہوا ہے، اسے پہنچا دیجیے اور اگر آپ نے ایسا نہ کیا تو آپ نے اس کا پیغام نہیں پہنچایا۔ اور اللہ آپ کی لوگوں سے حفاظت فرمائے گا اور اللہ تعالیٰ کافر قوم کو ہدایت نہیں دیتا۔'' نبیﷺ نے اس ذمہ داری کو کس شان سے نبھایا کہ تفسیر بیان القرآن میں مولانا اشرف علی تھانوی آپ کی دعوت کو لوگوں تک پہنچانے کے لئے جس استقامت سے پہنچاتے ہیں اس کا ذکر ان الفاظ میں فرماتے ہیں:''گو بعض غزوات میں آپ زخمی بھی ہوئے اور یہود کے نامردوں کی طرف سے آپﷺ

کو زہر بھی دیا گیا اور ترمذی شریف میں ہے کہ پہلے حضورﷺ کے پاس پہرہ دیا جاتا تھا، جب یہ آیت نازل ہوئی تو آپﷺ نے فرمایا کہ چلے جاؤ، اللہ نے میری حفاظت کی ذمہ داری لے لی، یہ بھی دلیلِ نبوت ہے، کیونکہ اعتماد بدونِ وحی کے نہیں ہوسکتا۔''[26]

اس مصلحت پسندی کو سورۃ الکافرون کی تفسیر میں مولانا شبیر احمد عثمانی نے تفسیر عثمانی میں مذمت فرمائی ہے اور ذکر فرماتے ہیں کہ چند رؤسائے قریش نے کہا کہ اے محمدﷺ! آؤ ہم تم صلح کر لیں، ایک سال تک آپ ہمارے معبودوں کی پرستش کیا کریں، پھر دوسرے سال ہم آپ کے معبود کو پوجیں۔ اس طرح دونوں فریق کو ہر ایک کے دین سے کچھ نہ کچھ حصہ مل جائے گا۔آپﷺ نے فرمایا: اللہ کی پناہ کہ میں اس کے ساتھ ایک لمحہ کے لئے بھی کسی کو شریک ٹھہراؤں، کہنے لگے: اچھا تم ہمارے بعض معبودوں کو مان لو (ان کی مذمت نہ کرو) ہم تمہاری تصدیق کریں گے اور تمہارے معبود کو پوجیں گے، اس پر یہ سورۃ الکافرون نازل ہوئی۔ آپ نے ان کو مجمع میں پڑھ کر سنائی۔ جس کا خلاصہ مشرکین کے طور و طریق سے بکلی بیزاری کا اظہار اور انقطاعِ تعلقات کا اعلان کرتا ہے۔ ملخص منہ[27]

باہمی معاونت کے لئے مکالمہ بین المذاہب کا سنہرا اصول

قرآن اس اصول کو ان الفاظ میں بیان کرتا ہے:وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ (205:5) ترجمہ: ''تم آپس میں ایک دوسرے کے ساتھ نیکی اور خدا خوفی کے کاموں میں تعاون کرو اور گناہ اور زیادتی کے کاموں میں باہمی تعاون نہ کرو۔'' مولانا عبدالحق حقانی نے اپنی تفسیر حقانی میں اس کی تفسیر یوں فرمائی ہے کہ (یعنی تم کو جو انہوں نے مشرکین مکہ) مسجد حرام سے روک دیا ہے، اس بغض میں آکر تعدی نہ کرو، کیونکہ بری بات کے بدلے میں برائی نہیں کرنا چاہیے، بلکہ جو کوئی نیکی کرے، اس میں مشارکت کرنی چاہیے، اس لیے اس کے بعد یہ حکم صادر فرمایا: ''وَتَعَاوَنُوْا عَلَى الْبِرِّ وَالتَّقْوٰى ۖ وَلَا تَعَاوَنُوْا عَلَى الْاِثْمِ وَالْعُدْوَانِ'' اس میں نیکی میں شرکت اور اعانت کرنے اور بدی سے بچنے کا حکم دیا ہے۔[28] اس پر انفرادی سطح سے لے کر اجتماعی سطح تک، ہر فرد، گروہ، قوم، ملک اور مذہب و مسلک عمل پیرا ہو سکتا ہے اور اسے ہر کوئی تسلیم بھی کرتا ہے۔ چنانچہ اس پر عمل کر کے بین المذاہب میں یگانگت پیدا کی جا سکتی ہے۔

مکالمہ بین المذاہب کا مقصد قبولِ حق

مکالمے کا اصل مقصد احقاقِ حق ہونا چاہیے، قبولِ حق کی فضا اس میں احسن انداز اختیار کرنا چاہیے، جیسا کہ ارشادِ باری ہے: وَلَا تُجَادِلُوْٓا اَهْلَ الْكِتٰبِ اِلَّا بِالَّتِىْ هِىَ اَحْسَنُ اِلَّا الَّذِيْنَ ظَلَمُوْا مِنْهُمْ ۖ وَقُوْلُوْٓا اٰمَنَّا بِالَّذِىْٓ اُنْزِلَ اِلَيْنَا وَاُنْزِلَ اِلَيْكُمْ وَاِلٰهُنَا وَاِلٰهُكُمْ وَاحِدٌ وَّنَحْنُ لَهٗ مُسْلِمُوْنَ (46:29) ترجمہ: ''اور اہلِ کتاب سے مجادلہ

نہ کرو مگر ایسے کہ نہایت اچھا ہو۔ ہاں جو ان میں سے بے انصافی کریں (ان کے ساتھ اس طرح مجادلہ کرو) اور کہہ دو کہ جو (کتاب) ہم پر اتری ہے اور جو (کتابیں) تم پر اتریں، ہم سب پر ایمان رکھتے ہیں اور ہمارا اور تمہارا معبود ایک ہی ہے اور ہم اس کے فرمانبردار ہیں۔'' سید ابو الاعلیٰ مودود اس آیت کی تفسیر میں لکھتے ہیں: ''مبلغ کو فکر اس بات کی ہونی چاہیے کہ وہ مخاطب کے دل کا دروازہ کھول کر حق بات اس میں اتار دے اور اسے راہِ راست پر لائے، اس کو ایک پہلوان کی طرح نہیں لڑنا چاہیے، جس کا مقصد مدمقابل کو نیچا دکھانا ہوتا ہے، بلکہ اس کو ایک حکیم کی طرح چارہ گری کرنی چاہیے، جو مریض کا علاج کرتے ہوئے ہر وقت یہ بات ملحوظ رکھتا ہے کہ اس کی اپنی کسی غلطی سے مرض اور زیادہ نہ بڑھ جائے۔''[29]

متفق علیہ کلمے کی دعوت

ارشاد باری تعالی ہے: قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ تَعَالَوْا اِلٰى كَلِمَةٍ سَوَآءٍۢ بَيْنَنَا وَبَيْنَكُمْ اَلَّا نَعْبُدَ اِلَّا اللّٰهَ وَلَا نُشْرِكَ بِهٖ شَيْـًٔا وَّلَا يَتَّخِذَ بَعْضُنَا بَعْضًا اَرْبَابًا مِّنْ دُوْنِ اللّٰهِ ۭ فَاِنْ تَوَلَّوْا فَقُوْلُوا اشْهَدُوْا بِاَنَّا مُسْلِمُوْنَ (64:3) ترجمہ: '' کہہ دے اے اہل کتاب ! آؤ ایک ایسی بات کی طرف جو ہمارے درمیان اور تمہارے درمیان برابر ہے، یہ کہ ہم اللہ کے سوا کسی کی عبادت نہ کریں اور اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہ کریں اور ہم میں سے کوئی کسی کو اللہ کے سوا رب نہ بنائے۔ پھر اگر وہ پھرجائیں تو کہہ دو گواہ رہو کہ بیشک ہم فرماں بردار ہیں۔'' مذکورہ آیت کی تفسیر کرتے ہوئے مولانا عبدالستار دہلوی نے اپنی تفسیر حدیث التفاسیر میں عقیدہ توحید کی دعوت کا ذکر بحوالہ حدیث بیان فرمایا ہے کہ ''رسول اللہﷺ نے ہرقل بادشاہ کو دعوت اسلام (توحید) دی تب آپ نے یہی آیت ''قُلْ يٰٓاَهْلَ الْكِتٰبِ'' لکھی تھی۔[30] مولانا عبدالستار دہلوی، حافظ صلاح الدین یوسف اور میاں جمیل نے مندرجہ بالا تحریر کی تائید کی ہے اور یہ ثابت کیا ہے کہ اہل کتاب کو دعوت توحید ایک متفق علیہ مسئلہ کی دعوت ہے جو کہ مکالمہ بین المذاہب کا بنیادی اصول ہے، لہٰذا تفسیر بالماثور میں بھی اس پہلو پر مؤثر انداز میں بیان ہوا ہے۔

اصولِ رواداری

اسلام خود مذہبی رواداری پر یقین رکھتا ہے۔ رواداری کا مفہوم صرف یہی نہیں ہے کہ دوسروں کو برداشت کیا جائے بلکہ اس کے مفہوم میں یہ بات بھی شامل ہے کہ دوسروں کے مذہبی عقائد واقدار، جذبات، وتہذیبی ورثے وغیرہ کا بھی لحاظ رکھا جائے، ان کے متعلق عدم برداشت یا تحقیر کا ایسا رویہ اختیار نہ کیا جائے جو ان کے لئے قابل قبول نہ ہو اور ان کے جذبات کو ٹھیس پہنچانے کا سبب بنے۔ اس طرح مذہبی رواداری دوسرے مذاہب کے لوگوں کے ساتھ مذہب کے حوالے سے معیاری انسانی برتاؤ کا نام بن جاتا ہے۔ مذہبی رواداری کے حوالے سے تفسیر ماثور میں صریح ہدایات موجود ہیں، اسلام عقیدہ توحید میں

بے لچک موقف رکھتا ہے اور اس میں کسی سمجھوتے کا قائل نہیں، لیکن قرآن میں واضح اصول کے طور پر دوسروں کے باطل معبودوں کو بھی برا بھلا کہنے سے سختی سے روک دیا گیا ہے، اس لیے کہ اس سے جذبات مجروح ہوں گے، فریق مخالف کے مزاج میں اشتعال پیدا ہو گا اور وہ عین فطرت کے تقاضے کے مطابق جواباً معبودِ حقیقی کو بھی برا بھلا کہنے لگے گا۔
ارشادِ باری تعالیٰ ہے:وَلَا تَسُبُّوا الَّذِيْنَ يَدْعُوْنَ مِنْ دُوْنِ اللّٰهِ فَيَسُبُّوا اللّٰهَ عَدْوًۢا بِغَيْرِ عِلْمٍ (108:6) ترجمہ: '' اور انہیں گالی نہ دو جنہیں یہ لوگ اللہ کے سوا پکارتے ہیں، پس وہ زیادتی کرتے ہوئے کچھ جانے بغیر اللہ کو گالی دیں گے۔'' تفسیر احسن البیان میں حافظ صلاح الدین یوسف فرماتے ہیں: ''یہ سد ذریعہ کے اصول پر مبنی ہے کہ اگر ایک درست کام، اس سے بھی زیادہ بڑی خرابی کا سبب بنتا ہو تو وہاں اس درست کام کا ترک راجح اور بہتر ہے۔''[31] حافظ صاحب نے اپنی تفسیر میں مزید اس اصول کی تائید کے لیے صحیح مسلم کی حدیث نمبر ۹۰ بیان فرمائی ہے کہ: ''اسی طرح نبیﷺ نے فرمایا کہ تم کسی کے ماں باپ کو گالی مت دو کہ اس طرح تم خود اپنے والدین کے لئے گالی کا سبب بن جاؤ گے۔''[32] حافظ صاحب نے مزید وضاحت کرتے ہوئے امام شوکانی کا حوالہ دیا ہے کہ امام شوکانی لکھتے ہیں یہ آیت سد ذرائع کے لیے اصل اصیل ہے۔
رواداری کے متعلق قرآن کا سب سے بنیادی اصول یہ ہے کہ دین میں کوئی جبر نہیں ہے کہ وہ اپنی مرضی کے فکر وعقیدہ کو دوسروں پر مسلط کرنے کی کوشش کرے، ہر فرد کو یہ اختیار حاصل ہے کہ وہ اپنی مرضی کے مطابق جس نظریے کو چاہے اختیار کر ے اور جسے چاہے رد کر دے، اس کا محاسبہ کرنے والی ذات خدا کی ذات ہے، وہ قیامت کے دن اس کا محاسبہ کرے گی، دنیا میں اس بنیاد پر ایسے شخص کے ساتھ برا اور غیر اخلاقی طرز عمل اختیار نہیں کیا جا سکتا، اسے بنیادی انسانی حقوق سے محروم نہیں کیا جا سکتا۔

عدمِ تشدد کا اصول

ارشادِ باری تعالیٰ ہے:لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ قَدْ تَّبَيَّنَ الرُّشْدُ مِنَ الْغَيِّ ۚ (256:2) ترجمہ: ''دین میں کوئی زبردستی نہیں، بلاشبہ ہدایت گمراہی سے صاف واضح ہوچکی۔'' آیت ہذا میں مفتی محمد شفیع اپنی تفسیر معارف القرآن میں اقوال صحابہ تفسیر بالماثور میں تحریر فرماتے ہیں کہ: ''اسلام کے اس طرز عمل سے واضح ہوجاتا ہے کہ وہ جہاد اور قتال سے لوگوں کو ایمان قبول کرنے پر مجبور نہیں کرتا بلکہ اس سے وہ دنیا میں ظلم وستم کو مٹا کر عدل و انصاف اور امن وامان قائم رکھنا چاہتا ہے۔'' مفتی صاحب نے اپنی تفسیر میں حضرت عمررضی اللہ تعالیٰ کا حوالہ دیا ہے، آپ فرماتےہیں کہ: '' حضرت عمررضی

اللہ تعالیٰ نے ایک نصرانی بڑھیا کو اسلام کی دعوت دی تو اس کے جواب میں اس نے کہا: اَنَا عَجُوزٌ کبَیرۃ والمَوت الی قریبٌ، یعنی میں ایک قریب المرگ بڑھیا ہوں آخری وقت میں اپنا مذہب کیوں چھوڑوں ؟ حضرت عمر نے یہ سن کر اس کو ایمان پر مجبور نہیں کیا بلکہ یہی آیت تلاوت فرمائی: ''لَآ اِكْرَاهَ فِي الدِّيْنِ'' یعنی دین میں زبردستی نہیں ہے۔''[33]

جدالِ احسن

اسلام میں فریق مخالف کو دعوت دینے کا جو طریقہ بتایا گیا ہے وہ بھی خوبصورت اسلوب میں کی جائے، ذاتی بحث یعنی جدال احسن ہے نہ کہ طنز وتشنیع اور نزاع پیدا کرنے والا طرز عمل رواداری کے متعلق قرآن کا سب سے بنیادی اصول دعوتی اسلوب ہے۔ جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے قرآنِ مجید میں ارشاد فرمایا: اُدْعُ اِلٰی سَبِیْلِ رَبِّكَ بِالْحِكْمَةِ وَالْمَوْعِظَةِ الْحَسَنَةِ وَجَادِلْهُمْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ ۭ اِنَّ رَبَّكَ هُوَ اَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِیْلِهٖ وَهُوَ اَعْلَمُ بِالْمُهْتَدِیْنَ (125:16) ترجمہ: ''اپنے رب کے راستے کی طرف حکمت اور اچھی نصیحت کے ساتھ بلا اور ان سے اس طریقے کے ساتھ بحث کر جو سب سے اچھا ہے۔ بیشک تیرا رب ہی زیادہ جاننے والا ہے جو اس کے راستے سے گمراہ ہوا اور وہی ہدایت پانے والوں کو زیادہ جاننے والا ہے۔''

تفسیر دعوۃ القرآن میں قرآن کی تفسیر قرآن سے کی ہے جیسا کہ انہوں نے مذکورہ آیت تفسیر میں درج ذیل آیت کو درج کیا ہے، (آیت کی تفسیر میں) آپ فرماتے ہیں کہ: ''اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے نرمی اختیار کرنے کا حکم دیا ہے، جیسا کہ موسیٰ اور ہارون علیہما السلام کو فرعون کی طرف بھیجتے وقت نرمی کا حکم دیتے ہوئے فرمایا تھا :اِذْهَبَآ اِلٰی فِرْعَوْنَ اِنَّهٗ طَغٰیO فَقُوْلَا لَهٗ قَوْلًا لَّیِّنًا لَّعَلَّهٗ یَتَذَكَّرُ اَوْ یَخْشٰی (44،43:20) ترجمہ: ''دونوں فرعون کے پاس جاؤ، بیشک وہ سرکش ہوگیا ہے۔ پس اس سے بات کرو، نرم بات، اس امید پر کہ وہ نصیحت حاصل کرلے، یا ڈر جائے۔'' ایک اورجگہ فرمایا: اِدْفَعْ بِالَّتِیْ هِیَ اَحْسَنُ السَّیِّئَةَ ۭ نَحْنُ اَعْلَمُ بِمَا یَصِفُوْنَ (96:23) ترجمہ: ''اس طریقے سے برائی کو ہٹا جو سب سے اچھا ہو، ہم زیادہ جاننے والے ہیں جو کچھ وہ بیان کرتے ہیں۔''

نیز فرمایا :وَمَنْ اَحْسَنُ قَوْلًا مِّمَّنْ دَعَآ اِلَی اللّٰهِ وَعَمِلَ صَالِحًا وَّقَالَ اِنَّنِیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ (33:41)ترجمہ: ''اور بات کے اعتبار سے اس سے اچھا کون ہے جو اللہ کی طرف بلائے اور نیک عمل کرے اور کہے کہ بیشک میں فرماں برداروں میں سے ہوں۔'' مولانا سیف اللہ خالد تفسیر دعوۃ القرآن میں اس آیت مبارکہ کی تفسیر میں ابووائل کی روایت لائے ہیں کہ: ''ابو وائل بیان کرتے ہیں کہ سیدنا عبداللہ بن مسعودرضی اللہ تعالیٰ ہر جمعرات کو لوگوں کو وعظ و نصیحت کیا کرتے تھے۔ ایک شخص نے ان سے کہا، اے ابو عبدالرحمن ! میری آرزو یہ

ہے کہ آپ ہر روز ہمیں وعظ و نصیحت کیا کریں۔ انھوں نے کہا، کوئی چیز مجھے اس کام سے نہیں روکتی مگر یہ کہ میں اس چیز کو پسند نہیں کرتا کہ تم اکتا جاؤ۔ میں اسی طرح وقفے سے تم کو نصیحت کرتا ہوں، جس طرح رسول اللہﷺ ہمیں وقفے کے ساتھ نصیحت کرتے تھے، اس ڈر سے کہ کہیں ہم اکتا نہ جائیں۔''[بخاری، کتاب العلم، باب من جعل لأهل العلم أياما معلومة :۷۰:۔ مسلم، کتاب صفات المنافقین، باب الاقتصاد فی الموعظۃ، ۸۳: ۲۸۲۱] [34] اس روایت کو لانے کے بعد درج ذیل احادیث نبویہﷺ کو پیش کیا ہے:

۱۔ سیدنا انس رضی اللہ تعالیٰ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا : '' آسانی پیدا کرو، سختی میں نہ ڈالو، خوشخبری سناؤ، نفرت نہ دلاؤ۔'' [بخاری، کتاب العلم، باب ما کان النبی ﷺ یتخولهم بالموعظۃ۔ الخ : ٦٩]

۲۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہﷺ نے فرمایا : '' اے عائشہ! اگر تمہاری قوم کا زمانۂ جاہلیت ابھی تازہ تازہ نہ گزرا ہوتا تو میں کعبہ کو گرانے کا حکم دیتا اور جتنا حصہ اس میں سے نکال دیا گیا ہے (یعنی حطیم) وہ بھی شریک تعمیر کردیتا۔ مزید برآں اس کی کرسی زمین کے برابر کردیتا اور اس میں ایک مشرقی اور ایک مغربی دو دروازے رکھتا، اس طرح ابراہیم (علیہ السلام) کی بنیاد پر اس کی تعمیر ہوجاتی۔'' [بخاری، کتاب الحج، باب فضل مکۃ و بنیانہا و قولہ تعالیٰ۔ الخ: ١٥٨٦]

۳۔ سیدہ عائشہ رضی اللہ تعالیٰ بیان کرتی ہیں کہ میں نے رسول اللہﷺ سے پوچھا کہ کیا احد کے دن سے بھی زیادہ سخت کوئی دن آپ پر گزرا ہے ؟ آپ نے فرمایا : '' رضی اللہ تعالیٰ میں نے تیری قوم (قریش) کی طرف سے کتنی ہی تکلیفیں سہی ہیں، لیکن اس سارے دور میں سب سے سخت دن مجھ پر عقبہ کا دن گزرا ہے، جس دن میں نے (رئیس طائف) عبد یا لیل بن عبد کلال کو تبلیغ کی تو اس نے میرا کہنا نہ مانا، تو میں رنجیدہ خاطر ہو کر وہاں سے لوٹا اور جب قرن اس میں سے صرف ثعالب میں پہنچا تو ذرا ہوش آیا۔ میں نے اوپر سر اٹھایا تو کیا دیکھتا ہوں کہ ابر کا ایک ٹکڑا مجھ پر سایہ فگن ہے اور اس میں جبریل علیہ اسلام موجود ہیں۔ وہ مجھے پکار کر کہنے لگے، اللہ تعالیٰ نے وہ باتیں سن لیں جو آپ کی قوم نے آپ سے کیں اور جو جواب آپ کو دیا، اب اللہ تعالیٰ نے پہاڑوں کے فرشتے کو آپ کے پاس بھیجا ہے، تاکہ ان (لوگوں کے سلسلہ) میں آپ جو چاہیں ان کو حکم دیں۔ اسی اثنا میں پہاڑوں کے فرشتے نے مجھے پکارا اور سلام کیا۔ اس نے کہا، اے محمدصل اللہ علیہ وسلم اللہ تعالیٰ نے وہ باتیں سن لیں جو آپ کی قوم نے آپ سے کیں، میں پہاڑوں کا فرشتہ ہوں، آپ کے رب نے مجھے آپ کے پاس بھیجا ہے، تاکہ آپ اپنے کام کا جو آپ چاہیں مجھے حکم دیں۔ اگر آپ چاہیں تو میں اخشبین

(دو پہاڑوں) کو ملا کر ان کو پیس دوں۔ رسول اللہ ﷺنے اسے فرمایا :" نہیں، مجھے امید ہے (اگر یہ لوگ راہ راست پر نہ بھی آئے تو کوئی بات نہیں) ان کی اولاد میں سے اللہ تعالیٰ ایسے لوگ پیدا کرے گا جو اکیلے اللہ کی عبادت کریں گے اور اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کریں گے۔''[35]

المختصر تفسیر دعوۃ القرآن کے مصنف نے دعوتی اسلوب میں تفسیر بالماثور کا انداز اپناتے ہوئے تفسیر کی ہے۔ پھر آپ نے درج ذیل آیت سے تفسیر بیان کی ہے: اِنَّ رَبَّکَ ہُوَاَعْلَمُ بِمَنْ ضَلَّ عَنْ سَبِیْلِہٖ وَہُوَاَعْلَمُ بِالْمُہْتَدِیْنَ (7:68) ترجمہ: ''یعنی وہ جانتا ہے کہ بد بخت کون ہے اور نیک بخت کون ؟ لہٰذا انہیں اللہ تعالیٰ کی طرف دعوت تو دیں، لیکن ان میں سے جو گمراہ ہوجائے اور دعوت الی اللہ کو قبول نہ کرے تو اس پر غم کھاتے ہوئے اپنے آپ کو ہلکان نہ کریں، کیونکہ انھیں ہدایت دینا آپ کے اختیار میں نہیں۔'' مولانا صاحب نے پھر قرآن کی آیت سے تفسیر بیان فرمائی ہےجو درج ذیل آیت سے ہے: جیسا کہ اللہ تعالیٰ نے ارشاد فرمایا :اِنَّکَ لَا تَہْدِیْ مَنْ اَحْبَبْتَ وَلٰکِنَّ اللہَ یَہْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ ۚ وَہُوَاَعْلَمُ بِالْمُہْتَدِیْنَ (56:28) ترجمہ: ''بیشک تو ہدایت نہیں دیتا جسے تو دوست رکھے اور لیکن اللہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے اور وہ ہدایت پانے والوں کو زیادہ جاننے والا ہے۔'' اور پھر مزید قرآن کی تفسیر قرآن سے فرماتے ہوئے آیت کو پیش کیا ہے اور فرمایا : لَیْسَ عَلَیْكَ هُدٰىهُمْ وَلٰكِنَّ اللہَ یَهْدِیْ مَنْ یَّشَآءُ (272:2) ترجمہ: ''تیرے ذمے انھیں ہدایت دینا نہیں اور لیکن اللہ ہدایت دیتا ہے جسے چاہتا ہے۔''[36]

مذکورہ بحث سے حاصل ہوا ہے کہ مولانا سیف اللہ خالد نے تفسیر دعوۃ القرآن میں مکالمہ بین المذاہب کے حوالہ سے تفسیر بالماثور سے تفسیر فرمائی ہے۔ اور اس موقف کی تائید میں حافظ صلاح الدین یوسف نے اپنی تفسیر احسن البیان میں بھی اس کی تفسیر میں تحریر کیا ہے کہ صحیح بخاری میں ہے کہ قرآنِ کریم کے اس حکم کے مطابق آپ نے ہرقل شاہ روم کو مکتوب تحریر فرمایا اور اس میں اس آیت کے حوالے سے قبولِ اسلام کی دعوت دی اور اسے کہا کہ تو مسلمان ہو جائے گا تو تجھے دوہرا اجر ملے گا، ورنہ ساری رعایا کا گناہ بھی تجھ پر ہوگا۔ حدیث کے الفاظ اس طرح ہیں:''فاسلم تسْلَمْ اَسْلِمْ یُؤْتِکَ اللہ اَجْرَک مَرَّتین فَاِنْ تَولّیتَ فَاِنَّ عَلَیْکَ اللہ الارنسیین''[37] اس کی تائید میں تفسیر فہم القرآن میں بھی تائید کی گئی ہے، آپ تحریر کرتے ہیں کہ اللہ کی ذات کے سوا کسی کو معبود کا مقام نہ دیا جائے۔ یہی دعوت آپ نے سلطنت رومیہ کے فرمان اور ہرقل کو مراسلہ کے ذریعے دی تھی۔ (بخاری: کتاب بدء الوحی) [38]

مختصر یہ کہ تفسیر بالماثور مکالمہ بین المذاہب میں ہم آہنگی کے لیے جو اصول دیے ہیں وہ آفاقی اصول ہیں۔ وہ اسلام کو کسی گروہ یا قوم کے مذہب کے طور پر پیش نہیں کرتے، بلکہ اسے پوری کائنات کا مذہب ٹھہراتے ہیں۔ مختلف اقوام و مذاہب کے اختلافی افکار کو اچھالنے کی بجائے ان کو اتفاقی نکات پر اکٹھا ہونے

کی دعوت دیتے ہیں۔ دیگر مذاہب کے انبیاء اور ان کی مقدس کتب کو خدا کی طرف سے بھیجا ہوا قرار دے کر انھیں تسلیم کرتے اور ان کا احترام کرنے کا درس دیتے ہیں۔ مختلف مذاہب کی عبادت گاہوں کو خدا کا گھر تسلیم کرتے ہوئے سب کو قابلِ احترام سمجھتے ہیں۔ یہ اصول مذاہب کے پیروکاروں کے درمیان بحث و مباحثہ میں شائستگی اختیار کرنے کی تلقین کرتے ہیں اور کسی کی دل آزاری کرنے، انھیں برے ناموں سے پکارنے یا ان کی تحقیر و تذلیل کرنے سے روکتے ہیں۔ مخالف مذہبی گروہوں کے سب افراد کو ایک ہی طرح کا سمجھ کر ان سب کو ایک لاٹھی سے ہانکنے کی بجائے، ان گروہوں کے اچھے افراد اور ان کے اچھے اخلاق و اعمال کی کھلے دل سے تعریف کرنے کی طرف متوجہ کرتے ہیں۔ مزید یہ کہ تمام مذاہب کے اندر بگاڑ پیدا کرنے اور راہِ حق سے بھٹکانے والے اصل عنصر، خواہشاتِ نفس کی نشان دہی کر کے اس سے بچنے کی تلقین کرتے ہیں، اور اس کی بجائے اللہ کی کتاب کے صریح احکامات کی طرف دعوت دے کر ان پر عمل پیرا ہونے کی دعوت دیتے ہیں۔ سب سے بڑھ کر نیکی میں باہمی تعاون اور گناہ میں عدمِ تعاون کی دعوت دیتے ہیں۔ یہ وہ اصول ہیں جنھیں ہر مذہب کے لوگ اصولاً تسلیم کرتے ہیں۔ ان پرخلوص سے عمل دار آمد ہو جائے تو یقینا دنیا میں مذہبی ہم آہنگی پیدا ہو سکتی ہے اور یہ دنیا امن و سکون کا گہوارہ بن سکتی ہے۔

خلاصہ مضمون

مذکورہ بحث سے مکالمہ بین المذاہب کے جو اصول سامنے آتے ہیں وہ احترامِ انسانیت ، مذہبی شخصیات کا احترام، عبادت گاہوں کا تحفظ، مذہبی راہنمایاں میں تقابل سے اجتناب کرنا، کتبِ مقدسہ کا احترام، معاہدات کی پاسداری، عدل و انصاف، مساواتِ انسانی، دعوتِ حق، باہمی تعاون، مذہبی رواداری، عدمِ تشدد، دعوتی اسلوب وغیرہ ہیں۔ نیز اس مضمون سے درج ذیل نتائج اخذ ہوتے ہیں:

- تفسیر بالماثور کا دائرہ کار قرآن، حدیث، اقوالِ صحابہ و تابعین، اجتہاد، لغت پر مشتمل ہے۔
- برصغیر کا ماثور تفسیری ادب مکالمہ بین المذاہب کے مسائل کو حل کرتا ہے۔
- مکالمہ بین المذاہب سے مذاہبِ باطلہ کو رد کیا جا سکتا ہے اور دلائل کی روشنی میں قائل کیا جا سکتا ہے۔
- مذکورہ بحث سے تفسیر بالماثور کی مکالمہ بین المذاہب میں اہمیت کو سمجھا جا سکتا ہے۔
- ماثور تفسیری ادب کے ذریعے مکالمہ بین المذاہب کے اصول و ضوابط متعین کیے جا سکتے ہیں۔

- تفسیر بالماثور کے خزائن بیسویں صدی میں برصغیر میں بھی قابلِ اعتماد ہیں۔
- مکالمہ بین المذاہب دعوت کا ایک ایسا طریقہ ہے کہ جس کے ذریعے مخاطب کو (Deply) اور سنجیدگی کے ساتھ سوچنے پر مجبور کر سکتا ہے۔
- مکالمہ بین المذاہب کے ذریعے غلط فہمیوں کو دور کیا جا سکتا ہے۔
- دینِ اسلام ایک عالم گیر مذہب ہے مکالمہ بین المذاہب کے ذریعہ اسلام کی دعوت کو عالمگیر بنایا جا سکتا ہے۔
- اسلام کے متعلق مغرب کے تحفظات مکالمہ بین المذاہب کے ذریعے دور کیا جا سکتا ہے اور دیگر مذاہب کے خدشات کو بھی نمٹایا جا سکتا ہے۔

تجاویز و سفارشات

مکالمہ بین المذاہب کے موضوع پر ہونے والے اجتماعات میں متعین نکتہ ہونا چاہیے:

- مکالمہ برائے تفہیم ہونا چاہیے۔
- محتاط زبان کا استعمال ہونا چاہیے۔
- عصر حاضر میں عالمی حالات کو مد نظر رکھ کر اجتہادی انداز میں مسلم اور غیر مسلم کے تعلقات اور اس حوالے سے ان کو درپیش مسائل کا حل ڈھونڈنا چاہیے۔
- مکالمہ بین المذاہب کو ماثور تفسیری ادب کے ذریعے درپیش مسائل کا حل نکالنا چاہیے۔
- دہشت گردی کے خاتمہ کے لیے مکالمہ بین المذاہب کے اجتماعات حکومتی سرپرستی میں ہونے چاہیے۔
- اسلامی ممالک اور دیگر ممالک، ہر ایک میں سرکاری اور نجی طور پر مکالمہ بین المذاہب کے نام سے ادارے عمل میں لانے چاہیے۔
- تشدد پسند رویوں کو مکالمہ بین المذاہب کے ذریعے ختم کرنا چاہیے۔
- قرآن و حدیث، اقوالِ صحابہ و تابعین کے طریقہ کے مطابق مکالمہ بین المذاہب کے عنوان پر کتابیں لکھی جائیں، تاکہ ایک دوسرے کو سمجھنے اور قریب لانے کا موقع مل سکے۔

*****

حوالہ جات

1۔تقی الدین، ابو العباس، ابن تیمیہ، *مقدمہ فی اصول التفسیر*(بیروت،دارالکتب العلمیہ،2012ء) ،24-
2۔یضاً، 20-
3۔ایضاً، 24-
4۔مولانا ابو الفضل عبدالحفیظ، بلیاوی، *المنجد عربی اردو*(بیروت،دارالمشرق،1976ء) ،765 -
5- انجیل متی، 15: 24-
6- انجیل متی- 10: 6-
7 شاہ ولی اللہ، دہلوی، *الفوز الکبیر*، (لاہور،مکتبہ قرآنیات،2014ء) ،14-
8- زکی المیلاد، ازمۃ الحوار الإسلامی، *مقالہ در ثقافۃ التقریب*/ 3، العدد الأول(ش ن، جولائی 2007ء) ،1-
9۔محمد بن عیسی، الترمذی، *جامع ترمذی*، الایمان، باب ماجاء فی ان الملم کن یکم المسلمون(الریاض،دارالاسلام للنشر والتوزیع،1999) ح:2627-
10- فتی محمد عاشق الہٰی مہاجر، مہاجر مدنی*تفسیر انوار البیان في کشف اسرار القرآن*،(لاہور، مکتبہ زکریا، 2009ء/ 1480ھ) ،106-
11۔صوفی عبد الحمید، سواتی، *معالم العرفان*، تفسیر سورۃ توبہ،9:7، (گوجرانوالہ،انجمن محبان اشاعت قرآن،2008ء) ، 308-
12۔محمد شفیع، مفتی، *معارف القرآن*، ج2(کراچی، ادارۃ المعارف،1987ء) ، 51-
13۔محمد شفیع ، *معارف القرآن*، ج2، 51-
14۔محمد شفیع، *معارف القرآن*، ج 2، 50-
15۔شبیر احمد، عثمانی، *تفسیر عثمانی*،ج1(کراچی، دار الاشاعت،1949ء) ، 424-
16۔پیر محمد کرم شاہ، الأزھری، *ضیاء القرآن*، ج1(لاہور، ضیاء القرآن پبلیکشنز،1970ء) ، 590-
17۔غلام رسول، سعیدی، *تبیان القرآن*،ج3(لاہور،فرید بک سٹال، 2000ء) ، 267-
18۔محمد شفیع، *معارف القرآن*، ج 6، 271-
19۔میاں محمد جمیل، *فہم القرآن*(لاہور، ابو ہریرہ اکیڈمی، س ن) ،394-
20۔مولانا عبدالستار محدث ، دہلوی، *حدیث التفاسیر*(کراچی، مکتبہ رشیدیہ،1911ء) ،61-
21۔سید احمد حسن، دہلوی، *تفسید احسن التفاسیر*،ج5(دہلی،مطبع فاروقی،1912ء،42-43-
22۔ابو نعمان سیف اللہ، خالد، *دعوۃ القرآن*، ج2(لاہور،دارالاندلس،2010ء) ،7-
23۔میاں محمد جمیل، *تفسیر فہم القرآن*، (النساء: 4: 58)، 718-
24۔مولانا عبد الحق حقانی، دہلوی، *تفسیر حقانی*، ج6(لاہور، الفیصل ناشران و تاجران کتب،1906ء) ، 40-
25۔ڈاکٹر اسرار احمد، *تفسیر بیان القرآن*، ج6(لاہور، مکتبہ خدام القرآن، 2019ء) ، 478-
26۔مولانا اشرف علی، تھانوی، *تفسیر بیان القرآن*، ج1(لاہور،مکتبہ رحمانیہ،1905ء) ،498-
27۔مولانا شبیر احمد، عثمانی، *تفسیر عثمانی* (تفسیر سورۃ الکافرون) ،ج3 ،918-
28- ہلوی، *تفسیر حقانی*، ج: 4، 6-
29۔مولانا سید ابو الاعلیٰ، مودودی، *تفہیم القرآن*،ج3(لاہور، ادارہ ترجمان القرآن،1958ء) ، 708-
30۔دہلوی،*حدیث التفاسیر*،84-
31۔صلاح الدین، حافظ، یوسف، *تفسیر احسن البیان*(لاہور،دارالاسلام، 1995ء) ، 184-
32۔مسلم بن حجاج، القشیری، صحیح *مسلم*، کتاب الإیمان، باب بیان الکبائر،ج1 (لاہور، علی آصف پرنٹرز،2004ء) ،189-
33۔مفتی محمد شفیع، *معارف القرآن*، ج: 1، 617-
34۔ابو نعمان، *تفسیر دعوۃ القرآن*، ج3، 349،350-

35-البخاري، محمد بن إسماعيل أبو عبدالله (المتوفى:256ھ) صحیح *بخاری* ، کتاب بدء الخلق، بابٌ : إذا قال أحدكم أمين- الخ : ۳۲۳۱-
36-ابو نعمان، *تفسیر دعوۃ القرآن*، ج: 3، 351-
37-صلاح الدین، *تفسیر أحسن البیان*، 73-
38-میاں محمد جمیل، *تفسیر فہم القرآن*، ج1، 509-

Bibliography

1. Al-Azhari, Peer Muhammad Karam Shah, Zia al-Quran, Lahore: Zia al-Quran Publications, 1970.
2. Al-Tirmizi, Muhammad b. Esa, Jame' Tirmizi, Riyadh: Dar al-Salam, 1999.
3. Balyawi, Maolana Abu al-Fazl Abdul Hafīz, Al-Munjid Arabi-Urdu, Beirut: Dar al-Mashriq, 1976.
4. Dehalwi, Maolana Abd al-Sattar Muhaddith, Hadith al-Tafāsīr, Karachi: Maktaba Rashidiyyah, 1911.
5. Dehalwi, Sayyed Ahmad Hasan, Tafsīr Ahsan al-Tafāsīr, Dehli: Matba' Farooqi, 1912.
6. Dehlawi, Maolana Abd al-haq Haqqani, Tafsīr Haqqani, Lahore: al-Faisal Nashirān wa Tajirān, 1906.
7. Dehlawi, Shah Waliyullah, Al-Faoz al-Kabīr, Lahore: Maktaba Qurāniyat, 2014.
8. Ibn Taymiyyah, Taqi al-Din, Abu al-Abbas, Muqadamah fi Usūl al-TafsIīr, Beirut: Dar al-Kutub al-Ilmiyyah, 2012.
9. Khalid, Abu Nao'man Saifullah, Dawah al-Quran, Lahore: Dar al-Undalus, 2010.
10. Mawdodi, Maolana Abu al-Ala, Tafhīm al-Quran, Lahore: Idara Tarjaman al-Quran, 1958.
11. Miyan Muhammad Jamil, Fahm al-Quran, Lahore: Abu Hurirah Academy, nd.
12. Mufti, Muhammad Safi, Maā'rif al-Quran, Karachi: Dar al-Maā'rif 1987.
13. Muhajir Madani, Mufti Muhammad Ashiq Elahi Muhajir, Tafsīr Anwār al-Bayan fi Kashf Asrar al-Quran, Lahore: Maktaba Zakriya 1408/2009.
14. Qushayri, Muslim b. al-Hajjaj, Sahi Muslim, Lahore: Ali Asif Printers, 2004.
15. Sae'idi, Ghulam Rasool, Tibyan al-Quran, Lahore: Fareed Book Stall, 2000.
16. Sawati, Sufi Abd al-Hamīd, Maā'lim al-Irfan, Gujranawala: Anjuman Muhibban Ishaa't-e Quranm 2008.
17. Thanawi, Maolana Ashraf Ali, Tafsīr Bayan al-Quran, Lahore: Maktaba Rahmaniyyah, 1905.
18. Uthmani, Shabīr Ahmad, Tafsīr-e Uthmani, Karachi: Dar al-Ishaa't, 1949.
19. Yusuf, Salah al-Dīn, Hafiz, Tafsīr Ahsan al-Bayan, Lahore: Dar al-Salam, 1995.
20. Zaki al-Milād, Azmah al-Hiwār al-Islami, Thaqafa al-Taqrīb 3, no. 1 (2007).

عصر حاضر کی اسلامی تحریکیں،مسلم امہ اور عالمی منظر نامہ

CONTEMPORARY ISLAMIC MOVEMENTS: THE MUSLIM UMMAH & GLOBAL SITUTION

Talib Ali Awan
Dr. Muhammd Haseeb

ABSTRACT:

Any all-encompassing and everlasting struggle revolving around the call for God and religion is called Islamic movement whose central responsibility is to train and prepare such individuals who, instead of being slaves of their parochial interests, fulfill their duties with respect to God's rights, and play their role to defend the rights of people. This article examines to what extent contemporary Islamic movements have succeeded in this regard. The most important thing for a viable reformation is the consistent process of educating and training which is linked with the Quran, the Sunnah, Islamic rituals, and rights of human beings. Contemporary Islamic movements may be successful in this process only through hard struggle.

KeyWords**:** *Islamic, Movements, Muslims, World, Scenario.*

خلاصہ

دعوت الی اللہ اور دعوتِ دین کے محور کے گرد ایک ہمہ جہت اور ختم نہ ہونے والی جدوجہد کو اسلامی تحریک کا نام دیا جاتا ہے جس کی بنیادی ذمہ داری ایسے افراد کی تربیت ہے جو ذاتی مفاد کے بندے نہ ہوں بلکہ صرف اور صرف خالق حقیقی کے بندے بن کر اس کے حقوق کو ادا کریں اور خلق خدا کے حقوق کے تحفظ میں ذمہ دارانہ کردار ادا کر سکیں۔ اس مقالہ میں اس امر کا جائزہ لیا گیا ہے کہ عصر حاضر کی اسلامی تحریکیں اس مہم میں کس قدر کامیاب ہوئی ہیں۔ دراصل، پائیدار اصلاح کے لئے سب سے زیادہ ضروری چیز وہ مسلسل تعلیمی و تربیتی عمل ہے جس میں قرآن کریم کا براہِ راست مطالعہ، سیرت النبیؐ سے براہِ راست تعلق اور عبادات اور حقوق العباد کا شدت کے ساتھ اہتمام ہو۔ عصر حاضر کی اسلامی تحریکیں اس تربیتی عمل کےلئے مسلسل خونِ جگر سینچنے ہی سے اپنی منزل سے ہم کنار ہو سکتی ہیں۔

کلیدی کلمات: اسلامی، تحریکیں، مسلم امت، منظر نامہ۔

اسلامی تحریک کا مفہوم

اسلام کے لغوی معنی "اطاعت، سر جھکانے، سر تسلیم خم کرنے اور مکمل سپردگی" کے ہیں۔ اس کے دوسرے لفظی معنی "امن، سلامتی اور آشتی" کے ہیں۔ اصطلاح میں اسلام کا مطلب دین کو اللہ کے لئے خاص کرنا ہے اور مسلم سے مراد وہ شخص ہے جو عبادت کو اللہ کے لئے خالص کرتا ہے یعنی اسلام دراصل اللہ کی اطاعت و فرمانبرداری کرتا ہے۔[1] دراصل، دین اسلام ہی وہ دین ہے جو اللہ کی حاکمیت کی بنیاد پر ایک پورا ضابطہ زندگی پیش کرتا ہے: "اِنَّ الدِّیْنَ عِنْدَ اللّٰہِ الْاِسْلَامُ " (19:3) ترجمہ: "بلا شبہ دین تو اللہ کے نزدیک صرف اسلام ہے ۔" یہ دین انسان سے مطالبہ کرتا ہے کہ وہ اسے قبول کرے اور اس کی پیروی کرے کیونکہ اللہ کے قانون کے آگے جھکنے اور اس کی اطاعت کرنے کا نام ہی اسلام ہے: "وَمَنْ یَّبْتَغِ غَیْرَ الْاِسْلَامِ دِیْنًا فَلَنْ یُّقْبَلَ مِنْہُ ۔"(85:3) ترجمہ ‘‘اور جو اسلام کے سوا کوئی اور دین تلاش کرے گا اس سے وہ دین ہرگز قبول نہ کیا جائے گا۔"

کسی تہذیب کی روشنی دراصل اس کے اصول وعقائد اخلاقی اور سماجی اداروں کا نتیجہ ہوتی ہے۔ یہی عناصر وہ "تحریکات"کہلاتے ہیں جو تمدن کا ڈھانچہ متعین کرتے ہیں۔ "تحریک" اس جدوجہد کا نام ہے جو کسی نصب العین کے حصول کے لئے منظم طور پر کی جائے۔[2] مولانا مسعود عالم ندوی 'تحریک اسلامی' کی تعریف بتاتے ہوئے کہتے ہیں:"جب ہم اسلامی تحریک کا لفظ بولتے ہیں تو اس سے مراد ایسی تحریک و دعوت ہے جو دین کے کسی خاص جز پر قناعت کرنے کے لئے تیار نہ ہو اور پوری انسانی زندگی کو دین کا موضوع اور دائرہ عمل کے اندر داخل سمجھتی ہو۔"[3]چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ پوری انسانی تاریخ میں ہمیشہ اللہ کے دین کو قائم کرنے کے لئے ایسی تحریکات موجود رہی ہیں جو ہر فرد کو حق کا سپاہی اور راستے کا سفیر بنانا چاہتی ہیں۔ وہ مسلمانوں کو امت وسط قرار دے کر امت کی تخلیق کا مقصد ہی یہ قرار دیتی ہیں:"کُنْتُمْ خَیْرَ اُمَّۃٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ تَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَتَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَتُؤْمِنُوْنَ بِاللّٰہِ" (110:3) ترجمہ: "اب دنیا میں بہترین گروہ تم ہو جسے انسانوں کی ہدایت واصلاح کے لئے میدان میں لایا گیا اور تم نیکی کا حکم دیتے ہو اور برائی سے روکتے ہو اور اللہ پر ایمان رکھتے ہو۔" اس آیت سے معلوم ہوا کہ نیکی کو قائم کرنا، برائی کو مٹانا اور اللہ وحدہ لاشریک کو اعتقاداً عملاً اپنا اللہ اور رب تسلیم کرنا یہ امت مسلمہ کی ذمہ داری ہے۔ اسلامی تحریک کی غرض و غایت اس آیت سے بھی واضح ہوتی ہے جس میں ارشاد ہوا: "اَلَّذِیْنَ اِنْ مَّکَّنَّاھُمْ فِی الْاَرْضِ اَقَامُوا الصَّلَاۃَ وَاٰتَوُا الزَّکَاۃَ وَاَمَرُوْا بِالْمَعْرُوْفِ وَنَھَوْا عَنِ الْمُنْکَرِ (41:22) ترجمہ: "یہ وہ لوگ ہیں کہ اگر ہم زمین میں اقتدار دیں تو وہ نماز قائم کرتے ہیں، زکوٰۃ ادا کرتے ہیں، نیکی کا حکم دیتے ہیں اور

برائی سے روکتے ہیں۔" اس کے علاوہ ارشاد خداوندی ہے: "یَآ اَیُّـھَا الَّـذِیْنَ اٰمَنُـوْا کُـوْنُـوْا قَوَّامِیْنَ لِلّٰہِ شُھَدَآءَ بِالْقِسْطِ " (8:5) ترجمہ: "اے لوگو جو ایمان لائے ہو اللہ کی خاطر راستے پر قائم رہنے والے انصاف کی گواہی دینے والے ہو۔" اس آیت کا مفہوم یہ ہے کہ امت مسلمہ کا کام صرف انصاف کرنا نہیں بلکہ انصاف کا جھنڈا لے کر اٹھنا ہے : "وَقَاتِلُوھُمْ حَتّٰی لَا تَکُونَ فِتْنَۃٌ وَیَکُونَ الدِّینُ کُلُّہُ لِلّٰہِ " (39:8) ترجمہ: "ان سے جنگ کرو یہاں تک کہ فتنہ باقی نہ رہے اور دین پورا کا پورا اللہ کے لئے ہو جائے۔" اس سے اسلام میں اسلامی تحریکات کی ایک مجمل تصویر سامنے آتی ہے کہ تحریک اسلامی کے ذریعے عوام کر متحرک اور بیدار کرنا ہوتا ہے کہ وہ دین کو اللہ کے لئے خالص کر لیں۔

اسلامی تحریکیں، ایک تعارف

عصر حاضر کی معروف تحریکوں کو زیربحث لانے سے پہلے اسلامی تحریکات جو خدمات سرانجام دے رہی ہے اور وہ کس نوعیت کی ہیں، ان کا مختصراً ذکر کیا جائے گا۔ ان کا اصل کام تو مذہبی احیاء اور معاشرتی اصلاح کو دستور حیات بنانا ہے۔ مگر مقاصد کے حصول کے ذرائع یا طریقے الگ الگ ہیں۔ جس کی بنا ء پر ہم ان کو کچھ گروپوں میں بانٹ سکتے ہیں تاکہ ان کی حکمت عملی اور عصر حاضر کی ضرورتوں کو سمجھنے میں مدد مل سکے اور یہ اندازہ لگایا جاسکے کہ ان کی کوششیں کس اختتام پر منتج ہوتی ہیں۔

تزکیہ َ نفس کی تحریکیں

نبی اکرمﷺ امت مسلمہ فرائض نبوت میں دعوت خیر اور "امر بالمعروف ونہی عن المنکر" میں نبی کی جانشین بنی۔ اس لیے رسول کریمﷺ کو کار نبوت کے جو چار فرائض عطا ہوئے:

الف۔تلاوت۔ ب۔ احکام۔ ج۔تعلیم کتاب۔ د۔حکمت وتزکیہ۔

یہ چاروں فرض امت مسلمہ پر بھی بطور کفایہ عائد ہیں:[4] "وَلْتَکُنْ مِّنْکُمْ اُمَّۃٌ یَّدْعُوْنَ اِلَی الْخَیْرِ وَیَاْمُرُوْنَ بِالْمَعْرُوْفِ وَیَنْھَوْنَ عَنِ الْمُنْکَرِ وَاُولٰٓئِکَ ھُمُ الْمُفْلِحُوْنَ" (104:3) ترجمہ: "اور تمہارے اندر سے ایک جماعت اس کام پر مقرر ہونی چاہیے کہ جو نیکی کی دعوت دے، معروف کا حکم دے اور منکر سے روکے اور وہی فلاح پانے والے ہیں۔" لہذا اسی اصول کے تحت رسول کریمﷺ نے مسلمانوں کو ہدایت فرمائی کہ اگر کوئی منکر کو دیکھے تو اپنے دائرہ اختیار میں اس کا ازالہ کرنے کی کوشش کریں، آپﷺ کا ارشاد مبارکہ ہے:"من رای منکم منکراً فلیغرہ بیدہ فان لم یستطع فبلسانہ،فان لم یسطع فبقلبہ، و ذلک اضعف الایمان"[5] ترجمہ: "تم میں سے کوئی شخص اپنے دائرہ کار یا اختیار میں کوئی برائی دیکھے تو اسے چاہیے کہ وہ اسے ہاتھ سے روکے، پھر اگر اس کی ہمت

نہ ہو تو زبان سے اور اگر یہ بھی نہ ہو تو دل سے اسے ناگوار سمجھے اور یہ ایمان کا ادنی ترین درجہ ہے۔" قرآن کریم کی تصریحات، دین کے مسلمات، رسول اکرمﷺ کی سیرت اور روایت کے الفاظ کی روشنی میں اس کی صحیح تاویل یہ ہے کہ مسلمان اپنے اور دوسرے نفوس کا تزکیہ کرے، قلوب امراض کا علاج کرے اور برائیوں اور بدیوں کے زنگ ومیل سے دھو کر اخلاق انسانی کو نکھارا اور سنوارا جائے اور یوں ان تحریکوں میں ظاہری و باطنی فرائض یکساں اہمیت سے ادا ہوتے ہیں۔[6]ماضی میں اس طرح کی تحریکوں کی مثال مندرجہ ذیل ہے:

اصلاح کے نام پر اٹھنے والی جدید تحریکات

۱۔سلفیت

سلفیت، سلف صالحین کے اتباع کی دعوت دیتی ہے۔ صحیح عقیدہ اور خالص توحید کی طرف رجوع کرنے کی تاکید کرتی ہے ۔کسی متعین مذہب کی پیروی نہیں کرتی بلکہ قوی دلیل کی پیروکار ہے، شرک اور بدعات کو ختم کرنے کی داعی ہے۔اس تحریک کے محرک شیخ محمد بن عبدالوہاب نجدی رحمہ اللہ (1115-1206ھ/1703-1791ء) تھے۔ انہوں آل سعود کے ساتھ رشتہ داری اور معاہدے کے ذریعے شرکیات و بدعات کا قلع قمع کیا اور آل سعود کی حکومت کو خوب مستحکم کیا۔ آج بھی سعودی حکومت کے سیاسی امور آل سعود کے پاس ہیں جبکہ دینی امور شیخ کی آل و اولاد کے پاس ہیں۔ شیخ محمد بن عبدالوہاب رحمہ اللہ کی دعوت "الولاء و البراء "یعنی مسلمانوں سے دوستی اور کفار سے بیزاری کا قرآنی عقیدہ خوب واضح کیا گیا ہے۔ لیکن عملی طور پر آل سعود کی تمام کفار سے دوستیاں ہیں۔[7] جس کے نتیجے میں آل شیخ نے بلاد حرمین کی حفاظت کے نام پر امریکی افواج کی تعنیانی کو سند جواز فراہم کیا جس کی وجہ سے آج کعبۃ اللہ کے قریب مسلح جہازوں سے لیس امریکی بحری بیڑے تعنیات ہیں اور عملاً سارا جزیرۃ العرب امریکی افواج کے قبضے میں ہے۔ اگرچہ سلفی تحریک خالص سیاسی معنی میں جزیرہ عرب تک ہی محدود ہے۔ مگر روحانی طور پر اس کے قومی اثرات عالم اسلام کو ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک اپنی رو میں بہا لے گئے۔ سنوسی تحریک ، الاخوان المسلمون اور جماعت اسلامی اس تحریک کی قابل تقلید مثالیں ہیں۔

۲۔ جماعت اہلِ حدیث

جماعت اہل حدیث برصغیر کے قدیم تحریکات میں سے ہے، یہ جماعت کتاب و سنت اور سلف و صالحین کے طریقے کی طرف دعوت دیتی ہے، شرکیات و بدعات کے مخالف ہے۔ اس تحریک کے محرک شیخ نذیرحسین دہلوی (ت1320ھ)، علامہ شمس الحق عظیم آبادی مؤلف عون المعبود شرح سنن ابی

داوَد (ت1329ھ)، علامہ عبدالرحمن مبارک پوری مؤلف تحفۃ الاحوذ شرح جامع الرمذی (ت1393ھ)، نواب صدیق حسن خان بھوپالی (ت1307ھ)، شیخ محمد داوَد غزنوی (1895-1965ء)، علامہ شیخ احسان الہی ظہیر (ت1987ء) اور علامہ بدیع الدین شاہ راشدی شمار کیے جاتے ہیں ۔[8] برصغیر، نیپال، سری لنکا اور جزائر فجی میں اس تحریک کے پیروکار پائے جاتے ہیں۔ آج کل اہل حدیث کے نام سے سینکڑوں جماعتیں کام کر رہی ہیں،جیسے:لشکر طیبہ حالیہ جماعۃ الدعوۃ ۔

۳۔جماعت انصار *السنۃ المحمدیۃ*

جماعت انصار السنۃ المحمدیہ ایک سلفی جماعت ہے جو مصر میں قائم ہوئی اور پھر دیگر ممالک میں پھیلی، یہ جماعت توحید خالص اور سنت صحیحہ کی طرف دعوت دیتی ہے اور انہیں خلافت کے واپس لوٹنے کے لیے شرط قرار دیتی ہے۔ یہ جماعت تصوف کے سخت خلاف ہے۔ اس جماعت کی بنیاد 1345ھ/1926ء کو قاہرہ میں شیخ محمد حامد الفقی رحمہ اللہ کے ہاتھوں پڑی۔ جماعت جمہوریت کو کافرانہ نظام سمجھتی ہے لیکن حکومتوں کے ساتھ تصادم کی راہ اختیار کرتی ہے اور نہ ہی سیاسی عمل میں شرکت کرتی ہیں۔[9] مصر میں جماعت کی سو کے قریب شاخیں اور ہزار کے قریب مساجد ہیں، نیز سوڈان، اریٹیریا، لائبیریا، چاڈ، جنوبی افریقہ اور بعض ایشیائی ممالک جیسے تھائی لینڈ اور سری لنکا میں جماعت کے پیرو کار پائے جاتے ہیں۔

۴۔ اخوان المسلمون

معاصر تحریکات میں اخوان المسلمون سب سے بڑی اسلامی تحریک ہے، اخوان المسلمون اسلام کی طرف رجوع اور شریعت کے نفاذ کی دعوت دیتی ہے۔ اخوان، سیکولرازم کے خلاف جدوجہد کرتی آ رہی ہے۔ شیخ حسن البنا رحمہ اللہ (1324-1368ھ/1906-1949م)نے اپریل 1928م میں اخوان المسلمون کی بنیاد رکھی۔اخوان نے 1948م میں فلسطین کی جنگ میں شرکت کی اور 1951م میں برطانیہ کے خلاف گوریلا جنگ میں فعال کردار ادا کیا۔ جمال عبدالناصر نے 1954م اخوان کی قیادت کو گرفتار کیا اور چھ رہنماؤں کو پھانسی دی ۔ سید قطب رحمہ اللہ جو جماعت کے دوسرے اہم مفکر ہیں، انہوں نے "معالم فی الطریق" اور دوسری کتابوں کے ذریعے عالم اسلام میں موجود کافرانہ نظاموں کو ختم کرنے کے لئے جہادی راستہ تجویز کیا ۔ ماضی قریب میں جماعت نے محمد مرسی کی قیادت میں مصر میں حکومت قائم کی۔ لیکن ایک سال بعد ہی فوج نے بغاوت کر دی اور جماعت کی قیادت دوبارہ پابند سلاسل کی گئی۔ یہ جماعت کئی جرائد نکالتی ہے۔ جماعت کا شعار یہ تھا: اللہ ہمارا رب، رسول اللہﷺ ہمارے رہنماء، قرآن ہمارا دستور، جہاد ہمارا راستہ اور شہادت ہماری اعلیٰ آرزو ہے۔ یہ کسی دور میں جماعت کا شعار تھا، اب بہت ساری دیگر تنظیموں کی طرح

جماعت کا شعار یہ بن چکا ہے: جموریت ہمارا راستہ اور کرسی ہماری اعلیٰ آرزو ہے۔[10] جماعت کا قیام مصر میں عمل میں آیا، 1940م کے آخر تک تین ہزار شعبے تھے۔ یہ جماعت شام، فلسطین، اردن ، لبنان، عراق، یمن، سوڈان وغیرہ میں پھیلی ہوئی ہے، دیگر مسلم دنیا میں بھی اس کے پیروکار موجود ہیں۔

۵۔جماعت اسلامی (برصغیر)

جماعت اسلامی برصغیر کی ایک معاصر اسلامی تحریک ہے، اس کا مقصد اسلامی شریعت کا نفاذ اور سیکولرازم کی راہ مسدود کرنا ہے ۔ ابواالاعلیٰ مودودی (1321-1399ھ/1903-1979م) نے جماعت اسلامی کی بنیاد رکھی۔ جماعت کا شعار یہ ہے: قرآن وسنت کی دعوت لے کر اٹھو اور ساری دنیا پر چھا جاوَ۔ جماعت کے بانی کی رحلت کے بعد میاں طفیل محمد (1941م) نے جماعت کی امارت سنبھالی۔ ان کے قاضی حسین احمد، ان کے بعد سید منور حسن اور اب سراج الحق امیر ہیں۔ سید منور حسن کی قیادت میں جماعت اسلام کے زیادہ قریب تھی جبکہ سراج الحق کی قیادت میں جماعت ایک عام سی جمہوری جماعت نظر آتی ہے۔[11]بانیَ جماعت نے ابتداء میں جمہوریت کو بڑے شدومد سے کفری نظام قرار دیا اور پھر اپنی پالیسی سے یوٹرن لیتے ہوئے جمہوری سیاست میں آنے کا فیصلہ کیا جس کی وجہ سے مولانا امین احسن اصلاحی اور ڈاکٹر اسرار احمد جیسی اہم شخصیات نے جماعت سے علیحدگی اختیار کر لی۔ جماعت نظم وضبط کے حوالے سے معروف ہے۔ اسلامی جمیعت طلبہ عصری اداروں میں جبکہ جمیعت طلبہ عربیہ دینی مدارس میں جماعت کی ذیلی شاخیں ہیں۔ جماعت کی سیاست دھرنوں اور مظاہروں سے عبارت ہے۔ جماعت اسلامی پورے برصغیر میں پھیلی ہوئی ہے، سری لنکا اور مغربی ممالک میں بھی جماعت کا وجود ہے۔

۶۔اتجاہ اسلامی (تونس)

اتجاہ اسلامی ایک اسلامی تحریک ہے جو اخوان المسلمون کی فکر سے متاثر ہے، تحریک کا مقصد سیکولرازم کا راستہ روکنا اور اسلامی اقتصاد کا قیام ہے۔ تحریک تصادم سے بچتے ہوئے اسلامی نظام کے لئے سیاسی راستے سے کوششوں کی حامی ہے۔ ڈاکٹر راشد غنوشی نے 1969م میں اس تحریک کی بنیاد رکھی، وہ ہی اس کے موَسس ہیں۔ صدر بورقیبہ نے اس ملک سے اسلامی قوانین کا خاتمہ کیا، اوقاف کو ختم کیا، دینی پابندی لگائی اور مغربی تہذیب کو ترویج دی جس کے نتیجہ میں تحریک وجود میں آئی۔ گزشتہ عرب انقلابات میں تونس کی حکومت ختم ہوئی، صدر زین العابدین فرار ہوئے اور راشد الغنوشی نے اقتدار سنبھالا، لیکن راشد الغنوشی نے شراب پینے پر پابندی لگانے سے انکار کیا اور حجاب کو عورت کا ذاتی معاملہ قرار دیا۔ اسی طرح

یہ تحریک اسلام سے کافی دور ہوگئی ۔[12] حزب النھضہ کا وجود صرف تونس تک محدود ہے۔

۷۔ حزب السلامہ الوطنی (ترکی)/رفاہ اسلامی(نیا نام)

حزب السلامہ الوطنی ایک اسلامی جماعت ہے جو ترکی میں نظام حیات کو دوبارہ اسلامی بنانے کے کوشاں ہے۔ حزب نے اپنے اہداف کو حاصل کرنے کے لئے سیاسی راستہ اختیار کیا ہے۔ حزب، خلافت عثمانی کے زوال کے بعد ترکی میں سیکولرازم کا راستہ روکنے کے لئے کوشاں ہے، حزب کا نیا نام رفاہ اسلامی ہے۔ڈاکٹر نجم الدین اربکان نے 1972ء میں حزب السلامۃ کی بنیاد رکھی۔ حزب نے ترکی کو صلیبی اتحاد سے نکالنے اور امریکی اڈے ملک سے ختم کرنے کا مطالبہ کیا۔ 1972ء کے انتخابات میں حزب السلامہ نے 42 سیٹیں جیتیں اور نجم الدین اربکان نائب وزیراعظم بنے اور 8 وزراء کا تقرر حزب السلامہ کی جانب سے ہوا۔ حزب نے اسلامی نظام حیات کے دوبارہ اعادہ کے لئے کوششیں کیں۔ ان کوششوں کے نتیجہ میں حاجیوں کی تعداد سالانہ ڈیڑھ لاکھ تک پہنچی،علماء اور خطباء تیار کرنے کے لئے حزب کی جانب سے تین ہزار مدارس کھولے گئے۔ 1980ء میں فوج نے اقتدار پر قبضہ کیا اور نجم الدین اربکان اپنے 33 ساتھیوں سمیت فوجی عدالت میں پیش کیے گئے۔ 1985ء میں اربکان جیل سے نکلے اور 1986ء میں انہوں نے "حزب الرفاہ " کے نام سے کام شروع کر دیا۔ 1996ء میں حزب الرفاہ نے انتخابات میں 22 فیصد ووٹ حاصل کیے اور اربکان وزیراعظم بنے لیکن سیکولر عناصر کو یہ بات پسند نہ آئی اور عدالت نے ان کی تنظیم تحلیل کرنے کا حکم جاری کیا۔ 2003ء میں اسلامی عناصر نے جسٹس اینڈ ڈیولپمنٹ "تحریک عدل و ترقی " قائم کی اور رجب طیب اردگان کو سربراہ مقرر کیا، اس وقت سے تاحال (2020ء) رجب طیب اردگان سربراہ حکومت چلے آ رہے ہیں۔ یہ جماعت بہت آہستگی کے ساتھ اسلامی نظام کے لئے کوشاں ہے۔[13]

۸۔حزب اسلامی کردستانی (بارتیا اسلامیہ کو ردستانی باک)

حزب اسلامی کردستانی ایک سیاسی اسلامی جماعت ہے جو کردستانی علاقے اسلامی بنانا چاہتی ہے اور کردوں پر ہونے والے مظالم کے خاتمے اور ان کے حقوق کے لئے کوشاں ہے۔ کردستان کا علاقہ ترکی، ایران، عراق،شام اور سابق سویت یونین میں واقع ہے۔کردوں کی اکثریت سنّی ہے۔ طوفانِ نوح علیہ السلام کے بعد یہ علاقہ انسانوں کا مرکز رہا، کردوں میں بڑے بڑے فاتحین اور علماء گزرے ہیں جن میں سلطان صلاح الدین ایوبی، امام ابن تیمیہ، حافظ ابنِ حجر اور امام ابن صلاح وغیرہ چند ایک ہیں۔ کردوں نے ترکی، ایران اور عراق میں کافی بغاوتیں کیں، اوجلان (جو کی اب ترکی میں قید ہیں)کی قیادت میں کردوں نے ترکی کے خلاف بہت بڑی مسلح تحریک لائی، اس تحریک کے

کئی ٹی وی چینلز مختلف ممالک سے چلتے تھے۔ 11ستمبر کو امریکہ پر ہونے والے حملوں کے بعد جب "دہشت گردی "کے خلاف امریکہ کی قیادت میں عالمی اتحاد بنا تو یہ مسلح تحریک ختم ہونے کے قریب ہوئی، اب کردوں نے امریکی حمایت سے مسلح فوج بنا کر کردستان کے عراقی علاقوں میں نیم خود مختار ریاست قائم کی ہے، جس کا مرکز اربیل ہے۔[14]

۹۔اسلامی قومی محاذ(سوڈان)

اسلامی قومی محاذ ایک تجدیدی اسلامی تحریک ہے جو اخوان المسلمون سے نکلی ہے، اس تنظیم نے سوڈان کے دوسرے اسلام پسند عناصر کو اپنے ساتھ ملا کر ایک اسلامی اتحاد تشکیل دیا ہے، اب یہ اخوان المسلمون کی فکر سے کافی دور ہو چکی ہے۔ ڈاکٹر حسن ترابی (1932م)اس تحریک کے بانی ہیں ،ان کی کئی آراء جمہور امت کے خلاف ہیں ۔ اس تحریک نے عسکری انقلاب کی معاونت کی جس کے نتیجے میں صدر عمر بشیر کو اقتدار حاصل ہوا،بعد میں صدر عمر بشیر نے حسن ترابی کو جیل میں ڈال دیا۔ صدر عمر بشیر اسلامی نظام کے لئے کافی مخلص تھے لیکن مغربی دباوَ کے باعث ڈھیر ہو گئے۔ کچھ عرصہ قبل سوڈان دو ٹکڑے ہوا، ایک ٹکڑے پر صدر عمر بشیر اور دوسرے ٹکڑے پر عیسائیوں کی حکومت ہے۔[15]

۱۰۔ حماس(اسلامی مزاحمتی تحریک فلسطین)

حماس ایک اسلامی جہادی فلسطینی تنظیم ہے، یہ غزہ میں قائم ہوئی، پھر مقبوضہ فلسطین میں پھیلی، یہ بھی اخوان المسلمون کی ایک شاخ ہے۔ شیخ احمد یاسین شہید اس کے ابتدائی موَسس ہیں، انہوں نے یہ تنظیم 1987ء میں قائم ہوئی۔ ان کی شہادت کے بعد اسرائیل نے پے درپے حماس کی قیادت کو نشانہ بنایا اور اس کے رہنماء کو شہید کیا۔ اب اسماعیل ھنیہ حماس کے سربراہ ہیں۔ حماس فلسطین کو تمام مسلمانوں کے لئے وقف سرزمین سمجھتی ہے اور فلسطین میں یہودیوں کے خلاف جہاد تمام امت مسلمہ پر فرض عین سمجھتی ہے۔ حماس چونکہ اخوان کی شاخ ہے، اس لیے یہ جمہوری سیاست پر بھی یقین رکھتی ہے۔ مسجد ابن تیمیہ جو کہ عالمی سلفی جہادی تحریک کا مرکز تھی اس پر حماس کے عسکری ونگ نے آپریشن کیا، جس کے نتیجہ میں کثیر تعداد میں عالمی جہادی تحریک کے ارکان شہید ہوئے۔ اس آپریشن کے نتیجہ میں حماس اور عالمی سلفی جہادی تحریک میں اختلافات زیادہ ہوئے۔ حماس نے ہمیشہ ڈٹ کر مقابلہ کیا اور متعدد اسرائیلیوں کو فوجی آپریشنز میں ہلاک کیا۔[16]

۱۱۔ اسلامی محاذ برائے بچاوَ (جبھۃ الانقاد)الجزائر

اسلامی محاذ برائے بچاوَ ایک سلفی اسلامی تحریک ہے جو اسلام کی طرف دوبارہ لوٹنے کی داعی ہے اور اسلام کو الجزائر کے مختلف بحرانوں کا واحد حل سمجھتی ہے۔ 132 سالہ فرانسیسی استعماری قبضے کے بعد رونما ہونے

والے مغربی اثرات کو ختم کرنے کے لئے کوشاں ہے۔شیخ علی بلحاج (1956م)اور شیخ عباس مدنی (1931م)اس تحریک کے اہم راہنماؤں میں سے ہیں۔ 1991ء کے ملکی انتخابات میں اس تنظیم نے بڑے پیمانے پر کامیابی حاصل کی جس کے بعد فوجی انقلاب کے ذریعے اسلام پسندوں کو اقتدار سے دور رکھا گیا اور بڑے پیمانے پر گرفتاریاں ہوئیں۔

ان مظالم کے نتیجہ میں ملک بھر میں حکومت کے خلاف مسلح تحریک شروع ہوئی۔ یہ تحریک کافی کامیابی سے جاری تھی کہ انٹیلی جنس ایجنسیوں نے تحریک میں اپنے ہرکارے داخل کیے اور معمولی باتوں پر تکفیر اور عامۃ المسلمین کا قتل شروع ہوا، جس کے نتیجے میں یہ تحریک ناکام ہو گئی۔ [17]

۱۲۔حزب التحریر

حزب التحریر ایک اسلامی، سیاسی جماعت ہے جو اسلامی خلافت کے قیام کی داعی ہے۔ اس جماعت کے نزدیک پہلے لوگوں میں فکری انقلاب برپا کیا جائے گا، اس کے بعد خود بخود سیاسی انقلاب برپا ہو گا۔ اس جماعت کی کچھ آراء جمہور امت کے خلاف ہیں۔ شیخ تقی الدین نبہانی فلسطینی (1326-1397ھ/1908-1977م)نے اس جماعت کی بنیاد رکھی۔ ان کی وفات کے بعد عبدالقدیم زلوم نے حزب کی سربراہی سنبھالی۔ حزب محض فکری کشمکش سے اسلامی نظام لانا چاہتی ہے حالانکہ یہ دعوات کے امتحانات و ابتلاءات کے سلسلے میں سنت اللہ کے خلاف ہے۔ حزب صرف فکری اور سیاسی پہلوؤں کو اہمیت دیتی ہے، امربالمعروف اور نہی عن المنکر کو اسلامی ریاست کے قیام تک معطل رکھنے کا نظریہ رکھتی ہے۔ حزب عذاب قبر اور دجال کی آمد کا انکار کرتی ہے اور اجنبی عورت کا بوسہ لینا جائز سمجھتی ہے۔[18]ابتداء میں حزب کی سرگرمیاں اردن، شام اور لبنان تک محدود تھیں، بعد میں دیگر اسلامی ملکوں اور آخر میں یورپ اور جرمنی وغیرہ میں پھیلیں،حزب تمام ملکوں کو ولایت سے تعبیر کرتی ہے۔

۱۳۔جماعت اسلامی (مصر)

جماعت اسلامی مصر جہاد کو اسلامی خلافت کے قیام کا واحد راستہ سمجھتی ہے ۔ جماعت اسلامی باقی جہادی تحریکات سے مندرجہ ذیل امور مختلف ہیں:

1. جماعت اسلامی صرف کفری نظام قائم کرنے والے حاکم کو کافر سمجھتی ہے، باقی نظام کے افراد پر یہ حکم لاگو نہیں کرتی۔
2. جماعت اسلامی اسیر کی امارت کو جائز سمجھتی ہے۔
3. جماعت اسلامی شوریٰ کی اکثریتی رائے کو امیر پر لازم سمجھتی ہے چنانچہ ان عقائد کی بناء پر جماعت کے اسیر قائدین کے ذریعے مصری حکومت نے جماعت کے عسکری ونگ کو غیر فعال کیا ان پر یکطرفہ جنگ بندی نافذ کر دی۔

جماعت اسلامی مصر کے بانی امیر ڈاکٹر عمر عبد الرحمن ہیں جن پر امریکہ میں دو سال قید لاگو کی گئی تھی اور 2017ء میں امریکی جیل میں ان کا انتقال ہوا۔ 6اکتوبر 1981ء کو فوج میں موجود جماعت کے اراکین نے خالد احمد اسلام بولی کی قیادت میں ایک عسکری پریڈ کے دوران مصری صدر انور سادات کو قتل کیا۔ جماعت اسلامی کے عسکری ونگ نے کئی وزراء اور سیکولر افراد کو موت کے گھات اتارا۔[19]

۱۴۔تحریک انقلاب اسلامی ایران (1979ء)

انقلابِ اسلامی ایران یا انقلابِ ایران کی اصطلاح 1979ء میں ایران میں آنے والے اسلامی انقلاب کے لئے استعمال کی جاتی ہے۔ اس انقلاب کی قیادت

ایرانی مذہبی رہنما آیت اللہ روح اللہ خمینیؒ نے کی۔ اس انقلاب کے نتیجہ میں ایران میں محمد رضا شاہ پہلوی کی بادشاہت کا خاتمہ ہوا اور اسلامی جمہوریہ ایران وجود میں آیا۔ جس کے پہلے سپریم لیڈر آیت اللہ خمینی بنے۔ یہ اسلامی انقلاب دنیا بھر میں ایک ایسا نظام ایجاد کرنے کی کوشش میں ہے جس کی بنیاد مذہب پر ہے۔ آیت اللہ العظمیٰ امام روح اللہ موسوی خمینی 20 جمادی الثانی 1320ھ بمطابق 24 ستمبر 1902ء کو تہران سے تین سو کلو میٹر دور خمین میں پیدا ہوئے۔ آپ رحمہ اللہ نے ایران اور عراق میں دینی علوم کی تکمیل کی۔ 1953ء میں محمد رضا شاہ پہلوی کے حامی جرنیلوں نے قوم پرست وزیراعظم محمد مصدق کی حکومت کا تختہ الٹ کر" توده پارٹی "کے ہزاروں ارکان کو تہ تیغ کر دیا تو ایرانی علماء نے درپردہ شاہ ایران کے خلاف مہم جاری رکھی اور چند سال بعد آیت اللہ خمینی ایرانی سیاست کے افق پر ایک عظیم رہنما کی حیثیت سے ابھرے۔ آپ کے خاندان نے کشمیر سے ایران ہجرت کی اور خاندان کی نسبت سید علی ہمدانی سے ملتی ہے۔

یہ بات مشہور ہے کہ عموماً فلسفی حضرات کی زندگی سوائے ان کی سوانح حیات لکھنے والوں کے علاوہ کسی کے لئے اتنی دلچسپ نہیں ہوتی بلکہ جو چیز لوگوں کے لئے ان کی زندگی کے بعد یادگار کے طور پر رہ جاتی ہے وہ ان کی تالیفات ہوتی ہیں۔ مگر امام خمینی رحمتہ اللہ جنہیں بعد میں ایران کے لوگوں نے مختصر طور پر امام کے پرکشش نام سے نوازا ہے، اس قاعدے سے مستثنیٰ ہیں۔ ان کی شخصیت اور زندگی تاریخ اسلام اور تشیع کے اہم ترین موڑ یعنی انقلاب کی آئینہ دار ہے جو پندرہویں صدی ہجری کے شروع سالوں میں استبداد گری کے سرد اور تاریک ماحول سے نکل کر اسلامی حکومت کے وسیع اور روشن ماحول کی صورت میں وجود میں آیا۔[20] آیت اللہ خمینی المعروف امام خمینی دنیا کو اسلامی نظریہ حیات کو اپنانے کی تاکید کرتے تھے اور اسے صرف جہان اسلام کے لئے مخصوص خیال نہیں کرتے تھے۔ آپ نے مغربی طور طریقوں اور مغربی طرز زندگی کی نفی کی اور اس فکر کو انسان کی نجات کے لئے ناکافی جانا۔ اسی دوران مسلمانوں میں سے بہت سے مفکرین کے نزدیک اس طرح کے نظریات کو اتنی اہمیت نہیں دی جاتی تھی۔ گذشتہ پانچ یا چھ صدیوں میں امام خمینی رحمہ اللہ وہ واحد رہبر ہیں جنہوں نے نہ صرف انقلاب کے متعلق نظریاتی تھیوری بیان کی اور اس کو عملی جامعہ بھی پہنایا۔ بلکہ تاریخ میں ایسے کم ہی لوگ ملتے ہیں جو یہ بھی لکھیں کہ کیسے اور کیونکر انقلاب لایا جائے اور پھر خود میدان عمل میں شامل ہو کر اپنی کہی باتوں کو سچ کر دکھائیں۔

حقیقت میں نظر وعمل کا جوڑ اسلامی انقلاب کو لانے میں امام خمینیؒ کی کامیابی کے اہم دلائل ہیں۔ مطلوبہ معاشرے میں تحریک پیدا کرنے کے لئے دین

سے رہنمائی حاصل کرنا امام خمینیؒ اور اسلامی انقلاب کے اسلامی بیداری کی تحریکوں پر اہم ترین اثرات ہیں جبکہ اس سے قبل یہ تحریکیں لبرالیزم اور کمیونزم کے غبار سے آلودہ تھی۔ بہت ہی کم لوگ ایسے تھے جو انقلاب لانے کے لئے دین پر یقین رکھتے تھے۔ امام خمینیؒ کی رہنمائی نے مسلمانوں میں بیداری کی لہر پیدا ہوئی اور ان پر یہ واضح ہو گیا کہ اصل قدرت اللہ تعالی کی ذات ہے اور اس کی مدد اور اس کے بتائے ہوئے اصولوں پر عمل کرکے انسان اپنے دنیاوی حقوق کو بھی حاصل کر سکتا ہے۔ امام خمینیؒ نے تمام جہان اسلام اور کمزور اقوام پر یہ واضح کر دیا کہ مشروعیت، مقبولیت، سادہ زندگی، انسانوں کی نجات، ثقافتوں کی نجات اور نظر وعمل کی ترکیب سازی صرف اور صرف دین الہی کے راستے پر چلنے سے ہی ممکن ہے۔ وہ دین جو تمام جہان کے لئے جامعہ ہے۔ دوسرے الفاظ میں ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ حضرت امام خمینیؒ اور ایران کے اسلامی انقلاب نے بڑے اچھے انداز میں رہتی دنیا کو یہ پیغام دیا ہے کہ نجات کا واحد راستہ اسلام کے اصولوں پر عمل پیرا ہو کر ممکن ہے اور یہ وہ راز ہے جومسلکی لحاظ سے گمراہ اور تھکی ہوئی دنیا کو بیدار کرنے کے لئے کافی ہے۔[21] انقلاب اسلامی ایران کی دیگر اہم شخصیات میں مرتضیٰ مطہری، محمد حسین بہشتی، ہاشمی رفسنجانی، حسن لاہوتی اشکواری، امام خمینیؒ کے فرزند احمد خمینی، صادق قطب زادے، ابو الحسن بنی صدر اور صادق طباطبائی اور موجودہ سپریم لیڈر سید علی خامنہ قابل ذکر ہیں۔

ویسے باقاعدہ طور پر اس کا وجود اسلامی جمہوریہ ایران میں ہی پایا جاتا تھا، مگر فکری طور پر اس کا اثر و رسوخ عراق، پاکستان، شام، فلسطین، اردن، لبنان سمیت امریکہ، یورپ، عرب ممالک اور جنوب مشرق ایشیائی ممالک میں بھی موجود ہے۔

۱۴۔حزب اللہ (1985ء)

لبنان میں"حزب اللہ" شیعہ مسلمانوں کی ایک انتہائی طاقتور سیاسی اور فوجی تنظیم خیال کی جاتی ہے۔ ایران کی پشت پناہی سے انیس سو اسی میں تشکیل پانے والی اس جماعت نے لبنان سے اسرائیلی فوجی دستوں کے انخلاء کے لیے جدوجہد کی۔عباس موسوی حزب اللہ کے بانیوں میں سے تھے۔ 1992ء میں اسرائیلیوں کے ہاتھوں حزب اللہ کے رہنما عباس موسوی کی شہادت کے بعد سید حسن نصر اللہ کو تنظیم کا نیا لیڈر منتخب کر لیا گیا۔ اس وقت ان کی عمر بتیس برس تھی۔ نعیم قاسم اس تحریک کے ڈپٹی سیکرٹری جنرل ہیں۔ اس تنظیم کو مئی 2000ء میں اپنے اس مقصد میں کامیابی حاصل ہوئی۔ لبنان پر اسرائیلی قبضے کے بعد علما کے ایک چھوٹے سے گروہ سے ابھرنے والی اس تنظیم کے اوائلی مقاصد میں اسرائیل کے خلاف مزاحمت اور لبنان سے غیر ملکی فوجوں کا انخلاء تھا۔ اس کا ایک مقصد یہ بھی تھا کہ لبنان کی کثیر المذہبی

ریاست کی جگہ ایرانی طرز کی اسلامی ریاست بنائی جائے مگر بعد میں اسے یہ خیال ترک کرنا پڑا۔ ایران کی طرف سے حزب اللہ کو ایک طویل طرصے تک مالی اور عسکری مدد فراہم کی جاتی رہی ہے۔ لبنان میں شیعہ اکثریت میں ہیں اور یہ تحریک لبنان میں بسنے والے شیعہ فرقے کی نمائندگی کرتی ہے۔ لبنان سے اسرائیلی فوجی دستوں کے انخلاء سے اس تنظیم نے عام لوگوں کے دلوں میں جگہ بنا لی۔ اب لبنان کی پارلیمان میں اس جماعت کے امیدواروں کو واضح اکثریت حاصل ہے۔ اس کے ساتھ ہی سماجی، معاشرتی اور طبی خدمات کے حوالے سے اس تنظیم نے لوگوں میں مقبولیت حاصل کر لی ہے۔ جماعت کا اپنا ٹی وی سٹیشن "المینار" کے نام سے قائم ہے۔[22]

۱۵۔ القاعدہ

اسامہ بن لادن کی القائدہ تنظیم کی سرگرمیاں دنیا کے تقریباً پانچ براعظموں تک پھیلی ہوئی ہیں۔ امریکی جریدے دی ٹائمز کی رپورٹ کے مطابق القائدہ نیٹ ورک کی عالمی پیمانے پر سرگرمیوں میں ملوث ہونے کا پہلی بار اس وقت پتہ چلا جب اٹلی کی پولیس نے ٹیلیفون پر ہونے والی ایک مشکوک گفتگو ٹیپ کی جس میں مخاطب کہہ رہا تھا:"تم جانتے ہو کہ القائدہ الجزائر سے فلپائن تک ہی نہیں بلکہ دنیا کے ہر کونے میں موجود ہے۔"[23] اس فون کے بعد اس شخص کو دہشت گردی کے الزام میں گرفتار کر لیا گیا۔ یہ تیونس کا باشندہ سمیع بن خماس نکلا۔ امریکہ میں اس ضمن میں ایک ہزار ایک سو اکتالیس لوگوں کو گرفتار کر لیا گیا۔ ان میں سے دس لوگ ایسے تھے جن کو 11ستمبر کو ورلڈ ٹریڈ سنٹر اور پینٹا گون پر حملے کرنے والے، ہوائی جہازوں کو ہائی جیک کرنے والوں کے متعلق معلومات حاصل تھیں۔

سوویت یونین کے خلاف جنگ جیتنے کے لئے سی آئی اے اور آئی ایس آئی نے دنیا بھر سے مجاہدین بھرتی کیےجنہیں پاکستان لا کر سرحد کے قریب کسی کیمپ میں تربیت دی اور جہاد میں حصہ لینے بھیج دیا جاتا۔ 1982ء سے 1992ء تک مشرقی وسطی شمالی اور مشرقی افریقہ، وسطی ایشیاء اور مشرق بعید کے 43 ممالک سے 35000 سے زیادہ مسلم انتہا پسند افغان مجاہدین سے آملے اور سیکڑوں نے مدرسوں میں داخلہ لے لیا۔بالآخر ایک لاکھ سے زائد مسلمان انتہا پسندوں کا پاکستان اور افغانستان سے براہ راست رابطہ قائم ہو گیا۔ ان نوجوانوں میں ایک نوجوان سعودی طالب علم اسامہ بن لادن بھی تھا، وہ تعمیرات کے کام کرنے والے ایک ارب پتی محمد بن لادن کا بیٹا تھا۔ اس کا والد شاہ فیصل کے قریبی دوستوں میں سے تھے، ان کی کمپنی مکہ معظمہ میں اور مدینہ منورہ میں توسیع وآرائش کے ٹھیکوں میں بڑی دولت کمائی۔

اسامہ 1957ء میں پیدا ہوا۔ اپنے یمنی باپ کی 57 اولادوں میں سے سترواں نمبر تھا، ان کی ماں سعودی تھی اور باپ نے کئی شادیاں کر رکھی تھیں۔ اسامہ

نے شاہ عبدالعزیز یونیورسٹی جدہ میں بزنس اینڈ ایڈمنسٹریشن میں ماسٹر ڈگری کے لئے داخلہ لیا، لیکن جلد ہی اسلامک سٹڈیز کی طرف منتقل ہو گئے۔ ان کے والد نے افغان جہاد کی حمایت کی اور مالی امداد بھی کی۔ 1980ء میں افغان جنگ میں پہلے پشاور آئے اور مجاہدین کے لیڈروں سے ملے۔ وہ اکثر سعودی عرب جاتے اور عطیات لاتے رہے۔ 1982ء میں انہوں نے پشاور ہی میں بس جانے کا فیصلہ کیا۔ وہ اپنی کمپنی کے انجینئروں اور بھاری مشینوں مع سازوسامان مجاہدین افغانستان کے لئے سڑکیں اور ڈپو تعمیر کرنے لگے۔ پہاڑوں میں تربیتی مراکز اور خوست کانٹنل کمپلیکس تعمیر کرنے میں مدد کی۔ 1990ء میں مجاہدین کے اختلافات سے بددل ہو کر دوبارہ سعودی عرب چلے گئے۔ 1992ء میں کویت کی جنگ کے بعد جب 20 ہزار امریکی سعودی عرب میں مقیم رہے تو اسامہ بن لادن کی تنقید بڑھ گئی۔ امسال شہزادہ نائب سے ملاقات ہوئی، انہوں نے شہزادہ کو اسلام کا غدار کہاجس کی شہزادہ نے شاہ فیصل سے شکایت کی۔ جس پر اسامہ سوڈان چلے گئے، جہاں سوڈانی لیڈر حسن ترابی کی قیادت میں اسلامی انقلاب کی تیاری ہورہی تھی۔ 1994 میں شاہی خاندان پر مسلسل تنقید اور اختلافات کی بدولت اسامہ سے سعودی شہریت چھین لی گئی۔

سوڈان میں اپنی دولت اور رابطوں کی بناء پر وہ افغان جنگ کے ساتھیوں کو اکٹھا کرنے میں کامیاب ہو گئے۔ امریکہ اور سعودی عرب نے سوڈان پر دباوَ ڈالنا شروع کر دیا کہ بن لادن کو یہاں سے چلے جانے کا حکم دے دیں۔ مئی 1996ء میں اسامہ بن لادن اپنے درجنوں مجاہدین اور خاندان کے ساتھ واپس افغانستان آگئے۔ امسال ہی انہوں نے امریکیوں کے خلاف جہاد کا اعلان کیا۔ 23 فروری 1998ء کو خوست کیمپ میں القائدہ سے وابستہ عام گروپوں نے بین الاقوامی اسلامی فرنٹ کی جانب سے ایک منشور جاری کیا۔24 ویسے باقاعدہ طور پر اس کا وجود افغانستان، سوڈان اور چند ایک افریقی ملک میں ہی پایا جاتا تھا، مگر خفیہ طور پر اس کا اثر و رسوخ امریکہ، یورپ، عرب ممالک اور جنوب مشرق ایشیائی ممالک میں بھی موجود رہا ہے۔

نظام خلافت /شریعت کے نفاذ کے لئے دیگر تحریکیں

1. **شبیبہ تحریک (1963ء):** مراکش میں شیخ عبدالکریم کی قیادت میں بادشاہ حسن ثانی کے خلاف اٹھنے والی تحریک۔
2. **تنظیم الجہاد(1965ء):** سید قطب شہید کے ساتھ جمال عبد الناصر کے خلاف جہادی کوشش۔
3. **جہادی تحریک (1965ء):** شام میں بعثی حکومت کے خلاف شیخ مروان حدید رحمہ اللہ کی جہادی تحریک۔
4. **افغان مجاہدین:** سویت یونین قبضے سے قبل اشتراکی نظام کے خلاف جہاد۔

5. **طلیعہ تنظیم (EKINGILAR):** ترکی میں داخلی جنگ کے دوران طلیعہ تنظیم کا تجربہ (1972ء) ۔
6. **اسلامی ریاست تحریک (1973ء):** الجزائر میں شیخ مصطفیٰ بویعلی شہید کی اسلامی ریاست تحریک۔
7. **جہادی تحریک (1975-1982ء):** شیخ مروان حدید کے شاگردوں کی قیادت میں شامی حکومت کے خلاف جہادی تحریک۔
8. **تنظیم الجہاد (1981-1997ء):** تنظیم الجہاد اور جماعت اسلامی مصر کی انور سادات اور حسنی مبارک کے خلاف جہادی تحریک۔
9. **لیبیا جہادی تحریک (1986ء):** قذافی حکومت کے خلاف لیبیا میں جہادی تحریک۔
10. **اتجاہ اسلامی تونس (1986ء):** اتجاہ اسلامی تونس کی فوجی انقلاب کے لئے محدود کاوش۔
11. **تاجکستان (1992ء)** میں اشتراکی حکومت کے خلاف جہاد ی کوشش۔
12. **سعودی عرب (1964ء)** میں محدود جہادی کاوش۔
13. **لیبیا میں (1994-1996ء)** میں جہادی کاوشیں اور جماعت مقاتلہ کا تجربہ۔
14. **تحریک نفاذ شریعتِ محمدی (1996ء):** تحریک نفاذ شریعت محمدی صوبہ سرحد/KPK پاکستان۔
15. **مغرب اقصیٰ (1996ء)** میں جہادی جماعتیں بنانے کی کوششیں۔
16. **تحریک اسلامی ازبکستان (1998ء):** ازبکستان میں کریموف کے خلاف جہادی کوششیں۔
17. **عدن ابین(1999ء):** یمن جیش میں عدن ابین کی جہادی کاوش۔
18. **لبنان (2000ء)** کے پہاڑی علاقے میں جہادی کوشش۔
19. **تحریک طالبان پاکستان (2007-2017ء) ۔**

موجودہ اسلامی سیاسی تحریکیں

ہر زمانے کا ایک مزاج ہوتا ہے اور جب تک اصلاح و تجدید کا کام قوم وملت کے مزاج کے مطابق نہ ہو گا وہ کامیاب نہیں ہو سکے گا۔ اس وقت ملت اسلامیہ کے اصلاح و تجدید کے گروپوں میں سب سے زیادہ مقبول طریقہ جمہوری نظام میں شامل ہو کر اپنی بات منوانے کا ہے۔ کیونکہ جدید دنیا میں جمہوری ادارے ہی قوت کا اصل سرچشمہ ہیں۔ سیاسی تحریکیں فی زمانہ ہر ملک میں موجود ہیں اور حکومت وقت میں شامل ہو کر یا حکومت سے باہر رہ کر اسلامی احیا ء کی کوششیں کر رہی ہیں، جس کی مثال: الجزائر کی اسلامک سلویشن فرنٹ، بنگلہ دیش اور پاکستان میں جماعت اسلامی وغیرہ ہیں۔

۱۔ترکی میں سیکولر جمہوریت اور اسلامی سیاسی جمہوریت

اتاترک نےاسلامی اصلاحات کا آغاز ترکی کو ایک جمہوریہ قرار دے کر کیا۔ اس ضمن میں انہوں نے خلافت کا نظام ہی ختم کر دیا اور ترکی جمہوریہ کے آئین سے اسلامی ریاست کی دفعہ نکال کر ملک کو سیکولر یا لادین جمہوریہ قرار دے دیا۔ قوم کو مغرب میں ضم کر دینے کے لئے مسلسل اصلاحات نافذ کیں۔ خانقاہوں کو بند کر دیا گیا اور مغرب کے دیوانی اور فوجداری قوانین پر مشتمل ضابطے بنائے گئے ۔ تعداد ازدواج کو ختم کر دیا گیا اور پردے کو خلاف قانون قرار دے دیا گیا۔ مسلمانوں کی فتوحات اور مساجد کو عجائب گھر بنا دیا، شادی اور طلاق کے قوانین تبدیل کر دیے گئے ۔ ہیٹ کو لازمی ،برقع ممنوع،اسلامی کیلنڈر کی جگہ یورپی کیلنڈر ،عربی رسم الخط کی جگہ لاطینی رسم الخط رائج کیا گیا۔ اس لادینیت کے خلاف جو اتحاد بنے ان میں "ملت پارتی"پہلے قدم پر تھی ، جس نے باقاعدہ منشور تیار کیا اور اپنے اخبار "ملت"میں لادینی نظام کے خاتمے کی باتیں کیں۔ جس سے حکومت چونک اٹھی اور اس دوران میں نئی جماعت کی سرگرمیوں پر پابندی عائد کر دی گئی اور روزنامچہ بند کر دیا گیا ۔ اسلامی پارٹی نے اپنا اجلاس منعقد کیا ،جس کا نام "ڈیموکریٹک پارٹی"تھا۔[25]

۲۔ڈیموکریٹک پارٹی

1946ء میں جلال بایار نے اس پارٹی کی بنیاد رکھی اور یہ جلد عوام میں مقبول ہو گئی۔ یہ پارٹی حکومت کی غلط پالیسیوں پر تنقید اور نکتہ چینی کرنے لگی۔ چونکہ اس سے پہلے تمام سیاسی پارٹیوں پر پابندی تھی لہٰذا یہ جلد ہر دل عزیز ہوں گی۔ جلال بایار کے مقاصد یہ تھے کہ عہد کمالیت میں دینیت اور لامذہبیت کا دور شروع ہوا تھا، اس کا سدّباب کیا جائے اور لوگوں کواسلام کے راستے پر گامزن کیا جائے تاکہ بیرونی دنیا جان لے کہ ترک مغربی تہذیب کے سیلاب میں بہہ کر اسلام کو بالکل ہی ترک کر چکے ہیں۔

1950ء میں جب قومی انتخابات ہوئے تو نوزائیدہ ڈیموکریٹک پارٹی معجزانہ طور پر بھاری اکثریت سے کامیاب ہوگئی۔ ڈیموکریٹک پارٹی کے دس سالہ دور حکومت میں اگرچہ صدارت کے عہدے پر جلال بایار فائز رہے لیکن اس دور حکومت کے اصل روح رواں وزیراعظم عدنان مندریس تھے۔[26]

دیگر تحریکیں /جماعتیں

- **اسلامک سلویشن فرنٹ**(الجبهة الا سلامية للانقاذ)**:** یہ الجزائر کی ایک سخت ترین عقیدے کی سلفی مذہبی و سیاسی تحریک ہے۔
- **عرب قومیت:** یہ ایک متعصب فکری،سیاسی تحریک ہے جو عربوں کی تعظیم کی داعی ہے۔
- **حزب الوفد مصر:** یہ ایک عوامی سیاسی جماعت ہے، جس کا کوئی واضح متعین دینی نقطہ نظر نہیں ہے ۔

- **آزادی نسواں تحریک :** یہ تحریک ایک سیکولر تحریک ہے جو مصر میں قائم ہوئی اور پورے عالم اسلام میں پھیلی۔
- **کردستانی جمہوری پارٹی:** یہ ایک نسلی،سیکولر اور اشتراکی پارٹی ہے، جس کا مقصد ایرانی، عراقی اور ترکی کردستان میں ایک متحد ہ کردی حکومت کا قیام ہے۔
- **شامی قومی پارٹی:** یہ تحریک /جماعت شامی قومیت اور دین کو ریاست سے جدا کرنے کی داعی ہے۔
- **بانتشاسیلا:** یہ تحریک اندونیشیا میں اسلامی عقیدہ کی بجائے مخصوص پانچ اصولوں کے تحت نظام حکومت چلانے کے لئے معرض وجود میں آئی۔
- **بعثی اشتراکی پارٹی:** یہ ایک قوم پرست اور سیکولر پارٹی ہے جو تمام عرب و اسلامی اقدار کو اشتراکیت کا لبادہ اوڑھنا چاہتی ہے۔
- **ناصریہ:** یہ ایک عرب قوم پرست تحریک ہے جو سابق مصری صدر جمال عبدالناصر کے دور حکومت میں قائم ہوئی۔
- **تحریک جہاد اسلامی در فلسطین:** ایک فلسطینی اسلام پسند تنظیم ہے جس کا قیام سنہ 1981ء میں ہوا، اس تنظیم کے پیش نظر یہ مقصد ہے کہ ریاست اسرائیل ختم کرکے ایک آزاد و خود مختار فلسطینی اسلامی ریاست قائم کی جائے۔
- **جماعت اسلامی:** جماعت اسلامی نصف صدی سے زائد عرصہ سے پاکستان اور بنگلہ دیش سمیت دنیا بھر کی عالمی اسلامی تحریکوں میں شمار کی جاتی ہے۔[27]

مسلمان اور جدید تحدیات

"ظَهَرَ الْفَسَادُ فِی الْبَرِّ وَالْبَحْرِ بِمَا كَسَبَتْ اَيْدِی النَّاسِ لِيُذِيْقَهُمْ بَعْضَ الَّذِیْ عَمِلُوْا لَعَلَّهُمْ يَرْجِعُوْنَ۔" (41:30)

ترجمہ: "خشکی و تری میں فساد ہو گیا ہے۔ لوگوں کے اپنے ہاتھوں کی کمائی سے تاکہ مزا چکھائے ان کو ان کے بعض اعمال کا، شاید کہ وہ باز آ جائیں۔"

اسلام اللہ کی ہدایت کا نام ہے۔ بلاشبہ مسلمان وہ ہے جو اسلام قبول کرے ۔ اپنی زندگی اللہ کی بندگی میں دے اور اسے ان مقاصد کے لئے وقف کرے، جو اللہ اور اس کے رسولﷺ نے انسانی زندگی کے لئے مقرر کیے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مسلمان اسلام کے طابع ہیں، اسلام مسلمانوں کے طابع نہیں۔ اسلام کوئی نسلی مذہب نہیں ہے اور نہ ہی اس پر مسلمانوں کی اجارہ داری ہے۔ فقہاء نے کبھی اس کو دارالسلام، و دارالامن اور دارالکفر کی جو اصلاحات وضع کی

تھیں وہ آج نئی حکمت عملی کی متقاضی ہیں۔ اسلام کا پیغام ایمان وامن ہے، جو سارے معاملات کی بنیاد ہے۔ اس وقت مسلم امہ کی یہ صورتحال ہے کہ مختلف وجوہ سے مغربی اقوام کے ہاتھوں سیاسی شکست نے اس کو اس مقام تک پہنچا دیا ہے۔

اسلام کی اکائی جغرافیائی نہیں ہے۔ لہذا احیائے اسلام ایک عالم گیر لہر ہے، جو ایک فطری تہذیبی عمل ہے، جسے فکری اور تاریخی پس منظر میں ہی سمجھا جانا چاہیے۔ آج احیائے اسلام محض چند مخصوص معاصرانہ چیلنجوں پر مسلمانوں کے ردعمل دونوں کے تناظر میں دیکھا جانا چاہیے۔ سب سے پہلے ہمیں دو پہلوؤں پر غور کرنا چاہیے: ایک داخلی پہلو اور دوسرے خارجی۔

تاریخی پس منظر

بہت زیادہ گہرائی میں جانے کی بجائے احیائے اسلام کی حالیہ تاریخ کو دو مراحل میں بانٹا جا سکتا ہے۔

۱۔نوآبادیاتی ۲۔بعداز نوآبادتی

نوآبادیاتی دور

جب ہمارا مغرب سے آمنا سامنا ہوا تو ہم عالمی منظر سے پسپا ہو جانے کی وجہ سے برابر کے مقابلے پر نہیں تھے۔ 19 ویں صدی کے اختتام تک تقریباً کل مسلم دنیا سوائے چار غیر اہم مسلم ممالک کے نوآبادیاتی حکمرانوں کے زیر نگیں آگئی تھی۔ اس دور میں شکست خوردہ مسلمانوں کے لئے اسلام ہی محور تھا جس کے گرد جمع ہو کر مسلم ممالک پر حملوں، مغرب کی مداخلت اور نو آبادیات کے خلاف مزاحمت کی گئی۔ یہ اسلام ہی کا دیا ہوا سیاسی آزادی، قومی شناخت اور عزت و وقار کا احساس تھا، جس کی وجہ سے سامراجی حکمرانوں کے خلاف مسلسل مزاحمت جاری رکھی جاسکی۔[28]

بعد ازنو آبادیاتی دور

بعداز نوآبادیاتی دور میں نوآبادیت کے ورثے اور معاشرے کی تشکیل نو کے چیلنج کا مقابلہ کرنے والی بڑی قوتوں میں اسلام بھی تھا۔ ایک ایک کرکے مسلمان ممالک کو سامراجیت سے نجات ملی لیکن سوچنے کی بات یہ ہے کہ کیا یہ آزادی مسلمانوں کی کاوشوں کا نتیجہ تھی یا کچھ اور عوامل کارفرما تھے۔ البتہ امت مسلمہ بدترین زوال کی کیفیت سے نکل آئی اور جدوجہد آزادی کے ساتھ ہی جگہ جگہ غلبہ اسلام کی تحریکیں بھی ابھر آئیں، جو اسلامی احیاء کے ساتھ نو آبادیت کے ورثے اور معاشرے کی تشکیل نو کا چیلنج بھی ساتھ لائیں۔ اس کی وجہ مسلمانوں میں پیدا ہونے والی یہ تحریکیں تھیں۔

ماضی قریب کے واقعات میں ایک واقعہ وسطی ایشیا کا بھی ہے جہاں اشتراکیت کا زوال امت مسلمہ کی کوششوں کا نتیجہ نہ تھا۔ ورنہ آج بھی اگر اشتراکیت سرد جنگ سے شکست نہ کھاتی تو مسلمانوں کی حالت زار قابل بیان ہوتی۔ آج مسلم امہ بدترین زوال کے مرحلے سے تو نکل آئی ہے، دور محکومی کی مایوسی بہت زیادہ تھی جس میں سوچ کا عمومی رخ مغربی تہذیب میں جذب ہونے کی طرف تھا۔ ترکی نے اس کا ثبوت بھی دے دیا، لیکن آزادی کے بعد صورتحال قومی اور ملی تشخص کی بحالی کی صورت کو اختیار کرنے کی بجائے مغربی غلبۂ اسلام کے لئے کوششیں نہ ہوئی ہوں۔ پاکستان، افغانستان، ترکی،شام، لیبیا، فلسطین، الجزائر، سوڈان، ملائیشیا، انڈونیشیا اور کشمیر تمام علاقے اسلامی تحریکوں کے نام سے پہچانے جانے لگے۔

نیا عالمی نظام

نئے عالمی نظام "نیو ورلڈ آرڈر" کی حسین تصویر کے پیچھے اس کے اصل خدوخال بھی کوئی ڈھکے چھپے نہیں۔

- دنیا کے تمام ممالک کو تسلیم کرنا پڑے گا کہ امریکہ دنیا کی واحد عالمی طاقت ہے، امریکہ کا یہ ہدف ہوگا کہ وہ اپنے اس مقام کو برقرا ر رکھ سکے۔
- اب کسی ملک کو خصوصاً کسی مسلمان ملک کو یہ موقع نہیں ملنا چاہیے کہ وہ بالاتر سیاسی قوت کی حیثیت سے ابھرے۔
- پوری دنیا میں احیائے اسلام کی تحریکوں کی مخالفت کی جائے گی۔

بظاہر وقت کا دھارا جس رخ بہہ رہا ہے، اسے دیکھ کر یہ کہنے میں کوئی تعجب نہیں کہ آنے والی اکیسویں صدی کا نام امریکی صدی رکھا جا رہا ہے۔ اس وقت کرہ ارضی پر ایک ایک ہمہ پہلو کش مکش برپا ہے۔ جہاں اسلام کو اپنی بقاء کے لئے اندرونی مخالف قوتوں کا سامنا ہے، وہاں آج کے استعمار جو محض سفید فام اقوام یا عیسائیت و یہودیت کے پیروکاروں سے ہی نہیں بلکہ اس میں آسٹریلیا، نیوزی لینڈ اور متعدد ایشیائی،افریقی اقوام اور ان کے مغرب زدہ طبقے کی مخالفت کا بھی سامنا ہے۔[29]

مسلمان پہلا نشانہ کیوں۔ ؟

امریکیوں کے نقطہ نظر سے دیکھا جائے تو اسلام اور دوسری طرف کنفیوشس سولائزیشن دونوں کو اپنا دشمن سمجھتے ہیں۔ چین جو مادی قوت کے طور پر ابھر رہا ہے، دوسری طرف اسلام نظریاتی قوت سے مالا مال ہے اور تیل کی بے پناہ دولت بھی موجود ہے، ان کا اگر کسی نقطہ پر اتحاد ہوجاتا ہے تو پھر امریکہ اور اس کے اتحادی خصوصاً اسرائیل کے لئے مشکلات پیدا ہو جائیں گی۔ مستقبل میں وجود میں آنے سے پہلے ہی اس کو توڑ دینا چاہتے ہیں۔[30]

تہذیبوں کے تصادم کا نظریہ آنے کے بعد امریکہ میں انتظامی عہدوں پر قابض یہودیوں نے ایک ایسی فضا قائم کر دی، جس کے تحت وہ اسلام اور مسلمانوں کو فوری خطرہ قرار دیتے ہیں۔ مسلمانوں کے خلاف اپنے اہداف آج سے بہت پہلے مقرر کر چکے ہیں۔ چونکہ بنیادی ہدف عالم اسلام کو قرار دیا گیا ہے، مسلمانوں میں بھی نماز، روزہ اور دیگر عبادات سے ان کو کوئی خطرہ نہیں ان کو کوئی اپنا دشمن نظر آتا ہے تو وہ جہاد کی تحریکیں ہیں یا وہ اسلامی تحریکیں جو حکومت سے برسر پیکار ہیں۔

نائن الیون کا منصوبہ

نائن الیون کے بارے میں شکوک شبہات، چبھتے سوالات، ٹھوس سائنسی حقائق اور اصولوں پر اشکالات بھی یہ ثابت کر رہے ہیں کہ نائن الیون کے پیچھے دراصل امریکہ اور اسرائیل کی خفیہ ایجنسیوں کا ہی کردار تھا۔ دونوں ممالک کی قیادت ہی اس کی بینی فیشری ہے یعنی اس سے فائدہ اٹھارہی ہے اور اپنے کے حصول کے لئے اسے استعمال کر رہی ہے۔

اس نقطہ ہائے نظر کو سازشی نظریے کی حیثیت اور پراپیگنڈے کی حیثیت سے دیکھا جاتا ہے اہل علم وفکر کی ساری سرگوشیوں پر امریکہ کی انتظامیہ اور میڈیا کا وژن بری طرح سے چھایا رہا ہے۔ مگر دسمبر 2007ء میں ایک بیان ایسا آیا جس نے یورپ کے حلقوں میں ہلچل مچا دی۔ اس کے باوجود کہ امریکہ میں اسے بالکل ہی دبا دیا گیا اور مسلم دنیا میں اسے اہمیت نہیں ملی حالانکہ اس بیان سے عالمی سطح پر ایک نئی بیداری کی ضرورت سامنے آئی۔

مسلمانوں کی سیاسی کمزوری اور آمریت کا سامنا

اسلام دین وسیاست میں کسی تفریق کا روادار نہیں وہ اپنی زندگی کو اللہ تعالیٰ کے قانون کے تابع کرنا چاہتا ہے اور اس مقصد کے لئے سیاست کو بھی اسلامی اصولوں پر مرتب کرتا ہے اور ریاست کو اسلام کے قیام اور اس کے استحکام کے لئے استعمال کرتا ہے۔

"وَقُلْ رَّبِّ اَدْخِلْنِیْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّاَخْرِجْنِیْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّیْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِیْرًا۔" (80:17)

ترجمہ: "اور کہہ(اے نبی دعا کرو)اے میرے رب مجھے خوبی کے ساتھ پہنچا دے اور مجھے خوبی کے ساتھ نکال لے اور میرے لیے اپنی طرف سے غلبہ دے جس کے ساتھ نصرت ہو۔"

یہ آیت مبارکہ ہجرت سے کچھ پہلے نازل ہوئی۔ اس میں کہا گیا ہے کہ اے اللہ یا تو مجھے خود اقتدار دے یا کسی حکومت کو میرا مددگار بنادے تاکہ اس طاقت سے میں دنیا کے بگاڑ کو درست کر سکوں، برائیوں کے سیلاب کو روک سکوں۔ اس کی عملی تعبیر کے لئے اسلام نے مسلمانوں کو اقتدا ر میں رہنے اور اقتدار کا محاسبہ کر نے کی پوری آزادی دی ہے۔[31]

موجودہ حالات میں اسلامی ممالک میں اسلامی نظام کے قائم ہونے میں جو چیز حائل ہے، وہ سیاسی نظام میں آمرانہ طرزِ عمل ہے۔ فردواحد کی حکومت کرپشن اور بدعنوانی کمزور سیاسی جماعتیں اور ان کا غیر جمہوری طرز عمل روپے پیسے کی سیاست اور اخلاقیات سے عاری سیاست سمیت موروثی سیاست کا مضبوط تصور موجود ہے۔ اسلامی تحریکوں کے اندر مضبوطی

اور معاشرے میں اس کا نتیجہ خیز کردار نظر نہ آنے کی وجہ یہ غیر سیاسی حکومتیں و قبائلی طرز سیاست اور آمرانہ سیاست ہے۔

اسلامی سیاسی نظام سیکولر نہیں ہو سکتا

جدید دور کے حوالے سے اسلامی تحریکوں کا ایک بنیادی موقف یہ ہے کہ بیسویں صدی میں اسلامی سیاسی نظام کے بغیر اسلام پر مکمل عمل نہیں کیا جا سکتا ہے۔ اس لیے اسلامی احیاء کا خصوصاً اس کے شدت پسند عناصر کا ایک اہم نصب العین سیاسی حکومت کا قیام ہے۔ عرب دنیا کی موجودہ حکومتوں کے حوالے سے دیکھا جائے تو اسلامی احیاء نے ایسا نظریاتی موقف اختیار کیا ہے جو موجودہ معاشی، سیاسی اور سماجی حالت کو تسلیم نہیں کرتا اور اسی لیے اسلامی احیاتی تحریک کو ریاست مخالف نظریہ قرار دیا جاتا ہے۔

"اس حقیقت نے کہ معاصر ریاست سیکولر ازم کی دعویدار ہے۔ سیاسی احتجاج کی بعض قوتوں کو یہ موقع فراہم کیا ہے کہ وہ اسلام کو اپنے ہتھیار کے طور پر استعمال کریں کیونکہ ریاست اسلام کی دعویدار نہیں ہے۔ اس لیے وہ ماضی کی ریاستوں کی طرح مخالفوں کو کافر قرار نہیں دے سکتی۔ اسلامی سیاسی تحریکوں نے اب بالکل الٹ صورتحال پیدا کردی ہے اور اب وہ اصل اور حقیقی اسلام کی دعوے دارہیں اور ریاست کو اپنے اسلام کا جواز ثابت کرنے کی مشکل ہے۔[32]

مغربی تہذیب و ثقافت کا خطرہ

تہذیب کس چیز کو کہتے ہیں؟ لوگ سمجھتے ہیں کسی قوم کی تہذیب اس کے علوم وآداب، فنون لطیفہ، صنائع و بدائع، اطوار معاشرت، انداز تمدن اور طرز سیاست کو کہتے ہیں، حقیقت میں یہ نفس تہذیب نہیں ہیں۔

بلکہ مذکورہ بالا عناصر تہذیب کے نتائج و مظاہر ہیں،تہذیب کی اصل نہیں ہیں، شجر تہذیب کے برگ و بار ہیں۔ کسی تہذیب کی قدروقیمت ان ظاہری صورتوں اور نمائشی ملبوسات کی بنیاد پر متعین نہیں کی جا سکتی بلکہ سب کو چھوڑ کر ہمیں اس کی روح تک پہنچنا چاہیے اور اس کے اساس کا تجسس کرنا چاہیے۔

تہذیب جس چیز کا نام ہے اس کی تکوین حسب ذیل پانچ عناصر سے ہوتی ہے :

- دینوی زندگی کا تصور
- زندگی کا نصب العین
- اسلامی عقائد وفکر
- تربیت اولاد
- انتظام اجتماعی

دنیا کی تہذیب ان پانچ عناصر سے بنی ہے۔ عہد حاضر میں ثقافت کی جس تعریف کو زیادہ شہرت حاصل ہے۔ وہ ای بی ٹائلر کی ہے۔ وہ ثقافت کو ایک مرکب متصور کرتا ہے کیسا مرکب اس کی تشریح اس نے یوں کی ہے:

"وہ مرکب جس میں علم، عقیدہ فن، اخلاق، رسم اور دوسری تمام صلاحیتیں اور عادات شامل ہوں۔ اس کا اکتساب انسان بحثیت رکن معاشرے کے کرتا ہو۔ "[33]

چنانچہ مغربی فکر کے حوالے سے یہ عیاں ہوتا ہے کہ یہ جبلی بلکہ انسانی کردار کا نظام ہے۔ بالفاظ دیگر کردار سے جو کچھ ابھر کر سامنے آتا ہے، وہی ثقافت ہے۔

حاصل کلام

اسلامی تحریک کا سرمایہ اس کے وہ باکردار افراد ہی ہو سکتے ہیں جو قرآن وسنت کی دعوت اور تبدیلی واصلاح کے طریق کار کو اختیار کریں اور وقت کی قید سے آزاد ہو کر تطہیر افکار، تعمیر سیرت اور معاشرتی عدل رائج کر سکیں۔ اسلامی تعلیمات بھی یہی مطالبہ کرتی ہیں کہ وہ ان صادق اور امین نمایندوں کو منتخب کریں جو شریعت کی بالا دستی اور امت میں اسلامی عدل اور معیشت کے نظام کو رائج کر سکیں۔

اجتماعی اور سیاسی جدوجہد کے دوران مختلف درجوں کی سرگرمیاں اپنی جگہ، لیکن تبدیلی اور کش مکش کے عمل کو نتیجہ خیز بنانے اور پائدار اصلاح کے لئے سب سے زیادہ ضروری چیز وہ مسلسل تعلیمی و تربیتی عمل ہے، جس میں قرآن کریم کا براہِ راست مطالعہ، سیرت النبیﷺ سے براہِ راست تعلق، عبادات اور حقوق العباد کا شدت کے ساتھ اہتمام، انفاق فی سبیل اللہ اور اپنے اصولوں پر سختی سے جم جانا شامل ہے۔ اگر معاشرے میں اخلاق باختگی ہے تو اس کے خلاف کھڑا ہونا، اگر معاشی استحصال ہے تو ا س کے خلاف صف آرا ہونا، اگر عدل و انصاف نہیں ہو رہا تو اس کے قیام کی جدوجہد کرنا، راتوں کواللہ کے حضور کھڑے ہوکر مدد طلب کرنا، دن میں رزق حلال کے حصول کی کوشش اور زندگی کے ہر لمحے کو صرف دعوت الی اللہ کے لئے استعمال کرنا شرطِ اوّل ہے۔

تحریک اسلامی کی بنیادی ذمہ داری ایسے افراد کی تیاری ہے جو ذاتی مفاد کے بندے نہ ہوں بلکہ صرف اور صرف خالق حقیقی کے بندے بن کر اس کے حقوق کو ادا کریں اور خلق خدا کے حقوق کے تحفظ میں ذمہ دارانہ کردار ادا کر سکیں۔ ان افراد کی تیاری کے بغیر جو تبدیلی بھی آئے گی وہ وقتی اور جزوی ہو گی۔ دعوتِ دین ایک ہمہ جہت اور نہ ختم ہونے والی جدوجہد کا نام ہے۔ اس کا ہر محاذ اہم اور ہر محاذ دوسرے سے مربوط اور اس کی معاونت کا

محتاج ہے۔ جسے مسلسل خونِ جگر سے سینچنے ہی سے عصر حاضر میں تحاریک اسلامی اپنی منزل سے ہم کنار ہو سکتی ہیں۔

*****

حوالہ جات

1۔سید قاسم ،محمود ، *شاہکار اسلامی انسائیکلو پیڈیا*(لاہور، الفیصل ناشران و تاجران ، 2001ء) ،204-
2۔عبیداللہ،فہدفلاحی،*تاریخ دعوت و جہاد*(کراچی، فضلی سنز، 2000ء) ،17-
3۔مسعود عالم ،ندوی ،*رودادجماعت اسلامی*(دہلی، مرکزی مکتبہ جماعت اسلامی ہند ، 1967ء) ،88-
4۔سید ابوالحسن علی،ندوی،*حضرت مولانا الیاس اور ان کی دینی دعوت*(لاہور، ادارۃ الحرم ،2009ء) ،12-
5۔مسلم، ابو الحسین مسلم بن الحجاج، *الصحیح المسلم*، کتاب الایمان، باب بیان کون النھی عن المنکر --(بیروت، دارالاحیاء التروث العربی ،1401ھ) ،ح:177-
6۔ ندوی،*حضرت مولانا الیاس اور ان کی دینی دعوت* ،13-
7۔شیخ عثمان بن عبداللہ بن، بشر الحنبلی ، *عنوان المجد فی تاریخ نجد*(الریاض ، طبتوزارۃ المعارف بالمملکۃالعربیۃ، 1387ھ)، 2-25-
8۔توراکینہ،قاضی، *مولانا وہاب اور وہابی تحریک* (لاہور، ادارہ مطبوعات سبحانی، 2004ء) ،10-
9۔ناصر عبدالکریم، العقل، مباحث فی عقیدۃ اھل السنۃ و الجماعۃ و موقف الحرکات الا سلامیۃ المعاصرۃ منھا (الریاض، دارالوطن للنشتر، 1412ھ)، مقدمہ۔
10۔حسن ،البنا، *مبادی و اصول فی موَ تمرات خاصۃ* ، الموَ سسۃ الاسلامیۃ (قاہرہ، مطبعۃ الاخوان المسلمین، 1980ء/۱۴۰۰ھ) ،21-23-
11۔خلیل احمد،الحامدی، *دستور الجماعۃ الاسلامیۃ باکستان*(المنصورہ(لاہور،منشورات،1982ء) ، 7-10-
12-"مجلہ الاصلاح العدد:113 و 114"، 01-06-1981
http://alislahmag.com
13-"مجلۃ الشہاب البیروتیۃ "،العدد اسادس،السنعۃ ،1975ء
http://dspace.univ-km.dz/xmlui/bitstream/handle
14."The Kurdish lands". Library of Congress, Washington, D.C. 20540 USA. Retrieved 6 November 2019.
15.RESEARCH OF ISLAMIST MOVEMENTS (PRISM). Retrieved 28 April 2015, visited on 22/03/2020.
16--"مجلۃ الدعوۃ السعودیۃ"،13-10-1409ھ
17-"مجلۃ المجتمع"26-06-1990
https://mugtama.com/
18۔ الشیخ ،عبدالرحمن ،حزب التحریر۔
https://ur.wikipedia.org/wiki visited on 25-03-2020
19۔عمر ،عبدالرحمن ،کلمہ حق
https://hawzah.net/fa/Magazine/Visited on 11-02-2020
20۔احمد جان، بزرگی، *امام خمینی کا سیاسی نظریہ*(اسلام آباد، نورالہدیٰ ٹرسٹ ، 2011ء) ،20-21-

21.https://urdu.tebyan.net/index.aspx?pid=59234 Visited on 22-04-2020
22۔نعیم، قاسم ،*حزب اللہ The Inside Story*، مترجم :محمد یحییٰ خان (لاہور، نگار شات پبلشرز، 2018ء) ء مقدمہ 6-15۔
23۔ چودھری، زاہد محمود، *افغانستان پر امریکہ کا قبضہ*(لاہور، یو پبلشرز ، 2014ء) ،95۔
24 ۔ زاہد محمود، *افغانستان پر امریکہ کا قبضہ*،95۔
25۔ بشیر احمد ،تمنا،*جدید دنیائے اسلام*(لاہور، ایورنیوبک پیلس، 2016ء) ،84۔
26۔ بشیر احمد ، *جدید دنیائے اسلام* ،84۔
27۔مفتی انور خان ،سالار ، *دور حاضر کے مذاہب کو فرقے* (کراچی، المنہل پبلشرز ، 1438ھ) ، 164-175۔
28۔پروفیسرخورشید ،احمد ، تحریک اسلامی اور ترجیحات و تقاضے ، *ماہنامہ ترجمان القرآن* ، جلد21، شمارہ 3، (2010ء):3۔
29۔ خرم ،مراد،*مغرب اورعالم اسلام، ایک مطالعہ*(منصورہ لاہور ، منشورات، 2006ء) ، 312۔
30۔سیف اللہ ،خالد، *اب امریکہ کی باری ہے*(لاہور، علم و عرفان پبلشرز ، 2003ء) ، 26-27۔
31۔ پروفیسر خورشید، احمد ، *اسلامی نظریہ حیات*(اسلام آباد، آئی پی ایس پریس ،2010ء) ،469۔
32۔ پروفیسر خورشید، احمد ، *احیائے اسلام*(اسلام آباد، انسٹی ٹیوٹ آف پالیسی سٹڈیز ،س ن) ،19۔
33۔سبط ،حسن ،*پاکستان میں تہذیب کا ارتقاء*(کراچی، مکتبہ دانیال ،1983ء) ، مقدمہ، 6۔

Bibliography

1) Abu al-Husyn, Muslim b. al-Hajjaj, Sahi al-Muslim, Beirut: Dar al-Ihya al-Turath al-Arabi, 1401/
2) Ahmad, Prof. Khursheed, Ahya-ye Islam, Islamabad: Institute of Policy Studies, nd.
3) Ahmad, Prof. Khursheed, Islami Nazriya-ye Hayat, Islamabad: APS Press, 2010.
4) Ahmad, Prof. Khursheed, Tehrik-e Islami aur Tarjihāt wa Taqazey, Monthly Tarjaman al-Quran 21, no. 3 (2010).
5) Al-Hamdi, Khalīl Ahmad, Dastūr al-Jama'ah al-Islamiyyah Bakistan, Lahore: Manshurāt, 1982.
6) Bashr al-Hambali, Shaykh Uthman b. Abdullah b., Anwān al-Majd fi Tarikh al-Najd, Riyadh: Wizarat al Maā'rif bi al-Mamlakah al-Arabiyyah, 1387/
7) Buzurgi, Ahmad Jan, Imam Khomeini ka Siyasi Nazriya, Islamabad: Noor al-Huda Trust, 2011.
8) Fahad Falahi, Ubaydullah, Tatikh-e Dawat wa Jihad, Karachi: Fazli Sons, 2000.
9) Hasan, al-Bana, Mabadi wa Usūl fi Mu'tamarāt Khassah, Cairo: Mutba'ah al-Ikhwan al-Muslimīn, 1400/1980.
10) Hasan, Sibt, Pakistan may Tahzeeb ka Irtiqā, Karachi: Maktaba Daniyal 1983.
11) Khalid, Saifulllah, Ab America ki Bari hey, Lahore: Ilm wa Irfan Publishers, 2003.

12) Mahmood, Sayyed Qasim, Shahkār Islami Encyclopedia, Lahore: al-Faisal Nashiran wa Tajiran, 2001.
13) Majallah al-Shihāb al-Beirutiyah, al-Adad Sadis, 1975.
14) Murad, Khurram, Maghrib aur Alam-e Islam: Aik Mutala'ah, Lahore: Manshurāt, 2006.
15) Nadwi, Masu'd Alam, Rudād-e Jamaa't-e Islami, Dehli: Markazi Maktaba Jamaa't-e Islami Hind, 1967.
16) Nadwi, Sayyed Abu al-Hasan, Hazrat Maolana Ilyas aur un ki Dīni Dawat, Lahore: Idara al-Harum, 2009.
17) Nasir Abd al-Karim, al-Aql, Riyadh: Dar al-Watan li al-Nashr, 1412/
18) Qasim, Naei'm, Hizbollah: The Inside Story, Lahore: Nigarishat Publishers, 2018.
19) Qazi, Tawrakina, Maolana Wahhab aur Wahabi Tehrīk, Lahore: Idara Matboa't Subhani, 2004.
20) Salar, Mufti Anwar Khan, Dour-e Hazir key Mazahib wa Firqey, Karach: al-Munhil Publishers, 1438/
21) Tamanna, Bashir Ahmad, Jadīd Dunya-ye Islam, Lahore: Evernew Book Palace, 2016
22) "The Kurdish lands". Library of Congress, Washington, D.C. 20540 USA. Retrieved 6 November 2019.
23) Zahid Mahmood, Chaudary, Afghanistan par America ka Qabza, Lahore: U Publishers, 2014.

خدمت خلق، فلاح و نجات کا وسیلہ

(اسلامی نقطہ نظرسے ایک تجزیاتی مطالعہ)

SERVING HUMANITY: A SOURCE OF WELLBEING & SALVATION

(AN ANALYTICAL STUDY IN THE CONTEXT OF ISLAMIC PERSPECTIVES)

Muhammad Akram Hureri
Shazia Rasheed Abbasi

Abstract

To devote yourself for the fulfillment of the requirements of the needy, deprived, distressed, and powerless is called "serving humanity". It brings comfort and tranquility in the lives of humans. Islam encourages serving the humanity selflessly. In fact, helping people irrespective of their color, creed, religion, caste, race, and all other differences makes a man the best of his kind. According to the Prophet the best of the people is the one who benefits others. This paper investigates the role of social service in bringing about the contentment of souls and tranquility of hearts. It examines the issue from the viewpoint of Quranic verses and Prophetic traditions and how it helps to achieve success and divine blessings both in this world and the hereafter.

Keywords: *Social welfare, Islamic teachings, humanity, blissful life.*

خلاصہ

اپنے آپ کو ضرورت مند، پریشان حال، بے سہارا لوگوں کی ضروریات پوری کرنے کےلئے وقف کر دینے کا نام "خدمت خلق" ہے۔ خدمت خلق انسان کی زندگی میں فلاح و نجات لاتی ہے۔ اسلام، انسانیت کی بے لوث خدمت کی ترغیب دیتا ہے۔ دراصل، لوگوں کے رنگ و نسل، ملت و مذہب اور زبان و کلچر سے ماوراء ہو کر ان کی خدمت کرنا ایک شخص کو سب سے برتر انسان بنا دیتا ہے۔ پیغمبر اکرمﷺ کا ارشاد گرامی ہے: "لوگوں میں سے سب سے بہتر وہ ہے جو دوسروں کے کام آتا ہے۔"

کلیدی کلمات: خدمت، خلق، سماجی فلاح وبہبود، اسلامی تعلیمات، انسانیت۔

تعارف

انسانیت کی خدمت اتناعظیم عمل ہے کہ اس سے بڑھ کر شاید کوئی ثواب اور تسکین دہ عمل ہو۔حضور اکرم ﷺ نے خدمت انسانیت کی بہت نصیحت فرمائی اور آپ ﷺ کے ارشادات اس کے متعلق کثرت سے کتب احادیث میں موجود ہیں۔خدمت خلق کا مطلب ہے کہ بندوں کی ضروریات پوری کرنا اور ان کے کام آنا اور خدمت پر مامور ہونا۔ اللہ تعالی اپنےان بندوں سے بہت خوش ہوتا ہے جو اس کے بندوں کا خیال رکھتے ہیں۔رسول اکرمﷺ کا ارشاد ہے کہ: "خیُر الّناسِ مَن نَفَعَ الّناسَ"[1] یعنی: " لوگوں میں بہترین وہ ہے جو دوسروں کے کام آئے۔" اس طرح لوگوں کے ساتھ خوش اخلاقی سے بات کرنا اور ان کے بارے میں مثبت سوچ رکھنا، انسان کے عزت ووقار کو بلند کرنے کے ساتھ ساتھ ذہنی تسکین کا باعث اور سنت پہ عمل ہے۔ کیونکہ جب دوسروں کے ساتھ خوش کلامی سے بات کی جائے گی تو وہ بھی جوابا اچھے انداز میں بات چیت کریں گے جس سے ماحول ساز گار ہو گا جیسا کہ اللہ تعالی نے فرمایا کہ: وَقُولُواْ لِلنَّاسِ حُسْناً۔ (83:2) ترجمہ:" لوگو سے اچھے طریقے سے گفتگو کرو۔" دنیا میں رہتے ہوئے انسان کو دوسرے انسان کا چند امور میں محتاج بنا دیا گیا ہے۔ ایک انسان کا دوسرے انسان کی اکٹھے رہتے ہوئے خوبیوں سے آگاہ ہونا اور اسی طرح اس کے لیے کسی چیز کے حصول کے لیے، فائدے کے لیے سفارش کرے کہ یہ حقدار ہے یا یہ اس چیز کا حق دار ہے، تو اللہ تعالی اس ا چھائی اور بھلائی میں اپنے بھائی کے لئے مثبت سوچ کے حامل فاعل کے لیے بھی حصہ رکھ دیتے ہیں جیسا کہ ارشاد باری تعالی ہے: مَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً حَسَنَةً يَّكُنْ لَّهٗ نَصِيْبٌ مِّنْهَا وَمَنْ يَّشْفَعْ شَفَاعَةً سَيِّئَةً يَّكُنْ لَّهٗ كِفْلٌ مِّنْهَا (85:4) ترجمہ: ‘‘جو کسی کے لیے اچھائی کی سفارش کرے، اللہ اس شخص کے لیے بھی اچھائی سے حصہ بنا دیتے ہیں اور جو کوئی برے کام میں شفارش کرے گا وہ اسے کافی ہوجائے گی۔’’

رسول اکرم ﷺ کا عمل یہ ہوتا تھا کہ: ‘‘آپ ہمیشہ دوسروں کے کام آتے تھے۔بلکہ آپ کی صفات میں ہے کہ آپ ضرورت مندوں اور بے کسوں کا سہارا ہوا کرتے تھے۔خدمت خلق کے کاموں میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا کرتے تھے۔جیسے کہ بڑھیا کے گھرمیں جھاڑو دینا اور ان کے لیے ضروری سامان مہیا کرنا، سامان ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا، حضرت خبابؓ جنگی مہم پر گئے تو گھر میں کوئی مدد گار نہ تھا اور عورتیں دودھ دوہنے والے جانوروں کو دوہنا نہیں جانتی تھی۔ آپ ﷺ روزانہ خبابؓ کے گھر جا کر جانوروں کا دودھ دوہتے۔’’[2] رسول معظمﷺمصیبت ذدہ لوگوں کی ہمدردی کرتے بلکہ امت کو بھی اس کار خیر میں بڑھ چڑھ کر شامل ہونے کا درس دیا۔حضرت محمد ﷺ نے فرمایا : "وَمَنْ فَرَّجَ عَنْ مُسْلِمٍ كُرْبَةً فَرَّجَ اللَّهُ عَنْهُ كُرْبَةً مِنْ

كُرُبَاتِ يَوْمِ الْقِيَامَة"[3] یعنی: ‘‘ جس نے کسی مسلمان کی دنیاوی مصیبتوں میں سے کوئی مصیبت دور کی اللہ تعالی اس کی اخروی مصیبتوں میں سے ایک مصیبت کو دور کریں گے۔’’

رسول کریمﷺ کے اس فرمان کی رو سے ایک انسان کتنے بڑے فائدے میں ہے کہ اسے اپنے دینی بھائی کے دنیا کے دکھ دور کرنے،ان کے ساتھ ہمدردی رکھنے اور اس کے متعلق مثبت سوچ اپنانے کے بدلے آخرت میں پر سکون گھڑیاں ملیں۔ پھر دنیا میں بھی ایسے لوگوں کے لیے بھلائیوں کا خزانہ ہے۔ ضرب المثل مشہور ہے کہ: "کر بھلا ہو بھلا"(دوسروں کا بھلا کرو گے تو اپنا بھلا ہو گا)۔ یعنی دوسروں کو سکون پہنچاؤ گے تو آپ کو خود بھی سکون وآرام میسر ہو گا۔ دوسروں کے بارے میں اچھی اور مثبت سوچ رکھو گے تو وہ بھی آپ کے بارے میں مثبت احساسات اپنائیں گے۔جس سے ماحول اور فضا سازگار ہوگی اورافراد حالت اطمینان محسوس کریں گے۔۔ اسی طرح دوسروں کے راز چھپانا بھی معاشرے اور انسانیت کی بڑی نیکی ہے۔فرمان رسول ﷺہے: "وَمَنْ سَتَرَ مُسْلِمًا سَتَرَهُ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَة"[4] یعنی: " جو کسی کے راز چھپائے گا، اللہ تعالی اس کے رازوں پر قیامت کے دن پردہ ڈالیں گے۔" رسول اکرم ﷺ کا ایک اور فرمان بھی ہے جو بندہ مومن کے لیے بہت اطمینان بخش اہمیت کا حامل ہے کہ بندہ خدمت خلق میں دل جمعی سے لگا رہتا ہے۔ فرمایا: "مِن اَحَبِّ الْأَعْمَالِ إِلَى اللهِ إِدْخَالُ السُّرُورِ عَلَى الْمُسْلِمِ"[5] یعنی: " اللہ تعالی کے نزدیک پسندیدہ عمل یہ ہے جو کسی کے گھر خوشی پہنچائے۔"

مسلمان کے حقوق

ایک مسلم کے دسرے مسلمان پر صرف مذہب اور عقیدے کے لحاظ سے جو حقوق ہیں وہ بھی رسول معظم نے ارشاد فرما دئے ہیں۔حضرت ابو ہریرہؓ اس حدیث کے راوی ہیں، فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ‘‘ایک مسلمان کے دوسرے مسلمان پر چھے حقوق ہیں: سلام کرنا، دعوت قبول کرنا، اچھا مشورہ دینا، چھینک کا جواب دینا، مریض کی عیادت کرنا اور جنازہ ادا کرنا۔" اب دیکھیں کہ ایک آدمی دوسرے آدمی کو سلام کرے اور دوسرا اس کو سلام کرے تو کتنا اچھا ماحول بنتا ہے کہ ایک دوسرے کو سلامتی کی دعائیں مل رہی ہیں۔ باہمی تعلقات مضبوط کرنے کے لیے فرمایا کہ دعوت قبول کرو۔ اور رسول اللہﷺ کے اس عمل نے بڑوں بڑوں کو اسلام قبول کرنے پر مجبور کر دیا۔ جیسے رسول اللہﷺ مدینہ میں ہجرت کر کے گئے تو فرمایا: "ایھا الناس، افشواالسلام وصلو االرحام و اطعموالطعام وصلوا باالیل والناس نیام تدخلواالجنۃبسلام"[6] یعنی: " اے لوگو! سلام کو کثرت سے عام کرو، رشتہ داروں سے حسن سلوک سے پیش آؤ، ایک دوسروں کو کھانا کھلاؤاور رات کو نمازیں ادا کرو جب لوگ سو رہے ہوں، تو جنت میں سلامتی سے داخل ہو جاؤ

گے۔" اس حدیث مبارکہ میں چار چیزیں بیان کی گئی ہیں جن میں سے تین کا تعلق حقوق العباد سے ہے۔ اور ایک کا تعلق حقوق اللہ کے ساتھ ہے۔حضرت عبداللہ بن سلام یہودیوں کے بہت بڑے عالم تھے توراۃ کے حافظ تھے۔ جب یہ باتیں سنیں تو اسلام قبول کر لیاکہ انہیں ذہنی سکون و اطمینان مل گیاکہ یہی فطری دین ہے۔مذکورہ بالا دونوں احادیث باہمی تعلقات مضبوط تر بنانے کے لئے ہیں اور جب باہمی تعلقات مضبوط اور ان میں ہمدردی ہوگی توخود باخود انسان ذہنی طورمطمئن اور خوش ہوگا۔

خیر خواہی کرنا

ایک فرد کا دوسرفرد کی بھلائی چاہتے ہوئے کام آنا خیر خواہی ہے۔اس کی بہت زیادہ اہمیت ہے۔جس کا اندازہ نبی اکرم ﷺ کے فرمان سے لگایا جا سکتا ہے کہ: "الدّیْنُ النّصِیحَہ"[7] یعنی: "دین خیر خواہی کا نام ہے۔" مسلمان کے جو حقوق بیان ہوئے ہیں ان میں سے ایک حق یہ تھا کہ اگر تم سے کوئی مشورہ طلب کرے تو خیر خواہی کے ساتھ مشورہ دیا جائے کہ اسے زیادہ سے زیادہ مادی فوائد مل سکیں اور اس مشورے پر عمل کرنے سے اسے ذہنی اطمینان اور سکون بھی مل سکے۔خدمت خلق دراصل تمام تر خیر خواہی کا دوسرا نام ہے۔ جس کی مثال مہاجرین کی یثرب آمد پر اہل مدینہ کے انصار نے دی کہ اللہ تعالی اور اس کے رسول ﷺ کی رضا مندی کو حاصل کرنے کے لئے نہ صرف انہیں اپنا بھائی بھائی بنا لیا بلکہ انہیں اپنی جائیدادوں میں بھی برابر کا حصہ دار بنا لیا۔ جس سے مدینہ کی فضا ایسی خوش گوار ہوگئی کہ دور دور تک کا علاقہ امن وآشتی اورپُرسکون ماحول سے معطر ہوگیا۔

نبی کریم ﷺارشاد فرماتے ہیں کہ: "اَلمؤمنُ مِرَأۃُ المؤمنْ"[8] یعنی: "مومن دوسرے مومن کے لئے آئینہ ہے۔" اور مومن کو دوسرے مومن کے لئے آئینہ سے اس لئے تشبیہ دی کہ جس طرح آئینہ کسی کی خوبیوں خامیوں کو صرف اس آدمی کے سامنے ظاہرکرتاہے جو اس کے سامنے کھڑا ہوتا ہے اور خوا مخواہ اِدھر اُدھر پرچار کر کے اس کی ذلّت کا اہتمام نہیں کرتا اس طرح مومن کا اپنے بھائی کے لئے کردار ہونا چاہیے۔جب ایسی مثبت سوچ ہوگی تو نا صرف افراد بلکہ معاشروں کے معاشرے سکون دہ کیفیت میں آسکتے ہیں۔فرمان باری تعالی ہے: إِنَّمَا الْمُؤْمِنُونَ إِخْوَةٌ فَأَصْلِحُوا بَيْنَ أَخَوَيْكُمْ وَاتَّقُوا اللَّهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُونَ۔ (10:49) ترجمہ: "بلا شبہ مومن آپس میں بھائی بھائی ہیں پس بھائیوں میں صلح کرا دیاکرو تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔" اس بھائی کے ساتھ خیر خواہی کا ایک فائدہ نبی کریم ﷺ نے یہ بتایا کہ: "منْ دلَّ عَلٰی خیرٍ ؔ فَھُوَکَفَاعِلِہ"[9] ترجمہ: "جس نے بھی اپنے مومن بھائی کے ساتھ کچھ بھلائی اور خیر خواہی کی اللہ تعالی اسے بھی اتنا اجر عطا کریں گے۔"

نقوش رسول نمبر میں ہے: "حضور ﷺ کی محنت اصلاح معاشرہ اور خدمت خلق کے سلسلہ میں ہمارے سامنے ہے۔اور حقیقت یہ ہے کہ انسانیت کی بھلائی بھی اسی میں ہے کہ زمام حیات رسول اللہ ﷺ کے طریقے پرگزاریں اور اطمینان بخش زندگی کو فروغ دیں۔یہ آپ ﷺ کی محنت تھی کہ معاشرے کے افراد کوعزت و شوکت عطا کی اور اس کی تہذیب و تمدن کو بالا ترین مدارج پر جاگزیں کر دیا۔"[10] آپ ﷺ نے فرمایا: "عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ، عَنِ النَّبِيِّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ، قَالَ: يَسِّرُوا وَلاَ تُعَسِّرُوا، وَبَشِّرُوا، وَلاَ تُنَفِّرُوا"[11] یعنی: ‘‘انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ تم لوگوں کے لئے سہولت فراہم کرو اور مشکلات پیدا نہ کرو۔لوگوں کو اچھے کاموں کی بشارت دو اور ان کو وحشت زدہ نہ کرو (باہمی اتفاقسے رہو اور اختلاف پیدا نہ کرو۔’’
جب ان تعلیمات نبوی ﷺ پر عمل ہو گا تو معاشرے میں امن کا بول بالا ہوگا۔جس میں ہر بندہ دوسرے کی خیر خواہی چاہے گا‘ضروریات کا خیال رکھے گا‘ان کو خوش دیکھے گا اور دوسروں کے بارے میں مثبت سوچ اپنائے گا تو نہ صرف وہ افراد خوش ہوں گے بلکہ ایسے لوگ دوسرے افراد اور معاشروں کے لئے بھی امن وسکوں اور تسکین ذہن کا باعث ہو ں گے۔سنت رسول ﷺ کے مطابق عمل کرتے ہوئے دوسروں کے کام آئیں اور زندگی بسر کریں تو اللہ تعالی ان کے کام میں غیبی امداد سے سکون، اطمینان، ‘فرحت و شادمانی اور سکینت نازل فرماتے ہیں۔

مہمان اورمسافر

مسافر کے لئے قرآن نے ابن السبیل۔النساء (36:4) کا لفظ استعمال فرمایا ہے ۔یعنی راستے کا بیٹا۔ اللہ نے مصارف زکٰوۃ میں سے ایک حصہ مسافر کے لئےبھی رکھا۔ یہی وجہ ہے کہ مصارف زکٰوۃ جو آٹھ بیان کئے گئے ہیں ان میں ایک یہ مسافر ہے۔ (60:9) رسول معظم ﷺ کے زمانے میں عرب شہر اور بستیاں ایک دوسرے سے بہت ہی دور ہوا کرتی تھیں اور آج کی طرح ہوٹلوں کا انتظام نہیں تھا۔ لوگوں کا سفر کرنے کاانداز گروہ اور جماعتوں کی صورت میں ہوا کرتا تھا۔ اونٹوں، گھوڑوں اور گدھوں پر سفر کرتے تھے اور زاد راہ ہمراہ ہوتا تھا۔ جنگلوں اور بیابانوں سے گزرتے ہوئے راستہ بھولنے کے امکانات بہت زیادہ ہوتے تھے۔ اس صورت میں زاد راہ ختم ہو جاتا تھا۔ کیونکہ راستہ بھول جانے یا مسافت کا اندازہ غلط ہونے کی وجہ سے آٹھ دس دن کی بجائے بیس سے پچیس دنوں میں بھی منزل تک پہنچنے میں لگ جایا کرتے تھے۔ ایسے سفر کے بارے میں ہمارے لئے کیا احکامات ہیں۔
اس سلسلہ میں فہم القرآن والے نے حضور ﷺ کی ایک حدیث ذکر فرمائی ہے:"عَنْ عُقْبَةَ بْنِ عَامِرٍ قَالَ قُلْنَا لِلنَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِنَّكَ تَبْعَثُنَا فَنَنْزِلُ بِقَوْمٍ لَا يَقْرُونَا فَمَا تَرَى فِيهِ فَقَالَ لَنَا إِنْ نَزَلْتُمْ بِقَوْمٍ فَأُمِرَ لَكُمْ بِمَا يَنْبَغِي لِلضَّيْفِ فَاقْبَلُوا فَإِنْ لَمْ

يَفْعَلُوا فَخُذُوا مِنْهُمْ حَقَّ الضَّيْفِ"[12] یعنی: ‘‘حضرت عقبہ بن عامرؓ نے رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا، کہ آپ ہمیں کسی مہم پر روانہ کرتے ہیں اگر ہم ایسے لوگوں کے پاس سے گزریں جو ہماری مہمان نوازی کرنے کے لئےتیار نہ ہوں اس صورت میں آپ ﷺ ہمیں کیا حکم دیتے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا اگر لوگ تمہارا خیال رکھیں تو اچھی بات ہے بصورت دیگر تمہیں ان سے اپنی مہمان نوازی کا حق وصول کرنا چاہئے۔’’ مراد یہ ہے کہ بھوکا مرنے کی بجائے ان سے کھانا پینا مانگا جا سکتا ہے۔ یہاں امام بخاریؒ نے اس حدیث سے مسافر سے مراد مہمان لیا ہے یعنی جو مہمان کے حقوق ہیں وہی مسافر کے حقوق ہونگے ان کی خدمت اعانت کرنے سے قلبی سکون ملتا ہے۔ جس کے بارے میں بے شمار پیغمبر مصطفیﷺ کے ارشادات ہیں۔ علامہ قاضی ثناء اللہ پانی پتی نے بھی ابن السبیل سے مراد مسافر اور مہمان لیا ہے۔[13]

آنحضرت ﷺ نے پڑوسی / مہمان (مسافر) کے حقوق کی ادائیگی کو ایمان کی شرائط میں بیان فرمایا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:"مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ جَارَه وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ وَمَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيَقُلْ خَيْرًا أَوْ لِيَصْمُتْ"[14] یعنی: ‘‘جو اللہ تعالی اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو اس کو اپنے ہمسایہ سے ا چھا سلوک کرنا چاہئے اور جو اللہ تعالی اور روز آخرت پر ایمان رکھتا ہو اس کو اپنے مہمان کی خاطر تواضع کرنی چاہئے اور جو اللہ تعالی اور آخرت پر ایمان رکھتا ہو اس کو چاہئے کہ زبان سے کلمہ خیر نکالے یا خاموش رہے۔’’ حضرت ابو شریح کعبیؓ کی روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: "مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَالْيَوْمِ الْآخِرِ فَلْيُكْرِمْ ضَيْفَهُ جَائِزَتُهُ يَوْمٌ وَلَيْلَةٌ وَالضِّيَافَةُ ثَلَاثَةُ أَيَّامٍ فَمَا بَعْدَ ذَلِكَ فَهُوَ صَدَقَةٌ وَلَا يَحِلُّ لَهُ أَنْ يَثْوِيعِنْدَهُ حَتَّى يُحْرِجَهَ"[15] یعنی: ‘‘جس کا اللہ اور روز آخرت پر ایمان ہو اس کو اپنے مہمان کی شبانہ روز ضیافت کرنی چاہئے اور مہمانی کا حق تین دن تک ہے اس کے بعد خیرات ہے۔ مہمان کے لئےجائز نہیں کہ میزبان کو تنگ کرنے کے لئےاس کے پاس پڑا ہی رہے۔’’ اب میزبان کے لئےقابل تسکین بات یہ ٹھہری کہ وہ مہمان پر جو بھی خرچ کرے گا اس کے لئے صدقہ شمار ہو گا اللہ اور آخرت پر ایمانی شرط بھی پوری ہوگی۔ مسافروں سے بہتر سلوک کرنے سے متعلقہ چند احادیث مز ید پیش خدمت ہیں:

۱۔ حضرت ابو سعید خزریؓ کہتے ہیں :"بَيْنَمَا نَحْنُ فِي سَفَرٍ مَعَ النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ إِذْ جَاءَ رَجُلٌ عَلَى رَاحِلَةٍ لَهُ قَالَ فَجَعَلَ يَصْرِفُ بَصَرَهُ يَمِينًا وَشِمَالًا فَقَالَ رَسُولُ اللَّهِ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ مَنْ كَانَ مَعَهُ فَضْلُ ظَهْرٍ فَلْيَعُدْ بِهِ عَلَى مَنْ لَا ظَهْرَ لَهُ وَمَنْ كَانَ لَهُ فَضْلٌ مِنْ زَادٍ فَلْيَعُدْ بِهِ عَلَى مَنْ لَا زَادَ لَهُ قَالَ فَذَكَرَ مِنْ أَصْنَافِ الْمَالِ مَا ذَكَرَ حَتَّى رَأَيْنَا أَنَّهُ لَا حَقَّ لِأَحَدٍ مِنَّا فِي فَضْلٍ"[16] یعنی: ‘‘ہم ایک سفر میں جا رہے تھے، اثنائے سفر میں آپ ﷺ نے ہمیں فرمایا ’’جس کے پاس فاضل سواری ہے

وہ اسے دے دے، جس کے پاس سواری نہیں اور جس کے پاس زائد کھانا ہو وہ اسے دے دے جس کے پاس کھانا نہیں، غرضیکہ آپ ﷺ نے مال کی ایک ایک قسم کا جدا جدا ذکر کیا۔ حتیٰ کہ ہم یہ سمجھنے لگے اپنے زائد مال میں ہمارا کوئی حق نہیں۔"

۲۔ حضرت عبد اللہ بن عمر ؓ نے ایک شخص کو جو سفر پر روانہ ہو رہا تھا کہا کہ:میرے پاس آؤ۔ میں تمہیں ایسے ہی رخصت کروں جیسے رسول اللہ ﷺ ہمیں رخصت کیا کرتے تھے۔ پھر انہوں نے کہا:"أَسْتَوْدِعُ اللَّهَ دِينَكَ وَأَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيمَ عَمَلِكَ"[17] یعنی: "میں تمہیں تمہارا دین، تمہاری امانت اور آپ کے آخری عمل (جو تو نے میرے پاس کیا) کے ساتھ اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔" آپ ﷺ نے فرمایا:"ثَلَاثَةٌ لَا يُكَلِّمُهُمْ اللَّهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَلَا يَنْظُرُ إِلَيْهِمْ رَجُلٌ ۔ وَرَجُلٌ مَنَعَ فَضْلَ مَاءٍ"[18] یعنی: "تین آدمی ایسے ہیں جن کی طر ف اللہ قیامت کے دن دیکھے گا بھی نہیں اور نہ ہی انہیں پاک کرے گا اور انہیں درد ناک عذاب ہوگا ایک وہ جس کے پاس راستہ میں فاضل پانی ہو اور وہ مسافر کو بھی پانی نہ دے۔" اس روایت کی رو سے پانی جیسی نعمت مسافر کو نہ دینا گناہ کبیرہ قرار دیا ہے بلکہ فقہا ء کے حوالے سے ایک مفسر نے لکھاہے : "جس فعل کے متعلق قرآن یا حدیث میں یہ مذکور ہو کہ اللہ قیامت کے دن اس کی طرف دیکھے گا بھی نہیں یا پاک نہیں کرے گا تو ایسا فعل گناہ کبیرہ ہوتا ہے۔"[19]

زمانہ قدیم، عرب اور اس کے قرب وجوارمیں بعثت نبوی ﷺسے قبل اور بعد میں بھی اکثر یا کچھ علاقوں میں پانی کی بہت کمی ہوا کرتی تھی مسافروں کے لشکر عموماَ وہاں قیام کیا کرتے تھے جہاں پانی ہوتا تھا اور عموماَ قافلے والے پرندوں کی اڑان سے بھی اندازہ لگایا کرتے تھے کہ اس علاقے میں پانی موجود ہے جو پرندے اڑ رہے ہیں تو پانی کی قلت کی موجودگی میں بستی اور شہر والوں کا مسافروں کی مہمانی سے انکار دراصل انہیں مار دینے کے مترادف ہوتاتھا۔ ایسی صورت میں جب مسافر کی جان پر آئی ہو اور اہلِ علاقہ اس کی مدد کرنے پر تیار نہ ہو تو اپنا حق مانگا جا سکتا ہے اسی وجہ سے حق وصول کرنے کی اجازت دی گئی ہے۔جبکہ عبد الرحمٰن کیلانی تیسر القرآن میں منفرد اور دل کو لگنے والی توجیہ/تفسیر کرتے ہوئے لکھتے ہیں: "لیکن آج کل اور با لخصوص پاکستان میں ایسی صورت نہیں ہے۔ پانی عام ہے۔ بستیاں قریب قریب ہیں۔ کھانے پینے کی دکانیں اور ہوٹل بکثرت سے ہیں۔ لہٰذا اس طریقہ سے کسی کا جائز طریقے سے مہمانی وصول کرنے کا حق نہیں اور اب یہ صرف اس صورت میں جائز ہے کہ مسافر کے پاس زاد راہ ختم ہو جائے۔"[20]

نبیﷺ کی سنت اور مہمان

آنحضرت ﷺ مہمان کی خوب خاطر تواضع فرمایا کرتے تھے؛ خود مہمان نوازی نہ فرما سکتے تو صحابہؓ کے ذمہ لگا دیتے۔ جیسا کہ مشہور واقعہ ہے۔ایک دفعہ

ایک مہمان آیا تو آپ ﷺ نے فرمایا کون اس کی مہمان نوازی کرے گا؟ حضرت طلحہؓ نے حامی بھری کہ اے اللہ کے نبی ﷺ! میں مہمان نوازی کرونگا۔ جب مہمان کو گھر لے کر گئے تو صرف ایک فرد کا کھانا تھا۔حضرت طلحہؓ نے اپنی زوجہ محترمہ کو کہا کہ جب ہم کھانا کھانے لگیں آپ چراغ گُل کر دیں۔ اس طرح صحابی رسولؐ مہمان کے ساتھ خالی منہ ہلاتے رہے اور مہمان سمجھتا رہا کہ آپ بھی کھانا کھا رہے ہیں۔صبح جب نبی ﷺ کو ملے تو آپﷺ نے فرمایا: طلحہؓ کیا خوب مہمان نوازی کی کہ اللہ کریم قرآن نازل فرما دیا: وَيُؤْثِرُونَ عَلَى أَنفُسِهِمْ وَلَوْ كَانَ بِهِمْ خَصَاصَةٌ وَمَن يُوقَ شُحَّ نَفْسِهِ فَأُوْلَئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُونَ۔ (9:59) ترجمہ: ‘‘اور ان (نبی ﷺکے صحابہؓ) میں ایسے لوگ بھی ہیں جو اپنے اوپر اللہ کی کے لئےدوسروں کو ترجیح دیتے ہیں۔اور جو اپنے نفس کی خواہشات سے بچ گیا پس وہ ہی لوگ کامیاب ہیں۔’’ اب دیکھیں مہمان کی خاطر تواضع پر اللہ پاک نے کس طرح تعریف فرمائی اور اس وقت جیسے حضرت طلحہؓ خوش ہوئے ہونگے آج بھی مہمان کے حقوق ادا کرنے سے بندہ مسلم کو خوشی ہوگی۔ سبحان اللہ! ایسا انعام کہ اللہ مالک الملک نے خود بھی مدح سرائی فرمائی اور اپنے حبیب سے بھی کروائی تاکہ ہر مہمان نواز ہمیشہ مہمان نوازی کرتے ہوئے راحت اور تسکین محسوس کرے نہ کہ بوجھ اور تھکان۔

بیوہ /یتیم/مسکین کے ساتھ ہمدردی

بیوہ، یتامیٰ اور مساکین معاشرے کے ایسے افراد ہیں جو بہت زیادہ توجہ اور ہمدردی کے مستحق ہیں اور ان حضرا ت کے ساتھ حسن سلوک کرنے والا اللہ تعالی کے ہاں اجرو ثواب کے ساتھ دنیا میں عزت وشرف کی نگاہ سے دیکھا جاتا ہے۔ دوسرا یہ ہے کہ دین، دنیا اور آخرت کے لحاظ سے سر خرو ہونا اس کا مقدر بنتا ہے۔ دنیا میں رہتے ہوئے اپنے قرب وجوار میں مذکورہ افراد کے ساتھ ہمدردی، اعانت اور بھلائی کرتے ہوئے جو اطمینان، سکون کی کیفیت اسے ملتی ہے اس کا اندازہ اس کے لئےشاید بہت ہی مشکل ہے۔ جب اسے ان افراد کی طرف سے دلی دعائیں رب کبریا کے حضور ہاتھ اٹھائے ملتی ہیں کہ اے اللہ تعالی جس نے ہمیں سکون فرحت وشادمانی مہیا کرنے کا انتظام فرمایا تو ان کو اور انکے گھر والوں کو فرحت وانسباط اور سکون نصیب فرمااور اللہ تعالی اپنے بے کس بے سہارا بندوں کی التجاؤں کو ضرور سنتا ہے۔قرآن حکیم میں اللہ کریم فرماتے ہیں: وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْيَتَامَى قُلْ إِصْلاَحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ وَإِنْ تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ۔ (220:2) ترجمہ: ‘‘اور وہ آپ سے یتیموں کے متعلق سوال کرتے ہیں۔آپ فرما دیں کہ ان کی اصلاح کرنا بہتر ہے اور تم انہیں اپنے ساتھ ملا لو تو وہ تمہارے بھائی ہیں۔’’

آپ ﷺ کا ارشاد ہے:"عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ قَالَ قَالَ النَّبِيُّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ السَّاعِي عَلَى الْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِينِ كَالْمُجَاهِدِ فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَوْ الْقَائِمِ اللَّيْلَ الصَّائِمِ النَّهَارَ"[21]

یعنی: ‘‘حضرت ابو ہریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ نے فرمایا بیوہ اور مسکین پر نگران اللہ کی راہ میں مجاہد کی طرح ہے یارات کو قیام اور دن کو روزہ رکھنے والے کی طرح ہے۔’’ اس طرح کا اجر وثواب اور دل کو تسلی وسکون و اطمینان دینے والا انعام اور فضیلت کسی اور کام پر کم ہی ملے گاجو آنحضرت ﷺ نے بیوہ، یتیم اور مسکین کی خدمت انکے اخراجات کو برداشت کرنااور ان کی دیکھ بھال کرنے پر دیا ہے۔ انسان کے لئےاس سے بڑھ کر پر سکون اور اطمینان والی بات کیا ہوگی کہ یتامیٰ ومسکین کے حقوق کی ادائیگی کی صورت میں اللہ کے راستے چلنے والے مجاہد کی طرح ہیں یا رات کو قیام کرنے والے اور دن کو روزہ رکھنے والے کی طرح ہیں ۔

قرآن حکیم میں اللہ کریم فرماتے ہیں: وَيَسْأَلُونَكَ عَنِ الْيَتَامَى قُلْ إِصْلاَحٌ لَّهُمْ خَيْرٌ وَإِنْ تُخَالِطُوهُمْ فَإِخْوَانُكُمْ وَاللّهُ يَعْلَمُ الْمُفْسِدَ مِنَ الْمُصْلِحِ وَلَوْ شَاء اللّهُ لأعْنَتَكُمْ إِنَّ اللّهَ عَزِيْزٌ حَكِيْمٌ۔ (220:2) ترجمہ: ‘‘اور وہ آپؐ سے یتیموں کے متعلق سوال کرتے ہیں آپؐ فرما دیں کہ ان کی اصلاح کرنا بہتر ہے اور اگر تم انہیں اپنے ساتھ ملا لو۔ وہ تمہارے بھائی ہیں اللہ تعالیٰ مصلح اور مفسد کو جانتا ہے اگر اللہ چاہتا تو تمہیں مشقت میں ڈال دیتا۔ یقینا اللہ تعالیٰ غالب حکمت والاہے۔’’ اس آیت کریمہ میں یتیم کو بھائی سے تعبیر کرتے ہوئے اصلاح کرنے کی تلقین فرمائی ہے کہ جس طرح سگا بھائی دوسرے بھائی کی حفاظت، احتیاط، نگرانی اور تربیت کرنے میں خیر خواہی اپناتا ہے اسی طرح یتیم کے ساتھ بہتر رویہ رکھتے ہوئے اس کی نگرانی اور اصلاح فرماتا رہے۔ رسول کریم ﷺ نے حضرت ابو ذرؓ کوفرمایا :"يَا أَبَا ذَرٍّ إِنِّي أَرَاكَ ضَعِيفًا وَإِنِّي أُحِبُّ لَكَ مَا أُحِبُّ لِنَفْسِي لَا تَأَمَّرَنَّ عَلَى اثْنَيْنِ وَلَا تَوَلَّيَنَّ مَالَ يَتِيمٍ"[22] یعنی: ‘‘اے ابو زرؓ! میں تجھے کمزور پاتا ہوں اور میں تمہارے لئے وہی پسند کرتا ہوں جو اپنے لئے پسند کرتا ہوں تم دو آدمیوں کے امیر نہ بننا ور نہ ہی یتیم کے مال کا والی بننا۔’’

اسی طرح حضرت ابو ھریرہؓ بیان کرتے ہیں کہ آپ ﷺ نے فرمایا:"خَيْرُ بَيْتٍ فِي الْمُسْلِمِينَ بَيْتٌ فِيهِ يَتِيمٌ يُحْسَنُ إِلَيْهِ وَشَرُّ بَيْتٍ فِي الْمُسْلِمِينَ بَيْتٌ فِيهِ يَتِيمٌ يُسَاءُ إِلَيْهِ"[23] یعنی: ‘‘مسلمانوں میں بہترین گھرانہ وہ ہے جس میں یتیموں کے ساتھ اچھا سلوک کیا جاتا ہو، مسلمانوں میں بد ترین گھر وہ ہے جس میں یتیم کے ساتھ بد سلوکی کے ساتھ پیش آیا جاتا ہو۔’’ اول الذکر حدیث مبارکہ کو دیکھا جائے تو آنحضرت ﷺ ہمیں ایک طرف خبر دار فرما رہے ہیں کہ یتیموں کی کفالت ایک بہت بڑی ذمہ داری ہے اس میں نہ پڑنا جبکہ دوسری طرف یتیموں کی کفالت میں حسن سلوک روا رکھنے والے گھرانے کو بہترین گھرانہ بھی قرار دیتے ہوئے سکون اور اطمینان کی کیفیت میں اعتدال بھی دیتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ حسن سلوک اور کفالت یتیم لازمی جز و لا ینفک ہے۔ رہا یہ کہ مفلسی ہے

اور یتیم مالدار ہے اور مالدار یتیم کی کفالت / پرورش کرتے ہوئے اور اس کے مال کو سنبھالتے ہوئے وہ کیا انداز اپنا سکتا ہے۔
آنحضرت ﷺ نے فرمایا:"جَاءَ رَجُلٌ إِلَى النَّبِيِّ صَلَّى اللَّهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ فَقَالَ لَا أَجِدُ شَيْءًا وَلَيْسَ لِي مَالٌ وَلِي يَتِيمٌ لَهُ مَالٌ قَالَ كُلْ مِنْ مَالِ يَتِيمِكَ غَيْرَ مُسْرِفٍ وَلَا مُتَأَثِّلٍ مَالًا قَالَ وَأَحْسِبُهُ قَالَ وَلَا تَقِي مَالَكَ بِمَالِهِ"[24] یعنی: ‘‘نبی کریم ﷺ کے پاس ایک آدمی آیااور کہا کہ میرے پاس کوئی مال نہیں البتہ میرے پاس ایک یتیم ہے جس کا مال بھی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اپنے یتیم کے مال سے فضول خرچی اور اپنے مال کے ساتھ نہ ملاتے ہوئے اس کے مال سے کھا لیا کر، راوی کہتے ہیں میرا خیال کہ آپ ﷺ نے یہ بھی فرمایا اپنا مال اس کے مال کے ذریعے نہ بچانا ۔’’ قرآن حکیم میں اللہ کریم فرماتے ہیں کہ: وَلاَ تَأْكُلُواْ أَمْوَالَهُمْ إِلَى أَمْوَالِكُمْ إِنَّهُ كَانَ حُوباً كَبِيْراً۔ (2:4) ترجمہ: ‘‘اور ان کا (یتیم) کا مال اپنے مالکے ساتھ ملا کر مت کھاؤ بلا شبہ یہ بہت بڑا گناہ ہے۔’’ یتیم کا مال کھانے کو گناہ کبیرہ بیان کیا گیا ہے۔ ایسا کرنے والا حلا ل کو حرام او ر حرام کو حلال کے ساتھ ملانے والا ہے۔ اس سے پچھلے الفاظ میں اس انداز کوخبیث کے ساتھ تشبیہ دی تاکہ مزید نفرت دلائی جا سکے۔ اسکی تفسیر میں ایک مفسر بیان کرتے ہیں:‘‘خبیث ناپاک اور گندی چیز کو کہتے ہیں لفظ خبیث استعمال کرنے کا مقصد یہ ہے کہ پاک ذہن اور با ضمیر شخص یتیم کا مال کھانے کا تصور بھی نہ کر سکے۔’’[25]
مولانا عبد الرحمٰن کیلانی نے یتیموں کی کفالت پر اپنی تفسیر میں لکھا ہے :‘‘اللہ تعالی جل شانہ فرماتا ہے رسول ﷺکو؛ جس طرح ہم نے تمہاری یتیمی کے دوران ہر مرحلہ پر تمہارا خیال رکھا اسی طرح تم بھی یتیموں سے بہترین سلوک کرونہ انہیں دباؤ نہ ان پر سختی کرو، نہ انہیں بے یارومدد گار چھوڑ دو، بلکہ ان کی ضرورتوں کا پورا پورا خیال رکھا کرو۔’’[26] آپ ﷺ نے دوسرے مسلمانوں کو بھی یتیموں کی کفالت اور ان سے حسن سلوک کی ترغیب اور ذوق مہیا کرنے کے لئے ایک بہت قابل اطمینان اور یتیم کی کفالت کرنے والے کے لئےذہنی سکون مہیا کرنے والی بات بیان فرمائی: "كَافِلُ الْيَتِيمِ لَهُ أَوْ لِغَيْرِهِ أَنَا وَهُوَ كَهَاتَيْنِ فِي الْجَنَّةِ وَأَشَارَ مَالِكٌ بِالسَّبَّابَةِ وَالْوُسْطَى"[27] یعنی: ‘‘میں اور یتیم کا کفیل جنت میں اس طرح اکٹھے ہوں گے پھر آپ ﷺ نے اپنی شہادت کی اور دستی انگلی کی طرف اشارہ کیا اور انہیں تھوڑا سا کھول دیا۔’’
مفسر کی پیش کردہ رسول کریم ﷺ کی اس روایت سے ہر قاری کو دلی اطمینان اور سکون نصیب ہوتاہے اور یتیم کی کفالت کرنے والے کے لئے کہ یتیم کی کفالت اور جنت میں رسول کریم ﷺ کا ساتھ خوشی اور سعادت والی بات ہو جاتی ہے۔ اس رو سے جو لوگ یتامیٰ کی کفالت میں بے اعتنائی برتتے ہیں ان کے یہ بات قابل رشک بھی اور ترغیب حاصل کرتے ہوئے ذوق اور شوق سے یتامیٰ کی کفالت کی ذمہ داری اٹھانے کا جذبہ بھی ہے۔ آنحضرت ﷺ کی صفات

میں سے ایک صفت عظیم یہ بھی ہے کہ آپ بے سہارا، مساکین کا ساتھ دینے والے عظیم انسان ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب آنحضرت ﷺ پر پہلی وحی مبارک نازل ہوئی تو ام المومنین سیدہ خدیجہ ؓ نے آنحضرت ﷺ کو پریشانی سے نکالنے کے لئے اور ذہنی طورپر سکون اور حوصلہ دلانے کے لئےجو صفات آپ کی اس وقت شمار کروائی وہ مثالی حیثیت رکھنے کے ساتھ ساتھ ہمارے لئے بھی باعث تسکین ہیں۔ اگر ہم ان صفات پر عمل پیرا ہونے کی کوشش کریں۔ام المومنین ؓ نے فرمایا :"كَلَّا وَاللَّهِ لَا يُخْزِيكَ اللَّهُ أَبَدًا إِنَّكَ لَتَصِلُ الرَّحِمَ وَتَصْدُقُ الْحَدِيثَ وَتَحْمِلُ الْكَلَّ وَتَقْرِي الضَّيْفَ وَتُعِينُ عَلَىنَوَائِبِالْحَقِّ"[28] ترجمہ: ‘‘اللہ کی قسم! اللہ تعالی آپ ﷺ کو کبھی رسوا نہیں کریں گے کیونکہ آپ بے سہارا (مساکین) لوگوں کا بوجھ بر داشت کرنے والے ہیں، مہمانوں کی میزبانی اور رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک کرنے والے ہیں۔ جو لوگ کما نہیں سکتے ان کے لئےکمانے والے یعنی (یتامیٰ، مساکین اور بیوگان کی کفالت کرنے والے) اور حق کا ساتھ دینے والے ہیں۔’’

یعنی یہ صفات جب ہوں پھر پریشانی نہیں بلکہ سکون ملتاہے۔ یتیم اگر صرف والد کی وجہ سے ہے اور اس کی ماں زندہ ہو تو اسلام اس سلسلے میں تلقین کرتا ہے کہ بیوہ عورت اگر رضا مند ہو اورنکاح ثانی کرنا چاہے تو اس کا نکاح کرا دینا چاہئے تاکہ معاشرے میں وہ قابل تسکین حالت میں زندہ رہنے کے قابل ہو سکے۔قرآن کریم میں اللہ تعالیٰ ارشاد فرماتے ہیں: وَأَنكِحُوا الْأَيَامَى مِنكُم۔ (32:24) ترجمہ: ‘‘اور تم میں سے جو بیواہ عورتیں ہیں ان سے نکاح کر لو۔’’ لیکن اگر بیوہ عورت اپنی عصمت و عفت کو بر قرار رکھنے کے ساتھ ساتھ چھوٹے چھوٹے بچوں کی پرورش میں لگی رہے اور نکاح کے بندھن سے آزاد رہے تو اس کی بھی بڑی فضیلت اور ثواب ہے۔رسو ل کریم ﷺ کا ارشاد ہے:"أَنَا وَامْرَأَةٌ سَفْعَاءُ الْخَدَّيْنِ كَهَاتَيْنِ يَوْمَ الْقِيَامَةِ وَأَوْمَأَ يَزِيدُ بِالْوُسْطَى وَالسَّبَّابَةِ امْرَأَةٌ آمَتْ مِنْ زَوْجِهَا ذَاتُ مَنْصِبٍ، وَجَمَالٍ، حَبَسَتْ نَفْسَهَا عَلَى يَتَامَاهَا"[29] ترجمہ: ‘‘میں اور وہ شریف اور حسن و جمال و عزت والی بیوہ/عورت جو شوہر کے انتقال کے بعد اپنے یتیم بچوں کی خاطر اپنے نفس کو نکاح سے روکے رہے اور محنت و مشقت کرنے کی وجہ سے اس کی رنگ کالی ہو گئی ہو قیامت کے دن میں وہ اور میں مقام و مرتبہ میں دو انگلیوں کی طرح ہوں گے۔’’

غرضیکہ بیوہ عورت کو قرآن اور اسلام نے بہترین مقام عطا فرمایا ہے اور بوجہ اللہ اس کی خدمت کرنے والا بڑا ہی سعادت مند ہے۔ یا د رہے کہ اسلام کے آنے سے پہلے زمانہ جاہلیت میں اگر کوئی عورت بیوہ ہو جاتی تھی تو اس بے چاری کی زندگی جیتے جی جہنم بن جاتی تھی۔ بیوہ ہونے کے بعد نہ اسے سسرال میں رہنے دیا جاتا اور نہ اسے میکے میں جگہ ملتی تھی۔ ہر جگہ سے اسے دھکے دے کر نکال دیا جاتا تھا۔ کیونکہ وہ لوگ اسے ڈائن، بھاگن اور قابل

نفرت سمجھ کر اس کے سائے تک سے بچنا چاہتے تھے۔ اسلام نے نہ صرف بیوہ کو زندہ رہنے کا حق اور قابل عزت مقام دیا بلکہ ان کی عزت وتکریم اور دیکھ بھال کرنے والے کو دلی سکون اور اطمینان کی دولت عطا فرمائی کہ اللہ تعالی ان سے راضی ہونے والا ہے۔ رہی یہ بات جو قرآن نے فرمایا ہے: "وانکحو الا یامیٰ منکم" تو اس سے متعلق مولنا مودودیؒ لکھتے ہیں: "تو اس سے مراد ہر مرد اور عورت مراد ہیں جو کنوارہ ہو یا کسی وجہ سے رنڈوہ ہو جہاں تک رنڈوے (بیوہ) کے نکاح کا تعلق ہے اس کے لئےیہ حکم نہیں کہ وہ دوسرا نکاح کرے اگر وہ اپنی اولادیا کسی دوسری وجہ سے نکاح نہیں کرنا چاہتا (چاہتی) تو اس میں کوئی حرج نہیں بشرطیکہ اپنی طبیعت پر ضبط کرنے والا ہو۔"[30]

نکاح کرنے کے بارے میں رسول کریم ﷺ فرماتے ہیں:"النِّکَاحُ مِنْ سُنَّتِی فَمَنْ لَمْ یَعْمَلْ بِسُنَّتِی فَلَیْسَ مِنِّی"[31] ترجمہ: ‘‘نکاح کرنا میری سنت ہے جو میری سنت سے انحراف کرے گا اس کا میرے ساتھ کوئی تعلق نہیں۔’’ مگر یتیم کی کفالت کرنے والے بیوگان کے لئےاس سنت سے رخصت ہے اگر وہ اپنے اوپر ضبط کرتے ہوئے شادی کے بندھن سے آزاد رہنا چاہیں۔ قرآن نے انسان کے اطمینان اور سکون کے لئےرہنما اصول فراہم کئے ہیں اور ان رہنما اصولوں کو اپنانے کے لئے انسان کو فطری زندگی کا رنگ اپنانا ضروری ہے۔ ان فطری رنگوں میں ایک رنگ یہ ہے کہ انسان اپنے گرد وپیش میں رہنے والے افراد (یتامیٰ، مساکین اور بیوگان) کے ساتھ ہمدردانہ اور رضائے الہی کے حصول کے لئے توجہ دیں اگر ایسا ہوگا تو یقینا اطمینان والی زندگی خود کو بھی نصیب ہوگی۔

حاصل مطالعہ

اللہ کریم کے فرامین اور اسوہ رسول ﷺ کےمطالعہ کی روشنی میں معلوم ہوتا ہے کہ ایمان لاتے ہوئے فرائض کی بجا آوری کے بعد عامۃ الناس کے لئے فلاح و بہبود کے کا م کرنا عظیم ترین خدمات ہیں اور حسن ایمان کااوج کمال ہے۔محض اللہ کریم کی رضا کے لئے اپنے آپ کو دوسروں کے لئے وقف کر دینا گویا کہ خالق کائنات کی اکمل صفت کو اپنانے کی کاوش ہے۔ درد دل ہے جو اسے دوسروں کے دکھ درد کم کرنے کے لئے اکساتا ہے۔ چاہے کوئی اپنا ہے یا بیگانا، رشتہ دار ہے یا غیر رشتہ دار، ہمسایہ ہے یا پردیسی اور مسلم ہے یا غیر مسلم۔ مخلوق خدا کی خدمت کا بندھن جوڑتے ہوئے اللہ کی رضا کے حصول میں مگن سفر جاری رکتھا ہے۔ اللہ کی رضا کے لئے دوسروں کی خوشیوں کا سبب بننے والے، دوسروں کی مشکلات میں کمی لانے کا سبب بننے والے، ضروریات زندگی کے ہر معاملے میں مخلصانہ خدمات کی فراہمی کرنے والے نہ صرف دنیا میں حقیقی خوشیاں سمیٹتے ہیں بلکہ آخرت میں بھی اللہ کریم کی خصوصی رحمت کے سزاوار ہوں گے۔ اس مقالے کا حاصل بھی

یہی ہے کہ جتنی زیاد ہ اور حقیقی خوشیاں، راحتیں اور دلی سکون خدمت خلق سے ملتا ہے وہ کسی اور عبادت سے کم ہی ملتا ہوگا۔ اور ہمارے ہر باشعور شخص کے تجربے میں بھی یہ بات بار بار آچکی ہے۔وجہ کیا ہے کہ اس عبادت کا تعلق کئی لوگوں کی خوشیوں سے جڑا ہوا ہے۔ انسان ہزاروں کی کی کسی کی خلوص بھری دعائیں نہیں خرید سکتا مگر ایک بھوکے کو پیٹ بھر کر کھانا کھلا دینے سے، کسی مصیبت زدہ کی معمولی سی مدد کرنے سے، کسی کو ذلت ورسوائی سے بچا لینے سے اور ان کی خوشیوں کا سبب بننے سے آپ مفت میں خلوص بھری دعائیں لیتے ہوئے اپنے لئے بھی خوشیاں، اطمینان اور قلبی راحت کا سامان اکٹھا کرسکتے ہیں۔

*****

حوالہ جات

1۔البيهقي، الخراساني، أبو بكر أحمد بن الحسين بن علي بن موسى، (المتوفى: 458ھ)، *شعب الايمان*، المحقق: الدكتور عبد العلي عبدالحميدحامد، (الرياض: مكتبة الرشد' 1423ھ)، باب التعاون على البر والتقوى، حديث 7252۔

2۔محمد طفیلؒ، نقوش *رسول نمبر*، جلد 03، "رسول اللہ اور معاشرت"رشید احمد ارشد (لاہور، ادارہ فروغ اردو، لائبریری ایڈیشن)، شمارہ130(1983ء) :426۔

3۔القشيري، النيسابوري، مسلم بن الحجاج أبو الحسن (المتوفى: 261ھ)، *الجامع الصحيح المسلم*، المسند الصحيح المختصر بنقل العدل عن العدل إلى رسول الله ﷺ المحقق: محمد فؤاد عبد الباقي، (بيروت: دار إحياء التراث العربي، 1424ھ)، كتاب الْبِرِّ وَالصِّلَةِ وَالْآدَابِ، باب تَحْرِيمِ الظُّلْمِ حديث 2580۔

4۔ ایضا، كتاب الذِّكْرِ وَالدُّعَاءِ وَالتَّوْبَةِ وَالِاسْتِغْفَارِ، بَابُ فَضْلِ الِاجْتِمَاعِ عَلَى تِلَاوَةِ الْقُرْآنِ وَعَلَى الذِّكْرِ، حديث2699

5۔الحنظلي، التركي ثم المرْوزي، أبو عبد الرحمن عبد الله بن المبارك بن واضح (المتوفى: 181ھ)، *الزهد والرقائق*، المحقق: حبيب الرحمن الأعظمي، (بيروت: دار الكتب العلمية، 1425ھ)، بَابُ مَا جَاءَ فِي الشُّحِّ، حديث684۔

6۔القزويني، أبو عبد الله محمد بن يزيد (المتوفى: 273ھ)، *سنن ابن ماجہ*، المحقق: محمد فؤاد عبد الباقي، (بيروت: دار إحياء الكتب العربية، 2009)، كتابُ إِقَامَةِ الصَّلَاةِ، بَابُ مَا جَاءَ فِي قِيَامِ اللَّيْلِ، حديث1334

7۔ النیشابوری، *کتاب الایمان*، باب بیان ان الدین النصیحہ، حدیث 55۔

8۔ السِّجِسْتاني، الأزدي، أبو داود سليمان بن الأشعث بن إسحاق بن بشير بن شداد بن عمرو (المتوفى: 275ھ)، *سنن ابی داود*، (بيروت: المكتبة العصرية، صيدا، 2011)، المحقق: محمد محيي الدين عبد الحميد، كتَاب الْأَدَبِ، بَابٌ فِي النَّصِيحَةِ وَالْحِيَاطَةِ، حديث4918

9-الشامي، اللخمي، سليمان بن أحمد بن أيوب بن مطير، أبو القاسم الطبراني (المتوفى: 360ھ)، *معجم الكبير*، (القاهرة: مكتبةابن تيمية، 2010) المحقق: حمدي بن عبد المجيد السلفي، حديث627

10-محمد طفیل*نقوش رسول نمبر*، حضورﷺ نے انسانی معاشرت کو کیا دیا،ڈاکٹر فواد فخر الدین(انڈونیشیا)،ترجمہ خلیل حامدی،جلد 3، شمارہ 130، (س ن): 453-

11-البخاري، الجعفي، محمد بن إسماعيل أبو عبدالله (المتوفى:256ھ) *صحيح بخاری الجامع المسند الصحيح المختصر من أمور رسول الله ﷺ وسننه وأيامه*، المحقق: محمد زهير بن ناصر الناصر،(بيروت:دار طوق النجاة، ط أولى:1422ھ)،كتاب العلم،بَابُ مَا كَانَ النَّبِيُّ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ يَتَخَوَّلُهُمْ بِالْمَوْعِظَةِ وَالعِلْمِ كَيْ لاَ يَنْفِرُوا،حديث69

12-محمد جمیل، میاں، *فہم القرآن*، ج1 (لاہور: ابو ہریرہ اکیڈمی،2003)، 693/البخاری، کتاب الادب، باب اكرام الضيف ووَخِدْمَتِهِ إِيَّاهُ بِنَفْسِهِ، حديث6137-

13-پانی پتیؒ، ثناءاللہ، قاضی، *تفسیر مظہری*، ج3 (کراچی: ایچ ایم سعید کمپنی،س ن) ،76-

14- البخاری، *کتاب الادب*، بَابٌ مَنْ كَانَ يُؤْمِنُ بِاللَّهِ وَاليَوْمِ الآخِرِ فَلاَ يُؤْذِ جَارَهُ، حديث6019

15- البخاری، *کتاب الادب*، بَابُ إِكْرَامِ الضَّيْفِ، وَخِدْمَتِهِ إِيَّاهُ بِنَفْسِهِ، حديث6135

16-القشیری، *کتاب اللقطہ*، بَابُ اسْتِحْبَابِ الْمُؤَاسَاةِ بِفُضُولِ الْمَالِ، حديث 1728

17- السجستانی، *کتاب الجہاد*، بَابٌ فِي الدُّعَاءِ عِنْدَ الْوَدَاعِ، حديث2600

18-البخاری، *کتاب المساقات*، باب اثم من منع ابن السبيل من الماء، حديث2358

19-کیلانی، عبد الرحمن، *تیسیر القرآن*، جلد1(لاہور، مکتبہ السلام،2011) 382-

20- ایضاً: 82

21-البخاری، *کتاب النفقات*، باب فضل النفعہ علی الاہل، حديث5353

22-القشیری، *کتاب الا مارۃ*، باب کراھتہ الامارۃ بغیر ضرور ۃ، حديث1826

23-القزوینی، *کتاب الادب*، باب حق اليتيم، حديث3679

24-ایضا، کتاب الوصایا، بَابُ قَوْلِهِ تَعَالَى وَمَنْ كَانَ فَقِيرًا فَلْيَأْكُلْ بِالْمَعْرُوفِ، حديث2718

25-میاں، *فہم القرآن*، جلد 1، 644.

26-کیلانی، *تیسیر القرآن*: 658/ البخاری کتاب الادب، فضل من يعول يتيما

27-القشیری، *كِتَابُ الزُّهْدِ وَالرَّقَائِقِ*، بَابُ الْإِحْسَانِ إِلَى الْأَرْمَلَةِ وَالْمِسْكِينِ وَالْيَتِيمِ، حديث2983

28-البخاری، باب كيف كان بدءالوحی على رسول الله، حديث3

29-السجستانی، *کتاب الادب*، باب فی فضل من عال يتيما، حديث5149

30- ابوالاعلی، مودودی، *تفہیم القرآن*، ج4 (لاہور، ادارہ ترجمان القرآن،، 1978 تا 1998)، 562-

31-القزوینی، *کتاب النکاح*، بَابُ مَا جَاءَ فِي فَضْلِ النِّكَاحِ، حديث1846

Bibliography

1) Abu abd al-Rahman Abdullah b. al-Mubarak b. Wadheh, al-Hanzali, Al-Tarki Summa al-Mazwazi, Beirut: Dar al-Kutub al-Ilmiyyah, 1425/

2) Abu Abdillah Muhammad b. Yazid, al-Qizwini, Sunan Ibn Maja, Beirut: Dar Ihya al-Kutub al-Arabiyyah, 2009

3) Abu Bakr Ahmad b. AlHusyn b. Ali b. Musa, al-Bayhaqi al-Khurasani, Shaa'b al-Imān, Riyadh: Matabah al-Rashīd, 1423/
4) Anonymous, Tafhīm al-Quran, n.pub, nd.
5) Kaylani, Abd al-Rahman, Taysīr al-Quran, Lahore: Maktaba al-Salām, 2011
6) Muhammad b. Ismael Abu Abdillah, al-Bukari, Sahi al-Bukhari al-Jame' al-Musnad al-Sahi al-Mukhtasar min Umūr Rasoolillah wa Sunnatihi wa Aylihi, Beirut: Dar Taoq al-Najah, 1422/
7) Muhammad Jameel, Miyan, Faham al-Quran, Lahore: Abu Hurayrah Academy, 2003.
8) Muhammad Tufail, Nuqūsh-e Rasool Number, Rasoolallah aur Mua;shirat, Rasheed Ahmad Arshad, vol. 3 (nd), Lahore: Idara Forugh-e Urdu, n.page.
9) Muslim b. al-Hajjaj Abu al-Hasan, al-Nishabori, al-Jame' al-Sahi al-Muslim, Beirut: Dar Ihya al-Turāth al-Arabi, 1424/
10) Solaiman b. Ahmad b. Ayyub b. MAzhar, al-Shami al-Lakhmi, Abu al-Qasim al-Tabrāni, Moa'jam al-Kabīr, Cairo: Maktabah Ibn Taymiyah, 2010.
11) Thanau'llah, Qadi, PAnipati, Tafsīr Mazhari, Karachi: HM Sae'ed, nd.

انسداد غربت و افلاس: سیرت طیبہﷺ کی روشنی میں

ERADICATION OF POVERTY IN THE LIGHT OF THE SIRAH OF THE PROPHET

Tahmina Fazil
Dr. Monazza Hayat

Abstract

Poverty is a complex situation. The world has been struggling to overcome poverty for centuries. This is a great challenge facing the modern world. A comprehensive approach is needed to develop poverty averting strategies and programs. Prophet Muhammad not only removed the misunderstanding of the people about poverty, but also gave them such rules and regulations which, on the one side, alleviated the poverty of the people and, on the other, became a means of improving the economic life of others. It is, therefore, important for us to highlight and follow the economic principles laid down by the Prophet (peace and blessings of Allaah be upon him) for the eradication of poverty. This article highlights the role of the Holy Prophet in alleviating poverty.

Key word**:** *Poverty, Modern World, Reduction, Seerah, Principles.*

خلاصہ

غربت ایک پیچیدہ صورتحال ہے۔ دنیا صدیوں سے غربت پر قابو پانے کے لئے جدوجہد کر رہی ہے۔ یہ جدید دنیا کو درپیش ایک بڑا چیلنج ہے۔ غربت کے انسداد کی حکمت عملی اور پروگرام تیار کر نے کے لئے ایک جامع نقطہ نظر کی ضرورت ہے۔۔ حضرت محمدﷺ نے غربت کے بارے میں نہ صرف لوگوں کے ذہنی ابہام کو دور کیا، بلکہ ان کو ایسے اصول و ضوابط دیے کہ جن سے نہ صرف لوگوں کی اپنی غربت دور ہوئی بلکہ وہ دوسروں کی معاشی زندگی کو بہتر بنانے کا ذریعہ بھی بنے۔لہذا ہمارے لئے ضروری ہے کہ ہم غربت کے انسداد کےلئے آپﷺ کے مرتب کردہ معاشی اصول کو اجاگر کریں اور ان پر عمل پیرا ہوں۔ اس مقا لہ میں غربت کے خاتمہ میں رسول اکرمﷺ کے کردار کو اجاگر کیاگیا ہے۔

کلیدی کلمات: غربت، افلاس، سیرت طیبہ، جدید دنیا۔

تعارف

اس وقت انسانیت کے سنگین مسائل میں سے ایک مسئلہ غربت کا ہے۔ آج دنیا کی تقریباً نصف آبادی غربت کی زندگی گزاررہی ہے۔ غربت کے معیار کے معاملے میں ورلڈ بینک نے جو پیمانہ مقرر کیا ہے اس کے مطابق جس شخص کی یومیہ آمدنی ایک یا دو ڈالر سے کم ہو اسے غریب کہا جائےگا۔[1]معاشی لحاظ سے دیکھا جائے تو غریب اس شخص کو کہتے ہیں جو کم ترین معیار زندگی بھی بر قرار نہ رکھ سکتا ہو بلکہ اس معیار کے لئے بھی اس کے پاس وسائل و زرائع کا فقدان ہو۔ سادہ الفاظ میں یوں کہ سکتے ہیں کہ غربت، بھوک و افلاس کا نام ہے۔ ایسا شخص جو بیماری میں علاج کے وسائل، اولاد ہونے پر اس کی پرورش اور تعلیم کے وسائل اور رہائش و خوراک کے وسائل میں فقدان کا شکار ہو وہ غریب کہلائے گا۔ اگر غربت کو جانچنے کےلئے ورلڈ بینک کے مقررہ پیمانے کو تسلیم کر لیا جائے تو ورلڈ بینک کی اپنی رپوٹ کے مطابق 1990میں غربت 1.9 بلین تھی۔ یہ وہ تعداد ہے جو دو ڈالر سے کم آمدنی والی آبادی تھی۔ 2001ء میں یہ تعداد 2.7 ارب ہو گئی جبکہ Covid-19 کی وجہ سے 2020ء کے آخر تک یہ تعداد 2019ء کے مقابلے میں 40 سے 60 ملین زیادہ ہو جائے گی۔[2] ورلڈ بینک کی رپورٹ اپنی جگہ لیکن بھارت، بنگلہ دیش اور پاکستان جیسے ترقی پذیر ممالک میں صورتحال اس دو ڈالر کی لکیر سے بھی بد تر ہے۔ اس سے پسماندہ ممالک کی حالت کا اندازہ بھی لگا یا جا سکتا ہے۔

پاکستان میں غربت کی صورتحال

پاکستان میں غربت کی صورتحال بھی دنیا سے مختلف نہیں اور اس میں دن بدن اضافہ ہو رہا ہے۔ غربت کی اس بڑھتی ہوئی شرح کا اندازہ اس بات سے لگایا جا سکتا ہے کہ پاکستان کی ایک غیر سرکاری تنظیم سسٹین ایبل ڈویلپمنٹ پالیسی انسٹی ٹیوٹ نے پاکستان میں بڑھتی ہوئی غربت پر ایک تحقیقی رپورٹ جاری کی ہے Sustainable Development Policy Institute جس کے مطابق پاکستان کی ایک تہائی سے زیادہ آبادی تو وہ ہے جو غربت کی لکیر سے بھی انتہائی نچلی سطح پر زندگی گزار رہی ہے۔[3] 1998ء کی ہیومن ڈویلپمنٹ رپورٹ کے مطابق پاکستان 138 ویں نمبر پر ہے جب کہ کینیڈا پہلے، فرانس دوسرے اور ناروے تیسرے نمبر پر ہے۔ ہیومن ڈویلپمنٹ سے مراد کوئی معاشرہ معاشی انصاف، معاشرتی اقدار، انسانی حقوق کے معیار اور اپنے شہریوں کو روزگار اور بنیادی سہولیات کی فراہمی کے لحا ظ سے کس مقام پر کھڑا ہے۔[4]

2007ء میں انسانی معیار زندگی کی جو انڈیکس پاکستان کے ماہر اقتصادیات ڈاکٹر محبوب الحق نے شائع کی اس میں شامل 180 ممالک کی فہرست میں پاکستان کا نمبر 141 واں تھا اور اس خطے میں بھارت، بنگلہ دیش، سری لنکا

اور بھوٹان پاکستان سے بہتر پوزیشن پر تھے۔[5] عالمی بینک کی رپوٹ ورلڈ ڈیولپمنٹ انڈیکیٹرز کے 2008ء میں کیے گئے ایک سروے کے مطابق پاکستان کی60.2٪ آبادی خط غربت سے نیچے زندگی بسر کر رہی ہے۔[6] 2019ء کی ہیومن ڈیولپمنٹ رپورٹ میں 189 ممالک کی فہرست میں پاکستان کا نمبر مزید گر کر 152 ہو گیا۔ اس سے ہی خطرناک بات یہ کہ جنوبی ایشیا میں بھی یہ پست ترین درجہ پر ہے۔ بھارت کا نمبر 129 اور بنگلہ دیش 136 ویں نمبر پر ہے۔[7]

ترقی یافتہ ممالک میں غربت کی صورتحال

دنیا میں بڑھتی ہوئی غربت صرف تیسری دنیا کے ترقی پزیر ممالک ہی کا مسئلہ نہیں بلکہ انتہائی ترقی یافتہ ممالک بھی اپنے تمام تر وسائل اور کوششوں کے باوجود غربت کے اس گمبھیر مسئلے کے سامنے بےبس دکھائی دیتے ہیں۔ گذشتہ اعدادو شمار کے مطابق دنیا کی واحد سپر پاور سمجھی جانے والی ریاست امریکہ میں غربت کی شرح 15فیصد ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اس امیر ترین ملک کے چار کروڑ ساٹھ لاکھ افراد غربت کی لکیر سے نچلی سطح پر زندگی بسر کر رہے ہیں۔[8] ترقی یافتہ یورپین ممالک کے حالات بھی اس سے مختلف نہیں۔ بین الاقوامی امدادی تنظیم آکسفیم کی رپورٹ کے مطابق 2011ء تک 500ملین آبادی پر مشتمل یورپی یونین میں 121 ملین افراد غربت کے عالم میں زندگی گذارنے پر مجبور ہیں۔ آکسفیم کہتی ہے:

Oxfam's analysis is based on the EU's official definition of poverty. In 2011, there were 121million people at risk of poverty in the EU representing 24.3 percent of the population.[9]

مذکورہ اعداو شمار سے پتہ چلتا ہے کہ غربت و افلاس کا مسئلہ مسلسل طاقتور ہوتا جا رہا ہے۔ یہ مسئلہ شخصی نہیں بلکہ اجتماعی ہے۔ میرے خیال میں یہ ایک مسئلہ تمام مسائل کی جڑ ہے۔ کیونکہ ایک بھوکا شخص اپنی بھوک مٹانے کے لئے ہر طرح کا جائز و نا جائز کام کرے گا اور اس طرح ملکی امن و امان کے لئے مسئلہ بن جائے گا ۔ بہت سے نفسیاتی مسائل بھی غربت کا ہی نتیجہ ہیں۔ یہاں تک کہ ایک مفلس شخص اپنے اعضاء بلکہ اپنے بچوں کا بھی سودا کر سکتا ہے اور بعض اوقات نوبت خود کشی تک آجا تی ہے۔ آئے روز ہم غربت کی وجہ سے والدین کا اپنے بچوں کو قتل کرنے اور پھر خود کشی کر لینے کے واقعات سنتے ہیں۔

غربت و افلاس اور انسانی تاریخ

غربت و افلاس کا المیہ نیا نہیں بلکہ غربت کی تاریخ دیکھیں تو پتا چلتا ہے کہ یہ صرف دور حاضر کا مسئلہ نہیں بلکہ انسانی تاریخ کے اُغاز ہی سے غربت اور امارت کی تفریق نظر آتی ہے۔ غربت کی روک تھام کے لئے مختلف

ممالک نے مختلف قوانین متعارف کر وائے۔ کسی نے سرمایہ دارانہ نظام کا راگ الاپہ تو کسی نے جمہوریت کو کمزور انسانوں کا مسیحا قرار دیا۔ کسی نے کمیونزم کو بقا کا ضامن قرار دیا۔ اقوام متحدہ نے 1992 سے سترہ اکتوبر غربت کے خاتمے کا عالمی دن قرار دیا جو آج بھی منایا جاتا ہے۔ اس دن کا مقصد غربت و محرومی کا خاتمہ کر نے کی تجاویز و اقدامات اور فلاح و بہبود کے منصوبوں کی اہمیت اجاگر کرانا ہے۔

غربت و افلاس کے اسباب

غربت و افلاس کے بہت سے ممکنہ اسباب ہو سکتے ہیں جن میں آبادی کا بڑھنا، وسائل کی کمی اور جہالت کو بڑا سبب مانا جاتا ہے اور ان کے سدّ باب پر زور دیا جاتا ہے۔ میرے ناقص علم کے مطابق غربت و افلاس کا سب سے بڑا سبب وسائل کی تقسیم میں انصاف نہ ہونا ہے اور وسائل کی غلط تقسیم موجودہ نظام معیشت اور طرز حکمرانی کی سب سے بڑی خامی ہے۔ وسائل کی کمی کے سبب کو دل و دماغ اس لیے تسلیم نہیں کرتے کیونکہ رزق کی فراہمی کی ذمہ داری خود اللہ تعالی نے اپنے اوپر لی ہے۔ اللہ تعالی کے ناموں میں سے ایک نام الرزاق بھی ہے جس سے مراد ہے رزق دینے والا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے: وَمَا مِن دَآبَّةٍ فِي الأَرْضِ إِلاَّ عَلَى اللهِ رِزْقُهَا (06:11) ترجمہ: ''اور زمین پر چلنے والا کوئی جاندار ایسا نہی ہے جس کا رزق اللہ نے اپنے ذمہ نہ لے رکھا ہو۔'' کوئی بڑے سے بڑا ماہر اقتصادیات یہ ثابت نہیں کر سکتا کہ آج زمین پر جتنی پیداوار ہے اس سے زیادہ آبادی ہے۔ کیونکہ اللہ پاک نے جس انسان کو پیدا کیا اس کے رزق کا بھی بندوبست کیا۔ قرآن پاک میں ارشاد ہے: وَلاَ تَقْتُلُواْ أَوْلاَدَكُمْ خَشْيَةَ إِمْلاَقٍ نَّحْنُ نَرْزُقُهُمْ وَإِيَّاكُم(31:17) ترجمہ: ''اور اپنی اولاد کو تنگدستی کے ڈر سے قتل نہ کرو، ہم انہیں بھی رزق دیتے ہیں اور تمہیں بھی۔''

ورلڈ وائیڈ فنڈ فار نیچر نے 1999-9-9 میں ایک رپوٹ شائع کی جس میں بتایا گیا کہ دنیا کی آبادی پانچ ارب تہتر کروڑ سات لاکھ سے بڑھ چکی ہے۔ اس پونے چھ ارب کی آبادی کے لئے اجناس اور گوشت ایک ارب اکتیس کروڑ اکاون ٹن کی مقدار میں موجود ہے اور 9 کروڑ 10 لاکھ ٹن مچھلی دستیاب ہے۔ مگر دنیا کا قدرتی ماحول یعنی زندگی کے لوازمات، کثرت استعمال، نا جائز استعمال، بدنظمی اور بدانتظامی کی وجہ سے نہایت تیزی سے زوال پذیر ہیں چنانچہ آنے والی نسلوں کے لئے مشکلات پیدا ہو سکتی ہیں۔[10]پاکستان کے ایک ماہر اقتصادیات ڈاکٹر محبوب الحق نے بھارت کی ایک شخصیت امرتا سین سے مل کر انسانی معیار زندگی کا ایک اعشاریہ ہیومن ڈویلپمنٹ انڈیکس کے نام سے وضع کیا جس کے ذریعہ یہ دکھانا مقصود تھا کہ ترقی صرف کل پیداوار اور آمدنی میں اضافہ کا نام نہیں بلکہ اس اضافے سے عام آدمی کے معیار زندگی اور اس کے ارد گرد کے ماحول میں ترقی کا نام ہے۔[11] یعنی آمدنی اور کل

پیداوار مین اضافہ تب تک بےسود ہے جب تک اس اضافے کی تقسیم منصفانہ نہیں ہو گی۔
پاکستان کے اقتصادی امور کے ایک اور ماہر منصور احمد بتاتے ہیں کہ پاکستان اپنی آمدن کا بڑا حصہ انسانی ترقی کے شعبوں پر خرچ کر نے سے قاصر رہا ہے۔ ترجیحات کے درست نہ ہونے اور کرپشن کی وجہ سے پاکستان اپنے ہیومن رائٹس ریسوسز کو بہتر نہیں بنا سکا اس لیے صحت تعلیم اور دیگر شعبوں میں اپنے ہمسایہ ممالک سے پیچھے رہ گیا۔[12] ڈاکٹر اکمل حسین کی رائے میں پاکستان میں اقتصادی ترقی صرف امیر لوگوں کے گرد گھومتی ہے۔ اقتصادی ترقی کی غیر مساوی تقسیم کی وجہ سے آزادی کے اتنے برسوں بعد بھی 40فیصد پاکستانی ایسے ہیں جن کو روزانہ 2100کیلوریز یا پیٹ بھر کر کھانا نہیں مل رہا۔ حکومت کی طرف سے دی جانے والی پبلک سروسز اسی ایلیٹ کلاس کو مل رہی ہیں جو ٹیکس بھی نہیں دیتے اس پر ستم یہ کہ کرپشن نے حالات مزید خراب کر دیے ہیں۔[13]
یہاں ایک سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ کیا غربت و افلاس واقعی ایسا پیچیدہ اور نہ حل ہونے والا مسئلہ ہے کہ انسان ہر طرح کی کوششوں اور اقدامات کے باوجود اس پر قابو نہیں پا سکا یہاں تک کہ موجودہ ترقی یافتہ ممالک اپنے بے پناہ وسائل کے باوجود اس مسئلے کے سامنے بے بس دکھائی دیتے ہیں؟ نہیں !غربت کوئی ایسا مسئلہ نہیں جس کا خاتمہ ممکن نہیں۔ ہمیں رسول اللہﷺ کی سیرت کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ نے نہ صرف اس مسئلہ کا حل پیش کیا بلکہ عملی طور پر اسے مملکت میں لاگو بھی کیا۔ یہ اسلامی دور حکومت ہی ہے جس کی بنیاد حضرت محمدﷺ نے رکھی اور ایک ایسا نظام معیشت فراہم کیا کہ جو دنیا میں پہلے سے رائج نظام معیشت کی خامیوں سے مبرہ تھا۔ تاریخ اسلامی پر نظر ڈالی جائے تو واقعات و شواہد یہی بتاتے ہیں کہ دنیا میں بھوک و افلاس،تنگدستی،خود ساختہ استحصالی اور معاشرتی عدم توازن کو ختم کر کےخیر و بھلائی اور دنیاوی و اُخروی کامیابی کے لئے سیرت طیبہ اور تعلیمات نبوی کی پیروی ضروری ہے۔ چنانچہ ہمیں رسول اکرمﷺ کی سیرت میں غربت وافلاس کے خاتمے کےلئے درج ذیل اقدامات نظر آتے ہیں:

فقرو فاقہ سے پنا ہ مانگنا

انسان کو اپنے رب سےدعا مانگتے رہنا چاہیے کہ وہ اُسے فقر و فاقہ کی زندگی سے محفوظ رکھے۔ کیونکہ رسول اکرمﷺ کا فرمان ہے: كَادَ الْفَقْرُ أَنْ يَكُونَ كُفْرا[14] ترجمہ: " قریب ہے کہ فقر و محتاجی کفر بن جائے۔" آپ ؐ اللہ تعالیٰ سے جو دعا مانگا کر تے تھے اِن میں فقرو محتاجی سے بچاؤ کی دعا بھی شا مل ہے۔ حدیث رسول ہے: اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْقِلَّۃِ[15] ترجمہ: "اے اللہ!

میں فقر سے تیری پناہ میں آ تا ہوں اور قلت سے۔" حضرت علی علیہ السلام اپنے بیٹے محمد حنفیہ سے فر ما تے ہیں:يَا بُنَيَّ إِنِّي أَخَافُ عَلَيْكَ الْفَقْرَ فَاسْتَعِذْ بِاللَّهِ مِنْهُ فَإِنَّ الْفَقْرَ مَدْهَشَةٌ لِلْعَقْلِ دَاعِيَةٌ لِلْمَقْتِ[16] ترجمہ: "اے فر زند! میں تمہارے لیے فقرو تنگدستی سے ڈرتا ہوں لہٰذا فقر و نا داری سے اللہ کی پنا ہ مانگو۔ کیونکہ فقرو تنگدستی عقل کی پریشانی اور لوگوں کی نفرت کا با عث ہے۔"

فقرو فاقہ سے بچنے کے لئے فضول خر چی اور اسراف سے بچنے کی تلقین کی گئی ہے۔قرآن پاک میں ارشاد ہے:إِنَّ الْمُبَذِّرِينَ كَانُواْ إِخْوَانَ الشَّيَاطِينِ (27:17) ترجمہ: "بے شک فضول خرچی کر نے والے شیطان کے بھائی ہیں۔" ایک اور جگہ ارشاد ہے:وَآتِ ذَا الْقُرْبَى حَقَّهُ وَالْمِسْكِينَ وَابْنَ السَّبِيلِ وَلاَ تُبَذِّرْ تَبْذِيرًا (26:17) ترجمہ: " قرابت داروں کو ان کا حق ادا کرو اور محتاجوں اور مسافروں کو بھی اور (اپنا مال) فضول خرچی سے مت اُڑاؤ۔" سورہ فرقان میں ارشاد ہے:وَالَّذِينَ إِذَا أَنفَقُوا لَمْ يُسْرِفُوا وَلَمْ يَقْتُرُوا (67:25) ترجمہ: " اور وہ جب خرچ کرتے ہیں نہ حد سے بڑھیں نہ تنگی کریں۔" معصومین(علیہم السلام) بھی اسراف اور فضول خر چی سے بچنے کے بہت فا ئدے بتاتے ہیں۔ جیسا کہ امام صاد ق (علیہ السلام) ارشاد فرما تے ہیں:وَ مَا عَالَ مَنِ اقْتَصَدَ وَ التَّقْدِيرُ نِصْفُ الْعَيْشِ[17] ترجمہ: "جس نے میانہ روی کی وہ فقیر نہ ہوگا۔"

صحابہؓ کی ذہنی تر بیت

رسول اکرمﷺ نے غربت و افلاس کو ختم کر نے کے لئے امت کی ذہنی تر بیت کی اور اپنے صحابہ کرام کے ذہنوں میں یہ بات را سخ کر دی کہ اصل دولت اس کا قنا عت پسند اور دل کا دولت مند ہونا ہے۔ آپ ؐ نے فرما یا:وَارْضَ بِمَا قَسَمَ اللهُ لَكَ تَكُنْ أَغْنَى النَّاسِ[18] ترجمہ: "اللہ تعالیٰ نے جو مال تمہارے لیے تقسیم کیا ہے اُس پر راضی اور خوش ہوجاؤ تو تم تمام لو گوں سے زیادہ مالدار ہو جاؤ گے۔" رسول اکرمﷺ نے صحابہ کے ذہنوں میں اِس نظر یے کو جلا بخشی کہ اُن کے مالوں میں ہونے والا اضافہ دراصل فقراء اور مساکین کو اُن کا حق ادا کر نے کا ہی صلہ ہے۔ لہٰذا غریب اور تنگدست لوگوں پر اپنا مال خرچ کرنے میں کسی قسم کا بوجھ تصور نہ کرو۔ آپ ؐ نے فرمایا:أَبْغُونِي ضُعَفَاءَكُمْ فَإِنَّكُمْ إِنَّمَا تُرْزَقُونَ وَتُنْصَرُونَ بِضُعَفَائِكُم[19] ترجمہ: "میری رضا اپنے کمزور لوگوں کے ساتھ احسان کر کے حاصل کر نے کی کوشش کرو۔ کیونکہ تمہیں اپنے کمزور اور ضعیف لوگوں کی وجہ سے مال و دولت اور نصرت ملنی ہے۔ رسول اللہﷺ کے دور میں دو بھائی تھے جن میں سے ایک رسول اللہﷺ کی خدمت کرتا اور دوسرا محنت مزدوری کرتا تھا۔ مخنت مزدوری کر نے والے نے رسول اللہﷺ سے اپنے بھائی کی شکایت کی

تو آپؐ نے فرمایا:لَعَلَّكَ تُرْزَقُ بِهِ[20] ترجمہ: ‘‘تجھے بھی شاید اِسی کی وجہ سے روزی ملتی ہے۔’’

محنت کا فروغ

رسول اکرمﷺ نے لوگوں میں سستی اور کاہلی کو ختم کر نے کے لئے محنت کی عظمت پر زور دیا۔ آپ ؐ نے گداگری کی مذمت کی کیونکہ فقر وفاقہ کا ایک سبب تن آسانی اور گداگری ہے ۔ آپؐ کا ارشاد ہے:وَلَا يَفْتَحُ عَبْدٌ بَابَ مَسْأَلَةٍ إِلَّا فَتَحَ اللَّهُ لَهُ بَابَ فَقْرٍ[21] ترجمہ: ‘‘جب کو ئی بند ہ لو گوں سے مانگنا شروع کر دیتا ہے تو اللہ تعا لیٰ اُس پر فقرو افلاس کا دروازہ کھول دیتا ہے۔’’ رسول اکرمﷺ نے لوگوں کو نہ صر ف محنت کرنے کا درس دیا بلکہ اُنہیں عملی نمونہ بن کر دیکھایا۔ آپؐ نے بچپن میں مکہ مکرمہ کے مقام پر خود بکریاں چرائیں۔ اور چرواہوں کو عزت بخش کر یہ پیغام دیا کہ بکریاں کوئی معیوب کام نہیں ہے۔ یہ وہ مقدس پیشہ جسے ہرنبی محتشم نے اختیار کیا ہے۔ ایک اور حدیث میں رسول اکرمﷺ نے فر مایا: مَا أَكَلَ أَحَدٌ طَعَامًا خَيْرًا مِن أَنَ يَأْكُلَ مِن عمَلِ يَدِهِ، وَإِنَّ نَبيَّ اللَّه دَاوُدَ كان يَأْكلُ مِن عَمَلِ يَدِهِ[22] ترجمہ: ‘‘کسی نے اپنے ہاتھ سے کمائے ہوئے سے بہتر کھانا نہیں کھایااور بلاشبہ حضرت داؤد اپنے ہا تھ کی کمائی کھا تے تھے۔’’

رسول اکرمﷺ نے محنت کے نہ صر ف دنیاوی فائدے بتائے بلکہ اُخروی فوائد بھی بتائے۔ یہی وجہ ہے کہ اسلامی تاریخ میں بہت سےایسے آئمہ اور مقسرین و محدثین گزرے ہیں جو اپنے اپنے آباؤ اجداد کے نسبت اپنے معمولی پیشوں کے حوالے سے زیادہ معروف تھے۔ مثلاً امام غزالیؒ، امام جصاصؒ اور امام قدوریؒ وغیرہ۔ محنت کی عظمت کی اِس سے زیادہ حوصلہ افزائی کیا ہو سکتی ہے کہ رسول اکرمﷺ نے ایک مزدور کے ہاتھ کا بوسہ لے کر فرمایا یہ وہ ہاتھ ہے جسے آگ نہیں چھوئے گی۔[23] سیرتِ طیبہ کی روشنی میں یہ سبق ملتا ہے کہ ہر شخص اپنی صلاحیتوں کے لحاظ سے زمین پر ملنے والے رزقِ الٰہی سے اپنی پسند کے مطابق جائز ذرائع سے اپنے بیوی بچوں کے لئے معاش کا اہتمام کرے اور حکومت کا فرض ہے کہ وہ اس سلسلے میں آنے والی مشکلات کو دور کرے۔ اسلامی ریاست ہر شخص کے لئے روزگار کے مواقع فراہم کرنے کی پابند ہے۔ جیسا کہ رسول اکرمﷺ کی ایک شخص کو روزگار کا سامان دینے کی مثال ہے۔ آ پؐ نے ایک نوجوان کی وقتی طور مدد کرنے کی بجائے اُس کا کمبل اور پیالہ بولی میں فروخت کر کے۲ درہم لیے۔ ایک درہم سے اُس کے اہلِ خانہ کے لئے کھانے پینے کا سامان اور دوسرے سے کلہاڑی خرید کر خود دستِ نبوت سے اُس کا دستہ لگا کر اُس بندے کو لکڑیاں کاٹنے اور بیچنے کے کاروبار پر لگا دیا۔[24]

ایثار و مواخات

اسلامِ دین فطرت ہے اور شریعتِ محمدیہ اُس دین کا تشریعی نظام ، شریعتِ محمدیہ میں درجاتِ معشیت میں سوشلزم کی طرح غیر فطری مساوات نہیں البتہ اِس نے(حقِ معشیت) میں جملہ انسانوں کو بغیر کی تفریق کے برابر قرار دیا۔ اِس کا م کے لئے اِس نے برادرانہ مواخات اور باہمی ہمدردی اور عمخواری کی تعلیمات سے کام لیا۔ سیرت نبوی میں باہمی بھائی چارے کی سب سے بڑی مثال معاہدہ مواخاتِ مدینہ ہے جو آپؐ نے بغیر سازو سامان کے ہجرت کر کے آئے مہاجرین اور انصارِ مدینہ کے درمیان کرایا۔ اور ہمدردی کا ایسا ماحول پیدا کیا کہ کسی کو اپنی تکلیفوں اور تنگد ستی کا احساس ہی نہ ہونے پائے یوں آپ ؐ نے اُس پورے معاشرے کو ایک خاندان کی طرح جوڑ دیا۔اِس سے مہاجرین کے معاشی مسائل کا مداوا ہوا۔ حدیث نبوی ہے ہم ہر غریب اور مفلس کی غر بت و افلاس کی ٹیس اور چھن اس طرح محسوس کریں جس طرح ایک عضوء بدن میں تکلیف ہو تو سارا جسم تکلیف محسوس کرتا ہے۔[25] آپﷺ نے ایک مسلمان کو دوسرے مسلمان کا بھائی قرار دیا۔ آپﷺ نے فرمایا:لَا تَحَاسَدُوا، ولَا تَنَاجَشُوا، ولَا تَبَاغَضُوا، ولَا تَدَابَرُوا، ولَا يَبِعْ بَعْضُكُمْ عَلَى بَيْعِ بَعْضٍ، وكُونُوا عِبَادَ اللَّهِ إِخْوَانًا[26] ترجمہ: ‘‘تم ایک دوسرے پر حسد نہ کرو، نہ خریدو فروخت میں بولی بڑھا کر ایک دوسرے کو دھوکا دو ،نہ باہم بغض رکھو ،نہ ایک دوسرے سے پیٹھ پیھرو، نہ ایک دوسرے کے سودے پر سودا کرو، اور اے اللہ کے بندو بھائی بھائی بن جاؤ۔’’ امام غزالیٰ کی (الا سلام والمناھج الا شتراکیہ) کے حوا لے سے نجات اللہ صدیقی لکھتے ہیں: حضرت جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ نبی اکرمﷺ نے فر مایا اے مہاجرین و انصار کی جماعت! تمھارے بعض بھائی ایسے ہیں جن کے پاس نہ تو کوئی مال ہے اور نہ اُن کا کوئی قبیلہ ہے(جو اُن کی نگہداشت کرے) لہٰذا تمہیں چاہیے کہ ایک آدمی اِن میں سے دو تین آدمیوں کو اپنے ساتھ (کھانے پینے اور کاروبار میں) شریک کرے۔ حضرت جابر بن عبداللہؓ کہتے ہیں کہ میں اپنے ساتھ دو تین آدمیوں ملا لیا۔ حالانکہ میرے پاس دوسرے آدمیوں کی طرح صرف اونٹوں کا ایک گلہ تھا۔[27]

تقسیمِ دولت کے اقدا مات

اسلام دولت کے چند ہاتھوں میں مرکوز ہونے کے خلاف ہے اِسی لیے رسول اکرمﷺ نے معاشرے سے غربت و افلاس ختم کرنے کے لئے تقسیم دولت کے اقدامات کیے۔ اسلامی ریاست کے معاشی امور بجا لانے اور دولت کو کچھ چند ہاتھوں کے تصرف سے نکالنے کے لئے آپؐ نے عوام کو دو حصوں مسلم اور غیر مسلم میں تقسیم کیا۔ اس طرح مسلمانوں پر نظام زکوۃ و عشر لگایا اور غیر مسلموں پر جزیہ و خراج لاگو کیا۔ زمانہِ قدیم سے ہی طبقاتی تقسیم کو ختم کرنے کے لئے حکومتیں عوام پر ٹیکس لگاتی ہیں لیکن اگر ہم

حکومتوں کے ٹیکس کا جائزہ لیں تو یہ ظالمانہ اور عوام کے استحصال کا باعث ہوتے ہیں اور اِن میں بعض ٹیکس معاشرے کے ہر طبقہ خواہ غریب اور فقراء ہی کیوں نہ ہوں اُنہیں دینے پڑتے ہیں مثلاً سیلز ٹیکس ،لیکن سیر تِ رسولؐ کا جائزہ لیں تو زکوۃ وعشر اور جزیہ وخراج کے لئے ایسے ضابطے مقرر کیے گئے کہ یہ کسی پر بوجھ نہ بنیں۔

زکوٰۃ و عشر

زکوۃ مالدار صاحب نصاب پر سال میں ایک دفعہ فرض ہے ۔آپﷺ نے فرمایا :اِنَّ اللّٰہَ قَدْ فَرَضَ عَلَیْھِمْ صَدَقَۃً فِیْ اَمْوَالِھِمْ تُؤْخَذُ مِنْ اَغْنِیَائِھِمْ وَتُرَدُّ اِلٰی فُقَرَآءِھِمْ[28] ترجمہ: ‘‘ان کے لئے اللہ نے زکوۃ دینا ضروری قرار دیا ہے۔ یہ ان کے مالداروں سے لی جائےگی اور ان کے غریبوں پر خرچ کی جائے گی۔’’ زکوٰۃکی ادائیگی کے حکم کے ساتھ ہی آپﷺ نے اس کا مکمل نصاب اور طریقہ جاری کیا اور مقررہ شرح سے زیادہ ادائیگی سے منع فرمایا۔ آپ نے یہ حکم نامہ جاری فرمایا:"مسلمانوں میں سے جس شخص سے اس نصاب اور شرح کے مطابق مال طلب کیا جائے وہ اسے ادا کرے اور جس سے اس شرح سے زائد مطالبہ کیا جائے وہ ادا نہ کرے۔" [29] عشر سے مراد پیداوار کا دسواں حصہ ہے جو مسلمانوں کی پیداوار سے وصول کیا جاتا ہے اور زکوۃ و عشر سے حاصل ہونے والی رقم عوام کی فلاح و بہبود، جنگی اخراجات اور دیگر قومی ضروریات کو پورا کرنے کے لئے استعمال کی جاتی۔اس کے علاوہ مسلمانوں سے کوئی اور ٹیکس زبردستی نہ لیا جاتا بلکہ انہیں انفاق فی سبیل اللہ کی اہمیت بتا کر زیادہ سے زیادہ مال خرچ کرنے کی ترغیب دی جاتی۔

جزیہ و خراج

غیر مسلموں سے جزیہ اور خراج وصول کیا جاتا۔ جزیہ صرف ان افراد پر عائد کیا جاتا جو لڑنے کے قابل ہوتے، بچے بوڑھے،خواتین اور معذور افراد کو استثناء حاصل ہوتی۔ رسول اللہﷺ نے حضرت معاذ بن جبل کو جزیہ کے بارے میں حکم دیا: ‘‘ہر بالغ (غیر مسلم) مرد سے ایک دینار یا اس کی برابر مالیت کا یمنی معافری کپڑا (بطور جزیہ) لینا۔’’ [30] جزیہ لیتے وقت ہمدردی اور نرمی کا سلوک کیا جاتا ایک دفعہ حضرت عـ □ نے ایک بوڑھے شخص کو بھیک مانگتے دیکھا تو وجہ دریافت کی اس نے کہا میرے پاس جزیہ ادا کرنے کے لئے مال نہیں تو آپ نے تمام گورنروں کے نام یہ حکم نامہ جاری کیا کہ کسی بوڑھے سے جزیہ وصول نہ کیا جائے۔[31] اکثرو بیشتر نہ صرف جزیہ معاف کر دیا جاتا بلکہ مستحقین غیر مسلموں کو ان کی ضرورت کے مطابق بیت المال سے وظیفہ ادا کیا جاتا۔ حضرت عـ □ کی یہ عادت تھی کہ خراج وغیرہ کی وصولی کے موقع پر آپ ہر علاقے کے دس معتمد افراد کو چار چار

مرتبہ قسمیں دلا کر تحقیق کرتے کہ کہیں رقم کی وصولی میں زیادتی نہ کی گئی ہو۔

نان و نفقہ

زکوۃ کے بعد اہم پیشرفت نان و نفقہ ہے۔ غربت و افلاس کے لئے یہ وہ منفرد قانون ہے جو صرف اسلام ہی کا حصہ ہے۔ اسلام نے دولتمند رشتے داروں کا نان و نفقہ واجب قرار دیا ہے۔ قرآن میں ارشاد ہے: وَفِي أَمْوَالِهِمْ حَقٌّ لِّلسَّائِلِ وَالْمَحْرُومِ(19:51) ترجمہ: ‘‘اور ان کے مالوں میں مانگنے والوں اور محروم لوگوں کا حق ہے۔’’ سورۃ نور میں ارشاد ہے: وَآتُوهُم مِّن مَّالِ اللَّهِ الَّذِي آتَاكُمْ (33:24) ترجمہ: ‘‘اور انہیں اس مال میں سے جو اللہ نے تمہیں بخشا ہے دے دو۔’’ ڈاکٹر یوسف قرضاوی لکھتے ہیں: "فقہ اسلامی میں کتاب النفقات کے تحت رشتہ داروں پر خرچ کرنے کے جو احکام دیے گئے ہیں وہ نہ پرانی شریعتوں میں کہیں ملیں گے نہ جدید قوانین میں اس کا خیال پایا جائے گا۔" [32]

المختصر صاحب حیثیت آدمی پر اس کے غریب والدین، بیوی، چھوٹی اور نادار اولاد اور ضرورت مند بہن بھائیوں اور مستحق قریبی رشتہ داروں کا نان و نفقہ واجب ہے۔ اس سلسلہ میں حکومت اور عدلیہ بھی ابنا کردار ادا کرتی ہیں اور جو صاحب حیثیت رضاکارانہ طور پر اپنے غریب اور قریبی رشتہ داروں کی کفالت پر راضی نہ ہو تو اسے قانونی طور پر ایسا کرنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ آپﷺ نے فرمایا: ثُمَّ قَالَ: ابْدَأْ بِنَفْسِكَ فَتَصَدَّقْ عَلَيْهَا، فَإِنْ فَضَلَ شَيْءٌ فَلِأَهْلِكَ، فَإِنْ فَضَلَ عَنْ أَهْلِكَ شَيْءٌ فَلِذِي قَرَابَتِكَ، فَإِنْ فَضَلَ عَنْ ذِي قَرَابَتِكَ شَيْءٌ فَهَكَذَا وَهَكَذَا يَقُولُ: فَبَيْنَ يَدَيْكَ وَعَنْ يَمِينِكَ وَعَنْ شِمَالِكَ[33] ترجمہ: ‘‘تم اپنے آپ سے شروع کرو اور اپنی جان پر صدقہ کرو۔ اگر کچھ بچ جائے تو پھر تیرے اہل و عیال کے لئے اور اگر اہل و عیال سے بچ جائے تو پھر قریبی رشتہ داروں کا اور اگر قریبی رشتہ داروں سے بچ جائے تو پھر اسے تیرے سامنے اور دائیں بائیں پر خرچ کرو۔’’

یہاں صدقہ کا لفظ ثواب کے لئے استعمال کیا گیا ہے۔ رشتہ داروں پر خرچ کرنا واجب ہے اور واجب صدقہ نفلی صدقہ پر مقدم ہے۔ مذکورہ تفصیلات سے معلوم ہوتا ہے کہ اسلام نے غربت و افلاس کے خاتمے کے لئے بہت سے اقدامات ایسے کیے کہ انہیں قانون بنادیا ہے تا کہ غریبوں کی دادرسی کے ساتھ ان کی مالی مدد بھی ہو سکے۔ ان اقدامات کے علاوہ صدقہ و فطر، مال غنیمت و مال فئے اور میراث کی تقسیم وغیرہ کا بڑا مقصد یہی ہے کہ معاشرے سے بھوک اور افلاس کا خاتمہ کیا جا سکے۔

افتادہ زمین کی آباد کاری

انسانی زندگی میں زمین کو بہت زیادہ اہمیت حاصل ہے۔ قرآن مجید میں ارشاد ہے:وَلَقَدْ مَكَّنَّاكُمْ فِي الْأَرْضِ وَجَعَلْنَا لَكُمْ فِيهَا مَعَايِشَ (10:7) ترجمہ:"ہم نے تم کو زمین میں اختیار دیا اور تمہارے لیے اس میں سامان زندگی رکھا۔" رسول اکرمﷺ نے غربت کے خاتمے کے لئے زرعی ترقی کے اقدامات کیے کیونکہ

روز مرہ غذائی ضروریات زراعت اور باغ بانی سے ہی پوری ہوتی ہیں۔ اس لیے زمین کو قابل کاشت بنانے کے اقدامات کیے گئے۔ آپﷺ نے ارشاد فرمایا: اطْلُبُوا الرِّزْقَ فِي خَبَايَا الْأَرْضِ[34] ترجمہ:"رزق کو زمین کے پہناؤں میں تلاش کرو۔" آپﷺ نے اسلامی حکومت کے علاقے میں جہاں بھی افتادہ زمین پڑی تھی اس کے بارے میں اعلان فرمایا:من أحيا أرضًا ميتةً فهي له[35] ترجمہ: ‘‘جس نے کوئی بے آباد افتادہ زمین آباد کی تو وہی اس کا مالک ہے۔’’ بنجر زمین کی آباد کاری کے بارے میں یہ فیصلہ فرمایا : أَنَّ الأَرْضَ أَرْضُ اللَّهِ، وَالْعِبَادَ عِبَادُ اللَّهِ وَمَنْ أَحْيَا مَوَاتًا فَهُوَ أَحَقُّ بِهِ[36] ترجمہ: ‘‘زمین اللہ کی ہے اور بندے بھی سب اللہ کے بندے ہیں اور جو شخص کسی بنجر زمین کو آباد کرے تو وہ اس زمین کا زیادہ حقدار ہے۔’’

ایک دفعہ رسول اکرمﷺ نے قبیلہ جہینہ کے کچھ لوگوں کو زمین عطاء کی لیکن انہوں نے اسے آباد نہ کیا تو کسی اور قبیلہ نے اسے آباد کر لیا۔ اس پر دونوں فریقوں میں جھگڑا ہو گیا اور معاملہ حضرت عمرؓ تک جا پہنچا تو انہوں نے فرمایا کہ اگر یہ میرے یا ابوبکرؓ کے دور کا معاملہ ہوتا تو میں تمہیں لوٹا دیتا۔ لیکن نہ تو رسول اللہﷺ کی عطا کر دہ جاگیر ہے۔ لیکن اس معاملے کے بعد آپؐ نے فرمایا:‘‘ جس کے پاس کوئی زمین ہو اور وہ تین سال تک بنجر پڑی رہنے دے آباد نہ کرے اور دوسرے لوگ اسے آباد کرلیں تو وہ (آباد کرنے والے) اس زمین کے زیادہ حقدار ہیں۔’’[37]

اشیائے خوردونوش کو ذخیرہ کرنے کی ممانعت

عہد رسالت میں اگرچہ عام حالات میں بھی مسلمان فقرو فاقہ اور غربت کا شکار تھے۔ لیکن کبھی تو حالات ایسے آجاتے کہ نوبت فاقہ کشی تک آجاتی۔ لہذا ان حالات کو بہتر کرنے کے لئے آپؐ یہ حکم دیتے کہ کھانے پینے کی اشیاء کو ذخیرہ نہ کیا جائے بلکہ ایثار کام لیا جائے۔ چنانچہ نبی اکرمﷺ نے ایک مرتبہ قربانی کے موقع پر فرمایا: مَنْ ضَحَّى مِنْكُمْ فَلاَ يُصْبِحَنَّ بَعْدَ ثَالِثَةٍ وَبَقِيَ فِي بَيْتِهِ مِنْهُ شَيْءٌ[38] ترجمہ: ‘‘تم میں سے جس شخص نے قربانی کی ہے وہ تیسرا دن اس حال میں نہ کرے کہ اس کے گھر میں گوشت کی ایک بوٹی بھی ہو۔’’ صحابہ کرامؓ نے آپؐ کے حکم پر سارا گوشت تقسیم کر دیا پھر جب حالات بہتر ہوئے تو آپؐ نے گوشت جمع کرنے اور زیادہ دن استعمال کرنے کی اجازت دے دی۔ رسول اکرمﷺ نے ایک سفر میں صحابہ کرامؓ کو حکم دیا:مَنْ كَانَ مَعَهُ فَضْلُ ظَهْرٍ فَلْيَعُدْ بِهِ عَلَى مَنْ لَا ظَهْرَ لَهُ، وَمَنْ كَانَ لَهُ فَضْلٌ مِنْ زَادٍ فَلْيَعُدْ بِهِ عَلَى مَنْ لَا زَادَ لَهُ "، قَالَ: فَذَكَرَ مِنْ أَصْنَافِ الْمَالِ مَا ذَكَرَ حَتَّى رَأَيْنَا أَنَّهُ لَا حَقَّ لِأَحَدٍ مِنَّا فِي فَضْلٍ [39] ترجمہ:‘‘ جس کے پاس زائد سواری ہو تو وہ اسے اس شخص کو لوٹا دے جس کے پاس سواری نہیں اور جس کے پاس زائد کھنا ہے وہ اسے اس شخص کو لوٹا دے گس کے پاس کھانا نہیں ہے صحابہ کرام

فرماتے ہیں کہ نبی اکرمؐ اسی طرح چیزوں کے نام بیان فرماتے رہے حتی کہ ہم نے یہ بات سمجھ لی کہ ہمارے زائد مال میں ہمارا کوئی حق نہیں۔" اس حدیث میں یہ نکتہ قابل غور ہے کہ یہاں"فلیعد بہ " یعنی"لوٹادو" کا لفظ استعمال کیا گیا ہے جس سے یہ پتا چلتا ہے کہ انسان کے پاس جو زائد مال ہے وہ حقیقت میں کسی غریب کا حق ہے جو حقدار کو لوٹایا جاتا ہے یعنی یہ مستحق پر کوئی احسان نہیں بلکہ اسی کا حق ہے جو لوٹ کر اس کے پاس آتا ہے۔معلوم ہوا کہ لوگوں کے پاس جو زائد مال ہے وہ فقراء اور مستحقین کا ہے۔

* * * * *

حوالہ جات

1.http://data.worldbank.org/indicator/SI.POV.2DAY .
2.https://www.worldbank.org *poverty overview.*
3.http://tribune.com.pk/story/675805/sdpi-report-58-7m-pakistanis-living-below-poverty-line/
4. Human Develo pment report 1998.hdr.undp.org>content>humandevelopment
5 Bbcurdu.com کالم وسعت اللہ خان 06 June 2010.
6.http://wdi.worldbank.org/table/2.8.
7. Human Development report 2019 hdr.undp.org>files>hdr201
8.http://www.urduvoa.com/content/us-poverty/1751792.html.
9.http://www.oxfam.org/en/eu/pressroom/pressrelease/2013-09-15/25
10.WWF living planet report 1999.Awassets.panda.org>lpr-livi……
11. bbc.com 06 june 2010-
12.https://www.dw.com>انسانی ترقی کے شعبے میں پاکستان پیچھےکیوں 19-12-2015
13.https://www.dw.com>انسانی ترقی کے شعبے میں پاکستان پیچھےکیوں .
14۔محمد بن سلامہ، مصری، قضائی، *مسند شہاب*،مترجم،پروفیسر علامہ محمد طارق نعیمی(لاہور،شبیر برادرز،2016ء) ،271-
15- احمد بن شعیب، نسائی، *سنن نسائی*، ج3(الریاض، دارالاسلام للنشر ووالتوزیع ، 1999) ح: 5460-
16۔علامہ سیدالشریف، الرضی*نہج البلا غہ* ،مترجم،علامہ مفتی جعفر حسین،کلمات قصار 319(لاہور،المعراج کمپنی، 2003) ،788-
17۔محمد ابن یعقوب، کلینی، *اصول کافی*،ج2(تہران،دارالکتب الاسلامیہ،1407ھ) ،139-
18- محمد بن عیسی، الترمذی، *السنن الترمذی*، کتاب الزھد،باب مَن اتّقی المحارم فھو اعبد النّاس، (الریاض،دارالاسلام للنشر والتوزیع،1999) ح: 2305-
19- الترمذی، *سنن الترمذی*، الجہاد،باب ماجاءَ ف الاستفتاح بصعا لیک المسلمین، ح:1702-
20- ایضا، کتاب الزھد،باب فی التوکل علی اللہ، ح: 2345-
21۔عسقلانی،ابن حجر*فتح الباری فی شرح البخاری*، ج4 (القاہرہ ،المطبعۃ السلفیۃ و مکتبتھا،1981)،94-

22- محمد بن اسماعیل، البخاری، ابو عبداللہ، *الجامع الصحیح البخاری*، کتاب الرقاق، باب کیف کان عیش النبیﷺ واصحابہ،وَأصحابہ،وتخلیھم من الدُنیا ، (الریاض، دارالاسلام للنشر ووالتوزیع،1998) ح: 6452-
23- ابن اثیر، الجذری، *اسدالغابہ*، مترجم، حضرت سعد انصاری، ج2(بیروت،دار ابن حزم 1988) ، 626-
24- ولی الدین الخطیب، التبریزی، *مشکوۃ المصابیح*، باب من لا تحل لہ المسئلہ (لاہور،مکتبہ رحمانیہ،2005)، 163-
25- ایضا،422 -
26- مسلم بن الحجاج، القشیری*صحیح مسلم* ،،کتاب البروالصلۃ والآداب، باب تحریم ظلم المسلم وخذلہ واحتقارہ ومہ و عرضہ ومالہ(بیروت،دارالاحیاء التراث العربی،س ن) ح 2564-
27- ڈاکٹر نجات اللہ، صدیقی، *اسلام کا نظریہ مملکت*(لاہور، طبع اسلامک پبلیکیشنز، 1968ء) ، 35-
28- البخاری، *صحیح البخاری*، کتاب الزکاۃ، باب أخذ الصّدَقۃ من الأغنیاء وَتردَّ فی الفُقراء حَیثُ کا نُو،ح: 1496-
29- ایضا، کتاب الزکاۃ، باب زکاۃ الغنم، ح : 1454-
30- ابوداؤد ، سلیمان بن الاشعث السجستانی، *السنن*، کتاب الخراج، باب فی اخذا الجزیۃ، (الریاض، دارالسلام للنشر والتوزیع، 1999) ح : 3040-
31- ابن زنجویہ ، حمید، *الأموال*،السعودیۃ ، ج1(مرکز الملک فیصل للبحوث والدراسات الاسلامیۃ، 1986) ، 162-
32-ڈاکٹر یوسف، القر ضاوی، *مشکلات الفقر و کیف عالجھا الاسلام*، اردو ترجمہ بنام، اسلام اور معاشی تحفظ(لاہور، البدر پبلیکیشنز، س، ن) ، 63-64-
33- القشیری ، *صحیح مسلم* ، کتاب النفقات ،باب فی الا بتداء بانفس والأھل و ذی القرابۃ ،ح: 997-
34-نور الدین، الہثیمی، علی بن ابی بکر، *مجمع الزوائد و منبع الفوائد*، کتاب البیوع، باب الکسب والتجارۃ والحث علی طلب الرزق (بیروت، بدار الفکر، س، ن) ح: 6237-
35- ابوداود، *سنن ابی داود*،الخراج، باب فی احیاء الموات(الریاض دارالسلام للنشر والتوزیع1999) ، ح: 3075-
36- ایضا، ح: 3078-
37-ابو یوسف ،*کتاب الخراج*، مترجم ، مولا نا نیاز احمد اوکاڑوی(لاہور، مکتبہ رحمانیہ، س، ن) ، 185-
38- البخاری، *صحیح البخاری*، کتاب الاضاحی، باب ما یوکل من لحوم الا ضاحی و ما یتزوَّ دُ منھا، ح: 5569-
39- القشیری ، *صحیح مسلم*، کتاب اللقطۃ، باب استحباب المُواساۃ بفُضُول المال، ح : 1728-

Bibliography

1) Abu Dawoodd, Sunan Abi Dawood, Riyadh: Dar al-Slam, 1999.
2) Abu Yusuf, Kitab al-Khirāj, Trans. Maolana Niyaz Ahmad Ukadawi, Lahore: Maktaba Rahmaniyah, nd.
3) Al-Bukhari, Muhammad b. Ismael, Abu Abdillah, al-Jame' al-Sahi al-Bukhari, Riyadh: Dar al-Salam, 1998.
4) Ali b. Abi Bakr, Noor al-Dīn, al-Haythami, Majma' al-Zawai'd wa Manba' al-Fawai'd, Beirut: Dar al-Fikr, nd.
5) Al-Jazri, Ibn Ithīr, Asad al-Ghabah, trans. Hazrat Saad Ansari, Beirut: Dar Ibn Hazm, 1988.
6) Al-Qardhawi, Dr. Yusuf, Mushkilāt al-Faqr wa Kayfa Alijuha al-Islam, translated as Islam ka Muā'shi Tahfuz, Lahore: al-Badr Publications, nd.
7) Al-Qushayri, Muslim b, al-Hajjaj, Sahi Muslim, Beirut: Dar al-Ihya al-Turath al-Arabi, nd.
8) Al-Radi, Allama Sayyed al-Sharif, Nahj al-Balagah, trans. Allama Mufti Jafar Husyn, Lahore: al-Me'raj Co., 2003.
9) Al-Tabrezi, Wali al-Dīn al-Khatīb, Mishkāt al-Masabīh, Lahore: Maktaba Rahmaniyyah, 2005.
10) Al-Tirmizi, Muhammad b. Esa, al-Sunan al-Tirmizi, Kitāb al-Zuhd, Riyadh: Dar al-Salam, 1999.
11) Ibn Hajr Asqalani, Fat'h al_bari fi Shar al-Bukhari, Cairo: al-Matba'a al-Salfiyyah 1981.
12) Ibn Zanjowayh, Hamīd, al-Amwāl, Saudi Arabia: Markaz al-Malik Faisal li al-Bohuth wa al-Darasār al-Islamiyyah, 1986.
13) Kulayni, Muhammad b. Yaqub, Usūl al-Kafi, Tehran: Dar al-Kutub al-Islamiyyah, 1407/
14) Nasai, Ahmad b. Shoayb, Sunan Sasai, Riyadh: Dar al-Salam, 1999.
15) Siddiqui, Dr. Najatullah,, Islam ka Nazriya-ye Mumlikat, Lahore: Taba' Islamic Publications, 1968'
16) Solaiman b. al-Asha'th al-Jestani, Abu Dawood, al-Sunan, Riyadh: Dar al-Salam, 1999.

مکلی کا قبرستان، ایک اہم ثقافتی، ادبی ورثہ

CEMETERY OF MAKLI: AN IMPORTANT CULTURAL AND LITERATURAL HERITAGE

Syed Asad Ali Kazmi

Abstract

Mukli Cemetery is the second largest cemetery in the Muslim world which was declared a World Heritage Site by UNESCO in the 1980s. Unfortunately, no significant research is available on this heritage, especially for the Urdu-speaking class. There is room for a large collection of research material in the form of poems and prose fragments from Persian artefacts from Mukli's cemetery, which shows the history, cultural attitudes, and especially the funeral rites of that era, as well as the regional ways of emotional expressivity to the deceased. While highlighting the cultural significance of this cemetery, this article presents important material on Persian poetry and literature.

Key words: *Makli, Persian, poetry and literature, Cemetery.*

خلاصہ

مکلی کا قبرستان مسلم دنیا کا دوسرا بڑا قبرستان ہے جسے یونیسکو نے ۸۰ء کی دہائی میں عالمی ثقافتی ورثے کا درجہ دیا۔ بدقسمتی سے ابھی تک اس ورثے کے متعلق کوئی قابل ذکر تحقیق علی الخصوص اردو دان طبقے کے لئے میسر نہیں ہے۔ مکلی کے قبرستان سے فارسی آثار میں سے اشعار اور نثری ٹکڑوں کی صورت میں بہت سا تحقیقی مواد جمع کرنے کی گنجائش موجود ہے جو اس عہد کی تاریخ،ثقافتی رویوں،اور علی الخصوص تدفین کی رسوم، نیز فوت شدگان سے جذباتی وابستگی کے اظہار کی علاقائی روشوں پر روشنی ڈالتا ہے۔ زیر نظر مقالہ میں اس قبرستان کی ثقافتی حیثیت کو اجاگر کرنے کے ضمن میں یہاں موجود فارسی شعر و ادب کے آثار پر بھی اہم مواد پیش کیا گیا ہے۔

کلیدی الفاظ: مکلی،فارسی،شعر و ادب،عالمی ورثہ،قبرستان۔

تعارف

مکلی،ٹھٹھہ، سندھ کا ایک قصبہ اور تقریبا چھے کلومیٹر کے دائروی علاقے پر مشتمل ایک ٹیلہ نما پہاڑی علاقہ ہے۔ اس علاقے میں مسلم دنیا کا دوسرا بڑا قبرستان موجود ہے جسے مکلی کا قبرستان کہا جاتا ہے۔ ایک اندازے کے مطابق اس قبرستان میں چھے ملین سے زائد قبور موجود ہیں جس میں ایک بڑی تعداد کا تعلق سما اور ارغون بادشاہت کے خاندانوں، بڑی شخصیات اور وزراء کی قبور سے ہے۔ ۲۰۱۸ میں ہونے والی مکلی کانفرنس کے شرکاء کی آراء کے مطابق اس عالمی ورثے کو جسے یونیسکو نے ۱۹۸۰ کی دہائی میں عالمی ثقافتی ورثے کا حصہ قرار دیا،تحقیق اور حفاظتی اقدامات سے خالی ہونا ایک بڑے ثقافتی خزانے کو تباہی سے دوچار کرنے کے مترادف ہے۔ مکلی میں فارسی زبان وادب کے ان گنت آثار موجود ہیں جو ایک طرف تو اس پورے علاقے کی ثقافت اور زبان پر فارسی اثرات کے لئے حوالہ جاتی اتھارٹی کی حیثیت رکھتے ہیں اور دوسری جانب کلاسیکی شعرو ادب کا ایک نادر خزانہ ہیں۔ ارغون اور سما بادشاہتوں کے زمانے میں ہنر اسلیمی اور عرییک اسلیمی ڈیزائن کی قبور مکلی کے اس نادر ورثے کی خوبصورتی اور تحقیقی و ثقافتی اہمیت میں مزید اضافہ کرتی ہیں۔ امیر خسرو اور کلاسیکل دہلوی و لکھنوی شعرا کے کلام میں مکلی کا حوالہ ماضی کے اس تجارتی اور ثقافتی نیز تصوف کے مرکز کے تعارف میں سندھ کا درجہ رکھتا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ سندھ کے فارسی شعرا کے کلام میں مکلی کا حوالہ اس کی اہمیت کا آئینہ دار ہے۔ ماخذات اولیہ کی کمی اور موضوع پر قابل ذکر تحقیقی مواد کی عدم دستیابی کے باوجود زیرنظر مقالہ میں کوشش کی گئی ہے کہ ایک طرف اس عالمی اسلامی ورثہ کی اہمیت اجاگر کر دی جائے اور دوسری طرف برصغیر پاک و ہند میں فارسی زبان و ادبیات کی تاریخی اہمیت اور نفوذ کو بھی اجاگر کر دیا جائے۔

مکلی کی تاریخ

مکلی کی نزدیکی تاریخ پر حسام الدین راشدی کا کام قابل ذکر ہے۔ البتہ یہ مکلی کے قبرستان اور اس میں موجود فارسی شعر وادب کے آثار سے زیادہ علاقائی نوعیت کی تاریخ ہے۔ اہم بات یہ ہے کہ حسام الدین راشدی کی تاریخ نویسی میں جابجا خداد اد خان کی بیاض سے استفادہ کیا گیا ہے۔ بیشتر مقامات انہی کے فٹ نوٹس سے بھرے ہوئے ہیں ۔ تاریخ نویسوں کے لئے مکلی کے سنگی کتبے اس قدر اہم نہیں تھے لیکن ان میں کے بعضے محققین کو افغانستان، مرکزی ایشیا، ایران اور ہندوستان سے متعلق بڑے مقابر نے اپنی جانب متوجہ ضرور کیا۔ حتیٰ کہ مغل شہزادے داراشکوہ نے اپنی یادداشتوں میں مکلی میں اہل تقدس کی تدفین اور ان کے قطعات تاریخ کا تذکرہ کرنے کو

ضروری سمجھا۔ مکلی کاشہر جو ٹھٹھہ کے ساتھ تقریبا متصل ہے، کراچی سے کوئی سو کلومیٹر کے فاصلے پر ہے۔تقریبا نو کلومیٹر کے رقبے پر پھیلا ہوا یہ قبرستان جس کے دو کنارے "ساموئی" اور "پٹھو پیر" کے نام سے معروف ہیں، دراصل مکلی کی وہی چھے پہاڑیاں ہیں جو قدیمی زمانے کی متمدن ٹھٹھہ پورٹ کے ذرا فاصلے پر شہر خموشاں کی آبادی کہلاتی ہیں۔ یہاں کے ایک انداز کے بنے مقبروں اور قبور میں ایرانی ساخت جھلکتی ہے اور فارسی مصرعوں اور جملوں کی وافر مقدار حیرت میں مبتلا کر دیتی ہے۔ مکلی اپنی اس وسعت کے ساتھ مسلمان جغرافیے کا دوسرا بڑا قبرستان ہے۔ البتہ بعض کے مطابق یہ دنیا کا پانچواں بڑا قبرستان ہے جس سے پہلے وادی السلام، عراق کا نام بھی لیا جاتا ہے۔ یونیسکو نے اپنی ایک رپورٹ میں مکلی کی پہاڑیوں کے متعلق کچھ یوں لکھا ہے:

"مکلی اپنی طرز کا واحد اور منفرد عالمی ورثہ ہے اور یہ عالمی ورثہ صوبہ سندھ میں ٹھٹھہ کی چھے عدد پہاڑیوں میں اس کے دیہاتی علاقے سے اوپر کی جانب واقع ہے۔ اس میں شعراء، سلاطین اور مذہبی رہنماؤں کے مقابر شامل ہیں۔ جن کا تعلق ساتویں صدی سے چودہویں صدی ہجری تک کا ہے۔ان میں چھے مختلف مناطق میں موجود 21 زیارت گاہیں شامل ہیں اور ان کی تباہی کا خطرہ پہلے سے کہیں زیادہ بڑھ گیا ہے۔ دریائے سندھ کے قدیم راستے پر واقع 1000 ہیکٹر سے زائد رقبے میں 64 اہم مقبرے اورپانچ سے دس لاکھ کے درمیان قبور شامل ہیں۔جن کا زمانہ ساتویں سے چودہویں صدی ہجری تک کا ہے۔ اس سائٹ کی ایک جدید ٹیم کے ذریعے حفاظت کی جا رہی ہے مگر مکرر عوامی آمدو رفت، بجٹ کی کمی، دیکھ بھال کا فقدان، حفاظتی وتعمیری مواد کانہ ہونا، ہوا اور نمک کے مقابر پر اثرات وغیرہ ایسے جدید خطرات سے ہیں جن سے نمٹنےکا کوئی معقول انتظام موجود نہیں ہے۔"[1]

2019 کی اسپین کی ایک مانیٹرنگ موومنٹ اسی باب میں کچھ یوں رقم طراز ہے: "2018 کے اوائل میں ڈاکٹر متھائس بیک نے ایک اہم تحقیق انجام دی جس کا مرکزی نکتہ مکلی کا جام نظام الدین کا مقبرہ تھا۔اس تحقیق کے مطابق مقبرے کی تعمیری صورتحال، ارضیاتی پوزیشن اور دوسرے ساختی ڈھانچے اسی خطرناک پوزیشن کا سامنا کر رہے تھے جس کے انجام اس عظیم ورثے کی تباہی پر منتج ہوتا ہے۔" ایک اور جگہ لکھتے ہیں: " اس ورثے کی تباہی سے بچنے کا پہلا کام کریک مانیٹرنگ کےاہم پروٹوکولز کا قیام وتنصیب تھا۔کراچی میں موجود آرکائیوز کی ورق گردانی کے دوران بہت سے پرانے فوٹو ملے جن کی اکثریت برٹش دور اور بیسویں صدی کے اوائل کی ہے اوراسی طرح سائٹ کے وزٹ کے دوران بھی پلاسٹک اور شیشے کے بہت سے کریک مانیٹرنگ کے ٹولز نظر آئے جن کے بارے میں حیرت انگیز طور

یہ کوئی تحریری ریکارڈ موجود نہیں تھا۔بالکل اسی طرح موجود مانیٹرنگ پروٹوکولز پر بھی کسی قسم کی تاریخ اور معلومات موجود نہیں ہیں ۔"[2]
یاد رہے کہ اسی رپورٹ میں جام نظام الدین کے مقبرے میں بیس سے زائد خطرناک کریکس کی موجودگی کی نشاندہی بھی کی گئی ہے۔ اس قسم کے بعض دیگر آثار واظہارات سے ظاہر ہوتا ہے کہ مکلی کی تباہی کے لیے اب ہمیں اگلی نسل تک کے انتظار کی ضرورت نہیں بلکہ ہم لوگ ہی لوگ اس عالمی ورثے کو اپنے ہاتھوں سے جاتا دیکھیں گے۔ یہ بھی قابل ذکرہے کہ یونیسکو نے 80 کی دہائی میں ہی مکلی کو عالمی ورثے کی فہرست سے نکالنے کی دھمکی دے دی تھی۔موجودہ صورتحال میں یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ مکلی کا قبرستان 2010 کے سیلاب اور اس کے بعد قبضہ گروپوں کی دست برد کا شکار ہو کر اپنے باقی ماندہ ورثے سے بھی محروم ہوتا جا رہا ہے۔یونیسکو نے 2018 میں عالمی ورثے سے نکالنے کی دھمکی دے کر اس بات پر قریبا" مہر تصدیق ثبت کر دی ہے۔چنانچہ وہی عالمی ورثہ جسےکبھی اس کی اہمیت سے متاثر ہو کر "ایل ڈو راڈو" کہا گیا تھا،اسی سنہری سرزمین کی طرح لٹتا جا رہا ہے جس کا ذکر اس لقب کے پس منظر میں خوابیدہ ہے۔

تاریخی پس منظر

قرون وسطی کا جنوبی ایشیاء اپنے آس پاس کی جدید دنیا سے بہت مختلف تھا۔ بعض یونانی تاریخ کے محققین کے مطابق یہ علاقہ اسکندر اعظم کی تاخت و تاراج کا بھی ہدف رہا۔[3] حیرت انگیز طور پر دلچسپ اور تجسس ابھارتی ثقافتی اقدار اور ان کی بہت سی رائج شکلیں جو بعد ازاں پیدا ہونے والی جمالیات سے متعلق ایک مقدمے کی حیثیت رکھتی تھیں۔ بعض ذہین مبصرین نے اس بنیاد کی تلاش کے لئے بہت ساری وجوہات تلاش کیں، جو ماضی کی بہتر تفہیم کے لئےصدیوں کے فاصلوں کے مابین پلوں کی تعمیر میں معاون ہوسکتی ہیں۔ٹھٹھہ اسی زمانے کو تاریخ سے ملاتا ہوا نیز ایک بہت مصروف بندرگاہ کی حیثیت سے اس وقت تک قابل رسائی دنیا کے تقریبا نصف حصے کو ایک مرکزی بندرگاہ سے جوڑنے والا ایک حیرت انگیز شہر اور ایک خوشحال تجارتی مرکز تھا۔ مکلی نےٹھٹھہ شہر کے ایک لازمی حصے، یعنی قبروں پر بنی ہوئی شبیہوں اور تحریروں کو جسے ٹھٹھہ کی ثقافت کا ایک اہم لیکن انتہائی خوبصورت حصہ کہنا چاہیے، اپنی آغوش میں بچا کر رکھا ہے۔ یہ اس قصبے کے فنون لطیفہ کی وہ تاریخ ہے جس نے ٹھٹھہ کو تاریخ میں روشن رکھا ہوا ہے۔مکلی کا قبرستان ایشیاء اور افریقہ کے سب سے بڑے مسلم قبرستان میں سے ایک ہے جس میں قرون وسطی کے شہر کی ترقی کی نادر نمونوں کی روایت، تولیدی صلاحیت کی حامل ایک اہم بندرگاہ کے مٹتے ہوئے آثار، ایک متحرک معاشرے میں معماری کے رجحانات کا خیرمقدم

کرنے، وسیع بحری تجارت اور ادب کے بیان اور فنون لطیفہ سے محبت کرنے کی تمام صلاحیتیں موجود ہیں۔ ٹھٹھہ ایک وسیع وعریض علاقے کو سمیٹتے ہوئے تجارت کی ضروریات کو پورا کرنے والی تعلیم، روزگار اور وسیع تجارتی سامان مہیا کرنے والی ایک بڑی آبادی تھی جو ایشیا کے ایک پرکشش شہروں میں سے ایک تھی۔[4]موجودہ مطالعے میں عالمی معاشرتی ورثہ، مکلی سے متعلق نیز ٹھٹھہ کے قبرستان اور اس کی خطاطی کے جوہر اور روح کو حاصل کرنے کے لئے صرف انگشت شمار جامع دستاویزات دستیاب ہیں۔ یہ حقیقت قرون وسطی کے دور کی تاریخ نگاری کے نئے سرے سے پڑھنے کی طرف اشارہ کرتی ہے، جس میں شامل مواد کے تجزیاتی مطالعہ کی دوبارہ سے ضرورت ہے، چاہے وہ مقدس کتابوں سے استخراج شدہ ہو یا عام نوعیت کا ہو، جس میں جامع اعداد وشمار کی مدد سے مکلی اور اس قبرستان میں موجود تمام متن کا احاطہ کرنے میں مدد مل سکتی ہے۔ اس میدان میں کسی اچھے اسکالر اور ماہر کا کام، ٹھٹھہ مکلی کے ماضی کی مزید تحقیقات اور مطالعہ کےلئے بہت سارے امکانات کا دروازہ کھول سکتا ہے۔

یونیسکو عالمی ثقافتی ورثہ کی توقعات

یونیسکو کی 2016 کی مکلی کے قبرستان کے بارے میں شائع ہونے والی رپورٹ ایک ایسی دستاویز ہے جو مناسب طور پر اس ثقافتی ورثے کی تفہیم کے سلسلے میں معاون ثابت ہو سکتی ہے۔ مزید برآں، یہ اس کے تحفظ کی اہمیت کا احساس کرنے کے لئے بھی راہنما کردار ادا کر سکتی ہے اور آخر کار اسے ایک مناسب تحقیقی مطالعے میں اہم کردار کے طور پر استعمال کیا جاسکتا ہے۔ آج ٹھٹھہ شہر کی زندگی کو پڑھنے میں مکلی کا حوالہ ایک بنیادی ضرورت ہے۔ خاص طور پر یہ تو کہا ہی جا سکتا ہے کہ ایک روشن دن میں جدید دنیا کے ماہرین آثار قدیمہ کا اس شہر کا مشاہدہ ومطالعہ کرنے کے لئے آنا اس بات کا ثبوت ہے کہ مکلی میں بڑی تعداد میں قبور کی موجودگی، مقبروں کی عمارتیں، ان کے پلیٹ فارم اور سب سے بڑھ کر ان کے نقش ونگار جو پوری دنیا میں اپنی مثال آپ ہیں اس بات میں کوئی شبہ نہیں چھوڑتے کہ یہ جگہ مردوں کے ساتھ ساتھ اس زمانے کے زندہ لوگوں کی بھی پسندیدہ جگہ ہے۔[5]

مکلی کے حوالے سے ایک مغربی شہری کا مشاہدہ ہے: "یہاں محنت اور وسعت میں کوئی کمی نہیں چھوڑی گئی لیکن افسوس کی بات یہ ہے جس شخص کے لئے یہ کام انجام دئیے جاتے ہیں، وہ مر چکا ہوتا ہے۔ پھر یہ مشاہدہ کرنے والا گویا نوحہ کرتا ہے: شاید یہ جگہ مردہ لوگوں کو زندوں سے بہتر رہائش فراہم کرنے کے مضحکہ خیز مقصد سے پُر ہے۔"[6] یہاں کی زیادہ تر قبریں چودھویں صدی سے متعلق ہیں جن کے بارے میں ابتدائی حوالہ جات ان کے بارے میں بالواسطہ نوعیت کی معلومات فراہم کرتے ہیں۔ لیکن یہ ایک ایسی

سرگذشت ہے جسے شہر کی تاریخ سے نکال کر پھینکا نہیں جا سکتا۔ بلکہ یوں کہنا چاہیے کہ قرون وسطیٰ کے وسطی ایشیاء کی سرگذشت میں مکلی کے قبرستان اور ٹھٹہ کی تاریخ کا ایک ناقابل فراموش باب موجود ہے۔ ایشیا کی تاریخ میں بہرحال موجود رہے گا چاہے اشاراتی طور پر ہی سہی لیکن ذکر تو ہو گا اس خطے میں ایک ایسا قبرستان موجود تھا جو خطے کی سماجی اور جغرافیائی تبدیلی میں پوری طرح سے شریک تھا۔ دریائے سندھ کے ڈیلٹا میں قائم بندرگاہوں اور دیگر تجارتی مقامات کے بارے میں کسی بھی قسم کی مبسوط معلومات کا کوئی ایک مستقل ذریعہ نہیں ہے۔ لیکن ان سب میں مشترکہ طور پر پرانی بندرگاہوں کے تسلسل سے موجود رہنے کے بارے میں وضاحت کی گئی ہے، جو خود ٹھٹھہ کی بندرگاہ کی اہمیت کی ایک بہترین دلیل ہے۔ تاریخ مبارک شاہی، جس میں لکھا گیا ہے کہ سلطان معیز نے اچ کے بادشاہ کے خلاف فوجی چڑھائی کی تھی۔ وہاں بھی ٹھٹہ کی بندرگاہ کو ایک اہم ترین تجارتی اور کاروباری شہرت کے حامل مرکز کے طور پر ذکر کیا گیا ہے۔

محققین کی دلچسپی کا موضوع

مکلی ایک قبرستان ہی نہیں، امنگوں او ر آرزوؤں کا مدفن بھی ہے۔ مکلی کے قبرستان میں قبور کی تیاری کا سرمایہ فراہم کرنے والوں، ماسٹر کاریگروں اور دانشوروں، جنہوں نے مکلی کے قبرستان کی حدود اور ثقافتی اہمیت کو اس زمانے تک باقی رکھنے اور اس کی معماری میں کرنے میں مدد کی، ان کی مناسب تحقیق کی جانی چاہیے۔ بدقسمتی یہ ہے کہ جو بھی کردارٹھٹھہ میں شہرت پایا، خصوصا" مکلی" کے بارے میں، اس کا کردار نامعلوم ہی ہے۔ چاہے اس کی اہمیت زیادہ تھی یا کم؛ مخصوصا شعراء اور دست کا ر کاریگر۔ امیر نامی محقق کے مطابق بہت سے پاکستانیوں کے ساتھ اسلام کے تاریخ دانوں اور اسلامی آرٹ کے ماہرین بھی اس بات سے عمومی طور پر ناواقف دکھائی دیتے ہیں کہ اس علاقے میں چودہویں صدی تک کے زمانے کا ایک فعال ثقافتی اور تاریخی مرکز پایا جاتا ہے۔ اور یہاں تک کہ ایک فروغ پذیر دستکاری مرکز کے طور پر بھی اسے کبھی اہم نہیں سمجھا گیاجبکہ ٹھٹھہ اور مکلی کی پہاڑیاں صوبہ سندھ کے اہم حصے میں سے ایک شمار ہوتے ہیں اور اصولاً مکلی کو ملک کے تاریخی مقامات میں سے قابل ذکر ترین مقام ہونا چاہیے۔

ایک نامور مستشرق کے مطابق مکلی کی پہاڑی شمال سے جنوب تک چار یا پانچ میل تک وسعت رکھتی ہے اور یہ ایک وسیع قبرستان ہے۔ ادبی حوالوں میں بھی ٹھٹھہ سینکڑوں سال کی مدت تک مسلسل تذکروں میں آتا رہا ہے۔ بھارت پرانتو سروے (قبل از تقسیم ہند) میں ذکر ہےکہ اس ایک ملین سے زائد قبروں پر مشتمل قبرستان کے تذکرے میں ایک شاعر اچ کے بارے میں ذکر

کرتا ہے جہاں صرف ایک مشہورقبر ہےاور پھر اس کے حوالے کے طور پر مکلی اور ٹھٹھہ کا ذکر کرتا ہے۔ ٹھٹھہ اور مکلی دونوں ہی مشہور شہر ہیں جن کو ہمیشہ ایک شہر کے طور پر نہیں سمجھا جاسکتا، حالانکہ یہ دونوں جگہیں گذشتہ چند صدیوں سے ایک دوسرے کے ساتھ کھڑی ہیں اور ایک دوسرے کا لازمہ شمار ہوتی ہیں۔لیکن بہت سے لوگوں کا خیال ہے کہ قرون وسطی کے زمانے میں اس وقت کے ٹھٹھہ کے قصبہ کو حیات بخش ہوا اور ماحول اور آج مکلی کو موجودہ دور کے قصبہ ٹھٹھہ کو شمال مغربی جانب واقع ہونے کی وجہ سے نسبتا مختلف تصور کیا جاسکتا ہے۔ مکلی اور ٹھٹھہ کے ابتدائی حوالے زیادہ تر 14 ویں صدی سے متعلق ہیں۔ اگرچہ یہ بالواسطہ ہیں، اور قصبے کی اصل کی تاریخ پر زیادہ روشنی نہیں ڈالتے لیکن پھر بھی یہ کچھ اشارے ضرور فراہم کرتے ہیں جن سے کچھ تاریخی اور کچھ نئے پہلوؤں کو سمجھنے میں مدد مل سکتی ہے۔

اس قصبے اور اس کے قبرستان کے وجود کے بارے میں یہ بات ذہن میں رکھنا ضروری ہے کہ اس خطے میں کافی سماجی اور جغرافیائی تبدیلیاں آتی رہی ہیں۔ مختلف ا دوار میں بعض باہم منسلک واقعات پیش آئے جن میں ایک تو بڑی تیزی سے دریا کا راستہ تبدیل ہونا تھا جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ دریا کی طغیانی نے بہت سے تہذیبی ذخائر کو تباہی سے دوچار کر دیا۔ اسی طرح پہلے سے قائم شدہ بندرگاہوں کی نئی ترتیب وانتظام اور نئی بندرگاہوں کے نئے بازار وجود میں آ جانا اہم تبدیلیاں تھیں۔ معاشی ضروریات کی قوت سے چلنے والے اس خطے کو کسی بھی وجہ سے نئی بندرگاہوں کی دوبارہ قیام پر کوئی اعتراض نہیں تھا۔ بعض جگہ اس تاریخ میں پرانی بندرگاہوں کے ناموں کے مستقل استعمال کی بھی وضاحت کی گئی ہے۔ تاریخ مبارک شاہی، سال 838 AHمیں لکھاہے: ‘‘یہ وہی بادشاہ ہے کہ جس کا نام معز الدین سام غوری ذکر کیا جاتا ہے، اسی نے اچ کے خلاف فوجی چڑھائی کی تھی۔ جبکہ یہ ملتان اور دیبل کا حکمران تھا۔" [7]

اسی طرح طبقات اکبری میں بھی ٹھٹھہ کا مبسوط ذکر پایا جاتا ہے۔ اس طرح کے حالات میں ٹھٹھہ کا جو بھی کردار تھا لیکن تاریخ میں اسے ایک ترقی پذیر ہنرمندی اور ثقافتی بڑھوتری کے مرکز کے طور پر جانا جاتا تھا جس میں 14 ویں صدی کی مخصوص ثقافتی زندگی موجود تھی، اور یہ سلطنت کا ایک دور درازلیکن اہم مقام ہونے کی قابلیت سے بہرو ور تھا۔ عین اسی زمانے میں مکلی بھی اس جگہ کی ایک قابل تقدس ثقافتی نشانی کے طور پر ابھر رہا تھا۔ دلچسپ بات یہ ہےکہ ابن بطوطہ نے چودھویں صدی میں اپنے کے سفر نامے میں ٹھٹھہ کا ذکر نہیں کیا جبکہ اس وقت تجارت میں یہ شہر یمن اور فارس کے ساتھ منسلک تھا جس کی بندرگاہ کی سالانہ آمدنی اس وقت قریب

چھ لاکھ روپے تھی لیکن ابن بطوطہ کا ذکر نہ کرنا یہ ثابت نہیں کرتاکہ اس وقت ٹھٹھہ موجود نہیں تھا۔ دراصل یہ شہر دہلی سے دشمنی کے رشتے میں منسلک تھا۔ جیسا کہ اس کہانی اور اس کے متعلقات سے معلوم ہوتا ہے کہ جب تخت دہلی کے ایک دعوے دار اور ولی عہد نےٹھٹھہ میں پناہ لی اور خود کو محفوظ سمجھا۔شاید تبھی ابن بطوطہ نے دہلی کے بادشاہ کے دربار میں حاضر خدمت رہنے کی وجہ سے غالبا" اس شہر میں داخل ہونا مناسب نہیں سمجھا ۔

سلطان محمد تغلق کی موت اگرچہ ایک معروف حقیقت تھی، لیکن اس حقیقت کو بھی تاریخ نویسوں نے ٹھٹھہ سے متعلق قرار دے کررجسٹر نہیں کیابلکہ ایک عمومی واقعہ ہی قرار دیا۔ دہلی میں موجود تاریخی تحریروں میں بھی ٹھٹھہ کی موجودگی کی شہادت دی گئی ہے۔ جب سلطان محم تغلق کےآخری ایام (وفات: 1351 عیسوی) قریب آئے تو اس وقت وہ اپنے لاؤ لشکر کے ساتھ ٹھٹھہ کے قریب تھا۔ بارش کے موسم کے ساتھ ساتھ مالی وغذائی تنگی بھی شاہی لشکروں کے مجبور ہو کروطن واپس جانے کی وجہ بنی تھی۔[8] اس زمانے کے مورخوں کوشاید ٹھٹھہ کےبارے میں کافی مقدار میں معلومات دستیاب نہیں تھیں جیسا کہ سلطان معز کی مہم کی کوئی تفصیل مہیا نہیں ہے۔ یہ مورخ شاید اس وقت بادشاہ کی فوجی چڑھائی کی مہم سے علیحدہ ہی رہے تھے، جس میں بادشاہ نے اپنے کسی باغی کا شدت سے تعاقب کیا تھا اور اس کی گرفتاری کی خاطر ٹھٹھہ تک لشکر لے کر چلا آیا تھا۔اس کے علاوہ یہ مورخین شاید اس شخصیت کے بارے میں بھی زیادہ معلومات سے آگاہ نہیں تھے جس کا سلطان نےٹھٹھہ کےنواح تک بہت شدت سے تعاقب کیا تھاحتی کہ بعض لوگ تو سرے سے کسی بغاوت کا ہی انکار کرتے ہیں۔ اسی طرح اس زمانے کے مورخین سیہون میں سلطان محمدتغلق کی تدفین کے حقائق کو بھی مفصل طور پر فراہم کرنے میں ناکام رہے۔

جب ٹھٹھہ کو دہلی کی سلطنت نے فتح کرلیا تو محمد تغلق کے جانشین فیروزشاہ نےقبضہ سنبھالتےہی سیہون کےصوفی عثمان مروندی کےمقبرےمیں جمعہ کی نمازمیں سلطان کے نام اورخطبہ کی تلاوت شروع کر دی۔سیہون اورٹھٹھہ کی دیرینہ قربت اب بھی مشہور ہے۔ٹھٹھہ کےنزدیک محمدتغلق کی موت کی حقیقت تو ایک معروف واقعہ ہے، لیکن ان کی تدفین کے متعلق حقائق مورخین نے درج نہیں کیے۔ امیر خسرو اوردیگر مقامی شعرا کے اشعار میں اس قسم کے واقعات کا تذکرہ پایا جاتا ہے۔ البتہ اس طرح کی تمام تعریفیں، جو شاعرانہ مبالغہ آرائی کی طرز میں بیان ہوا کرتی ہیں ضروری طور تاریخی سیاق وسباق کے مطابق نہیں ہوتیں۔ البتہ ان کو اظہار خیال اور عمومی فکر کی عکاسی کے طور پر قبول کیا جاسکتا ہے۔ ایسی اعلی ثقافت کے حامل معاشرے میں ایک ایسی شہری زندگی کی ترتیب کا وجود میں آ جانا

جہاں ایک خاص طرح کی منصوبہ بندی واضح طور پر موجود دکھائی دیتی ہےایک اہم تاریخی گواہی ہے۔ آج ٹھٹھہ کےقصبے میں کچھ جھونپڑیوں کے آثار اورمکلی کی پہاڑی پر کھڑے کھنڈرات اس وقت کی انتہائی ترقی یافتہ ثقافت کی بڑی اچھی اور واضح شہادت دیتے ہیں۔ اپس پی جھبیلانی کے مطابق: "15ویں صدی کے دوران سما بادشاہوں کا عروج آہستہ آہستہ زور پکڑ رہا تھا اور اسی کے ساتھ ساتھ دہلی کی طاقت کو بھی زوال آ رہا تھا ۔ اسی دور میں ٹھٹھہ کے نواح میں بحری تجارت میں نمایاں اضافہ ہوا کیونکہ باہر سے فوجی مداخلت کا امکان کم ہی ہوتا تھا۔"[9]

البتہ ماضی میں سما بادشاہوں کی جارحیت کے دوران ایک مختلف قسم کی صورتحال پیدا ہوتی رہی۔ سابقہ تیموری سلطنت میں قبائل کے درمیان بڑھتی ہوئی عسکریت پسندی نے ایسی فضا بنا دی کہ امیر گرگان کی افواج کے ایک حصے میں ارغونوں نے اپنے کمانڈر ذوالنول بیگ ارغون کے ماتحت کام کیا، جس نے بعد ازاں قندھار کی گورنری کا عہدہ سنبھالا ۔ ایسی ہی ایک مہم کا ارغون افواج کو بھاری نقصان بھی اٹھانا پڑا، جہاں ان کے کچھ اہم افراد سندھ کی قبائلی افواج کے ہاتھوں مارے گئے۔ یہ واقعہ 1490 عیسوی میں پیش آیا۔ اس طرح کے ایک تاریخی مخطوطے میں یہ ذکر موجود ہے، جہاں جام مبارک خان کی چھاپا مار کاروائی کو فخر سے بیان کیا گیا۔ اس کے بعد کے واقعات سے پتہ چلتا ہے کہ سندھ کے مختلف قبائل نے اس شورش زدہ صورتحال کا فائدہ اٹھایا، جہاں جام فیروز (1.915-16 ھ) نے سلطنت سما کے آخری حکمران کو شکست سے دوچار کردیا۔[10]

قبائلی روایات کی ترجیحات سما بادشاہوں کے آخری دور تک مستقل طور پر پوری قوت سے موجود تھیں اور اپنا کردار ادا کر رہی تھیں۔ تاہم ارغونوں اور ترخانوں کےدور سلطنت کے آغاز کے بعد سیاسی دشمنیوں نے مقامی قبیلوں کو ٹھٹھہ کے جنوب مغرب کے علاقوں میں پسپا کیے رکھا۔اس طرح 1516-1521 عیسوی کے بعد، سندھ کی قبائلی قوتوں کی شکست کا واقعہ بھی پرانی تاریخی روایت سے مختلف رہا۔ سندھ میں ارغون اورترخان فوجی جارحیت کے عروج کے ساتھ ہی ٹھٹھہ میں وسطی ایشیائی عمارت سازی کے فن کی مقبولیت میں تیزی سے اضافہ ہوا۔ اس کو تیموری روایات کے وسیع پیمانے پر آغاز کا نام دیا جاسکتا ہےجس میں پتھر کی سطحوں کے استعمال کے بر خلاف معماری کے فن میں سیرامکس (کاشی کاری) کو بھی قبول کر لیا گیا۔

جب قبائلی عمائدین کا اثر ارغونوں کو اقتدار میں لانے کا سبب بناتویہ تاریخی موڑٹھٹھہ شہر کے سفاکی اور تباہی کے ساتھ زوال کو ساتھ لے کر آیاتھا۔یہ سندھ کی تاریخ کے المناک ادوار میں سے ایک تھا جب شاہی خاندانوں کے علاوہ طاقت حاصل کرنے والے گروہ اپنے لیے مزید مواقع پیدا کرنے اور

فوجی سازشوں کے ذریعے ایک بہتر ترقی کے حامل معاشرے کو تسخیر کرنے میں کامیاب ہو گئے تھے۔لیکن اس واقعےنے معاشرے کے پیداواری عناصر اور فیصلہ ساز قوتوں کے مابین رابطے کو مکمل طور پر تباہ کردیا ، جس سے تجارت اور ترقی پذیر زراعت کا ایک بہت بڑا حصہ شدید متاثر ہوا۔ انہی میں سے بعض قبائل کے بعد کے زمانوں میں روا رکھے جانے والے ظلم و ستم اور زراعت سے وابستہ آبادی کے خلاف جارحانہ پالیسیوں نے حکمرانوں اور مقامی افراد کے مابین ایک خلیج پیدا کردی۔اس فرق نے ثقافتی امنگوں کو بری طرح متاثر کیا ، اس کے علاوہ باغی قوتوں کو زراعت سے وابستہ آبادی میں شدت کے ساتھ حکومت سے بغاوت کا خیال پیدا کرنے میں کامیابی حاصل ہو گئی۔لیکن اس سب کے دوران مقامی کاریگر نے بہت نقصان اٹھایا۔البتہ اس تبدیلی نے گجرات کے علاقوں اور سندھ کے درمیان ثقافتی روابط کو متاثر کیا ، اس کی بجائے اس زمانے کی ثقافت نے مغرب کی سمت کے علاقوں میں اپنے رابطے کو بڑھایا۔اس درمیانی مدت میں ترتیب پانے والے آرکیٹیکچرل ڈیزائن میں اس روئیے کی جھلک نظر آتی ہے۔ مکلی کے لوگوں کی ترجیح ٹھٹھہ میں دفن ہونا رہی بھی ہو تو جو کچھ ٹھٹھہ قصبہ کے حصے میں آیا وہ آج باقی نہیں بچا، سوائے ایک دو تباہ شدہ ڈھانچوں کے۔

بنگال میں شیرشاہ سوری کےعروج نےہندوستان کے مغل بادشاہ ہمایونکو فرار ہونے پر مجبور کردیا۔تیموری بادشاہت کےروایتی پیروکاروں سے کچھ مدد حاصل کرنے کے ہدف کے ساتھ سندھ پہنچنے پر ہمایوں نے شاہ حسن ارغون سے کافی ٹھنڈےدماغ سے ملاقات کی۔شاہ حسن ارغون نے بھی مکمل طور پر شائستگی کا اظہار کیا لیکن یہ رابطہ صرف پیغامات تک ہی محدود رہا ۔حتٰی کہ وہ ذاتی طور پر بادشاہ وقت کو خراج عقیدت پیش کرنے کے لیے حاضربھی نہیں ہوا۔اسی طرح اس نے ملحقہ علاقوں کی فصلوں کو بھی تباہ کیا تاکہ پہنچنے والی فوج کو مشکلات پیدا ہوں۔اس مقامی حکمران نے بالآخرٹھٹھہ کو اپنے قبضے میں ہی روکے رکھنےاور سلطنت دہلی کے بجائے کہیں اور سے مدد حاصل کرنے کا فیصلہ کیاجبکہ عام حالات میں وہ بادشاہ کے سفر اور لشکر کے اخراجات فراہم کرنے کا پابند تھا۔اسی اثناء میں شاہ حسن ارغون کا اچانک انتقال ہو گیا۔ [11]

اگرچہ ان میں اور امیر میرزا عیسی میں ٹھٹھہ میں اور سلطان محمود کی طرف سےبھکرکی حکومت سنبھالنے کی وجہ سے رنجش ختم ہو گئی تھی۔ البتہ اس غیر رسمی وقتی انتظام سے بعدازاں الجھن پیدا ہونے کا خدشہ تھا ، کیونکہ دونوں ہی ٹھٹھہ اوربھکر کے مابین باقی ماندہ علاقے کی حکومت کے خواہشمندتھے۔میرزا عیسی نے پرتگالیوں سے امداد حاصل کرنے کی کوشش

کی اور حالات کی سختی کے باوجود بھکر پہنچنے کی امید میں جلدی سے سیہون کی طرف آگے بڑھالیکن اس موقع پر سلطان محمود کی انصاف پسندی نےمیدان جیت لیا اورمیرزاعیسیٰ کو اس کی پیش کردہ مفاہمت کی تجاویز سے اتفاق کرنا پڑا۔اسی اثنا میں پرتگالی ٹھٹھہ پہنچے، اور انہیں مدد کے لیے بلانے والوں کو شدید نقصان اٹھانا پڑا ، کیونکہ انہوں نےمیرزاعیسیٰ کوسلطان محمود کے ساتھ بات چیت کرتے ہوئے خود مشاہدہ کیا تھا۔اس وقت ٹھٹھہ میں کوئی بھی ایسی قوت نہیں تھی جو اس فیصلہ کن صورتحال میں مرکزی کردار ادا کر سکے اور پرتگالیوں کوکم از کم اس لشکر کشی کا معاوضہ ہی ادا کردے۔نتیجے میں پرتگالیوں کے اس شدید غصے کو ٹھٹھہ کے بے قصور باشندوں (973 ھ / 1565-6) نے ہی جھیلا اور اس کا شدیدانھیں شدید نقصان اٹھانا پڑا۔ پرتگالیوں نے ان کے جان ومال کو بہت نقصان پہنچایا اورشہر کے بعض حصوں کو تباہ کر دیا۔

